مقالاتِ جامعی

جلد پنجم

مرتبہ

ڈاکٹر محمد علی جنید

کرف

جامعہ کراچی دارُالتحقیق برائے علم و دانش

™کرف:۲۰۲۱:kurf©2021
جامعہ کراچی دارالتحقیق برائے علم و دانش۔
عنوان کتاب:مقالات جامعی:جلد پنجم۔
نوع:نقد و مقالات۔
قسم:برقیہ۔
مرتبہ،پیشکش و تہذیب:ڈاکٹر محمد علی جنید۔
صاحب نقد و تحریر:سید خالد جامعی۔
کلید:اسلام،کفر،اختلاف امت،دھشت گردی،بروشسکی زبان،کرونا،شاہ نواز فاروقی۔اوریا مقبول جان،طارق جان،پیر نور قادری،قبلہ ایاز۔ڈاکٹرمحمد علی جنید،سید خالد جامعی،مغربیت،جدیدیت،تکفیر،کرف،مقالات جامعی۔

یہ کتاب غیر تجارتی بنیادوں پرآن لاین مفت پیش کی جارہی ہے،قارئین،مطالعہ و حوالے اور متعلقہ تحقیق کے لئے غیر تجارتی پرنٹ آوٹ لینے کے مجاز تصور کئے جائینگے ،مگر کاروباری بنیاد پر طباعت کے لئے ادارہ کی اجازت مطلوب ہوگی۔

کرف

www.facebook.com/kurf.ku
www.facebook.com/groups/kurfku
www.facebook.com/dr.majunaid
www.kurfku.blogspot.com

جامعہ کراچی دارالتحقیق برائے علم و دانش

عدد	فہرست	صفحہ عدد
۱	تمہید	۱
	حصہ اول:	۶
۲	مقالہ اول: بروشسکی زبان اور لغت	۷
۳	حوالہ جات	۶۳
۴	مقالہ دویم:دہشت گردی تاریخ اور تحقیق کی روشنی میں:	۶۶
۵	[1]:حوالہ جات	۱۸۰
۶	ضمیمہ	۲۰۱
۷	مقالہ سویم:اختلاف امت کیسے ختم ہو؟	۲۰۴
۸	اُمت کا مسلک:اہل قبلہ میں کوئی کافر نہیں ۔	۲۲۱
	حصہ دویم:	۲۴۵
۹	مقالہ چھارم: وفاقی وزیر پیر نور الحق،قبلہ ایاز اور دیگر علما عوام کو کرونا سے ڈراتے رہے۔	۲۴۶
۱۰	مقالہ پنجم:نعاقب شاہ نواز فاروقی اول:پاکستانی مذہبی سیاسی جماعتوں کی جمہوری جدوجہد لاحاصل ہے؟ایک سوال:نقد:	۲۵۱
۱۱	مقالہ ششم:تعاقب شاہ نواز فاروقی:دویم:شاہ نواز فاروقی سے چند مذید سوالات:	۲۵۲
۱۲	مقالہ ہفتم:شاہ نواز فاروقی،اوریا مقبول جان،طارق جان اور افغان طالبان سے چند اہم ترین سوالات:	۲۸۲

[1] Bibliography.

تمہید

تمام تعریف اس رب العالمین کے لئے جس کے سوا کائینات میں کل ذی حیات اور غیر ذی حیات اشیا اسکی بلواسطہ یا بلاواسطہ مخلوقات ہیں ،وہی اس کائینات کا موجد،مالک،خالق،اور منتظم حقیقی ہے۔یہ خاکسار عرصہ سے جامعہ کراچی دارالتحقیق کے لئے مکتبہ جامعہ کراچی کے افکار،نظریات،تحقیقات و تنقیدات پر مفتکتب پیش کرتاچلا آرہا ہے،جن میں اس ناچیز کے مدون کردہ مقالات جامعی سب سے زیادہ معروف اور مطالعہ کیا جانے والا سلسلہ الذہب ثابت ہوا ہے۔

اس سلسلہ کی ترتیب و تالیف کے ضمن میں مجھے جتنی مشکلات پیش آئی ہیں اسکا شاید قاریین کو صحیح طرح سےاندازہ کرنا آسان نہیں ہے،اول تو میں جابجا یہ امر بیان کرچکا ہوں کہ اس سلسلہ میں شامل تحریریں متنوع پس منظر کی حامل ہوتی ہیں،پھر انکو الگ الگ ترتیبی بنیاد سے منسلک کرکے چننا اس پر مستزاد ،جو ایک سب سے بڑی مشکل درپیش رہی ہے وہ یہ ہے کہ ہمارے پاس اس سلسلے میں شامل تحریروں کے صرف پی۔ڈی۔ایف دستیاب ہوتے ہیں اور انکا اوردو ان پیج اور ایم۔ایس ورڈ میں کوئی فارمیٹ موجود نہیں ہوتا ہے،نا ہی فراہم کیا جاتا ہے،لہذا ان کو ای بک میں پیش کرنا بلخصوص جبکہ خود صاحب تحریر کی فراہم کردہ تحریروں میں الاینمنٹ ،فارمیٹینگ ،فونٹ کو سرے سے اہمیت نا دی گئی ہو انکو ایک یکجا باقاعدہ کتاب کی صورت میں تناسب سے پیش کرنا کافی مشکل عمل بن جاتا ہے۔

ہمارے پاس اس کا علاج سوائے پکچر فارمیٹنگ کے سوا کچھ نہیں بچتا ہے،کئی لوگوں نے کنورٹروں سے کنورٹ کرنے کا مشورہ دیا ہے، یا او ۔سی۔آر کنورژن کے بھی موشرے دئے ہیں ۔مگر ایسی کوششوں میں یہ امر دیکھا گیا ہے کہ الٹا اسے نقصان ہی پہنچتا ہے،تحریر آگے پیچھے ،یا کمپیوٹر لینگوچ میں کنورٹ ہوجاتی ہیں،درست کام کرنے والے سافٹ ویر عموما پیڈ سافٹ ویئر ہوتے ہیں،جو ہمیں مفت دستیاب نہیں ہوتے ہیں، چناچہ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ زبان کیا ہوا کرتی تھی اورکیا ہوجایا کرتی ہے۔چناچہ مجھے اپنے روز مرہ کے معمولات،مطالعے،تحقیقات کے ساتھ ساتھ اس پر توجہ دینا پڑتی ہے،اور گھنٹوں پی۔سی پر بیٹھنے ،میل اور چیٹ کے ذریعہ مسلہ حل کروانا ،دوسروں کی سستی اور ٹال مٹول کے سبب عموماً خود اکیلے بہت کچھ کرنا پڑتا ہے اور پھر ان پر نگاہ ڈال کر تبدیلی کروانا پڑتی ہے،پھر بھی کتاب آن لاین ہونے کے باوجود لموزنگ کی غلطیاں بار بار نگاہ مارنے سے معلوم پڑتی ہیں۔، یہ سب کافی وقت لے لیتا ہے،ان سارے معاملات سے معلوم پڑتا ہے کہ دوسروں پر ذمہ داری ڈالنا اکثر ناامیدی کا بھی سبب بنتا ہے،اور تعلقات بھی خراب ہوتے ہیں،لوگ ذمہ داری لیکر بھی وقت کی پابندی کرنا پسند نہیں کرتے ہیں،وعدے کا پاس کرنا ضروری نہیں سمجھا جاتا ہے،معذرت ،اور جھوٹی قسمیں پیش کرکے دامن چھڑایا جاتا ہے،مذید لوگ سست روی کا مظاہرہ کرکے ،کل منصوبے کو التوا کا شکار کردیتے ہیں ،جبھی ہم سے جو خود ممکن ہوسکتا ہے وہ خود کرتے ہیں ورنا دوسروں کے ہاتھوں مایوسی کا شکار ہونا پڑ سکتا ہے ،لہذا جو جتنا مجھ سے ممکن ہوتا ہے اسے حتی المکان خود کرنے کی کوشش کرتا ہوں۔

جس دوران میں اس مجموعہ مقالات پر کام کر رہا تھا اصل میں یہ میری ترجیحات میں شامل نہیں تھا،میں اس دوران بیک وقت چار مختلیف موضوعات پر طبع زاد کتب اور مجموعات پر کام کر رہا تھا، ہوا کچھ ایسا کہ ایک روزمیرے سامنے اپنے پی سی کو سرچ کرتےہوئے خالد صاحب کی کچھ نئی تحریریں سامنے آئیں جو خالد صاحب کی غالباً عشرہ قبل کی تحریریں انداز تحریر سے معلوم پڑتی ہیں،پھر ساتھ ساتھ ادب و لسانیات کی کچھ چیزیں بھی سامنے آئیں ،میں نے سوچا کہ سال شروع ہوچکا ہے،جامعہ کراچی بند ہے،لوگ ادارہ کی منفرد کتب کے مفت اور آسانی سے دستیاب ہونے کے سبب منتظر رہتے ہیں چناچہ لسانیات کے ضمن میں اوردو کے دخیل الفاظ کو پیش کیا گیا،میں اس سے ماقبل تاریخی تحقیق کی کچھ تحریروں کو مدون کرنے اور بعد میں ان پر مسبوط مقدمے کی تیاریوں میں مصروف تھا ،تو سوچا کہ یہ لمبا کام ہے ،حواشی،تخریجات،مصنفین پر نقد،کتب کے ڈھونڈنے ڈھانڈنے میں وقت لگےگا،موضوع میں موجود مذہبی نزاکتیں اس پر سے مستزاد ہیں، چناچہ سوچا عوام زیادہ تر جس نوع کا مطالبہ کر رہی ہے تو اسی کو پایہ تکمیل پر پہنچایا جائے،لہذا مقالات کی پانچویں جلد تیار کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا،جسکا نتیجہ آپکے سامنے ہے۔

اس میں خالد صاحب کی تحریروں کو جو جدید و قدیم دونوں قسم سے تعلق رکھتی تھیں کو دو حصوں میں بانٹ کر مدون کیا گیا ہے،اس میں اختلاف امت پر دو تحریریں بھی ملیں جو کہنے کو صاحب مضامین،کی حسن نیت کی عکاسی کرتی ہیں مگر،اس میں اخذ مسایل کے ضمن حدیث و فوہ کے اصول خصوص و عموم،صحیح و غلط،مقید و غیر مقید ،مشروط اور عدم مشروط ،مطلق اور غیر مطلق،ناسخ و منسوخ کے طریقہ کار و منہج سے یا تو جان بوجھ کر پہلو بچایا گیا تاکہ کام کے منتخب حوالے دیکر مضمون کو محقق و تیر بہ ہدف ثابت کیا جاسکے۔

بلکہ کئی جگہوں بھی الفاظوں اور اصطلاحوں کا غیر موزوں چناو، نے تحریر میں مذید الجھاو کو پیدا کر دیا ہے،خالد صاحب کی ہر بات کو آمناً و صدقاً ماننے والے،یا انکو حرف آخر سمجھنے والے شاید ان باتوں کو سمجھ نا پائیں یا پھر شخصیت پرستی کے سبب سمجھنے سے انکار کردیں تو الگ بات ہے ورنا علم حدیث اور محدثین کی منہج کی مخالفت اس میں جا بجا دیکھنے کو ملتی ہے،اصول دین ،فروع اور متعلقات میں انھونے ندرت طبع دکھانے کے چکر میں،سب کو خوش کرکے اعتدال پسندی کے مظاہرے دکھانے کے چکر میں ایک خاص مذہبی لبرلازم ،تنوعیت اور آزاد روی کا مظاہرہ کردیا ہے۔اختلاف امت کو رحمت قرار دیکر موضوع روایت کی پیروی میں کیا کیا تاویلیں کی گئی ہیں ،کہ اس دفعہ خاموش رہا نہیں گیا ،انکی کئی تحریروں میں جن مں اسلام کے ضمن میں انھونے اپنی منہج،تاویل اور موقف دکھانے کی کوشش کی تھی وہاں جا بجا نتایج کے ضمن میں اختلاف کی گنجایش موجود تھی،مگر میں نے ان سے حسن عقیدت اور صاحب تحریر کی تحریر میں تصرف کی زیادتی سے پرہیز کرنے کے سبب اپنا پہلو بچا کر رکھا۔ زیادہ سے زیادہ ایک دو جگہ حواشی میں کچھ اجمالاً بڑھادیا گیا۔ مگر اس تحریر میں اور اس سلسلہ کی دیگر تحریروں نے اور اکثر قارئیں کے اعتراض نے اب مجھے مجبور کردیا ہے،کہ کم از کم اس اختلاف امت کے سلسلے کی حدیث،قفہ،تاریخ ،علم حدیث اور اسما الرجال کے ذریعے تردید کروں۔چناچہ خاکسار نے شروع شروع میں کوشش کی تھی اس مقالات کے لئے ایک مبسوطمقدمہ لکھ دوں بعد میں اندازہ ہوا کہ اگر گنتی کے دو چار معاملات پر بھی لکھوں تو اصل کتاب سے معاملہ کافی تجاوز کر جائیگا،چناچہ اس تعارف سے قبل تک مقدمہ ۶۰

صفحات سے تجاوز کرچکا تھا،لہذا یہ فیصلہ کیا گیا کہ اسے اسکے بعد اختصار سے الگ کتاب میں چیدہ چیدہ چیزیں منتخب کرکے پیش کردونگا،جس پر تاحال کام جاری ہے۔

چناچہ خالد صاحب اس دعوے کی حد تک تو محققہ بنیادوں پر بلکل درست ہیں کہ سلفِ امت فروعی مباحث میں ایک دوسرے کی تکفیر سے بچا کرتے تھے،ایک دوسرے کی امامت میں نماز پڑھ لیا کرتے تھے،خیر یہ سب کچھ اس سبب بھی تھا کہ،صحابہ کرام کے تربیت یافتہ تابعین اور انکے تربیت یافتہ تبع تابعین پھر انھی اسے نکلنے والے آیمہ اہل حدیث و اصحاب حدیث اور انھی سے نکلے اصحاب رائے منھجی اختلاف کے باوجود ایک ہی اہل قبلہ سے تعلق رکھتے تھے۔ان میں اجتھاد کے تقید،ممانعت،بند ہونے کی نا فقہی بحث موجود تھی اور نا ہماری موجودہ عصری مسلم دنیا کی طرح کی فرقہ پرستی رایج تھی،شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے اس ضمن میں جو کچھ حجتہ اللہ البالغہ میں فرمایا کہ:
یہ امت شروع کی چار صدیوں (یعنی پانچویں ہجری) تک کسی کی تقلید نہیں کرتی تھی جسکو جس سے مسلہ پوچھنا ہوتا پوچھ لیتا تھا،اور جسکو عمدہ جانتا اس پر عامل ہوجاتا تھا،انھی کے اتبع میں اشرف علی تھانوی صاحب نے اپنے فتاوی میں اس بیان کا اعتراف کیا ہے،جسکا ذکر اصل تردیدی کتاب میں آئیگا۔

معلوم پڑتا ہے کہ اجتھاد و تقلید کا حکم اور معاملہ شروع صدیوں تک کوئی نفرت و عناد کا معاملہ سرے سے تھا ہی نہیں،یہ منھجووں کا اختلاف تھا،شیخ خضری بک مصری نے تاریخ فقہ الاسلامی میں اس امر پر کافی تفصیل و دلایل سے بحث کی ہے۔

لہذا جنکی نگاہ میں تقلید جایز نہیں ہے انکی اہل تقلید کے پیچھے اس بنیاد پر نماز پڑھنا کے دونوں کے اصول دین ایک ہی ہیں تویہ بات جایز ہے،یہی اہلسنت و الجماعتہ کی منھج ہے،فروعی اختلاف سرے سے اس بنیاد پر معتبر نہیں ہوتے ہیں کہ انکی بنیاد پر باہم لڑا، مرا اور باہمی لاحاصل بحث و مباحثہ کیا جائے ،گالی گلوچ کی جائے ،سب و شتم کے سلاسل قایم کئے جائیں، لہذا یہ سب اموراسی وقت سرانجام دئے جائیں جبکہ سامنے والا آپکے عمل و موقف پر تعصب سے حملہ کرے اور خود کے حق پر ہونے پر اصرار کرے تو اہل علم پر انکا فسد زایل کرنا جایز ہوجاتا ہے۔

ویسے بھی سلف کے دور میں فقہی اختلاف تو کہیں نا کہیں ہوا کرتے تھے مگر اصول دین اور فرایض دین میں اختلاف موجود نہیں تھا ، اللہ کی ذات و صفات ،قرانی آیات میں متشابہ کی تاویل شروع میں جھم بن صفوان ،واصل بن عطا ،سبائیوں، کیسانیوں اور روافض نے کی تھیں،مگر اہل سنت میں اسکا سبب معتزلہ کے مقابل میں دو اصول دین کے دبستان کے سبب ممکن ہوا ،جن پر بھی علم کلام،اور فلسفہ حاوی ہو گیا تھا ۔ دیکھا گیا ہے جبھی محدثٰین کرام نے اس ضمن میں اہل سنت کے معتزلیوں اور روافض کے معتزلیوں کا اسما الرجال میں ذکر کیا ہے،مورخین اور تذکرہ نگاروں اور محدثٰن نے اشعری اور ماتریدی افکار پر بھی سخت نقد کیا ہے۔

میں تو یہ بھی کہتا ہوں کہ احادیث موقوفہ اور مراسیل سے بھی جو معنی مفہوم معلوم ہوتے ہیں ان سے یہ امر مفسر ہوتا ہے کہ وہ اختلاف نوعیت کے حساب سے اکثر ویسا نہیں ہوتا تھا جیسا آج کے دور میں محسوس ہوتا ہے،امام ابن حزمؒ نے اپنی کتاب احکام فی السٌصول احکام میں ان امور پر کافی

شافی بحث کی ہے ،جنکے حوالے اس کے تعاقب پر کی گئی تحقیق میں سامنے آئینگے۔ان میں یعنی صحابہ کرام،انکے اتبع کرنےوالے حد یہ کہ خوارج تک میں کفر و شرک کے مباحث وہ نہیں ہوا کرتے تھے جیسے آج اہل سنت کہلانے والون میں ملتے ہیں، جیسا کہ واضھ ہے کہ حروری بھی ابن عباسؓ جیسوں خط بھیج کر دینی مسلے معلوم کیا کرتے تھے۔علیؓ،اور انکے بیٹے محمد بن حنفیہ ؒ کی نسبت بد عقیدگی نے اول فلسفیانہ فسق کو ظہور دیا،اس سے قبل عثمانؓ اور علیؓ سمیت صحابہ کرام کی تکفیر فلسفیانہ کم سیدھا سادھا قران کی غلط تاویل پر استوار فاسقانہ اظہار تھا، سج میں عین کفر کے جراثیم پکڑنا ان پر ثابت نہیں تھا،چناچہ علیؓ یا معاویہؓ کے دور میں انکے کفر کی بحث تو پیدا نہیں ہوئی مگر انکے باغی اور اور قتال پر استوار ارتداد کے مسلے پر انکے خلاف فوجی کاروایئاؓں کی گئیں۔

جنگ نہروان اسکا بین ثبوت ہے جس میں ابن سبا وغیرہ کو اپنی طرف الوہیت کی نسبت کے سبب علیؓ اور منصور عباسی نے منصوریہ فرقہ والوں کو موت کی گھاٹ اتارا،کیسانیہ کا فتنہ [1]نے جلوادیا تھا ایک کذاب مختار ثقفی کے سبب پھوٹا ،مگر خوارج میں خون خرابے ،تکفیر کرنے سے زاید زیادہ بد عقیدگی نہیں پھیلی تھی انکے گناہ نوعیت کی رو سےکفر کم فسق زیادہ تھے۔خوارج ہی روافض کی اصل تھے،اگر چہ بعد میں دونوں کا ناطہ الگ ہوگیا تھا،کیونکہ علیؓ اور صحابہ سے بد عقیدگی میں خوارج الگ راہ پر چلے اور مبالغہ آمیز حبِ علی میں روافض الگ دنیا کے مکین بنے،مگر ان سب کے باوجود روافض کو ابن سبا کی فکر سے الگ کرکے دیکھا جائے تو ان میں شروع شروع کے دوران وہ عقاید و اعمال نہیں ملتے تھے جو آج ان میں دیکھنے اور سننے کو ملتے ہیں۔یا جسکی ایک حد نصیریوں میں ڈھونڈھنے سے مل جاتی ہے، چناچہ شیعہ اس دور میں ضروری نہیں تھا کہ لازمی رافضی ہو۔

اور جو آج ،بدعات،کفر و شرک کے مسایل و مباحث فلسفیانہ اخذ و تلمذ کے سبب عود آئے ہیں،خوارج و روافض کا اختلاف سیاسی،و شخصیاتی نوعیت کا حامل تھا،فرایض دین ،اصول دین میں یہ تبدیلیاں،انحرافات،بدعات و کج رویاں اس دور تک کھل کر عود کر نہیں آئی تھیں،مگر چوتھی صدی تک اس بابت کتب شیعہ میں بہت کچھ ملنے لگا تھا،کیونکہ اب انکے آیمہ غیبت کرچکے تھے،انکو سنبھالنے والی کوئی با اثر شخصیت موجود نہیں تھی،لہذا آل بویہ نے ان کے اعتقاد میں سیایس اثر سے کافی تبدیلی پیدا کردی تھی۔،روافض کے وہ عقاید و مباحث جو بنو عباس کے دور زوال ،آل بویہ کے دور امارت،ترکوں کے دور ظلم و وحشت،منگولوں کے روافضی نوعیت کے قبول اسلام کے بعد نمودار ہوئے وہ مباحث و مسایل ابھی صدیوں دور تھے،جب تک حدیث اور انکی اسناد کا دور رایج رہا انکی جمع وتدوین کا دروازہ کھلا رہا تب تک نا اجتہاد بند ہوا اور نا تقلید کا رواج رہا،فقہی دبستان آیمہ دین کے شاگردوں کی دین تھے،مگر انھونے بھی نا انکی نا ہی ویسی تقلید کی اور نا انکی اس طرح پیروی کی جیسے آج دعوی کے طور پر پیش کی جاتی تھی۔

[1] احمد و تنقیح المقال

یہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے کہ صاحبین کرامؒ نے دو تہائی دین میں امام ابو حنیفہؒ سے اختلاف کیا تھا،بلکہ شیخ خضری بک نے یہ کہا یہ دونوں شیخ باقاعدہ مستقل مجتھد تھے،انکا مقام شاگرد کا تھا،ناکہ مقلد کا تھا۔

خیر اجتھاد امت میں کبھی نا بند ہوا ہے اور انشااللہ نا کبھی بند ہوگا یہ امت ہمیشہ ایسے افراد دیکھے گی جو اجتھاد کرتے رہینگے چاہے وہ کہنے کو کسی مخصوص فقہ ،منہج اور تقلید کے دعوے دار کیوں نا ہوں کیونکہ یہ معلوم مسلہ ہے کہ اہل تحقیق کبھی مقلد ہو ہی نہیں سکتا ہے،اسی طرح فروعی معاملات کے سبب اختلاف کی کوئی دلیل نہیں بنتی ہے، مگر اسکا مطلب یہ نہیں ہے کہ اختلاف کوئی رحمت کا عمل ہے ؟یہ خالد صاحب کی انتھا کی غلط فہمی یا خوش فہمی ہے اسے جو چاہے نام دے دیں انکے سارے مقالات و تحریر بین ثبوت ہیں کہ انھونے جتنا نام کمایا اختلاف میں کمایا اور انکے خصم اسے رحمت نہیں مانیں گے اور نا وہ اسے رات کی تنھائی میں کبھی اکیلے تنائی میں غور کریں رحمت نہیں قرار دینگے ،مانی جانی بات ہے جو بدیھات و قیاس سے ثابت ہے کہ اختلاف اتفاق کی ضد ہے ،یہ اجتماع الضدین ،حشر سے قبل ممکن نہیں ہے، باقی یہ اختلافات جن اسناد پر قایم ہیں ،انکو انہی تک محدود رکھا جائے تو عمدہ ہوگا۔

، یہی اہل قبلہ کا جایز دایرہ کار ہے۔ جہاں انکی ان [2]بس امام صحیح العقیدہ ،کفر و شرک سے دور ہو بنیاد پر تکفیر جایز نہیں ہے۔مگر خالد صاحب اور مکتبہ جامعہ کراچی کا ایک منفی پہلو یہ ہے کہ وہ جدیدیت کو جتنا بڑی ہوا بنا کر تبلیغی مورچہ قایم کرتے ہیں ،انکی نگاہ میں کفر و شرک،الحاد،بدعات کے مباحث سرے سے اہمیت کے حامل ہی نہیں ہوتے ہیں چناچہ اختلاف رحمتی کے کلیہ کی جڑ میں ڈھونڈنے سے ایک خاص مقامی مسلم لبرلازم کا ایک نیا تصور موجود پایا جاتا ہے، جسکی رو سے تم بس مسلمان ہونے کے دعوے دار ہو قبلہ ہمارا تمہارا ایک ہو ،ہمارے تہمارے کسب ،تعلقات،اکتساب کے لئے یہی سب سے عمدہ شرط مانی جائیگی،اور مل ملا کر ہماری بات مانکر مغرب و جدیدیت کے خلاف صف آرا ہوجاو۔

مکتبہ جامعہ کراچی مغرب و جدیدیت،سرمایہ داریت اور ساینٹفک منہج کا ناقد مکتبہ حیات ہے اس ضمن میں انھونے مابعد الجدیدیت کے فلسفہ کو ایک آلہ کار بنایا ہوا ہے،معاشرے ریاست،مذہب و تمدن سے لیکر سیاسیات اور بین الاقوامی تعلقات تک تمام مباحث کی تفسیر و تشریح کے لئے انھی علوم و فکر اور ان سے مرتب شدہ مواد کو بروئے کار لایا جاتا ہے۔

ہر صاحب تحریر اپنی تحریر نتایج و عواقب کا خود ذمہ دار ہے،لہذا خالد صاحب سے متاثر ہونا یا پھر نا ہونا انکی بحث کو دلیل ماننا نا ماننا ہر صاحب مطالعہ کا ذاتی معاملہ ہے عین ایسے صاحب تدوین کا بھی انکی فکر و تنقید،تشریح،و تاویل سے کامل اتفاق کرنا ضروری نہیں ہے،ویسے بھی ساحب تحریر خود اختلاف کو رحمت جانتا ہے تو اس سے اختلاف کرنا اسکا رد کرنا یک اسکی اجازت شدہ حرکیات کی قبیل کی شہ ہے۔

[2] یہی امام مالکؒ کا موقف تھا،امام ابن حزمؒ نے بھی اس پر کافی بحث کی ہے،امام احمدؒ کا ایک قول یہی ہے۔

انھونے اختلاف امت کی جو بحث فرمائی ہے اس میں کئی جگھوں پر تحقیق کم زیادہ تر حوالے منتخب کرکے من چاہے نتایج اخذ کئے گئے ہیں،کئی لوگوں کی تحریروں سے جو معرف باتیں تھی انکو نظر انداز کردیا گیا ہےاور شاذ و مقید اقوال سے کام چلایا گیا ہے۔امام ابن تیمیہؒ،امام ابن حزمؒ کے کچھ اقوال منتخب کرکے ان سے من چاہے معنی ومفہوم اخذ کئے گئے ہیں۔انھونے کھل کر نہیں کہا مگر ماہر فرد انکی بحث سے بہت کچھ سمجھ سکتا ہے،کہ اس میں کیا کیا آفتیں پنہاں ہیں۔

عبارتوں کے تراجم میں لفظوں کو اصل معنی و مفہوم سے ہٹا کر اپنے عقاید ر رجھانات کو وہاں نفوذ پذیر کردیا گیا ہے۔خالد صاھب کی اکثر تحریروں میں احادیث کے صحیح و غلط ہونے کا کوئی تصور وہ تحقیق نہیں پائی جاتی ہے،اکثر اقوال تابعین اور موقوف آثار کو بروئے کار لایا جاتا ہے۔ایسی کئی منتخب فکری خام فہمیوں کی تردید کے لئے میں ایک الگ تحقیق کر رہا ہوں جسکی تکمیل کے بعد وہ پیش خدمت کردی جائیگی۔

ڈاکٹرمحمد علی جنید۔


حصہ اول

بروشسکی زبان اور لغت

سید خالد جامعی

زبانوں کی تاریخ محض بھول بھلیوں میں گم ہوجانے اور مسلسل گم رہنے کی تاریخ ہے جس میں ہر لمحہ نئے موڑ آتے ہیں اور ہر لحظہ قدیم تحقیقات یکسر مسترد کردی جاتی ہیں۔ نئے قیاسات مفروضات قائم کیے جاتے ہیں اور نئے نظریات کے سہارے محقق کا سفر جاری رہتا ہے۔ زبانوں پر ایک زمانہ وہ بھی گزرا جب سنسکرت کو زبانوں کی ماں قرار دیا گیا اور بے شمار زبانوں کے رشتے اسی سے جوڑ دیے گئے حتیٰ کہ سنسکرت شمالی ہند کی تمام زبانوں کی ماں قرار دی گئی اور اردو زبان کو سنسکرت کی بگڑی ہوئی شکل کہا گیا لیکن مولانا ابوالجلال ندویؒ[۱،۲،۳]؛ اور ڈاکٹر سہیل بخاری[۴] نے ام السنہ کے حوالے سے نت نئے انکشافات کیے، جس کے نتیجے میں ایک ہلچل پیدا ہوئی، یہ ہلچل ابھی علمی حلقوں میں تسلیم نہیں کی گئی مگر ان ہروں نے فکر و نظر کے بعض نئے دریچے روشن کیے۔ ان انکشافات کی بنیاد پر ڈاکٹر خالد حسن قادری نے "اردو کا آغاز اور مولد" کے عنوان سے بعض نئے خیالات پیش کیے[۵]۔

آریاؤں کی آمد پر لسانی نقشہ کیا تھا؟

اب تک تقریباً سبھی نامور علمائے لسانیات ہند کے خیال میں سنسکرت شمالی ہند کی تمام زبانوں کی ماں سمجھی جاتی ہے لیکن ایک سادہ سا سوال جو اکثر اس لیے نہیں پوچھا جاتا کہ اس کا نظر انداز کرنا آسان ہے لیکن اس کا جواب فراہم کرنا مشکل، کہ آریائی قوم نے جب ہندوستان کی سرزمین پر قدم رکھا تو اس وقت ہندوستان کا لسانی نقشہ کیا تھا؟ کیا وہ لوگ جو شمالی ہند کے اس وسیع، زرخیز اور تہذیب یافتہ علاقے میں رہتے تھے اور حملہ آور آریاؤں کے ساتھ جن کا واسطہ پڑا کیا وہ گویائی سے محروم تھے یا ان کی کوئی زبان ہی نہیں تھی؟ اگر ایسا نہیں ہے تو پھر وہ کون سی زبان یا زبانیں تھیں جنھیں وہ استعمال کرتے تھے؟ ظاہر ہے آریاؤں کی آمد سے قبل ہندوستان کے لوگ گونگے بہرے نہیں تھے۔ ڈاکٹر سہیل بخاری نے تو اس ضمن میں بہت بڑی زقند لگائی ہے اور قدیم ترین زبانوں میں اردو

زبان کے الفاظ کو شامل دکھایا ہے جس پر تبصرہ کرتے ہوئے ڈاکٹر شمس الرحمان فاروقی نے لکھا ہے۔

''سب سے پہلی بات یہ کہ اردو زبان کی قدامت کے موضوع پر بلکہ اردو لسانیات کے میدان میں کسی موضوع پر مرحوم ڈاکٹر سہیل بخاری کی کوئی بات معتبر نہیں۔ اور ان کا یہ ارشاد تو واقعی تعجب انگیز ہے کہ اردو کے الفاظ سنسکرت، ویدی سنسکرت اور ژند و پاژند میں موجود ہیں۔ یعنی ڈاکٹر صاحب کے خیال میں مندرجہ بالا زبانیں یا کتابیں اردو کے بعد یا اردو کے ساتھ ساتھ وجود میں آئیں۔ ظاہر ہے کہ یہ بات غلط محض ہے۔ لیکن بنیادی سوال یہ ہے کہ کس لفظ یا الفاظ کو اردو کا لفظ قرار دیا جا سکتا ہے؟ ظاہر ہے کہ اردو میں جو الفاظ غیر زبانوں سے لے لیے گئے ہیں وہ تو ان ہی زبانوں کے ہیں اردو کے نہیں ہیں۔ پھر ہزاروں الفاظ ایسے ہیں جو سنسکرت سے آئے ہیں اور اردو میں آتے آتے یا اردو میں آنے کے بعد ان کی شکل بدل دی گئی ہے۔ مثلاً سنسکرت میں دگدھ [Dugdh] ہے جو اردو میں دودھ ہو گیا اس طرح کے ہزاروں الفاظ ہیں جو اصلاً اردو نہیں ہیں۔ یہ جس زبان سے آئے ہیں وہ زبان اردو سے تقدم زمانی رکھتی ہے یا پھر اردو کے ساتھ ساتھ پیدا ہوئی۔''[۶]

تاریخی افسانے:

خالد حسن قادری کے خیال میں ''آریاؤں کے ورود کا سال ۱۵۰۰ ق م ہے ویدوں کا زمانہ تقریباً ایک ہزار سال پر محیط فرض کر لیا گیا ہے، آخری وید "اتھروید" کی تصنیف ۱۰۰۰ ق م کے آس پاس ہوئی، پہلی وید کی تخلیق ۱۴۰۰ ق م بتائی گئی۔ مگر یہ تمام تاریخیں واضح طور پر محض الل ٹپ نظریات ہیں۔ یہ بھی اندازہ لگایا گیا ہے کہ تقریباً ایک ہزار سال تک یہ وید اور بالخصوص پہلے تین وید ضبط تحریر میں نہیں آئے اور رسم الخط کی ایجاد و دریافت سے پہلے تقریباً ایک ہزار سال کی مدت تک یہ تمام وید صرف زبانی اور سماعی روایات کے طور پر منتقل ہوتے رہے۔[۷]

سنسکرت اصلی نہیں رہی:

یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ ویدوں کی زبانوں نے مقامی زبانوں کا گہرا اثر قبول کیا تھا جس کی وجہ سے یہ زبان اُس ایک ہزار سال پہلے والی سنسکرت سے بہت زیادہ مختلف تھی جو حملہ آور آریا اپنے ساتھ لے کر آئے تھے، سنسکرت کے بہت سے ماہرین اب اس نقطۂ نظر پر متفق ہو چکے ہیں۔ ویدوں کی سنسکرت کے بہت سے اجزاء اس کی ہم ماخذ یورپی زبانوں میں موجود نہیں۔ مثال کے طور پر زبان کے پچھلے حصے سے نکلنے والی آوازا ور الفاظ کی ایک کثیر تعداد جو کہ ویدوں کی سنسکرت میں تو موجود ہے لیکن یورپی شاخ کی دوسری آریائی زبانوں سے غائب ہے۔[۸] یہ بھی ایک تاریخی حقیقت ہے کہ سنسکرت بغیر رسم الخط کے زبان تھی لہذا ایک ہزار سال تک محض زبانی روایات کے بل بوتے پر اس کا خالص رہنا محال صورت تھی۔

پانینی کی سنسکرت اصل سے مختلف ہے:

پانینی نے جب پشاور میں اپنی لافانی قواعد مرتب کرنا شروع کی تو جس زبان سے وہ واقف تھا وہ حملہ آور آریوں کی اصل زبان سے واقعی مختلف تھی۔ صرف یہی نہیں بلکہ پانینی کی سنسکرت بھی ویدوں کی سنسکرت سے بہت مختلف تھی۔ قواعد کی کچھ شکلیں ایسی بھی ہیں جو رگ وید میں تو ہیں مگر جدید سنسکرت میں ان کا وجود نہیں۔ اس بات کو بھی یاد رکھنا چاہیے کہ سنسکرت کو خود تبدیلیوں کے بے شمار مراحل سے گزرنا پڑا ہے جس کا بالعموم اعتراف نہیں کیا جاتا۔[۹]

آریاؤں کا دیسی زبانوں سے رویہ:

چوں کہ آریہ مفتوح لوگوں کی زبان سمجھنے سے قاصر تھے لہٰذا انھوں نے مفتوحین کی زبانوں کو "وبھاشا" [غیر زبان] یا "اشور بھاشا" [بھلوں کی زبان] یا پھر "ناگ وانی" [ناگ، سانپ اور ناگ قوم کی زبان] کہتے تھے۔ یہ سارے نام ایک بیرونی زبان کو ظاہر کرتے ہیں۔ لفظ بیرونی سے ان کی مراد ایک ایسی زبان تھی جو نا قابلِ فہم ہو، کیوں کہ ان کے نزدیک ان زبانوں میں نہ کوئی ربط تھا نہ منطق اور نہ قابلِ فہم قواعد۔ اسی وجہ سے ان زبانوں کو "غیر زبان" [یعنی کوئی زبان نہیں] کا درجہ دیا گیا۔ جیسا کہ ہر مادری زبان بولنے والے کو اپنی زبان معقول، مدوّن اور منظم لگتی ہے، کانوں میں شیرینی گھولتی ہے، اس وجہ سے آریہ بھی اپنی زبان کو خالص، تہذیب یافتہ زبان "سانسکرت" اور دیوتاؤں اور دیویوں کی زبان "دیواوانی" [دیوابانی] کہتے تھے۔[۱۰]

اردو ہندی؛ ہند آریائی زبانیں نہیں:

ڈاکٹر خالد حسن قادری نے اس مفروضے کو رد کرتے ہوئے کہ تمام ہند آریائی زبانیں سنسکرت سے نکلی ہیں، لکھا ہے "اوّلاً مجھے بہ بانگِ دہل یہ کہنا ہے کہ تمام زبانیں سنسکرت سے نہیں نکلی ہیں۔ اُردو اور اس کے ساتھ ہندی اپنے وجود کے لیے سنسکرت کی مطلق محتاج نہیں اور جن معنوں میں ہند آریائی زبانوں کی اصطلاح استعمال کی جاتی ہے، ان معنوں میں اردو اور ہندی ہند آریائی زبانیں بھی نہیں کہی جاسکتیں۔ نیز یہی نظریہ دوسری ہندوستانی زبانوں کا بھی احاطہ کرسکتا ہے جن کی اب تک بغیر جیل وتحت ہند آریائی زبان کے ساتھ گروہ بندی کی جاتی تھی۔"[۱۱]

وادیٔ سندھ کی تہذیب سے سنسکرت کا تعلق:

سب سے پہلے سر الیگزنڈر کننگھم، ڈاکٹر کے پی جیسوال اور رائے بہادر بشن سروپ نے براہمی حروف کی مدد سے موئن جودڑو کی مہروں اور تصویری نشانات کو سنسکرت میں پڑھنے کی کوشش کی۔ ان کا دعویٰ تھا کہ براہمی حروف اور اس کا رسم الخط براہِ راست وادیٔ سندھ کی لکھائی سے ماخوذ ہے۔ اس طرح سنسکرت زبان کا وادیٔ سندھ کی تہذیب سے خاص تعلق قائم کیا گیا جس کا فطری نتیجہ یہی تھا کہ اس تہذیب کا تعلق ہندومت سے جوڑ دیا جائے۔ فادر ہیراس (Father Rev. H. Heras) نے اپنی کتاب

Studies in Proto Indo-Mediterranean Culture (Bombay 1953) میں ثابت کیا کہ مہروں کی اصل زبان دراوڑی دور سے پہلے کی زبان (Proto-Dravidian) ہے اور اسی سے ہندوستان کی تمام دراوڑی زبانیں نکلی ہیں۔ آریاؤں کی آمد کے بعد دراوڑیوں نے ہندو مت اختیار کرلیا تھا لہٰذا اس نقطہ نظر سے بھی وادیٔ سندھ کے لوگوں کا تعلق ہندو دھرم سے قائم کیا جاسکتا ہے۔

بنارس ہندو یونیورسٹی کے محقق اور مشہور ماہر آثار قدیمہ ڈاکٹر پران ناتھ نے اپنے دو مضامین میں جو Indian Historical Quarterly Vol.VII & VIII (Calcutta 1931-32) اور روزنامہ پائنیر Pioneer (Lucknow 1957), Feb. 03, 10, 17, 24, March 03, 10, 17, 24, اور April 07 میں شائع ہوئے۔ وادیٔ سندھ کے لوگوں کو ہندو مت سے وابستہ قرار دیا۔ ان کے دو معرکہ آرا مضامین کے عنوانات درج ذیل ہیں:

1- The Scripts on the Indus valley seals. (Quarterly)

2- Decipherment of Mohenjodaro and Harappa Inscriptions. (Pioneer)

ان مضامین میں وادیٔ سندھ کی تہذیب کو ہندو تہذیب ثابت کرنے کی کوشش کی گئی۔ ان کی تحقیقات کا خلاصہ درج ذیل ہے:

۱۔ وادیٔ سندھ کا رسم الخط ''الف بائی'' ہے۔ اس کے حروف کا علم سندھی نشانات کا تجزیہ کرنے سے حاصل ہوتا ہے جو براہمی حروف سے مشابہت رکھتے ہیں۔

۲۔ مہروں پر دیوی اور دیوتاؤں کے نام پائے جاتے ہیں۔

۳۔ بعض دیوی دیوتاؤں کا تعلق سومیری قوم سے ہے اور بعض ہندوستان کی ''پورانک'' روایات اور تانترک مذہب سے تعلق رکھتے ہیں۔

۴۔ ہڑپہ موئن جودڑو کے تین بڑے راجا تھے: شورسین ہز اور ہری۔

۵۔ ہندوستانی روایات میں انھیں سوراشٹر (گجرات) کے راجا ظاہر کیا گیا ہے۔

۶۔ ان راجاؤں کا زمانہ دو ہزار سات سو پچاس قبل مسیح تھا۔ ان کی زبردست حکومت ہندوستان سے لے کر بحیرہ روم کے ساحل تک پھیلی تھی۔

۷۔ بعض مہروں پر ''شیو جی''، ''گوشنکر'' لکھا ہوا ملتا ہے اور بعض پر سومیریہ کے کش (Kish) اور مشہور حکمران سارگون کے نام پائے جاتے ہیں۔

۸۔ ہندوستانی روایات کا ''شورسین'' ہی عراق میں سارگون کہلاتا تھا۔

۹۔ سومیری لوگ آریہ تھے اور سارگون بھی آریہ تھا۔ وادیٔ سندھ کے خط کا تعلق ان علامات سے

ہے جو جنوبی ہند کے مٹی کے کتابوتوں پر پائی جاتی ہیں۔

ڈاکٹر پران ناتھ کا یہ دعویٰ کہ سومیری لوگ آریہ تھے اور سارگون (شورسین) آریہ تھا، عجیب و غریب ہے۔ یہ دعویٰ خود اپنی تردید ہے۔ شورسین سنسکرت کا لفظ ہے اور یہ وہ گروہ ہے جو کمتر ذات سے تعلق رکھتا تھا اور اشور قوم کے ساتھ مل کر دیووں سے جنگیں کیا کرتا تھا۔ ہندومت میں سب سے کم تر طبقہ شودر (اکشودر) ہے۔ یہ سنسکرت کا لفظ ہے جس کے لفظی معنی ''لاوجود'' (Non-existent) کے ہیں۔ یعنی ایسی چیز جس کی کوئی حقیقت نہ ہو، یا اس کی کوئی حیثیت نہ ہو یا اس کا کوئی وجود نہ ہو، اسی وجہ سے کائنات جہاں کچھ بھی نہ ہو اس کے لیے بھی سنسکرت کا یہی لفظ ''اکشونیہ'' استعمال کیا جاتا ہے اور ''اکشونیہ'' لفظ صفر کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

حیرت انگیز بات یہ ہے کہ شورسین قوم ہندوستان میں تو اتنی ذلیل وحقیر ہے کہ اگر اس کے کان میں ویدوں کے اشلوک چلے جائیں تو آریہ یا براہمن ان کے کانوں میں پگھلا ہوا سیسہ ڈال دیتے ہیں اور اگر اشرافیہ کے کسی کنویں سے یہ لوگ پانی پی لیں تو وہ کنواں ناپاک ہو جاتا ہے اور اگر برہمن کو چھو لیں تو اذیت ناک سزا کے مستحق ہوتے ہیں۔

لیکن یہی نیچ، کمتر، حقیر وفقیر ''شورسین'' دنیا کی عظیم الشان تہذیب کے شہر کش کی تخت نشینی کے وارث قرار پاتے ہیں۔ آریہ (سنسکرت زبان بولنے والے) شورسینی زبان کو پراکرت یا ویبھاشا کا درجہ دے کر حقارت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ یہ اپنی زبان کو سنسکرت کہتے ہیں جس کا مطلب ہے ''تہذیب یافتہ''۔ پراکرت اور ویبھاشا سنسکرت کے لفظ ہیں جس کے معنی ''قدرتی'' یا ''خودرو'' اور ویبھاشا کے معنی ''نہیں زبان'' کے ہیں۔ اسی طرح دیگر مقامی زبانوں کو بھی جو غیر سنسکرت تھیں، یا آریاؤں کی زبانیں نہ تھیں، انھیں ناگ بانی، ناگ بھاشا اور اشور بھاشا کہا جاتا تھا۔ جس کا مطلب سنسکرت زبان میں ناگوں کی زبان یا اشور (خراب) لوگوں کی زبان ہے۔ دنیا میں کوئی ایسا مذہب اور کوئی ایسی الہامی تہذیب نہیں ہے جہاں نہ صرف یہ کہ دوسروں کو ذلیل سمجھا جائے۔ انسانوں کو طبقات میں تقسیم کیا جائے۔ ان کی زبانوں کو زبان ماننے سے انکار کر دیا جائے اور اسے سانپوں کی زبان کہا جائے بلکہ علی الاعلان اس کا اعتراف بھی کیا جائے نہ صرف غیر مذہب اور غیر زبان کے لوگوں سے حقارت آمیز رویہ رکھا جائے بلکہ اپنے ہم مذہب لوگوں کو بھی شودر اور شورسین سمجھا اور کہا جائے۔

سنسکرت زبان والوں اور ہندو مذہب کے پیروکاروں کا دوسری زبانوں سے تحقیر آمیز رویہ تاریخ میں اپنی نوعیت کا پہلا رویہ نہیں، مختلف اقوام تاریخی طور پر ان رویوں کا شکار ہو چکے ہیں مثلاً یہودی اپنے آپ کو 'اللہ کی محبوب ترین قوم ظاہر کرتے ہیں، اور اسی بنیاد پر نجات اور جنت کا حقدار صرف اپنے آپ کو سمجھتے ہیں، اسی رویے

کے نتیجے میں ان کے یہاں نسل پرستی پیدا ہوئی تا کہ خدا سے محبت، آخرت میں کامیابی اور جنت کا حصول صرف اور صرف ان کی قوم کے لیے خاص ہو جائے۔ لہٰذا ان کے یہاں تبلیغ کا کوئی تصور نہیں، جو یہودی نسل میں پیدائش سے محروم رہا وہ دائمی طور پر جنت سے بھی محروم رہے گا۔

قرآن نے اسی نسل پرستی کی مذمت کی اور فرمایا "اگر تم سچے ہو تو موت کی تمنا کیوں نہیں کرتے"۔ مجھے یہ ہے کہ "اللہ کی یہ محبوب قوم" اپنے ادعاء کے باوجود موت سے بہت ڈرتی تھی جب کہ موت قرب الٰہی کا ذریعہ ہے پھر اپنے محبوب حقیقی سے دوری کے کیا معنی۔ قرآن نے اپنے معجزانہ اسلوب میں یہود کی دنیا داری پر زبردست طنز کیا ہے۔

اہل عرب بھی رسول اکرمؐ کی آمد سے قبل پوری دنیا کو عجم یعنی گونگا کہتے تھے اور دنیا کی تمام زبانوں کو اسی حقارت سے دیکھتے تھے جس حقارت سے سنسکرت زبان والے دوسری زبانوں کو دیکھتے اور پکارتے تھے لیکن رسول اکرمؐ نے خطبہ حجۃ الوداع میں اہل عرب کے اس ادعاء اور قومی افتخار کو ریزہ ریزہ کر دیا جب آپؐ نے یہ فرمایا کہ کسی عربی کو کسی عجمی پر اور کسی عجمی کو کسی عربی پر کوئی فوقیت حاصل نہیں۔ اللہ کے نزدیک وہی بہتر ہے جو تقویٰ میں سب سے بہتر ہے۔

ڈاکٹر پران ناتھ کا دعویٰ کہ ہندو مت وادیٔ سندھ کا دھرم تھا اہمیت کا حامل ہے خصوصاً انھوں نے گجرات کے ہندو راجاؤں کی حکومت کا ذکر کیا ہے یہ ایک تاریخی حکومت تھی۔ گجرات میں صنعت و حرفت کی عالی شان ترقی کے بارے میں تاریخ تفصیل سے بیان کرتی ہے۔ گجرات کی تاریخ اکتشافات، ایجادات و کمالات کی تاریخ ہے حتیٰ کہ وہاں مغل دور اور اس سے پہلے بھی کاغذ کی صنعت کے شواہد ملتے ہیں اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس خطے پر کسی زبردست تہذیب کا سایہ ماضی میں رہا ہے۔ یہ سایہ وادیٔ سندھ کی تہذیب کے سوا کوئی اور سایہ نہیں ہو سکتا۔ لیکن مولانا ابو الجلالؒ ندوی اس تہذیب کو مذہب ابراہیم سے ملاتے ہیں۔ اور ڈاکٹر پران ناتھ سے ہندو مذہب کا مظہر قرار دیتے ہیں۔ ہڑپہ و موئن جودڑو سے ایک عالی شان مجسمہ بھی دریافت ہوا ہے جس نے احرام کی طرح کا لباس زیب تن کر رکھا ہے جو ابراہیمی مذہب کی یادگار ہے اور مسلمان آج بھی سنتِ ابراہیمی کی پیروی میں حج و عمرے کے دوران احرام یعنی غیر سلا کپڑا ملبوس کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ لیکن سوال یہ ہے کہ مذہب ابراہیمی کا لباس حج و عمرہ احرام پہننے والا مجسمہ سازی اور بت گری کیسے کر سکتا ہے؟ حضرت ابراہیمؑ نے تو آذر و نمرود کے بتوں کو ریزہ ریزہ کر دیا تھا۔

ابو الجلالؒ ندوی کا یہ دعویٰ درست ہو سکتا ہے کہ ہڑپہ و موئن جودڑو والے حضرت ابراہیمؑ کی ملت میں شامل تھے لیکن یہ ممکن ہے کہ وقت گزرنے کے ساتھ ان میں شرک کے آثار پیدا ہو گئے ہوں جس طرح کہ بنی اسرائیل میں حضرت موسیٰؑ اور حضرت ہارونؑ کی موجودگی کے باوجود گوسالہ پرستی کا مرض بڑی شدت

سے پیدا ہوا اور انبیاء کی رحلت کے بعد بنی اسرائیل میں دیگر امراض مثلاً قوم پرستی نسل پرستی بھی مذہبی رویہ بن گئے۔ لہٰذا اس بات پر تحقیق کی ضرورت ہے کہ ہڑپہ موہن جودڑو میں آباد ملت ابراہیمی کے لوگوں نے توحید سے شرک کا سفر کب شروع کیا اور اس شرک کو مجسمے اور ربت کی صورت اختیار کرنے کے باوجود وادیٔ سندھ کے لوگوں نے حضرت ابراہیمؑ کے لباس ''احرام'' کو ترک کیوں نہیں کیا؟ ہڑپہ، موہن جودڑو، کوٹ ڈیجی، ڈیرہ اسماعیل خان، چولستان اور مہر رگڑھ کی کھدائیوں سے ابھی تک کوئی مندر برآمد نہیں ہوا۔ لہٰذا سوال یہ ہے کہ مندروں کے بغیر وادیٔ سندھ کی تہذیب کا تعلق ہندومت سے کیسے جوڑ دیا جائے؟ البتہ موہن جودڑو میں ایسا کمرہ دریافت ہوا ہے جس کے بارے میں خیال ظاہر کیا گیا ہے کہ یہ عبادت کے لیے استعمال ہوتا تھا۔ اس لیے ڈاکٹر پران کے دعویٰ کی تحقیق مختلف پہلوؤں سے ضروری ہے۔

تاریخ بتاتی ہے اور قرآن کریم کی امثال اس کی تصدیق بھی کرتی ہیں کہ مشرکانہ افکار رکھنے والی قوموں اور ان کے بعض طبقات میں بھی توحید کی کچھ نہ کچھ علامتیں باقی رہتی ہیں۔ نیز یہ کہ پیغمبروں کے پیروکاروں میں بھی الہامی کتابوں میں تحریف کے بعد شرک کے زبردست آثار و مظاہر پیدا ہو جاتے ہیں۔ یہودیوں اور عیسائیوں کی تاریخ اس سلسلے میں تفصیلات بیان کرتی ہیں، لہٰذا ڈاکٹر پران ناتھ کا دعویٰ درست بھی ہو تب بھی ابوالجلالؒ ندوی کا یہ دعویٰ بھی بالکل درست ہے کہ وادیٔ سندھ کے لوگ ملتِ ابراہیمی سے تعلق رکھتے تھے۔ ابوالجلالؒ کے پہلے دعویٰ کا تعلق اسلام کے دور سے ہے اور دوسرے دعویٰ کا تعلق جو ہندومت سے متعلق ڈاکٹر ناتھ کا ہے لازماً شرک کے دور سے ہے لہٰذا دونوں دعووں میں مطابقت تلاش کی جا سکتی ہے اور یہی اس مسئلے کا مناسب حل ہے۔

مولانا ابوالجلالؒ ندوی نے اپنے مضمون ''فن کتابت'' میں یہ موقف اختیار کیا ہے کہ مہروں کو پڑھنے سے معلوم ہو جائے گا کہ وادیٔ سندھ کے قدیم باشندے عربوں کے ہم نسل اور ہم زبان تھے۔ وہ نہ دراوڑی تھے اور نہ ہی پروٹوانڈو یورپین تھے۔ قدمائے سندھ دیس تھا عربوں کا جو کہ اپنے زمانے میں ماروت کہلاتے تھے۔ جنوبی عرب، جنوبی عراق، جنوبی فارس، بلوچستان، سندھ، پنجاب اور ایک حصہ راجستھان کا ۲۰۰۰ء تا ۳۰۰۰ء قبل مسیح قوم ماروت کا دیس تھا جہاں عربی جیسی زبان بولی اور لکھی جاتی تھی۔ یہاں کے باشندے ''ادیوا'' تھے یعنی کسی نبی یا دیوتا کے قائل نہ تھے۔ وہ الا اللہ کے بغیر یا الا اللہ کے ساتھ لا الہ کے قائل تھے۔ (جریدہ شمارہ ۲۳ صفحہ ۱۰۲)

دوسری جانب مولانا ابوالجلالؒ ندوی کا ایک مختلف موقف جو جریدے کے شمارہ ۲۳ صفحہ ۴۵ پر ''ابوالجلالؒ آثار و افکار'' کے زیر عنوان شامل ہے۔ اس کے مطابق ''سندھ کی قدیم قبریں قبلہ رخ ہیں۔ بلوچستان میں ہرو نامی پہاڑی پر ایک نقش بنا ہوا ہے اس نقش کے بالکل سامنے ایک قبر ہے جو اس لیے نہیں

کھودی گئی کہ یہ مسلمان کی قبر ہے۔قدیم زمانے کی جتنی قبریں ملی ہیں وہ سب مسلمانوں جیسی ہیں۔ان کا رخ کعبے کی جانب ہے یہاں کے لوگ ملت ابراہیمی کے قائل تھے۔ہم نے ایک مہر میں ''حضہ'' ایک شخص کا نام پڑھا ہے۔ان لوگوں کا عقیدہ تحریر ہی سے نہیں بلکہ بنی ہوئی تصویر سے بھی ثابت ہوا''۔

مولانا ابوالجلالؒ کے ان دونوں بیانات میں ہمیں کوئی تضاد محسوس نہیں ہوتا چوں کہ تاریخ اس طرح کے معاملات میں تطابق کی بہت سی مثالیں پیش کرتی ہے۔وادیٔ سندھ کی تہذیب حضرت ابراہیمؑ کی آمد سے پہلے کی تہذیب تھی اور حضرت ابراہیمؑ کی آمد سے پہلے بھی انبیاء کی آمد کا سلسلہ کائنات میں جاری و ساری رہا۔ممکن ہے کہ سندھ کی طرف کوئی پیغمبر تشریف نہ لائے ہوں لیکن پیغمبروں کی تعلیمات کے اثرات جس طرح حضورؐ کی آمد سے پہلے مشرکین عرب کے کچھ طبقات میں اور اہل کتاب میں موجود تھے اسی طرح وادیٔ سندھ کے لوگوں میں بھی وحدانیت کے افکار و عقائد یقیناً موجود رہے ہوں گے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اولاد ابراہیمؑ کی اسماعیلی شاخ میں ڈھائی ہزار سال کے بعد تشریف لائے اس طویل مدت میں عرب کے لوگ مشرک بھی ہوئے اور جو اہل کتاب تھے وہ بھی شرک کی آمیزش سے بچ نہ سکے لیکن سیرت النبیؐ کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ حضورؐ کے اعلان نبوت سے قبل مکہ مکرمہ میں ایسے بہت لوگ تھے جو شرک اور بت پرستی سے بھی بے زار تھے اور اہل کتاب کے محروف دین سے بھی دل برداشتہ تھے۔یہ لوگ صحراؤں میں جا کر اللہ کو پکارتے تھے اور شرک اور بت پرستی کی تمام روایتوں سے بے زاری کا اظہار کرتے تھے۔۔حضورؐ نے ان کو حنفاء کہا۔اس مثال کو سامنے رکھتے ہوئے ہم مولانا ابوالجلالؒ ندوی کے اس تحقیق و تجزیہ پر آتے ہیں کہ یہاں کے باشندے ''ادیوا'' تھے تو اس کا مطلب یہی ہے کہ وہ کسی دیوتا کو مانتے نہ تھے اور کسی نبی کے قائل اس لیے نہیں تھے کہ کوئی نبی ان کے یہاں نہیں آیا تھا اس کے باوجود وہ اللہ کی وحدانیت کے قائل تھے، جس طرح حضورؐ اکرم کے اعلان نبوت سے پہلے عرب میں حنفاء کا طبقہ موجود تھا جو حضرت ابراہیمؑ کے دین حنیف سے وابستہ تھے۔

لیکن حضرت ابراہیمؑ کی آمد کے بعد وادیٔ سندھ کے ادیوا باشندوں نے جو توحید کے علمبردار اور شرک سے آلودہ نہ تھے انھوں نے حضرت ابراہیمؑ کے دین حنیف کو اختیار کر لیا ہوگا۔اس تطبیق سے ہماری رائے میں مولانا کی دونوں تحقیقات میں کوئی تضاد باقی نہیں رہتا۔

جہاں تک ڈاکٹر ناتھ کے دعویٰ کا تعلق ہے اس کی توجیہہ بھی یہ ہو سکتی ہے کہ ''ادیوا'' نے پہلے دین حنیف اختیار کیا یا دین حنیف سے پہلے ہندومت اختیار کیا لیکن ان کا زوال اسی لیے ہوا کہ وہ اپنے آپ کو بہت کچھ سمجھنے لگے تھے۔

ہڑپہ اور موئن جو دڑو کی کھدائی کے دوران ایک ایسے بڑے مکان کا نشان ضرور ملتا ہے جس کو کہا

جاسکتا ہے کہ وہ مرکزی عبادت گاہ ہوگی۔لیکن یہ نہیں کہا جاسکتا کہ موئن جودڑو کی گلی کوچوں میں مندر یا معبد خانے ہوں گے کیوں کہ ایسی عمارتوں کی نشان دہی اب تک نہیں ہوسکی ۔

وادیٔ سندھ سے برآمد ہونے والی مہروں پر کندہ نشانات کی تعداد مختلف ماہرین آثار قدیمہ نے مختلف بتائی ہے اور اپنے ذاتی مشاہدات، تاثرات اور تجربات کے مطابق ان نقوش کی تعداد ہر ماہرین آثار قدیمہ کے یہاں مختلف ہے۔

جی آر ہنٹر (G.R. Hunter) نے اپنی کتاب The Script of Harappa and Mohenjodaro and its connection with other scripts (London 1934) میں ان نقوش کی تعداد ۲۵۳ ظاہر کی ۔

اسٹوارٹ پیگاٹ (Piggot) نے اپنی کتاب Pre-Historic India (Pelican Series 1950) میں نقوش کی تعداد چار سو بیان کی ہے اس کے برعکس پروفیسر اسٹیفن لینگڈن نے ۲۸۸، ہی جے گیڈ اور سڈنی اسمتھ نے ۳۹۶ بتائی۔

آسکر پولا نے دو ہزار نقوش پڑھنے کا دعویٰ کیا ہے۔

سرجان مارشل نے اپنی کتاب Mohenjodaro and the Indus Civilization Vol.III (London 1931) میں موئن جودڑو کی ۵۰۰ مہروں کی تصاویر شائع کیں۔

مادھوسروپ وتس نے اپنی کتاب Excavation at Harappa Vol.II (Calcutta 1940) میں ہڑپہ کی تقریباً ۹۰۰ مہروں کے نقوش سے بحث کی۔ایک اور ہندوستانی محقق نے وتس اور مارشل کی ۱۴۰۰ مہروں کے مطالعے کے بعد یہ نتیجہ اخذ کیا کہ وادیٔ سندھ کے رسم الخط میں کام آنے والے نشانات کی تعداد تقریباً ۷۵۰ ہے۔بعض محققین کے مطابق ان نشانات میں بیش تر ایک ہی نشان کی بدلی ہوئی صورتیں ہیں۔حیرت انگیز بات یہ ہے کہ وادیٔ سندھ کے رسم الخط پر مشتمل کوئی کتبہ ماہرین آثار قدیمہ کو دستیاب نہیں ہوسکا۔کچھ ماہرین کی رائے ہے کہ یہ نقوش براہمی اور دیوناگری کی ماتروں (اعراب) کے مماثل ہیں لیکن یہ محض بیان ہے،اس کے لیے نقوش سے کوئی استدلال نہیں کیا گیا۔دنیا میں جتنے بھی رسم الخط پائے جاتے ہیں وہ عموماً دائیں سے بائیں یا بائیں سے دائیں لکھے جاتے ہیں یا چینی اور جاپانی خط جو اوپر سے نیچے لکھے جاتے ہیں،لیکن موئن جودڑو سے برآمد ہونے والی مہروں میں رسم الخط عموماً دائیں سے بائیں لکھا گیا ہے۔لیکن ایسی مہریں بھی ملی ہیں جن پر خط بائیں سے دائیں لکھا گیا ہے اور بعض مہروں پر دونوں طرف سے تحریر لکھی گئی ہے یعنی ایک لکیر دائیں سے بائیں کو اور دوسری بائیں سے دائیں کو۔اس طرز نگارش کو A.S.C Ross نے اپنی کتاب The Numeral-Signs of the Mohejodero Script میں

(Rous Trophedon) کہا ہے اور یہ یونانی کا لفظ ہے جس کے معنی Ross کے مطابق ''جیسے بیل ہل چلاتا ہے'' ہیں۔ ہیروغلافی رسم الخط کو اس رخ پڑھا جاتا تھا جس رخ پر تصویریں کندہ کی جاتی تھیں۔ اس لیے بعض ماہرین آثار قدیمہ کی رائے میں موئن جودڑو کا خط ہیروغلافی، سومیری رسم الخط سے مماثل ہے۔ لہٰذا موئن جودڑو کی مہروں پر کندہ تصویر کی عبارت اسی رخ سے پڑھی جانی چاہیے جس رخ پر تصویر ہے۔ بعض اور ماہرین نے اس خط کی مماثلت اس دور میں پائے جانے والے دیگر رسم الخط سے ثابت کرنے کی کوشش بھی کی، کسی نے اسے Proto-Dravidion قبل از دراوڑی رسم الخط قرار دیا۔ اگر ان تمام بیانات کو درست تسلیم کر لیا جائے تو یہ بات نمایاں ہوتی ہے کہ وادیٔ سندھ کا رسم الخط اس عہد کے تمام رسم الخط کا مخزن بن گیا تھا اور اس عہد میں موجود تمام رسوم الخطوط کا احاطہ کر رہا تھا تاکہ دنیا میں موجود تمام زبانیں پڑھنے والے اس خط سے استفادہ کر سکیں۔ سندھ کی تجارتی اشیاء دور دور تک جاتی تھیں لہٰذا وادیٔ سندھ کے خط کو دائیں خط والے، بائیں خط والے اور تصویروں کے خط والے بھی پڑھ سکتے ہوں گے۔ ماہرین کے مطابق وادیٔ سندھ کا رسم الخط ایلم، موجودہ خوزستان یا جنوبی ایران کے رسم الخط سے زیادہ مشابہ تھا۔ اس خط (سندھی) کی سومیری رسم الخط سے بھی کچھ نہ کچھ مماثلت ہے لیکن وادیٔ سندھ کی مہروں پر پائی جانے والی انسانی تصاویر، سومیری اور ایلمی تصاویر سے بالکل مختلف ہیں اور ماہرین کے مطابق ان تصاویر کی بناوٹ کا اسلوب مصری ہیروغلافی خط سے ملتا جلتا ہے۔ بعض ماہرین نے وادیٔ سندھ کے رسم الخط اور کریٹ (Crete) کے رسم الخط میں مماثلت ظاہر کی ہے۔ مشہور ماہر آثار قدیمہ B.Hrozny نے اپنی کتاب Ancient History of Western Asia, India and Crete (Prague, Czechoslovakia) میں اپنی تحقیقات کا رخ اس سمت مرکوز کیا ہے کہ ہڑپہ کی مہروں پر پائے جانے والے نشانات اور حتی (Hittite) قوم کے تصویری رسم الخط کے درمیان کافی مشابہت تلاش کی جا سکتی ہے۔ پروفیسر لینگڈن نے اشوک کے زمانے کے براہمی رسم الخط کو سندھی رسم الخط سے ماخوذ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔ وادیٔ سندھ کے رسم الخط میں اس دور کے تمام اہم رسم الخط سے پائی جانے والی مماثلت، مشابہت اور مطابقت ایک حیرت انگیز بات ہے جس پر تحقیق کی ضرورت ہے۔ ہماری رائے میں وادیٔ سندھ کا رسم الخط انتہائی زرخیز اور گہرا رسم الخط تھا جس کے اندر یہ صلاحیت موجود تھی کہ وہ اس عہد کے تمام مروجہ رسم الخط کو اپنے دامن میں سمو کر ایک ایسا رسم الخط پیش کرنے کے قابل ہوا جو دنیا کی تمام اقوام کے لیے قابل فہم تھا۔ اس لیے مولانا ابوالجلال کا یہ دعویٰ قرین قیاس نظر آتا ہے کہ دنیا کے تمام رسم الخط وادیٔ سندھ کے رسم الخط سے برآمد ہوئے اور دنیا کی تمام تر زبانوں کے حروف تہجی کا سلسلہ آخر کار وادیٔ سندھ پر جا کر مل جاتا ہے۔ وادیٔ سندھ کی زبان عربی کی ابتدائی شکل تھی اور عربی زبان ہی دنیا کی فطری زبان ہے۔

وادیٔ سندھ کے رسم الخط کی بحث میں ایک دلچسپ اور منفرد نقطۂ نظر ڈاکٹر ہنٹر کا ہے۔ ڈاکٹر ہنٹر نے وادیٔ سندھ کے رسم الخط میں پائے جانے والے نشانات کا جنوبی عرب کے حمیری اور سبائی خط، فنیقی خط اور قبرصی خط سے گہرا تقابل کرنے کے بعد یہ ثابت کرنے کی کوشش کی تھی کہ ان تمام خطوط کا منبع اور ماخذ وادیٔ سندھ کا رسم الخط ہے لیکن اس نظریے کو محض اس بنیاد پر مسترد کرنے کی کوشش کی گئی کہ سندھ کی لکھائی سبائی اور فنیقی رسم الخط کے وجود میں آنے سے کم از کم دو ہزار سال پہلے فنا ہو چکی تھی لیکن یہ استدلال ہمارے لیے قابلِ قبول نہیں ہے کیوں کہ سنسکرت زبان جو دنیا کی اعلیٰ ترین زبان سمجھی جاتی ہے اس کا اپنا کوئی رسم الخط نہیں تھا اور اس نے دراوڑیوں کے رسم الخط ''گرنتھا'' کو اختیار کیا۔ حیرت انگیز بات یہ ہے کہ دراوڑی، آریاؤں کے ہاتھوں ذلت، رسوائی، تباہی و بربادی کا عذاب سہنے کے بعد دور دراز خطوں اور پہاڑوں میں روپوش ہو گئے۔ ان کی زبان کا کوئی کتبہ مخطوطہ یا آثار یا مہریں دستیاب نہیں اس کے باوجود ان کا رسم الخط محفوظ رہا اور ان کا رسم الخط آریاؤں کو سنسکرت کے لیے اختیار کرنا پڑا۔ سنسکرت زبان کی قواعد موجود ہے۔ اس کی لغت بھی دستیاب ہے مگر اس کے بولنے والے ختم ہو چکے ہیں۔ دراوڑیوں کی نسل ابھی تک موجود ہے لیکن ان کے اصول و قواعد زبان و لغت کے منتشر اجزا تو مل جاتے ہیں لیکن سنسکرت کی طرح منظم اور مربوط صورت میں نہیں ملتے۔ لہٰذا کسی تہذیب کے فنا ہو جانے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ اس تہذیب سے متعلق ہر چیز فنا ہو چکی ہو۔ فنا مقامی ہوتی ہے مثلاً ہڑپہ اور موئن جو دڑو پر عذابِ الٰہی نازل ہوا اور قرآن کی زبان میں ''بستیوں کو الٹ دیا گیا تلپٹ کر دیا گیا'' لیکن ان بستیوں سے اٹھنے والی تہذیب، جنم لینے والی زبان، برآمد کی جانے والی مصنوعات اس تہذیب کی خصوصیات اور کمالات کو لے کر دنیا کے تمام خطوں میں پہنچ چکی تھیں اور وہاں پر وہ تمام چیزیں محفوظ رہیں کیوں کہ عرب عجم کی ان تہذیبوں پر اللہ تعالیٰ کا عذاب نازل نہیں ہوا اور وہاں کی بستیاں تباہی و بربادی سے محفوظ رہیں لہٰذا انھوں نے وادیٔ سندھ کی تہذیب کے بہت سے نشانات کو لازماً محفوظ رکھا اور اس کا ثبوت یہ ہے کہ ۱۹ویں صدی میں جب عراق میں بڑے پیمانے پر آثار قدیمہ کی کھدائی ہوئی تو وادیٔ سندھ کی مہریں اور نشانات وہاں سے برآمد ہوئے۔ فہرست ابن ندیم جو چوتھی صدی ہجری کی کتاب ہے اس کے مصنف محمد بن اسحاق کے پہلے مقالے میں وادیٔ سندھ کے رسم الخط کے چار نمونے دیے گئے ہیں۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ وادیٔ سندھ کا رسم الخط چوتھی صدی ہجری میں دنیائے عرب کے اندر معروف و مشہور تھا جب کہ مارشل کا دعویٰ ہے کہ اس نے ۱۹۲۰ء میں کھدائی کے بعد اس رسم الخط کی مہریں دریافت کیں۔ لہٰذا ابن ندیم نے مارشل سے آٹھ سو برس قبل اس خط کا ذکر کیا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ چوتھی صدی ہجری میں یہ خط مستعمل تھا۔

وادیٔ سندھ کی تہذیب اپنے عہد کی غالب ترین اور طاقتور ترین تہذیب معلوم ہوتی ہے۔ اس

تہذیب کی چکا چوند، چمک دمک، ثقافتی اور جمالیاتی کمالات جو مصنوعات کے ذریعے اپنا اظہار کر رہے تھے دنیا کے تمام خطوں تک پہنچے حتیٰ کہ جزیرہ ایسٹر کی لکھائی کی بعض علامتیں اور نقاشات D.E. Hevesy کے مطابق وادیٔ سندھ سے ملتے جلتے ہیں۔ جزیرہ ایسٹر وادیٔ سندھ سے ہزاروں میل کے فاصلے پر بحرالکاہل میں واقع ہے۔ جزیرہ ایسٹر کا رسم الخط ۸ اویں صدی کے اختتام تک موجود تھا۔ سوال یہ ہے کہ پانچ ہزار سال قبل مٹ جانے والے سندھ کے رسم الخط کی علامتیں جزیرہ ایسٹر میں کیسے موجود تھیں؟ اس سے بھی اہم ترین سوال یہ ہے کہ چوتھی صدی ہجری کی فہرست ابن ندیم میں وادیٔ سندھ کے رسم الخط کے نمونے زندہ رسم الخط کے طور پر کیسے درج ہوئے؟ پروفیسر ڈاکٹر ایل اے وڈل Waddel نے اپنی کتاب The Indo-Sumerian Seals Decipher (London 1925) میں وادیٔ سندھ کی مہروں کو سومیری رسم الخط ثابت کرنے کی کوشش کی اور وادیٔ سندھ کو سومیری نوآبادی ظاہر کیا۔[۱۲]

ام السنہ سنسکرت یا عربی:

مغربی محققین سنسکرت کو مادر لسانیات قرار دیتے ہیں لیکن مولانا ابوالجلال ندوی کی تحقیق کے مطابق:

عربی ہی ایک زبان ہے جو انسان کی فطری زبان کہی جا سکتی ہے، دنیا میں صدہا زبانیں بولی جاتی ہیں ،ان زبانوں کو ہم مختلف گروہوں میں تقسیم کر سکتے ہیں ،ایک گروہ کی زبانوں کا اجمالی نام "انڈو یورپین" دوسرے گروہ کا نام "انڈو ایرانین" ہے اس کی بھی دو ذیلی شاخیں ہیں ہندیائی (Indic)، ایرانین (Iranian) ان زبانوں میں سب سے قدیم تر زبان سنسکرت ہے دوسرے گروہوں کی زبانوں کا نام "السنہ سامیہ" فرض کیا جاتا ہے ،ان میں سب سے قدیم تر زبان سریانی ہے مگر وہ سریانی نہیں جو آج سے چند ہزار سال قبل بولی جاتی تھی بلکہ وہ سریانی جسے نوحؑ یا سامی قبائل کے آبائے اولین بولتے تھے"۔

عربی اور عربی مبین:

وہ عربی جس میں قرآن مجید اترا ہے قدیم عربی نہیں ،قرآن مجید تو عربی مبین میں اترا ہے جو قبیلہ قریش کی زبان کا نام ہے، یہ زبان قبائل مضر کی فصیح ترین زبانوں کے چیدہ الفاظ اور ترکیبوں کا مجموعہ ہے چوں کہ یہ زبان تمام قبائل عرب کی سمجھ میں بوضاحت آجاتی تھی اس کا نام "مبین" تھا ،ہم جس عربی سے واقف ہیں وہ مضر کے سات قبائل کی زبانوں کے ساتھ منقول ہے، یہ قبائل ہمیشہ خانہ بدوش اور غیر شہری رہے، شہریت کا لازمی نتیجہ ہوتا ہے کہ قوموں کی دماغی حالت روز بروز ترقی پذیر ہوتی رہتی ہے، معلومات، احساسات، ضروریات اور اغراض میں روز بروز اضافہ ہوتا رہتا ہے، شہریت کے باعث الفاظ میں تراش خراش پیدا ہوتی رہے لیکن بداوت کا طبعی اقتضاء یہ ہے کہ اقوام کی دماغی حالت ساکن ہوتی ہے، ضروریات و معلومات محدود ہوتی ہیں، بہت زیادہ تراش خراش کی ضرورت نہیں پڑتی نہ دوسری اقوام کی زبانوں کا اثر قبول کرنے کی حاجت ہوتی ہیں، اس بناء پر بدویوں کی

زبانیں کم تغیر پذیر ہوتی ہیں اور جلد جلد اپنی نوعیت نہیں بدلتی رہتیں،اس قاعدے کے مطابق قبائل مضر کی زبانیں اپنی اصل سے بہت زیادہ مشابہوں گی۔

عربی اور غیر زبانیں:

عربی مبین دنیا کی زبانوں میں سب سے زیادہ فطرت کے مطابق ہے۔عربی زبان کے الفاظ اپنے معنی پر محض فرض واصطلاح وربخت واتفاق سے دلالت نہیں کرتے بلکہ ہرلفظ اپنے معنی کو چند خاص نوامیس قدرت کے مطابق ظاہر کرتا ہے،الفاظ اور معنی میں ربط پیدا ہونے کی وجہیں عربی علم اشتقاق کے اصول پر غامض نظر ڈالنے کے بعد اس قدر واضح ہوسکتی ہے کہ ہم غیر زبانوں کے الفاظ کو بھی عقلی طور پر سمجھ لینے کی قوت اور ملکہ پیدا کرسکتے ہیں۔

عربی زبان کی اقسام:

خالص قطحانی زبانوں میں صرف حمیری زبانوں کا حال معلوم ہے۔عرب کے علمائے لغت کی روایتیں ظاہر کرتے ہیں کہ حمیری زبان میں اعراب نہ تھے اور قدیم عربی میں بھی اعراب نہ تھے،اعراب کا استعمال اہل عرب کو اسماعیلی نسل کے مستعرب عربوں نے سکھایا۔

خالص عربی تو طسم،جدیس اور عمالقہ وغیرہ تباہ شدہ قبائل کی عربی تھی۔

عربی مبین [۱]قدیم عربی[۲]عہد قطحان کی سریانی[۳]عہد اسماعیل کی عبری الفاظ اور ترکیبوں سے مرکب ہے،چوں کہ یہ تینوں زبانیں ایک ہی اصل کی شاخیں اور ایک ماں کی بیٹیاں ہیں،ان کے میل سے جو زبان پیدا ہوئی وہ پھر بھی قدیم سریانی سے بہت مشابہ رہی۔

الفاظ کے تین معنی:

الفاظ اپنے اندر تین قسم کے معنی رکھتے ہیں [۱]نفسی کیفیات [۲]حسی امور[۳]ذہنی و اختراعی معلومات۔

چناں چہ خیال،علم،عام ادراک وغیرہ الفاظ پر غور کرو،خیال کی اصل خیالہ[نگرانی] ہے چوں کہ شے کی نگرانی کے لیے شے کا خیال ضروری ہے اس لیے خیالہ سے خیال بنا،خود خیالہ بھی کوئی حسی مفہوم نہیں ہے،خیالہ کا اصلی ترجمہ گھوڑوں کی رکھوالی ہے جس طرح اہل سے اہالہ بنا اسی طرح خیل سے خیالہ بنا،خیل اگرچہ حسی چیز کا نام ہے مگر یہ بھی اصلی لفظ نہیں ہے،اشیاء کے نام عموماً وصفی نام ہوتے ہیں،جن میں سے وصفیت فنا ہوجاتی ہے،خیل کی اصل "خال" ہے،خال ایک قسم کی چال کا نام ہے،یہی لفظ اصل ہے کیوں کہ عربی علم اشتقاق کی رو سے حرف علتی اور حرف مکرر[ر۔ل] کا وہ مجموعہ ہے جس میں کوئی حرف شدید نہ ہو،حرکت ظاہر کرتا ہے۔

حسی معانی کی پانچ قسمیں:

حسی معانی کی پانچ قسمیں ہے [۱] مسموع یعنی آوازیں [۲] مرئی جیسے لمبائی ،چوڑائی ،موٹائی ،رنگ ،حرکت ،فصل ،فاصلہ وغیرہ [۳] مشموم جیسے بدبو، خوشبو جیسے سونگھنا یا سونگھنے کی چیزیں [۴] طموس جیسے لمس، چپکنا، ملنا وغیرہ معانی جن کا تعلق مساس سے ہے۔ [۵] مذوق یعنی زبان سے محسوس کی جانے والی چیزیں اور کیفیتیں، دیلمی نے ''مسند فردوس'' میں روایت کیا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ میری امت مجھے آب وگل کی حالت میں دکھائی گئی اور آدمؑ کی طرح اس کو بھی تمام اسماء کی تعلیم دی گئی، اس سے معلوم ہوا کہ خدا نے الہام طبعی کے ذریعہ انسان کو بولنا سکھایا۔

عربی الفاظ کی قسمیں:

عربی زبان کے الفاظ کی چار قسمیں ہیں [۱] ایک حرفی [۲] دو حرفی [۳] سہ حرفی [۴] زائد از سہ حرف، چوتھی قسم کے الفاظ دو قسم کے ہیں، بعض تو وہ ہیں جو سہ حرفی لفظوں میں چند حروف کے اضافے یا کسی حروف کی تضعیف سے پیدا ہوئے جیسے قاتل مقتول وغیرہ وغیرہ بعض وہ ہیں جو دو ثلاثی کے باہم مل کر ایک ہوجانے سے پیدا ہوئے، ایک قسم کے الفاظ کو منحوت کہتے ہیں، رباعی اور خماسی عموماً منحوت ہیں۔

دو حرفی الفاظ کی اہمیت:

سہ حرفی لفظ کو عربی زبان کی بنیادی اصلیت قرار دیا جاتا ہے مگر عربی زبان پر غور کرو تو اس کی صدہا مثالیں ملیں گی، مضاعف، اجوف، معتل اور وہ سہ حرفی الفاظ جو لام کلمہ کو مستثنیٰ کر دینے کے بعد مضاعف کی آواز کے مشابہ ہوں، ذرا ذرا سے فرقوں کے ساتھ تقریباً یکساں معنی ظاہر کرتے ہیں مثلاً غط [غوطہ دینا] غوط [ڈوبنا] تغطی [ڈھانپ لینا۔ ڈوبالینا] قط، قطع، قطف سب کاٹنا ظاہر کرتے ہیں

قص، قصل، قصم، قصب سب تقریباً ہم معنی ہیں، اس قسم کی بہتیری مثالیں ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ ثلاثی الفاظ بھی اصل میں دو حرفی آوازوں سے پیدا ہوتے ہیں، یک حرفی الفاظ کے متعلق بھی ثابت کیا جاسکتا ہے کہ دو حرفی لفظوں کا مخفف ہے۔ انسان سب سے پہلے دو حرفی آوازیں پیدا کرسکتا ہے اور سب سے پہلے انسان کو چیزوں کی طلب ظاہر کرنی ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دنیا کی قدیم زبانوں میں طلب کے صیغے یعنی امر کے الفاظ دو حرفی ہوتے ہیں۔ عربی میں اجوف کا امر ہمیشہ دو حرفی ہوتا ہے۔

الفاظ کی ابتدائی اصل:

مختصر یہ کہ الفاظ کی ابتدائی اصلی دو حرفی آوازیں ہیں جو کسی چیز سے سنائی دینے والی آوازوں یا انسان کی بعض غیر اضطراری آوازوں کی پے بہ پے نقل سے معرض وجود میں آئی تھی، ان آوازوں کو ہم چند قسموں میں تقسیم کرسکتے ہیں [۱] ہم مخرج حرفوں کا مجموعہ [۲] باہم متشابہ حروف سے بنا ہوا لفظ [۳] دو متبائن جنس کے حروف سے بنا ہوا لفظ، چوں کہ حروف کی پانچ قسمیں ہیں حلقی، تنکی [تالو کے حروف] نحنی [ر۔ل۔ن] سنی [دندانی] شفوی

[لب کے حروف]۔

زبان کی ابتداء:

خلاصہ یہ ہے کہ ہماری زبانوں کی ابتداء صرف گیارہ قسم کے معنی اور بارہ قسم کے الفاظ سے ہوئی اور ان ہی بارہ قسم کے الفاظ سے صدہا زبانیں پیدا ہوئیں ۔دنیا بھر کی زبانوں کے بسیط حروف کو پانچ جنسوں میں تقسیم کر سکتے ہیں ۔ان میں اکثر حروف صرف لہجے کے اختلاف سے الگ نظر آتے ہیں ۔ورنہ حقیقت ان کی ایک ہے اصل حروف جو دنیا بھر کی زبانوں میں ادا کیے جاسکتے ہیں صرف چودہ ہیں[۱]ہمزہ،[۲]ب،[۳]م[۴]ک[۵] ج[۶]ر[۷]ل[۸]ن[۹]س[۱۰]و[۱۱]ی،[۱۲]الف[۱۳]دیا[ڈ][۱۴]ت[دیاٹ]۔

ابتداء میں انسان کی زبان کوئی مستقل نوعیت نہ رکھتی تھی نہ تو الفاظ کے اوزان، صیغے اور شکلیں کوئی خاص آواز کی مالک بنی تھی اور نہ الفاظ اور معنی کے ربط میں کوئی استقلال پیدا ہوتھا۔اس طرح الفاظ کی آوازیں ابتدائی عہد میں کچھ مستقل نہ ہوں گی ۔انسان کو اپنی زبان پر کافی قابو نہ ہوگا لیکن جب دنیا میں بنی نوع آدم جب مختلف قوموں کی شکل میں پھیل گئے تو آہستہ آہستہ قوم نے مستقل لہجے، مستقل صیغے اور مستقل شکلوں کے الفاظ استعمال کرنا شروع کیا اور آہستہ آہستہ لفظ اور معنی میں مستقل ربط پیدا ہونے لگا۔دنیا کی موجودہ زبانوں کی اصل وہی مستقل زبانیں ہیں جو بالکل ابتدائی عہد میں آدم کی غیر مستقل زبان سے پیدا ہوئیں۔

دنیا کی ابتدائی زبانیں:

ابتداء میں دنیا کی تمام زبانیں باہم مشابہ ہوں گی،ان میں فرق یہ ہوگا کہ،ایک قوم میں کسی معنی کے لیے ایک لفظ استعمال کیا جاتا ہوگا تو دوسری قوم میں اس لفظ کا الٹا۔

ہندوستان میں دیتا کا وجود نہایت مقدس ہے،ایران میں دیونا نہایت خطرناک چیز ہے،عرب ابر کو شیم بولتے ہیں،تو فارس والے میغ ،ہندوستانی زبان میں میگھا اور بارش کا دیوتا ہے عربی کا اباب فارسی میں آب ہے ہندوستانی زبان میں اپ چناں چاپ پاترم آبخورہ کو کہتے ہیں،انگریزی میں یہی اباب[bb ú Eلہ]بن کر پانی کی ایک خاص کیفیت[جزر] کو ظاہر کرتا ہے،تقریباً ہم صورت الفاظ کسی زمانے میں باہم مترادف تھے مگر جس تدریج کے ساتھ انسانی معلومات میں اضافہ ہوتا رہا ہے ہر نیا لفظ اصلی مفہوم سے قریب تر معنی اختیار کرتا رہا،تا آنکہ اب دنیا میں کوئی دو لفظ ایسے نہیں جو ایک زبان میں مرادف ہوں،عربی زبان میں اب بھی متشابہ الصوت الفاظ کثرت کے ساتھ باہم مشابہ ہوتے ہیں مثلاً قتل [مار ڈالنا]قطل [درخت کاٹنا]قظم [دانت کے ساتھ کھانا]تقدیر [اندازہ کرنا،جدا جدا کرنا وغیرہ الفاظ کا مفہوم مشترک یا ایک جز کاٹوٹ کر دو ہونا یا دو چیزوں کے درمیان فصل پیدا ہونا ہوتا ہے شکست کی حالت میں چیزوں سے جو آواز پیدا ہوتی ہے اسے لفظ کی اصل شکل سے کس قدر مشابہت ہے۔

عربی حروف کی خاصیت:

حروف کی ترتیب بدلنے پر بھی الفاظ کے معانی تقریباً یکساں رہتے ہیں مثلاً دلک [ملنا] لدک [چپکنا] تکلید [تلے اوپر جمع کرنا] تلکد [چپکنا] نوکل [مٹی سانتا] یہ الفاظ درحقیقت ایک مفہوم یعنی دو جسم کا ایک دوسرے کے ساتھ التساس ظاہر کرتے ہیں۔

عربی زبان اور دوسری زبانوں میں فرق یہ ہے کہ اس زبان کے الفاظ اپنے معنی کو جن وجوہ اور اسباب کے ماتحت ظاہر کرتے ہیں وہ متشابہ الاصوات کے مطالعے سے بہ تشریح معلوم ہو سکتے ہیں۔

زبانوں کی ابتداء وارتقاء:

الفاظ کی ابتدائی شکل، حروف کی پانچ اقسام، صرف گیارہ قسم کے معانی اور بارہ قسم کے الفاظ سے زبانوں کی ابتداء وارتقاء کا نظریہ اور انہی ۱۴ اقسام کے حروف سے صدہا زبانوں کی ترویج واشاعت کے موضوعات پر مولانا نے نکتہ آفرینی کے کمالات دکھائے ہیں۔ مولانا ابوالجلال ندویؒ کے خیال میں اصل حروف وہ ہیں جو دنیا بھر کی زبانوں میں ادا کیے جا سکتے ہیں۔ اس قسم کے حروف صرف ۱۴ ہیں۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
ہمزہ	ب	م	ک	ج	ر	ل

۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
ن	س	و	ی	الف	دیا	ڈت [یاٹ]

تمام زبانوں کے چودہ مشترک الفاظ:

تمام زبانوں میں چودہ حرف مشترک ہیں اس لیے یہ حروف تمام زبانوں میں ادا کیے جا سکتے ہیں یہی اصل حروف ہیں۔ ان چودہ حروف کے سوا جتنے حروف ہیں وہ فرع ہیں، اصل نہیں ان ۱۴ حرفوں کو باہم ضرب دو تو ۱۱۹۲ الفاظ پیدا ہوں گے۔ ہماری زبانوں کی ابتداء صرف گیارہ قسم کے معانی اور چودہ قسم کے الفاظ سے ہوتی ہے اور انہیں الفاظ سے صدہا زبانیں پیدا ہوئی ہیں۔

الفاظ کی اصل دو حرفی آوازیں:

الفاظ کی ابتدائی اصل دو حرفی آوازیں ہیں جو کسی چیز سے سنائی دینے والی آوازوں یا انسان کی بعض غیر اضطراری آوازوں کی پے بہ پے نقل سے معرض وجود میں آئی تھیں، مثلاً انسان نے لکڑی کاٹنے کے لیے جب اس پر اپنا اوزار مارا تو جو آواز نکلی وہی اس عمل کا نام ہو گئی مثلاً اردو، ہندی اور انگریزی میں کٹ اور عربی میں قطع۔

غور کیجیے تو عربی کا ماء ہو انگریزی کا واٹر، جرمن کا واسر ہو، فارسی کا آب ہو یا اردو ہندی کا پانی سب کوا دا کرتے وقت پیاس کے ماروں کا منہ کھلے کا کھلا رہ جاتا ہے، خواہ ادائیگی کے بعد بند ہو جائے۔

عربی کا لفظ ہے ''سری''، یہی لفظ ہندی اور سنسکرت میں ''شری'' فارسی میں ''سردار'' انگریزی میں Sir اور سائر Sire بنا۔ مولانا نے مختلف زبانوں کے بے شمار الفاظ کا تقابلی مطالعہ کر کے بتایا کہ ایک ہی لفظ املا یا تلفظ کے فرق کے ساتھ ہر زبان میں پایا جاتا ہے۔ ایسی امثال ان کے نوشتوں میں بکھری ہوئی ہیں، جنھیں جمع کیا جائے تو بہت سے عقدے حل ہو سکتے ہیں۔

ہفتہ [فارسی اردو]، سبت [عبرانی عربی] اور سپتاہ [ہندی] کی صوتی مماثلت کا ذکر کرتے ہوئے مولاناؒ نے پوچھا کہ ہر جگہ ہفتہ سات دن کا کیوں ہوتا ہے؟ دنیا کے کسی حصے میں کم یا زیادہ کیوں نہیں ہوتا؟[۴۶] پھر بتایا کہ ہر سات دن بعد چاند کی شکل بدل جاتی ہے۔ ابتدائی سات دنوں میں وہ ہلال سے شروع ہو کر نصف تک پہنچ جاتا ہے۔ اگلے سات دنوں میں پورا ہو کر بدر بن جاتا ہے بعد کے سات دنوں میں پھر آدھا ہو جاتا ہے اور آخری سات دنوں کے بعد پھر طلوع ہونے کے لیے غائب ہو جاتا ہے شاید ان کا استدلال یہی تھا کہ قمری تقویم ہی فطری تقویم ہے۔

ابتدائی چار حروف:

ابتدائی چار حرفوں [حروف تہجی] کے یونانی نام الفا (Alpha) بیتا (Beta) گاما (Gamma) اور دالتا (Delta) خبر دیتے ہیں کہ یہ نقوش اپنے ناموں سمیت الف، بیت، گمل دالت [عبرانی] بولنے والی قوم کے ذریعے یورپ پہنچے ان حروف کو یوروپ میں فقیقیوں نے پہنچایا، یہی حروف عربی میں الف ب ج دال ہیں۔

سید سلیمانؒ ندوی اور ندوہ والے انھیں زبان پر سند سمجھتے کسی لفظ کا ماخذ دریافت کرنا ہوتا تو سید سلیمانؒ ندوی کہتے اس لفظ کی ٹانگیں توڑ لاؤ۔ مولانا جواب دیتے ہم تو صرف لفظوں کی ٹانگیں توڑتے ہیں مردوں کے کفن نہیں کھولتے۔ ان کا اشارہ مولانا سلیمانؒ ندوی کی تاریخ نویسی کی طرف ہوتا کہ وہ کس طرح تاریخ کھود کر نکالتے تھے۔ مولانا ابوالجلالؒ مختلف زبانوں میں ارتباط باہمی کے رشتے تلاش کرتے ہوئے بتاتے ہیں[۵۴] ''مثال کے طور پر میں کہتا ہوں کہ حضرت موسیٰؑ کا قول ہے:

شمع یَااِسرائیل اِلُوحیک اِلُوحیم اَحدیم''

[سنو! اے اسرائیل تمہارا خدا ایک ہی خدا ہے]

اب میں اس کا عربی میں ترجمہ کرتا ہوں۔

اِسمَع یا اِسرائیل اِلٰھکم اِلٰہ واحد [سنو اے اسرائیل تمہارا خدا ایک ہی خدا ہے]

کیا یہ دو مختلف زبانوں کے الفاظ ہیں؟ دونوں میں کوئی رشتہ نہیں ہے؟ سب سے بڑی مثال.....جو مشہور جملہ ہے انجیل میں.....حضرت مسیح کی زبان سے.....تقریباً ہر بائبل میں لکھا ملتا ہے کہ: ''ایلی ایلی لما سبقتانی'' ہر زبان کی بائبل میں [عبرانی کا] یہ فقرہ اصل حالت میں موجود ہے.....تو:

سَبَقَ کے معنی عبرانی میں ہیں ''پیچھے چھوڑ گیا''

سبق کے معنی عربی میں ہیں ''آگے بڑھ گیا''

ان دونوں میں کیا فرق ہے؟

ایلی ایلی: الٰہی الٰہی [میرے اللہ.....میرے اللہ]

لما: لما [کیوں]

سبقتانی: بخر کتنی [مجھے چھوڑ دیا]

اسلوب تو ایک ہی ہے۔ ہر زبان میں ایک مفہوم کو ادا کرنے کے کئی طریقے ہوتے ہیں۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ:

سنسکرت: تتا متی: [تو وہی ہے]

فارسی: تو ہمانی: [تو ہی سب میں ہے]

انگریزی: Thou art that [تو وہی ہے]

عربی: لا الٰہ الا اللہ [کوئی نہیں الٰہ سوائے اللہ کے]

یہ مختلف زبانوں کے الفاظ ہیں۔ مگر کیا ان زبانوں میں کوئی رشتہ نہیں ہے؟

صرف طرز بیان کا فرق ہے''۔[۱۳]

دنیا کی پہلی زبان کیا تھی؟

بائبل کی کتاب پیدائش (۱۱/۱۔۹) کا بیان ہے کہ طوفان نوح تک سارے انسانوں کی ایک ہی زبان تھی پھر جو لوگ غرق ہونے سے بچے تھے وہ ملک شنار کی طرف گئے اور وہاں پختہ اینٹوں سے ایک شہر بنانا شروع کیا اور اس میں ایک مینار بھی بنانا چاہا جو اتنا بلند ہو کہ آسمان تک پہنچ جائے۔ یہ بات خدا کو پسند نہ آئی اور وہ آسمان سے اتر کر اس مقام کو آیا اور ان لوگوں کو سارے کرہ ارض پر منتشر کر دیا۔

بائبل کی ان آیات میں مینار کا بیان غالباً اس منشاء کا اظہار ہے کہ وہ لوگ مینار پر چڑھ کر خدا کو دیکھنا چاہتے تھے لہٰذا خدا نے ناراضگی کے باعث ان کو کرہ ارض منتشر کر دیا۔ اس انتشار کے باعث ان کی زبان بھی منتشر ہو گئی اور جس جگہ یہ مینار بنا گیا تھا اس مقام کو بابل کا نام دیا گیا جس کے معنی ہیں زبانوں کا مختلف ہو جانا، نت نئی زبان کا پیدا ہونا۔

باب پیدائش کی آیات یہ بتاتی ہیں کہ کائنات کا آغاز ہوا تو کائنات کی زبان ایک ہی تھی۔ کائنات کے پہلے انسان آدمؑ حوا اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ بندے اور پیغمبر تھے جن سے نسل انسانی کا آغاز ہوا، تاریخ اور الکتاب بتاتی ہے کہ پیغمبر زبان اور کتاب کے بغیر ظہور نہیں فرماتے۔ جب کائنات کا آغاز روشنی، کتاب اور رسالت کے سائے میں ہوا تو یہ کیسے ممکن تھا کہ روئے زمین پر پیغمبر اور پیغمبر کے گھرانے والے طلاقت لسانی سے محروم ہوں اور اشاروں کنایوں میں گفتگو کرتے ہوں اور اشاروں، کنایوں میں بات چیت کا یہ سلسلہ صدیوں تک جاری و ساری رہا ہو۔ ہندوؤں کی مذہبی کتاب مقدس اپنشد میں درج ہے ''ہر نام کی ابتداء حرف سے ہوئی اور حروف ہی سے ہر نام منسوب کیا گیا۔ انجیل مقدس میں منقول ہے۔

In the Begining was the Word and the word was with God and the word was God

قرآن کریم کی پہلی آیت ہے ''اقرا باسم ربک'' اس کا انگریزی ترجمہ **Proclaim the word of God** مفسرین اور علمائے حق نے اقراء کے لیے دو لفظ استعمال کیے پڑھا اور بول انگریزی میں اس کے لیے **Read** اور **Proclaim** کے الفاظ منتخب کیے گئے جب کہا گیا ''پڑھ'' یا ''کہہ'' تو یہ اعلان کا حکم رکھتا ہے۔ ان تینوں الفاظ پڑھ، کہہ اور بول میں مشورہ بھی ہے، ترغیب بھی ہے اور حکم بھی۔ دنیا کے تین بڑے مذاہب کی مذہبی اور الہامی کتابیں اسی بات کی توثیق کرتی ہیں کہ حرف اور اسم سے ہی خدا کا ذکر کیا جاتا ہے اور کائنات کا آغاز ذکر خداوندی سے ہی ہوا۔

دنیا میں زبان کے آغاز و ابتداء کے بارے میں قدیم ترین نقطہ نظر الہامی نقطہ نظر ہی رہا ہے۔ تحریف کے نتیجے میں ظہور پذیر مذاہب میں بھی زبان کے لحاظ سے الہامی نقطہ نظر کی جھلک تو نظر آتی ہے مگر یہ تحریف شدہ نقطہ نظر ہے لیکن اس کی اساس یہ الہام ہے کہ اللہ نے آدم کو اسماء سکھائے اور زبان و بیان کی صلاحیت عطائے ربانی ہے۔

مذہبی نقطہ نظر ایک دو روز کا قصہ نہیں لاکھوں کروڑوں سال کا قصہ ہے۔ تاریخ بتاتی ہے اور بالکل ٹھیک بتاتی ہے کہ زمانہ قدیم میں لوگ زبان کو عطیۂ خداوندی اور فنِ تحریر کو دیوتاؤں کی ایجاد سمجھتے تھے۔ چناں چہ سنسکرت کو ''دیوتاؤں کی زبان'' اور دیوناگری کو ''دیوتاؤں کا خط'' ماننے کا عقیدہ اب تک چلا آتا ہے۔ اسی طرح دیوناگری کا پیشرو براہمی خط برہما کی ایجاد مانا جاتا تھا۔ قدیم اہل مصر فنِ تحریر کا موجد تھاتھ دیوتا کو مانتے تھے جس کا جسم انسان کا لیکن سر آئی بس نامی پرند کا بتایا جاتا تھا۔ اسی دیوتا کو وہ ریاضی اور علوم نجوم کا بانی سمجھتے تھے۔ عراق کے قدیم باشندے فنِ تحریر کو اونیس دیوتا سے منسوب کرتے تھے۔ ان کی روایت کے مطابق وہ روز سمندر سے نکل کر انسان کو تہذیب و تمدن کی تعلیم دیا کرتا تھا۔ اسی لیے اسے مچھلی کی کھال اوڑھے دکھایا

جاتا یا پھر اس کا اوپر کا جسم انسان کا اور نیچے کا مچھلی کا بناتے تھے۔

زبانوں کے آغاز کے بارے میں دنیا کا قدیم ترین نقطہ نظر مذہبی یا الوہی نظریہ کہلاتا ہے جس میں زبانوں کی اصل الوہی یا الہامی قرار دی گئی ہے۔اس اقرار کے باوجود بعض مذاہب نے اپنی زبان کو قدیم ترین قرار دیا ہے۔یہودیوں اور عیسائیوں کے نزدیک اصل زبان عبرانی تھی۔ ہندوؤں نے سنسکرت کو قدیم جانا، بدھوں کے نزدیک پالی پراکرت قدیم ترین زبان ہے۔جینیوں کی لسانیات کی کئی کتابوں میں لکھا ہے کہ وہ اردھ ماگدھی پراکرت کو انسان و حیوان کی ازلی زبان مانتے ہیں۔اس دعوے کی بنیاد یہ مفروضہ تھا کہ پیر تھنکروں کے وعظ نہ صرف انسان بلکہ حیوان بھی سمجھتے تھے آخری تھنکر پرسوامی دیہات کے رہنے والے تھے وہ اپنی زبان اردھ ماگدھی میں وعظ کرتے تھے۔بعض قوموں نے بھی اپنی زبان کو دنیا کی پہلی زبان قرار دینے کی کوشش کی۔مثلاً سولہویں صدی میں ولندیزی عالم بے کانس نے ڈچ زبان کو اور اسی زمانے میں دو اور محققین نے بہت ہی قدیم جرمن کو اصل زبان قرار دیا۔

قرآن کریم میں آدمؑ کو نام سکھانے کا ذکر مختلف آیات میں آیا جس میں اللہ تعالیٰ آدمؑ کو تمام اسماء سکھاتے ہیں پھر ان موسوم شدہ چیزوں کو فرشتوں کو دکھا کر پوچھتے ہیں کہ کیا تم ان چیزوں کے نام بتا سکتے ہو؟ فرشتے اپنی بے علمی کا اعتراف کرتے ہیں کہ اس بارے میں ہمیں کچھ نہیں معلوم۔پھر آدمؑ ان فرشتوں کو ان چیزوں کے نام بتاتے ہیں۔جب آدمؑ نے ان کے نام بتائے۔کم و بیش یہی قصہ بائبل کی کتاب پیدائش آیت ۱۹،۲/۲۰ میں درج ہے۔بائبل کی آیات میں چیزوں کو نام حضرت آدمؑ دیتے ہیں۔زبان و بیان کے سلسلے میں ناموں کی اہمیت بنیادی چیز ہے۔کھوشس کتابوں Wu Ching اور Shih Shu میں ناموں کی اہمیت کو بیان کیا گیا ہے۔اپنشد، بائبل، کھوشس اور قرآن کریم سے اسماء کی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے اور یہی اسماء حروف و الفاظ کی صورت میں زبان کی تعمیر و تشکیل کرتے ہیں اسی لیے کائنات کے آغاز سے پہلے ہی ایک مکمل زبان سے آدم و حوا علیہما السلام کو واقف کرا دیا گیا تھا۔

قرآن کریم نے انسان کے بارے میں بیان فرمایا ''**لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم**'' ہم نے انسان کو بہترین صورت پر پیدا کیا۔اس کے ساتھ یہ بھی ''**خلق الانسان علمہ البیان**'' (رحمٰن) ہم نے انسان کو پیدا کیا اور اسے بولنا سکھایا لہٰذا کائنات کا آغاز انسان نے زبان و بیان کی اعلیٰ ترین صلاحیتوں کے ساتھ کیا۔یہ الہامی نقطہ نظر ہے اور بالکل درست نقطہ نظر ہے۔سائنس اس کی تردید نہیں کر سکتی اور اس کی تردید کی کوئی حیثیت نہیں۔

سائنس کو اس طریقے سے رد کرنے پر کچھ لوگوں کو حیرت ہوگی لیکن اس حیرت کی کوئی وجہ نہیں۔ سائنس کے نظریات آئے دن بدلتے رہتے ہیں مثلاً پہلے سائنس دانوں کا دعویٰ تھا کہ آدم کی تخلیق اور دنیا کی

تخلیق کو ساڑھے سات ہزار سال ہوئے ہیں اور بعض مورخین کی تحقیقات کے مطابق دنیا کی معلومہ تاریخ ساڑھے سات ہزار سال کا احاطہ کرتی ہے جب کہ فی الحقیقت دنیا کے آغاز کو کتنی صدیاں گزر چکی ہیں؟ اس کا ادراک ذہنِ انسان کی رسائی سے ماورا ہے۔ ۱۹ویں صدی تک دنیا کی عمر لاکھوں سال بیان کی گئی تھی۔ ۲۰ویں صدی میں اس کی عمر کچھ اور بڑھ گئی لیکن تازہ ترین تحقیقات کے مطابق دنیا کی عمر ڈھائی کروڑ سال سے زیادہ ہے اس سلسلے میں آسٹریلیا میں دریافت ہونے والے رکازات (fossils) سے زندگی کے معروف نظریے کی نفی ہوگئی ہے

''اسکاٹ لینڈ سے بیالیس کروڑ اٹھاسی لاکھ سالہ قدیم زندگی کے آثار برآمد کر لیے گئے ہیں۔ جانوروں کی یہ باقیات ساحلی شہر اسٹون ہیون سے برآمد ہوئیں۔ سائنس دانوں نے ان رکاز (باقیات) کے تجزیے اور ان کے زمانے کے تعین کے لیے کئی ماہ صرف کیے۔ ان کی دریافت سے زمین پر حیوانی زندگی کی ابتداء کے بارے میں معروف نظریے کی نفی ہوگئی۔ رکاز کا نام انھیں دریافت کرنے والے بس ڈرائیور کے نام پر رکھ دیا گیا ہے۔ اسکاٹ لینڈ کا علاقہ اس زمانے میں خط استوار پر واقع علاقوں کا حصہ تھا۔ ان ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ دریافت اس اعتبار سے انتہائی اہمیت کی حامل ہے کہ اس سے اس تصور کی نفی ہوتی ہے کہ زمین پر حیوانات کی زندگی کا آغاز بہت بعد میں ہوا۔ ان آثار کا نام انھیں دریافت کرنے والے شخص کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے اس کے نام پر رکھا گیا ہے۔ مائیک نیومین نامی یہ شخص ایک بس ڈرائیور ہے اور بطور شوق قدیم آثار کی تلاش کرتا ہے''۔

سائنس دان ابھی تک اس بات کا فیصلہ نہیں کر سکے کہ کائنات کا آغاز کب ہوا۔ ہر نیا دن کائنات کی عمر کے بارے میں ایک نیا نقطہ نظر پیش کرتا ہے اور عموماً یہ نقطۂ نظر کائنات کی عمر میں اضافے کا ہی نقطۂ نظر ہے لیکن عین ممکن ہے کہ کچھ عرصے بعد کائنات کی عمر کم کرنے کا نقطہ نظر قابل قبول ہو جائے۔ لہٰذا سائنس دانوں کے پاس کروڑوں سال پہلے کی معلومات موجود نہیں وہ محض قیاسات کی بنیاد پر تحقیقات پیش کرتے ہیں لسانیات کے حوالے سے بھی ان کی تحقیقات محض مفروضات، خواہشات، اور قیاسات کا دفتر ہے۔

لامحالہ ہمارے پاس لسانیات کے حوالے سے اہم ترین اور بنیادی ترین ماخذ مذاہب عالم کی کتابیں ہیں جن کو دنیا کے مختلف خطوں میں قرن ہا قرن سے نسل در نسل پڑھا جا رہا ہے اور کوئی محقق ان کتابوں کا انکار نہیں کر سکا۔

مذاہب سے قطع نظر ہم دنیا کی اہم زبانوں کے حروف تہجی کا تحقیقی مطالعہ کرتے ہیں تو وہاں بھی وہی صورت حال نظر آتی ہے کہ ان حروف تہجی میں حیرت انگیز مماثلت اور مطابقت پائی جاتی ہے۔ ذیل میں

عربی،عبرانی، یونانی، حبشی، انگریزی زبانوں کے حروف تہجی تحریر کیے جارہے ہیں۔

حروف تہجی کی یکسانیت اہم زبانوں میں

	عربی	عبرانی	یونانی	حبشی	انگریزی
۱	الف	الف	الفا	اَلف	a
۲	با	بیط	بیتا	بیت	b
۳	جیم	گیمل	گاما	جیمیل	c
۴	دال	دَالَط	دیلتا	دینت	d
۵	ہا	ہے	ایپ سی لون	ہوئی	e
۶	واؤ	داؤ	واؤ	واوے	f
۷	زا	زین	زیتا	زائی	g
۸	حا	حیط	اِیتا	حاؤط	h
۹	طا	طیط	تھیتا	طیٔط	i
۱۰	یا	یود	اَیوتا	یمن	j
۱۱	کاف	کاف	کاپا	کاف	k
۱۲	لام	لائد	لامدا	لاوے	l
۱۳	میم	میم	مو	مائی	m
۱۴	نون	نون	نُو	نحاس	n
۱۵	سین	سامک	سی	ست	p
۱۶	عین	عین	اومیکرون	عین	q
۱۷	فا	فے	پائی	الیف	r
۱۸	صاد	صادے	سان	صادائی	
۱۹	قاف	قوف	کوپا	قاف	s
۲۰	را	ریش	رہو	ریس	t
۲۱	شین	شین	سگما	شاؤت	u

۲۲	تا	تاؤ	تاؤ	تاوے	v

ان زبانوں کے حروف تہجی کے تقابلی مطالعے سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ ان میں بنیادی فرق نہیں ہے۔اس وقت دنیا میں زبانوں کے جتنے بھی خاندان موجود ہیں وہ انہی حروف تہجی سے زبان کا بازار سجاتے ہیں۔حروف تہجی کی حد تک دنیا کی تمام بڑی اور اہم زبانیں یکساں نوعیت کی حامل ہیں اور حروف تہجی کی مماثلت اس دعوے کی اہم دلیل ہے کہ دنیا کی پہلی زبان ایک ہی تھی۔اس دعوے کی دوسری اہم ترین دلیل یہ ہے کہ دنیا کی زبانوں میں ماں،باپ اور جنت کے لیے استعمال ہونے والے الفاظ تقریباً تمام زبانوں میں مشترک ہیں۔

''فردوس'' جنت کے لیے معروف ترین لفظ،تمام انسانی زبانوں میں مشترکہ طور پر پایا جاتا ہے۔ سنسکرت میں ''پردِشا'' قدیم کلدانی زبان میں ''پردیسا''،قدیم ایرانی ژند میں ''پیری وائزا''،عبرانی میں ''پردیس''،ارمنی میں ''پردیز'' سریانی میں ''فردیسو''،یونانی میں ''بارادائسوس''،لاطینی میں ''بارادایکسس'' عربی میں ''فردوس''۔یہ لفظ ان سب زبانوں میں ایسے باغ کے طور پر بولا جاتا ہے جس کے گرد حصار موجود ہو، وسیع ہو،قیام گاہ سے متصل ہو،ہر قسم کے پھل خصوصاً انگور پائے جاتے ہوں اور بعض زبانوں میں تو منتخب پالتو پرندوں،جانوروں کا بھی پایا جانا اس کے مفہوم میں شامل ہے۔قرآن سے پہلے عرب کے کلام جاہلیت میں بھی فردوس مستعمل تھا۔اس کے بعد ماں باپ کے الفاظ پر غور کیجیے یہ بھی تمام زبانوں میں کم وبیش مشترک ہیں۔یہی حال لفظ پانی کا ہے اور لفظ آخرت یا قیامت میں بھی مماثلت پائی جاتی ہے۔

باپ

انگریزی	سنسکرت	عربی	ترکی	جاوانی گمکو
Father	پترا	اب	بابا	بابا
مالائی	براہل	تبتی (تحریری)	پکھیا	تھولنگیا
باپا	باؤ	فا	بابائی	پاپ۔اپاپ
کھالنگ	دنوار	پاہری	چینگ	بجرامو
اپاپ	بابا	با	بابو	بابائی
دنوار	پاہری	چینگ	بجرامو	کسوار

بابا	با	بابو	بابائی	بابا یک
تھارو	کوچ	سب ساگر میری	برمی (تحریری)	برمی (بول چال)
بابا	باپ	بابا	فائی	فالای
تونگھتو	سنتالی	بھومیج	اوراون	گیاتی
فا	بابا	بابو	بابی	بابا
رٹ لک	کولامی	ماڑی	کری	چینٹھو
باوا۔دادا	باو	بابا	با۔ابا	با
انگریزی	سنسکرت	ماں عربی	باسک	گیامی
Mother	ماتر	ام	اما	ما
تکپا	مانیاک	ہورپا	اما	تبتی (تحریری)
اما	اما	اما	اما	اما
تبتی (بول چال)	سرپا	سنوار	گورنگ	مرمی
اما	اما	اما	امور	اما
مگار	تھکسیا	پکھیا	لمبو	کیرانتی
ما	آما	اما	آما	اوما
روڈنگ	رنگچن بنک	چھنگ تنگیا	مچھر نگ	ویلنگ
ما	اوما	اوما	اوما	اما

یاکھا	چوراسیا	کولنگیا	تھولنگیا	باہنگیا
ای ما	آمو	امی	مام	آمو
لوہوروہنگ	لمیچھوہنگ	بالالی	سانگ پانگ	ڈمی
اما	اما	اما	اما	مایام
ڈمی	کھالنگ	ڈنکمالی	پاہری	چنگ
مایام	مام	اما	می	اہل
بجراموہ	وایو	کسوار	کوسندا	لپ چا (سکم)
اہل	اومی	آمی	مائی	آمو
بھوناتی لہوپا	بودو	دھمل	کوچ	گارو
آئی	اما	اما	ما	اما
کاچاری	سوتی پوری	مٹھن ناگا	ابورمیری	برمی (تحریری)
آای	اما	امو	ناما	امی
برمی (بول چال)	کمی	سگاؤکیرن	پوکیرن	تونگھتھو
امی	اما	مو	مو	من
انامیتی	سیامی	اووم	خامتی	لاؤس
می	ما	می	می	می
بھومیج	نیکوڈی	کولامی	کیکاڑی	چینٹو
مائی	اما	اما	اما	اما

تامل قدیم	ملیالم جدید	سنہالی
اماں	ماں	اما

پانی

انگریزی	سنسکرت	عربی	باسک	مانشو
Water	اپ	ماء	ار	ماکی

سوکپا	پکھیا	روڈنگ	ساگ پاگ	کسوار
واسو	پانی	وا	وا	پانی

تھارو	اوراون	راج محلی	رٹ لک	نیکوڈی
پانی	ام	ام	ار	ار

کولامی	ماڑی	کیکاڑی	چینشو	تودوا
ار	ار	تانی	پانی	مرو

۱۷۷۲ء میں برلن اکیڈمی نے زبان کے آغاز کے موضوع پر ایک مقابلہ منعقد کیا جس میں Herdel کا مقالہ بہترین مقالہ قرار دیا گیا اس مقالے میں اس نے الوہی نظریہ لسان پر اہم اعتراضات اٹھائے۔

۱۔ اگر زبان خدائی تخلیق ہوتی تو وہ بہت باقاعدہ ہوتی لیکن تمام زبانوں میں عجب بے اصولی و بے ترتیبی پائی جاتی ہے۔

۲۔ زبان میں بنیادی الفاظ فعل کے مادے ہیں جن سے متعدد اسماء کا اشتقاق ہوتا ہے، اگر خدا زبان تخلیق کرتا تو ماجرا برعکس ہوتا وہ انسان کو سب سے پہلے چیزوں کے نام سکھاتا فعل بعد میں آتے۔افسوس یہ ہے کہ ہرڈل نے قرآن کریم میں تخلیق آدم سے متعلق آیات کا مطالعہ نہیں کیا جہاں واضح طور پر بتایا گیا ہے کہ اللہ نے سب سے پہلے آدم کو نام سکھائے۔

جہاں تک زبانوں میں عجب بے اصولی و بے ترتیبی کا تعلق ہے یہ اعتراض کرتے ہوئے ہرڈل نے دو چیزوں کا خیال نہیں رکھا۔

۱۔ اس کائنات کے آغاز کو کروڑوں سال ہو چکے ہیں، یہ سائنس کا دعویٰ ہے۔ ہوسکتا ہے کہ یہ لاکھوں سال نئی تحقیقات کے بعد اربوں سال میں تبدیل ہوجائیں۔ آدمِ اول کی زبان کروڑوں سال کا سفر کرتے ہوئے ایک ہی سانچے میں کیسے ڈھلی سکتی تھی؟ اگر مذہبی صحائف اور الہامی کتابیں زبانوں کے اصول اور الفاظ متعین کرتیں تو یقیناً اس میں ترتیب موجود رہتی۔

۲۔ اللہ نے آدم کو اسماء سکھائے لہٰذا اصولاً سب سے پہلے نام سکھائے گئے تاکہ انسان زبان سیکھ سکے اس کے بعد ہی فعل سکھائے گئے اور مکمل زبان عطا کر کے انسان کو زمین پر بھیجا گیا۔

قرآن کریم، عہدنامہ جدید اور عہدنامہ قدیم اس بات کی شہادت دیتے ہیں کہ زبان الہامی عطیہ تھا لیکن حیرت انگیز بات یہ ہے کہ محققین نے زبانوں کے مذہبی نظریے پر غور و فکر کی زحمت گوارا نہیں کی اور اس کی بنیادی وجہ یہی تھی کہ زبانوں کے آغاز و ارتقاء پر تحقیقات کا آغاز اس دور میں ہوا جب یورپ کے اندر مذہب سے بغاوت کی تحریک نشاۃ ثانیہ (Inlightment Movement) یا روشن خیالی کے نام سے برپا ہوئی تھی اور جس نے تمام سابقہ زبانوں کو قرن مظلمہ (Darkages) قرار دیا تھا۔ جس کا مختصر مطلب یہی تھا کہ انسانی تاریخ کا وہ پورا عہد جو آغاز کائنات سے لے کر سترہویں صدی کے آغاز سے پہلے کا احاطہ کرتا ہے اور جس کا بنیادی تعلق کسی نہ کسی طور پر مذہب سے رہا ہے، یہ تمام ادوار ظلمت اور تاریکی کی اتھاہ گہرائیوں میں ملفوف تھیں یعنی سترہویں صدی سے پہلے کا زمانہ جو سائنس کے مطابق بیالیس کروڑ اٹھاسی لاکھ سال کا زمانہ ہے جس کے بارے میں سائنس کچھ نہیں جانتی اس پورے زمانے کو سترہویں صدی کے مغربی مفکرین نے صرف اس لیے رد کر دیا کہ یہ پورا زمانہ مذہبی عہد تھا۔ لہٰذا زبانوں پر تحقیق کرنے والے محققین دانستہ طور پر مذہبی کتابوں سے فاصلے پر رہے۔ اس سے بھی زیادہ حیرت انگیز بات یہ ہے کہ فہرست ابن ندیم جو چوتھی صدی ہجری کی عربی کتاب ہے اور بعض محققین کے مطابق غالباً دنیا کی پہلی محفوظ اور مرتب فہرست کتاب ہے، اس کتاب کا پہلا باب چوتھی صدی میں پائی جانے والی زبانوں سے متعلق تھا۔ مغربی مفکرین اور محققین نے عموماً لسانیات پر تحقیقات سترہویں صدی میں شروع کیں۔ یہ کتاب اس سے چھ سو سال قبل دنیا کے مختلف خطوں میں بولی اور لکھی جانے والی زبانوں کے بارے میں قیمتی معلومات فراہم کرتی ہے اور ان زبانوں کے رسم الخط کی بھی نشاندہی کرتی ہے لیکن اس کتاب کا حوالہ کسی محقق کے ہاں نہیں ملتا حتیٰ کہ ۱۹ویں صدی کا اہم ترین محقق سر ولیم ولسن ہنٹر اپنی کتاب A Comparative Dictionary of Non Aryan Languages of India and High Asia میں شامل تقابل لسانیات کے مقالے میں القزوینی، الادریسی ابن خرداذبہ، رشید الدین کے حوالے دیتے ہیں لیکن فہرست ابن ندیم سے صرف نظر کرتے ہیں حیرت انگیز طور پر شبلیؒ، سلیمان ندویؒ اور مولانا ابوالجلال ندویؒ کے مضامین میں بھی اس کا حوالہ نہیں ملتا اور نہ ہی

اس پر نقد و نظر ہے۔اس سے بھی زیادہ حیرت انگیز بات یہ ہے کہ عصر حاضر میں لسانیات پر ہونے والے تازہ ترین کاموں میں بھی ابن ندیم کا کوئی ذکر نہیں ہے حالانکہ ابن ندیم کے انگریزی ترجمے بھی عام ہیں۔ یہ صورتحال اس اغماض یا عصبیت کا شاخسانہ تھا جس کی بنیاد سترہویں صدی میں علم، عقل، آزادی، آزادی اظہار رائے، وسیع النظری و خیالی اور بے تعصب معاشروں کی تشکیل کے نام پر شروع کی گئی۔

زبانوں میں اشتراک اور مماثلت کے ساتھ ساتھ رسم الخط میں بھی اشتراک کی بہت سی صورتیں سامنے آئی ہیں اس حقیقت کے باوجود کہ یکساں رسم الخط مختلف زبانوں میں موجود ہے مثلاً چین اور جاپان کی زبانوں کا ایک دوسرے سے کوئی تعلق نہیں اس کے باوجود ان دونوں کا رسم الخط ایک ہے۔ایک اور تحقیق جس کے مطابق اردو اور انگریزی رسم الخط ایک ہی ماخذ سے تعلق رکھتا ہے اور وہ سامی النسل ہے کیوں کہ اردو عربی رسم الخط سے ماخوذ ہے یونانی کے ابتدائی حروف تہجی، الفا، بیتا، گاما، ویلتا عبرانی ابجد کے الف، بیت، جمل اور واسعہ کی ترمیم شدہ شکلیں ہیں حیرت تو یہ ہے کہ بعض انگریزی حروف کی ترکیب آج بھی عربی ابجد سے مماثلت کا اعلان کر رہی ہے۔

کلمن	—	N	M	L	K
		ن	م	ل	ک
قرشت	—	T	S	R	Q
		ت	ش	ر	ق

یہ نقطہ نظر نیا نہیں ہے۔مولانا ابوالجلال ندوی بھی اسی نقطہ نظر کے حامل ہیں مگران کی دلیل یہ ہے کہ تمام زبانوں کا منبع اور ماخذ وادی سندھ کی تہذیب ہے اور وادی سندھ کی زبان عربی کی ابتدائی شکل ہے۔ یونانی زبان کے بارے میں یہ کہا گیا کہ وہ لاطینی زبان سے نکلی کیوں کہ آریا پہلے یونان میں آباد ہوئے اور وہاں سے ان کا ایک گروہ اٹلی میں بس گیا انگریزی کا جرمن خاندان سے قریب اور فرانسیسی سے نسبتاً دور ہونا ظاہر کرتا ہے کہ انگریز قوم لاطینی گروہ سے پہلے جدا ہوئی اور جرمن اس کے بعد۔یورپ کے خانہ بدوش قبائل کی زبان اس بات کا اشارہ ہے کہ یہ لوگ اس زمانے میں ہندوستان سے یورپ گئے۔کشمیری زبان کی آریائی ہند سے علیحدگی یہ بتاتی ہے کہ یہاں دوسرا گروہ آباد ہوا جو بقیہ ہندو پاک کے باشندوں سے الگ تھلگ اس برعظیم میں وارد ہوا تھا۔اس سلسلے میں شبلی نعمانی کا ایک مختصر مضمون انتہائی اہمیت کا حامل ہے جس میں انھوں نے یہ ثابت کیا ہے کہ عربی عبرانی سے برآمد نہیں ہوئی بلکہ عبرانی زبان عربی زبان سے نکلی ہے۔ اسی موقف کو سید سلیمان ندوی نے ارض القرآن میں تفصیل سے بیان کیا ہے۔اس دلچسپ بحث سے زبانوں کے آغاز و ارتقاء اور خصوصاً سامی زبانوں کی اصل کے بارے میں بعض نئے امکانات پیدا ہو سکتے ہیں۔

ہندی کے ماہر لسانیات ڈاکٹر بھولا ناتھ کھواری نے ہندوستان کی تمام زبانوں کے لیے دیوناگری رسم الخط کی زبردست وکالت کی لیکن اس وکالت کے باوجود انھوں نے اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ میں نے ایک فرانسیسی ایک کمبوڈی اور ایک امریکی کو لے کر ہندوستان کے مختلف رسم الخط سکھانے کے لیے الگ الگ تجربے کیے ان کے نتائج درج ذیل ہیں:

۱۔ تامل تیلگو، کنڑ، ملیالم اور اڑیا کی نسبت دیوناگری رسم الخط زیادہ آسان ہے اور کم وقت میں سیکھا جا سکتا ہے۔

۲۔ دیوناگری بنگلا اور گورمکھی میں لگ بھگ مماثلت ہے اور محنت کرنا پڑتی ہے۔

۳۔ گجراتی اور اردو رسم الخط سب سے سہل ہے

ڈاکٹر بھولا ناتھ کھواری کی یہ تحقیق ثابت کرتی ہے کہ سامی النسل زبان کا رسم الخط سب سے سہل ہے اور یہی زبان غالباً فطری زبان رہی ہوگی۔ اور دنیا کی تمام اہم زبانوں کے رسم الخط اسی سے مستعار ہیں مثلاً یونانی، انگریزی، فارسی وغیرہ وغیرہ۔

عربوں نے کبھی یہ دعویٰ نہیں کیا کہ ان کا یہ رسم الخط ان کی اپنی ایجاد ہے۔ وہ اسے دوسروں سے مستعار بتاتے تھے بعض جدید تحقیقات کی رو سے اسے ارامی رسم الخط سے ماخوذ قرار دیا گیا ہے۔ ارامی رسم الخط کا ماخذ فنیقی (Phoenician) رسم الخط قرار دیا گیا اور فنیقی رسم الخط کو مصری رسم الخط سے اخذ کرنے کا دعویٰ بھی کیا گیا۔ محققین کا اس بات پر تقریباً اجماع ہے کہ یورپی ممالک میں جتنے رسم الخط مروج ہیں یا آج سے قبل مروج رہے ہیں ان سب کا ماخذ فنیقی رسم الخط ہی تھا۔ انسائیکلوپیڈیا امریکہ کے مطابق

> It is generally agreed that writing was introduced to the western nations by the Phoenicians and it is commonly believed that the Phoenician system was based on the Egyptian.

یہ نقطہ نظر ان محققین کے اتفاق کی تردید کرتا ہے جس کے مطابق سامی رسم الخط مصری رسم الخط سے ماخوذ ہے اور مصری رسم الخط کا ماخذ فنیقی رسم الخط ہے اس تمام بحث کے نتیجے میں محققین اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ دنیا کے رسوم الخط کا مبدا خط امثالی ہے اس کی تحریر (Pictography) یا امثال نویسی کہلاتی ہے۔ یہ دعویٰ اسی قسم کا دعویٰ ہے کہ انسان نے صدیوں کی ریاضت اور لگاتار تجربات کے بعد ایک زبان ایجاد کی پھر اس زبان کے اظہار کے لیے صدیوں کی تلاش و جستجو کے بعد وسائل اور اوزار تخلیق کیے اور پھر صدیوں کی کوشش کے بعد تصویری زبان کے ذریعے ابلاغ کا قرینہ سیکھا اور پھر صدیوں کی کوششوں کے بعد تصویری

زبان رفتہ رفتہ درجہ بدرجہ تحریر کی صورت میں ڈھلتی چلی گئی۔اس قسم کے دعوے اسی وقت تسلیم کیے جاسکتے ہیں جب اس مفروضے کو یقین کے ساتھ تسلیم کیا جائے کہ خالق کائنات نے انسان کو بے زبان پیدا کیا لیکن بے زبان جانوروں کو پہلے دن سے زبان کی نعمت سے آراستہ کیا۔انسان جانوروں کا اور مختلف بے ساختہ آوازوں کا محتاج رہا اور محتاجی کی ایک طویل رات جو صدیوں پر محیط تھی آخر کار روشن دنوں میں تبدیل ہوئی۔یہ تصور نا ریکی اس قدر مضحکہ خیز ہے کہ اس پر یقین کرنا نشاۃ ثانیہ کے نتیجے میں ابھرنے والے یقین کے لیے تو شاید بہت آسان ہو لیکن عقل سلیم رکھنے والوں کے لیے اس مفروضے پر یقین کرنا امر محال ہے۔اس سلسلے میں دلچسپ تجربات تین بادشاہوں نے کیے کہ انسان کی فطری زبان کیا ہے؟ اس کے لیے انھوں نے نوزائیدہ بچوں کو تنہائی میں رکھ کر ان کی زبان سننے کی کوشش کی۔

ان بادشاہوں کو انسان کی سب سے پہلی یا فطری زبان جاننے کی خواہش تھی، اس خواہش کی تکمیل کے لیے انھوں نے نوزائدہ بچوں کی جنگل میں اس طرح پرورش کرائی کہ ان کے کانوں میں کسی زبان کا کوئی لفظ نہ پڑ سکے اس قسم کے چار تجربات کیے گئے۔قدیم مصری بادشاہ سیمائی دیکا ہوس (Psammidicahos) نے دو بچوں کو جنگل میں پرورش کرایا کچھ سال بعد یہ بچے دربار میں گئے تو ان میں سے ایک نے لفظ بیکوس کہا جو فرجین زبان میں روٹی کو کہتے ہیں اس سے یہ نتیجہ نکالا گیا کہ فرجین اصلی زبان ہے حالانکہ ہوا یہ تھا کہ یہ لفظ کسی دن روٹی دینے والے فرجین خادم کے منہ سے نکل گیا تھا۔

تیرہویں صدی کی ابتدا میں شاہ فریڈرک دوم نے بھی ایسا ہی تجربہ کیا۔لیکن یہ بچے گویائی سیکھنے سے قبل ہی مر گئے۔پندرہ سو عیسوی کے لگ بھگ اسکاٹ لینڈ کے بادشاہ جیمس چہارم نے بھی دو بچوں کو نظر بند رکھا آخر میں انھوں نے فیصلہ کیا کہ یہ بہت اچھی عبرانی بولتے تھے۔اکبر بادشاہ نے بھی جنگل میں کچھ بچوں کی پرورش کا اہتمام کیا مگر یہ گونگے ثابت ہوئے۔(صفحہ ۳۳، لسانی مطالعے، ڈاکٹر گیان چند، انڈیا ۱۹۷۳)

یہ بات حیرت انگیز ہے کہ جنگل میں پرندوں کی آوازیں سننے کے باوجود اور مختلف جانوروں کی بولیاں سننے کے باوجود بھی ان بچوں نے ان آوازوں کے اشتراک یا اختلاط اور آمیزے سے کچھ لفظ تخلیق کرنے کی کوشش نہیں کی اور وہ گونگے ہی رہے۔اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر اللہ نے انسان کو بے زبان پیدا کیا ہوتا تو انسان آج تک گونگا رہتا۔

دنیا کی معلومہ تاریخ کے مطالعے اور دستیاب آثار قدیمہ کی کھدائی کے دوران نکلنے والے کتبے اس بات کی تصدیق رہے ہیں کہ دنیا کا کوئی خطہ کوئی قوم اور کوئی تہذیب مذہبی نظریات سے، مذہبی اقدار سے خالی نہیں رہی اور دنیا کی تاریخ میں تاریخی تسلسل کے ساتھ جس چیز کا سراغ ہر جگہ ملا ہے، وہ وجود باری اور آخرت کے تصورات ہیں اور ان تمام تصورات میں زندگی کی فانی حیثیت ہر جگہ اس قدر نمایاں ہے جس

طرح آفتاب کی تمازت۔اس کے باوجود مغربی اور مشرقی محققین اپنی تحقیقات میں مذہبی کتابوں، کتبات، مخطوطات، مذہبی افکار ونظریات اور عبادت گاہوں کو وہ مقام نہیں دیتے جو اس کا حقیقی تقاضا ہے۔

یہ بات بھی دنیا نے تسلیم کی ہے کہ تمام مذہبی کتابیں اور ان مذہبی کتابوں سے متعلق ادبیات اعلیٰ ادبی شہ پارے ہیں اور اخلاقیات کے موضوعات پر ان کا ورثہ مشترکہ ہے۔عہدنامہ جدید، عہدنامہ قدیم، تالمود، وید، اُپنشد، بھگوت گیتا، گرنتھ صاحب، رامائن، مہابھارت، ژند، آژند، اوستا، بدھ مت کی مقدس کتاب تری پٹکا جو پالی زبان میں ہے، کنفوشس مذہب کی کتابیں Wu Ching (وو چنگ) اور Shih Shu (شی شو) اور تاؤ مت (Taoism) کی کتاب تاؤتے کیانگ (Tao-te-Kiang) مذہبی کے ساتھ ساتھ ادبی شہ پارے بھی ہیں۔اس بات پر تمام محققین کا اجماع ہے کہ دنیا کے اعلیٰ ترین ادبی شہ پارے یا تو مذہبی کتابیں ہیں یا ان کتابوں کے زیر اثر تخلیق کیے گئے ہیں۔مثلاً رامائن، تالمود، اوستا، گیتا، الیڈ، اوڈیسے، اینائڈ، کامیڈی، فردوس گم گشتہ، فردوس بازیافتہ وغیرہ وغیرہ۔مذہب اور ادب کی بحث مغرب میں نشاۃ ثانیہ کی تحریک کے عروج کے بعد مذہب کو زندگی سے خارج کرنے کے بعد ادبیات سے خارج کرنے کے لیے ایک زبردست تحریک کے طور پر برپا کی گئی۔آج بھی مغربی و مشرقی معاشروں میں اس بحث کی چنگاریاں پوشیدہ ہیں۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ عالمی ادبی شہ پارے مذہبی افکار ونظریات سے اپنا دامن نہیں چھڑا سکے۔لہٰذا ادبیات کے دائرے میں عقائد، مابعد الطبعیات اور نظریات کی آمیزش کی بحث ایک بے بنیاد گفتگو ہے۔کسی دور میں بھی تاریخ آثار قدیمہ، تہذیب کے دائرے مذہب کے سائے سے نہیں بچ سکے تو ادب کے حریم ناز میں مذہب کی گنجائش پیدا کرنے یا نہ کرنے کی بحث ایک لغو بحث کے سوا کچھ نہیں۔لاکھوں سال کی تاریخ، کائنات کے خالق سے انسان کی محبت، تعلق، راز و نیاز کی تاریخ ہے اور مذہبی افکار انسان کے رگ و پے میں خون کی طرح دوڑتے ہیں خواہ اس کا اعتراف کیا جائے یا اس سے انکار کیا جائے۔ہومر کی الیڈ اور اوڈیسے، یونانی دیوی اور دیوتاؤں کی فکر سے پیدا ہوئی۔ورجل (Vergil) کی اینائڈ روم کی تاسیس و عظمت کو منشائے ربانی کا سبب قرار دیتی ہے۔ملٹن کی فردوس گم گشتہ اور فردوس بازیافتہ، خالص عیسائیت کے احیاء کے لیے لکھی گئی عظیم مذہبی نظمیں ہیں۔یہ تخلیقات ادبی، عالمی ادبی، فنی، جمالیاتی عروج کے ساتھ ساتھ مذہبی عقائد کا بھی نقطہ عروج ہیں۔فردوس گم گشتہ سقوط آدم کی داستان اور عالمی ادبی شہ پارہ ہے اس کا مواد تالمودی روایات اور عیسائی چرچ کی تعلیمات سے ماخوذ ہے۔دانتے کی کامیڈی اطالوی زبان کا پہلا ادبی شاہکار تھا جس سے اطالوی زبان عہد طفولیت سے عہد بلوغ تک پہنچ گئی۔دانتے کے شہ پارے کو مابعد الطبعیاتی شہ پارہ کہا گیا۔کیوں کہ نظم کے مذہبی عناصر ڈرامائی عناصر پر غالب ہیں۔اس کامیڈی کا آخری

باب انسان کی روحانی خلش کا نقطۂ عروج ہیں۔ یہ حصہ الہامی ادب کا شاہکار ہے اس کی مثال کہیں اور نہیں ملتی۔اس کے باوجود مذہبی تحریروں کو لسانیاتی ارتقاء کے معاملے میں نظر انداز کرنا مغربی محققین کا تعصب ہے۔

Andrew Lang نے ۱۸۹۸ء میں مذہب کی تشکیل (The making of religion) اور ولہل اسمتھ (Wilhal Smith) نے اپنی کتاب (Origin of the idea of God) میں طویل تجربات، مشاہدات، مطالعات، معلومات اور تحقیقات کے بعد شدت کے ساتھ یہ نظریہ پیش کیا کہ قدیم ترین مذہبی عقیدہ ایک برتر ہستی کا عقیدہ تھا۔اینڈریو لینگ نے برسہابرس تک طویل سفر کر کے دنیا کے مختلف خطوں اور قوموں سے شہادتیں جمع کر کے بتایا ہے کہ ایک خدا کا عقیدہ انتہائی ابتدائی انسانوں میں پایا جاتا رہا ہے اس کے ساتھ ساتھ کہیں کہیں (ابتدائی) قبائل میں دوسرے دیوتاؤں کا تصور بھی پایا جاتا ہے۔ان تحقیقات کے نتیجے میں مذہب کو نفسیاتی فریب (Psychological illusion) یا سماجی فریب (Socialogical illusion) ثابت کرنے کی مغربی کوششیں خود ہی دم توڑ چکی ہیں۔فراعنہ مصر جو سورج دیوتا کی پرستش کرتے تھے جن کے یہاں آخرت کا تصور موجود تھا وہ اس سفر کو آسان بنانے کے لیے مردہ لوگوں کے ساتھ مختلف اشیاء خورد و نوش دفن کرتے تھے اور زندگی بعد الموت کے سلسلے میں ان دیکھے رب کے رحم و کرم کے متمنی رہتے تھے۔یونانیوں کے یہاں بھی دیوی اور دیوتاؤں کی شکل میں مابعد الطبیعیات اور مذہبی تصورات موجود رہے ہیں۔موت ایک ایسی حقیقت ہے جس کا انکار تاریخ کی کسی تہذیب کے فلسفے سے نہیں ہو سکا اور خالق ارض و سماء کے وجود پر یقین تاریخی تواتر کے ساتھ ملتا ہے لیکن مغربی تہذیب دنیا کی تاریخ میں واحد تہذیب ہے جس کا فلسفہ جس کی مابعد الطبیعیات، جس کی علمیات خدا، آخرت اور مذہب سے انکار پر رکھی گئی ہے۔مغربی تہذیب انسان کو مخلوق کے بجائے خالق کے درجے پر فائز کرتی ہے اسے عبد کے بجائے معبود کا درجہ دیتی ہے۔آزادی اور آزادئ اظہار رائے کے ذریعے وہ انسان کو تمام اخلاقی اقدار سے آزاد ہونے کا پروانہ عطا کرتی ہے اور اسے یہ اختیار دیتی ہے کہ وہ جو قدر (Value) تخلیق کرنا چاہے تخلیق کرے۔اس تہذیب کے خیال میں خیر و شر کی بحث، حق و باطل کی گفتگو سب بے معنی باتیں ہیں اصل خیر، حق انسان کی خواہش ہے یہی الٰہ ہے یہی خیر ہے یعنی اصل خیر آزادی ہے جس کے ذریعے انسان اپنی شخصیت کی شناخت کائنات کی تسخیر کے ذریعے کرتا ہے۔جس کے لیے سرمایے کی بڑھوتری ضروری ہے لہذا انسان سرمائے کا غلام ہے اور سرمائے کے سوا ہر چیز بے معنی ہے اصل حق اور خیر انسانی خواہش ہے خواہ وہ کیسی ہو اس خواہش کی تکمیل کے لیے آزادی اور سرمایہ ضروری ہے۔لہٰذا خیر حق آزادی ان سب کی اصل مادی شکل سرمایہ (Capital) ہے انسان کا مقصد تخلیق سرمایہ کی طلب اور اس میں اضافہ ہے اس لیے مغرب میں گھریلو خواتین کو بے کار اور گھر سے باہر کام کرنے

والیوں کو Working Women کہا جاتا ہے کیوں کہ وہ سرمایہ (Capital) کما رہی ہیں۔مغربی تہذیب کا دعویٰ ہے کہ خدا مر چکا ہے اور انسان خود خدا بن چکا ہے۔اس لیے مشہور امریکی فلسفی رچرڈ رارٹی اپنی شہرۂ آفاق کتاب "Contingency Irony and Self" میں کہتا ہے کہ ہمیں اپنے اقدامات کے لیے کسی دلیل کی کوئی ضرورت نہیں اگر ہم نے کچھ غلطیاں کی بھی ہیں تو ہم نے اپنے آپ کو معاف کر دیا ہے۔تاریخی طور پر غلطیوں کی معافی کا اختیار ہمیشہ رب العالمین کے پاس رہا ہے مغربی تہذیب دنیا کی واحد تہذیب ہے جو خود اپنے آپ کو رب العالمین کے درجے پر فائز کر کے اس بات کا دعویٰ کرتی ہے کہ وہ کسی کو جوابدہ نہیں لہذا اس کا ہر قول و فعل امر حق ہے اور اس امر حق جو مطلق حق ہے اس کے خلاف تنقید اور آزادئ اظہار رائے کی اجازت مغربی فلسفیوں کے یہاں نہیں ملتی۔

اسی بنیاد پر براعظم امریکہ ۶۰ لاکھ سرخ ہندیوں کا قتل عام کیا گیا اور مشہور فلسفی ہابز اور کارل مارکس نے اس قتل عام کی مخالفت نہیں کی کیوں کہ یہ ریڈ انڈین انسان نہیں تھے۔وحشی تھے اور وحشیوں کو زندگی بسر کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی،اس تمام گفتگو کا مقصد یہ بات واضح کرنا ہے کہ ماہرین لسانیات، مذہبی تحریروں، مذہبی آثار اور مذہبی اساطیر کو اپنی تحقیقات میں کوئی مقام دینے کے روادار کیوں نہیں ہیں۔لہذا تاریخی طور پر دستیاب مذہبی آثار اور اساطیر کی بنیاد پر زبانوں کے آغاز و ارتقاء کو از سر نو سمجھنا اور سمجھانا نہایت ضروری ہے۔اس طویل بحث کے بعد جو نتائج برآمد ہوئے مختصراً درج ذیل ہیں:

۱۔ حضرت آدمؑ کو زمین پر زبان و بیان کی صلاحیتوں کے ساتھ بھیجا گیا۔

۲۔ آدمؑ اول کی زبان ایک تھی جو نسل میں اضافے کے بعد فطری طور پر تبدیل ہوئی۔

۳۔ اگر انسان پیدائشی طور پر بولنے کی صلاحیت نہ رکھتا تو کبھی بول نہ سکتا اور آج تک گونگا ہوتا۔

۴۔ تمام زبانوں کے حروف تہجی مشترکہ ہیں لیکن زبانیں الگ ہیں۔

۵۔ تمام زبانوں میں جنت کے لیے یکساں الفاظ ہیں۔

۶۔ تمام زبانوں میں ماں اور باپ کے لیے ملتے جلتے الفاظ ہیں۔

۷۔ تمام زبانوں میں پانی، آخرت اور قیامت کے الفاظ میں مماثلت ہے۔

۸۔ بچوں کو تنہائی میں پرورش کر کے دیکھا گیا تو وہ کوئی زبان نہ بول سکے کیوں کہ انھوں نے کسی زبان کے الفاظ نہیں سنے۔

۹۔ لہٰذا یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ دنیا کی پہلی زبان ایک تھی۔یہ آدم اول کی زبان تھی جس کی مشترکہ چیزیں ۸۲ کروڑ ۸۵ لاکھ سال کے بعد بھی باقی ہیں۔[۱۴]

اس تفصیل سے ہمیں اندازہ ہوتا ہے کہ زبانوں کے آغاز و ارتقاء لغت کی ابتداء و انتہا کے بارے میں

ماہر لسانیات وتاریخ کے کیا نقطۂ ہائے نظر رہے ہیں اور سنسکرت جیسی زبان کا حشر علماء لسانیات کے ہاتھوں کیا سے کیا ہوگیا تو دوسری زبانیں کیا حیثیت رکھتی ہیں اس کا بخوبی اندازہ کیا جاسکتا ہے۔اس صورت حال میں بروشسکی جیسی غریب، اجنبی، نامانوس زبان پر کچھ لکھنا، کچھ کہنا بہت مشکل کام ہے لیکن بروشسکی اکادمی کے ذمہ داروں کا حکم ہے کہ اس موضوع پر کچھ ضرور لکھا جائے۔اس زبان پر کچھ لکھنے سے قبل وادیٔ ہنزہ، اس کی تاریخ، روایات، تہذیب وتمدن، مذہب، ثقافت اور ادب کا اجمالی تذکرہ ضروری ہے۔

ہنزہ: محل وقوع:

ریاست ہنزہ کوہستان قراقرم کے اونچے پہاڑوں کے درمیان ایک وادی ہے۔یہ وادی شرقاً غرباً ایک سو میل سے کچھ زیادہ لمبی اور شمالاً جنوباً نصف سے لے کر دو میل تک چوڑی ہے۔اس کے مشرق میں چینی ترکستان [ائی غُر یا سنکیانگ] کی حدود یارقند، سریقول اور کاشغر ہیں۔جنوب میں ریاستہائے نگر، استور اور کشمیر واقع ہیں۔جنوب مشرق میں بلتستان اور لداخ کے علاقے ہیں۔شمال میں پامیر بیضائی گنبد، تاشقند اور افغانستان کے پامیر منارہ اور وخان ہیں اور مغرب میں اشلوکن اور وخان افغانستان کے علاقے واقع ہیں۔

ریاست ہنزہ کے باشندے تاتاری مغول، تاتاری ہن، بلتستانی بلتی، وخانی وخی اور قندوزی، بدخشانی، کرغز، داریل، تانگیر کی شین نسل سے تعلق رکھتے ہیں۔بروشسکی زبان بولنے کی وجہ سے سب بروشو (Burusho) کہلاتے ہیں۔[۱۵]

بروشو کون ہیں؟

بروشو دراصل "ہون" قبیلے کی ایک شاخ ہے جو چین میں دریائے ہوانگ ہو کے شمالی اور مغربی علاقوں میں بستے تھے۔یہ آبادکار سفر کرتے ہوئے ہنگری میں آباد ہوئے اور ان ہی بے شمار حملہ آوروں میں سے کچھ لوگ موجودہ قراقرم، ہندوکش، اور ہمالیائی علاقوں میں بھی آباد ہوگئے۔"ہونزہ" اصل میں "ہون زاد" تھا۔نیز آبادی کا نام "ہنوکشل" اور اشخاص کے ناموں میں "ہنو" جیسا ایک نام اس حقیقت کی مزید تصدیق کرتا ہے۔ہنگری کے پروفیسر آئمر اولا اور نصیر ہونزائی صاحب کے درمیان ہونے والی خط وکتابت سے بھی پتہ چلتا ہے کہ دونوں قوموں کے لوگوں کے ناموں میں مماثلت پائی جاتی ہے۔[۱۶]

بروشسکی کہاں بولی جاتی ہے؟

اس وقت یہ زبان پاکستان کے شمالی علاقہ جات کی وادیٔ ہونزہ، نگر اور ریاسین میں بولی جاتی ہے، جب کہ گلگت کے گردونواح میں بھی بروشسکی بولنے والے افراد موجود ہیں۔پاکستان کے جنوبی شہر کراچی میں بھی بروشسکی زبان بولنے والوں کی ایک بڑی تعداد آباد ہے۔مجموعی طور پر پاکستان میں بروشسکی بولنے والوں کی تعداد تیس ہزار ہے لیکن بروشسکی اکادمی کے دعوے کے مطابق یہ تعداد تقریباً دو لاکھ ہے۔لہٰذا اس ضمن میں حتمی

رائے دینا ممکن نہیں، وادیٔ ہونزہ، نگر اور یاسین کی بروشسکی بنیادی طور پر ایک ہی زبان ہے، تاہم تینوں علاقوں میں لہجے اور کچھ الفاظ کا فرق ہے، جس کی بنیادی وجہ جغرافیائی فاصلہ اور مختلف لسانی ماحول ہوسکتا ہے۔[۱۷]

ہنزہ: طبقاتی تقسیم:

[۱] وادی ہنزہ کا حکمران طبقہ وہ تھا جو سابق میر کے خاندان سے تعلق رکھتا تھا یہ خاندان تقریباً پانچ سو سال سے ہنزہ پر حکمران چلا آتا تھا۔ اب یہ امارت ختم کر دی گئی لیکن ماضی میں امیر کے ساتھ مختلف طبقات قائم تھے جن سے اس ریاست کی سیاست کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔[۲] دوسرا طبقہ زراء کا ہے۔[۳] تیسرا طبقہ اکابرین ملک کہلاتا ہے۔ یہ اکابرین ریاست کی ترقی اور فلاح و بہبود کے کاموں میں مشورے دیتے ہیں۔ بروشسکی میں اس طبقے کو کرپاتنگ (Kurpating) کہتے ہیں۔[۴] چوتھا طبقہ بار (Bar) کہلاتا تھا۔ انھیں مدت سے عسکری فرائض سونپے گئے تھے۔ راستے محفوظ ہو جانے کے بعد اس طبقے کی ضرورت نہیں رہی۔[۵] پانچواں طبقہ شدر شو (Sadarsho) کہلاتا ہے۔ اس طبقے کے لوگ سپاہ گری کی خدمت کے علاوہ حکمران طبقے کے لوگوں کی کاریگاری، جسے یہ لوگ رجا کی (Rajaki) کہتے ہیں، بھی کرتے تھے، جو اب قریباً ختم ہو گئی ہے۔[۶] چھٹا طبقہ باربرداروں پر مشتمل تھا۔ ان کا کام بوجھ اٹھانا، طلاکشی کرنا اور بڑے زمینداروں کی خدمت بجالانا تھا۔ میر محمد جمال خان صاحب کے عہد میں یہ طبقہ بالکل مفقود ہو گیا۔[۷] ساتویں طبقہ میں ایسے مجرم مرد اور عورتیں آتی تھیں جن کو ناقابل معافی جرم کی پاداش میں قید کی سزا دی جاتی۔ ان کو غلام تصور کیا جاتا تھا اور یہ لوگ تھانگم (Thangum) کہلاتے۔ ان سے شاہی قلعہ میں آب کشی، جاروب کشی، ہیزم کشی اور گاؤبانی کی خدمات لی جاتیں۔ انگریزی تسلط کی ابتدا سے اس رواج کا انسداد ہونے لگا اور آخر میں غزان خان کے زمانے میں یہ رواج مکمل طور پر نابود ہو گیا۔[۸] آٹھویں طبقے میں ہنرمند لوگ آتے ہیں۔ ان کو بروشسکی میں بریچو (Bricho) کہا جاتا ہے۔ یہ بھی ایک نسل سے تعلق نہیں رکھتے ان میں کوئی بلتی ہے، تو کوئی وخانی اور کوئی شین نسل سے ہے۔ البتہ یہ لوگ ایک ہی گاؤں میں رہتے ہیں۔ قدیم زمانے میں طبقاتی طور پر سب سے نچلے درجے میں آتے تھے اس لیے کہ یہ لوگ مروجہ اصولوں کے مطابق حلال و حرام کے تصور کا احترام نہیں کرتے تھے اور بیویوں کو بلا مہر و طلاق رکھ لیتے اور چھوڑ دیتے تھے۔ اب یہ لوگ اپنے روحانی پیشوا حاضر امام کی پیروی کی بدولت مومن کہلاتے ہیں او ران کے گاؤں کو بریشل (Berishal) یعنی مومن آباد کہا جاتا ہے۔[۱۸]

لباس کا انداز:

میر محمد نظیم خان [۱۸۹۲ء۔۱۹۳۸ء] کے عہد کی بے ڈول ٹوپیاں بوڑھی عورتیں پہنا کرتی ہیں۔ ان کے دور میں مذہبی اثرات کے زیر اثر جسم کی مکمل ستر پوشی کے لیے گلے اور آستینوں والا کرتا پہنا جانے لگا جسے خراسانی یا دریشانہ کرتا کہا جاتا تھا۔[۱۹]

عہدے اور مناصب:

ریاست ہنزہ کے قدیم مناصب کا جاننا بھی ضروری ہے جس سے ہنزہ کی تہذیب وثقافت کا اندازہ ہوتا ہے۔

ریاست ہنزہ میں عہد قدیم سے مندرجہ بالا عہدے پائے جاتے تھے۔

ا۔فراش معروف بہ فراج، ۲۔برقہ، ۳۔دیوان بیگی، ۴۔وکیل، ۵۔ایلچی، ۶۔ٹیلپانچی، ۷۔ہیپا، ۸۔محرم، ۹۔بساول، ۱۰۔غول چیں یا گل چیں، ۱۱۔اسیری، ۱۲۔میر شکار، ۱۳۔شابی۔

تہوار:

ریاستی لوگوں کے تہوار بھی اہمیت کے حامل ہیں جس سے تاریخ کا سفر آسان ہوجاتا ہے، اہم تہوار آٹھ ہیں: تھموشلنگ، گروکس، بوفو، نوروز، شکامشنگ، گنانی، پیاقمر اور دھوم نکھالی۔[۲۰]

مذہبی پس منظر:

ہنزا کے لوگ بتوں کو حاجت روا اور نجات دہندہ سمجھتے تھے، ان کے نام پر نذرانے پیش کرتے تھے اور اپنے مُردوں کو جلاتے تھے۔ مُردوں کو جلانے کے مقامات کے نام جنھیں بروشسکی میں جائی میچنگ (Jeymicing) کہتے ہیں اب بھی موجود ہے۔

ہنزہ میں جن بتوں کی پوجا ہوتی تھی ان کے نام یہ ہیں: سہ بلابوئن (Sahala Boyn)، ہلابوئن (Hala Boyn) اور تھول بوئن (Thol Boyn)۔اس کے علاوہ یہ لوگ ایسے جانوروں کی پرستش بھی کرتے تھے جن کو بویو (Boyo) کہا جاتا۔بویو ایک غیر پالتو جانور تھا جو کتے کے پلے سے بہت مشابہت رکھتا تھا۔

لوک ادب: کسی دیے کے پاس بیٹھنا:

ہنزہ میں بھی رات کو کھانے کے بعد دیے کی روشنی میں کہانی کہنے اور سننے کا رواج عام تھا۔ان لوگوں میں کہانی سننے کی اہمیت کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ ''کسی دیے کے پاس بیٹھنا'' محاورے کی حیثیت اختیار کرگیا ہے۔اکثر لوگ دن ڈھلتے اور چراغ جلتے ہی ان کچے پکے شیموں، دیاروں اور حویلیوں میں چراغ کی لو کے اردگرد پروانوں کی طرح جمع ہوجاتے ہیں اور انسانی، اخلاقی اور نیکی کی باتیں سنتے ہیں۔شاید یہی وجہ ہے کہ بروشسکی زبان کی متعدد کہانیاں فرضی کرداروں پر مبنی نہیں بلکہ ان کے کردار یہاں کی روایتی تاریخ کے کردار ہیں جن کا تعلق یہاں کے عوام اور ان کے حکمرانوں سے ہے۔

بروشسکی علاقے کا لوک ادب وہاں کے باشندوں کی اخلاقی، تہذیبی اور معاشرتی اقدار کا آئینہ دار ہے۔یہ ادب لوک کہانیوں میں محفوظ ہے۔یہ کہانیاں ایک خاص ماحول میں بسنے والے لوگوں کے اعمال کا عکس پیش کرتے ہیں۔ان کہانیوں کو ہم مندرجہ ذیل طور پر تقسیم کرسکتے ہیں[ا] وہ کہانیاں جو سیاسی واقعات یا حکمران طبقہ سے متعلق ہیں۔[۲] جو یہاں کے باشندوں کے اجتماعی اعمال پر مبنی ہیں۔[۳] جو انفرادی کرداروں کی عکاسی

کرتی ہیں۔ [۴] جن میں مافوق الفطرت عناصر کا ذکر ہے۔اور [۵] وہ کہانیاں جو دوسرے علاقوں سے متعلق ہیں اور یہاں رائج ہیں۔

پہلے حصے سے متعلق دو نمایاں کہانیاں :ا۔شری بدت کی کہانی ۲۔ناپکنٹس اور درامٹنگ کی کہانی ہے۔[۲۱]

دونوں کہانیاں جن کرداروں کے گرد گھومتی ہیں وہ یہاں کی سیاسی تاریخ کا حصہ ہیں۔اس لیے یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ایسا تو نہیں کہ یہاں کی سیاسی تاریخ انہی روایات پر مبنی ہو؟ جس طرح ان کہانیوں میں قتل کے واقعات کا اعادہ ہوتا ہے، اُسی طرح ہنزہ کی تاریخ قتل و غارت کی ایک مسلسل داستان ہے۔شاید ہی کوئی حکمران ایسا ہوگا جو اپنی طبعی موت مرا ہو ورنہ ایک کو دوسرے نے طاقت یا دھوکے سے قتل ہی کیا اور یہ سلسلہ انیسویں صدی کے ربع آخر میں صفدر علی کے برسر اقتدار آنے پر ختم ہوا۔[۲۲]

کہانیاں قتل و خون کے واقعات ہی کی حامل ہیں۔پیار و محبت اور گہرے دوستانہ تعلقات کے باجود ایک دوسرے کو قتل کر دینا معمولی بات سمجھا جاتا رہا ہے۔[۲۳]

لوک کہانیاں: عشق و محبت سے خالی:

بہت سی ایسی کہانیاں بھی ملتی ہیں جن میں وفاداری، احسان مندی، دوسروں کے لیے خطرات مول لینا اور مکاری اور فریب کے افعال پر قدرت کی طرف سے سزا پانے کے سبق آموز واقعات کا بیان پایا جاتا ہے۔ البتہ عشق و محبت کی داستانیں مفقود ہیں۔اس سے پتہ چلتا ہے کہ شادی کے سلسلے میں ان کے ہاں کوئی چیز رکاوٹ نہیں بنتی تھی۔[۲۴]

لوک گیت :ہجر و فراق کی داستان:

کہانیوں کے برعکس یہاں کے لوک گیتوں میں عشق و محبت کے جذبات کا اظہار پایا جاتا ہے۔ایک گیت کا ترجمہ دیا جاتا ہے جس میں وصل سے محروم، فراق کی آگ میں جلنے والے دو دلوں کی داستانِ محبت بیان کی گئی ہے۔دیکھیے بیان کی سادگی اور جذبات کے بے ساختہ اظہار نے کرداروں کے ماحول کی کتنی واضح تصویر پیش کی ہے۔

ویرلوک : میری قسمت میں ایک دور دراز کا سفر ہے
اے میرے زخم مندمل کرنے والے!
میں اپنے تعویذ بھلا آیا ہوں
خدا کرے میرے لیے وہ جنازے کی خیرات ہوں
جب علاقے میں شاہین آجائے

تو تیتر کے لیے امن کی صورت کوئی نہیں رہتی
اگر میرے اور تیرے درمیان دوستی ہوئی
تو پھر ملک میں میں بدامنی نہیں ہوگی
تمہارا یہ حال کیوں ہے؟
اے میرے خوبصورت زلفوں والے محبوب!

ویرلوک : میں نے کہا۔ میں پریوں کی وادی کی راہ جاؤں گا۔
جب راہ کھو بیٹھا تو ہوا کے پراسرار طوفان نے مجھے گھیر لیا
میرے دوست ۔ پراسرار طوفان کا کیا علاج ہوسکتا ہے!

امیکس لوک: شاید شوئی پری کے بال علاج ثابت ہوسکیں[۲۵]

اسماعیلی علماء: تبلیغی کوششیں:

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہاں مسلمانوں کے غلبہ پالینے کے باوجود اسلام کی تبلیغ کا کام بہت بعد میں شروع ہوا۔ کیوں کہ ۱۸۵۷ء سے پہلے تک اس علاقے میں قرآن کریم نہیں پہنچا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ جب شاہ بیگ کا بیٹا خسرو خان مذکورہ سن میں تخت نشین ہوا تو اس وقت قرآن کریم کا ایک نسخہ یہاں لایا گیا۔ چونکہ انیسویں صدی کے آخر تک کوئی تعلیمی بندوبست نہیں تھا اس لیے لوگ اسلامی عقائد اور نظام فکر سے پوری طرح آگاہ نہ ہوسکے۔ یہی وجہ ہے کہ ہندو مذہب کے اثرات ختم ہوجانے کے باوجود یہاں کئی معمر لوگوں کے نام سکھی یا ہندوانہ ہیں۔

تبلیغ کے سلسلہ میں جو علماء یہاں تشریف لائے ان میں اکثریت اسماعیلی فرقہ سے تعلق رکھتی ہے۔ چنانچہ یہی وجہ ہے کہ آج یہاں کی قریباً تمام آبادی اسماعیلی عقائد ہی کی پیرو ہے۔[۲۶]

گرمنس اور غتنس [لکھنا پڑھنا]

بروشسکی زبان محض ایک بولی تصور کی جاتی ہے اور بظاہر اس میں لکھنے اور پڑھنے کا رواج نہیں تھا کیوں کہ قدیم کتابات مخطوطات اور کتابوں کا سراغ نہیں مل سکا لہذا اس زبان میں کوئی قدیم ادبی مواد موجود نہیں ہے۔ لیکن اس زبان کے دو قدیم مصادر گرمنس (girminas) یعنی لکھنا اور غتنس (gatanas) یعنی پڑھنا یہ ثبوت فراہم کرتے ہیں کہ کسی دور میں یقیناً بروشسکی زبان لکھی اور پڑھی جاتی تھی۔

بروشسکی: لسانیاتی نقطۂ نظر سے:

برعظیم کی زبانوں کے مبسوط جائزے میں گریرسن نے جو کچھ اپنی ابتدائی رائے دی تھی اس پر بہت زیادہ نئی معلومات تا حال اس کا تحقیقی و تجزیاتی مطالعہ کرنے والوں کو نہ مل سکیں۔ لیکن پرویش شاہین نے شمالی علاقہ جات میں بعض ایسی زبانوں کو دریافت کیا ہے جن کا ذکر گریرسن کے یہاں نہیں ملتا ان میں کچھ

زبانیں ایسی ہیں جن کے بولنے والے اب صرف چند رہ گئے ہیں پرویش شاہین افغانستان کی وادی کنڑ کو زبانوں کی وادی قرار دیتے ہیں جہاں بے شمار زبانیں اپنے اصلی لب و لہجے کے ساتھ زندہ ہیں حتیٰ کہ سنسکرت زبان بھی۔[۲۷]

بروشسکی زبان کے تحقیقی اور سائنٹیفک اصولوں کے مطالعہ کی تاریخ میں لوری مر Lorimer کی کوششوں کو اولین سنگِ میل سمجھنا چاہیے جن کے بارے میں جارج مورگن اسٹیئرن George Morgenstierne نے ۱۹۳۲ء میں اپنی روداد برائے Mission of North West India 1932 0520-[مطبوعہ اوسلو ،۱۹۳۲ء] میں یہ اطلاع دی تھی کہ لوری مر نے بروشسکی کے مطالعے میں خاصی پیش رفت کی ہے۔[۲۶] مگر اس زبان کی اصل و بنیاد کا مطالعہ بے حد مشکل ثابت ہوا ہے۔ خود جارج نے اس کی صوتیات کا مطالعہ اس کی پڑوسی ہند ایرانی زبانوں سے تقابل کے ساتھ کیا۔ واقعہ یہ ہے کہ ہرمن برگر Hermann Berger نے اپنے مطالعات کے ذیل میں، جو اس نے ہائیڈل برگ کے ''ادارہ مطالعاتِ شرقیہ'' میں انجام دیے، بروشسکی سے ۱۹۵۹ء اور ۱۹۶۱ء کے عرصے میں دو کہانیوں کے ترجموں نے انقلابی نتائج کی جانب ماہرین کی پیش قدمی کو آسان بنا دیا۔ اب وہ اس نتیجہ پر پہنچے کہ یہ زبان اس علاقے میں اپنی پڑوسی زبانوں میں سب سے مختلف زبان ہے اور اس کی مماثلت کسی اور زبان میں نظر نہیں آتی۔ یہاں تک کہ تبتی زبانوں میں، بلکہ نہایت قریبی زبان بلتی سے بھی کوئی مماثلت نہیں رکھتی۔ محض ایک ہلکی سی مماثلت قفقازی (Caucasian) زبانوں میں دیکھی جا سکتی ہے۔ اسی فاضل مترجم اور ماہر لسانیات برگر نے بالآخر اپنے مطالعات کی بنیاد پر ۱۹۷۴ء میں اس کی قواعد شائع کر ڈالی۔[۲۹]

بروشسکی زبان دنیا کی چند عجیب و غریب اور انتہائی قدیم زبانوں میں سے ایک زبان ہے۔ ماہرین لسانیات ابھی تک اس زبان کے اصلی وطن یا دنیا کی اہم زبانوں سے اس کے رشتوں کی تلاش میں کامیاب نہیں ہو سکے۔ یہی وجہ ہے کہ اس کو زبانوں کی درجہ بندی کی فہرست میں غیر نوعی زبان (Unclassified) قرار دے کر علیحدہ رکھا گیا ہے۔[۳۰]

اس زبان پر اردو، ترکی، سنسکرت اور فارسی کے اثرات پائے گئے ہیں جب کہ عربی عبرانی مصادر بھی اس زبان میں پائے جاتے ہیں۔ اور عصر حاضر میں ہینا زبان سے جغرافیائی قربت کے باعث اس کے الفاظ اور بے شمار اردو اور انگریزی الفاظ بھی اس زبان کا حصہ بن گئے ہیں۔

بروشسکی قواعد کے اصول:

قواعد کے اصول اور لفظوں کی بناوٹ کے اعتبار سے بھی یہ ایک دقیق اور پیچیدہ زبان ہے جس میں تذکیر و تانیث کے چار اجزاء اور واحد سے جمع بنانے کے پچاس سے زائد اصول ہیں۔ یہ زبان، جواب تک صرف

ایک بولی کے طور پر پہچانی جاتی ہے، تحریر کے دور میں داخل ہو چکی ہے۔ اس وقت یہ زبان مشرق میں عربی/اردو رسم الخط اور مغرب میں رومن رسم الخط میں لکھی جا رہی ہے۔ عربی/اردو رسم الخط میں پاکستان سے بروشسکی میں اب تک آٹھ کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔ اس رسم الخط میں پہلی کتاب ۱۹۷۰ء میں پاکستان سے شائع ہوئی۔ انگریزی، جرمن و دیگر زبانوں میں بروشسکی زبان سے متعلق تقریباً نو کتابیں غیر ملکی ماہرین تحریر کر چکے ہیں۔ اس طرح بروشسکی زبان میں اور بروشسکی زبان سے متعلق مطبوعہ کتابوں کی کل تعداد سترہ سے زیادہ نہیں۔ لیکن یہ تعداد نہایت حوصلہ بخش ہے۔ مختصر عرصے میں ایک بولی دو رسم الخط اختیار کر کے کتابوں کے سانچے میں ڈھل گئی ہے۔[۳۱]

نفیس، شائستہ اور نستعلیق زبان:

تاریخ کے کسی عہد میں یقیناً بروشسکی ایک نہایت غیر معمولی زرخیز اور اہم علمی و ادبی زبان رہی ہوگی۔ اس کی زرخیزی آج بھی تروتازہ ہے۔ المیہ یہ ہے کہ اس زبان کا کوئی مخطوطہ یا تحریری نمونہ تا حال دستیاب نہ ہو سکا لیکن اس زبان کی گہرائی و گیرائی کا اعتراف لازمی ہے۔ مثال کے طور پر دروازہ کھولنے کے تین مختلف طریقوں کو یہ زبان نہایت خوبصورتی، نفاست اور نستعلیق انداز سے اس طرح بیان کرتی ہے:

[redacted] بہت ہی آہستہ سے دروازہ کھولنے کی آواز۔

[redacted] ذرا سے دروازہ کھولنے کی آواز۔

[redacted] بہت زیادہ تیزی سے دروازہ کھولنے کی آواز۔

زبان میں ایسی نفاست کہ لفظوں سے عامل کی ذہنی حالت، اخلاقی کیفیت اور نفسی خلل کا اندازہ کیا جا سکے۔ یہ خاصیت انگریزی، اردو، عربی، فارسی، ہسپانوی اور فرانسیسی میں بھی موجود نہیں اور ان تین مختلف کیفیات کے لیے ہمیں ان زبانوں میں کوئی جامع لفظ نہیں ملتا۔[۳۲]

بروشسکی زبان کی یہی فصاحت و بلاغت اس امکان کا در وا کرتی ہے کہ یہ زبان کبھی اہم علمی و ادبی زبان بھی رہی ہوگی۔ اس کی تصدیق بروشسکی زبان کے دو قدیم مصادر گرمنس (Girminas) لکھنا اور گتنس (G atanas) پڑھنا سے ہوتی ہے۔ یہ دونوں مصادر اس امکان کو یقین میں بدلنے کے لیے کافی ہیں کہ بروشسکی زبان کبھی لکھی اور پڑھی جاتی تھی اور تاریخ کے کسی دور میں یہ صفحۂ قرطاس پر تحریر بھی کی جاتی رہی مگر اس کا رسم الخط کیا تھا یہ کوئی نہیں جانتا۔ اس زبان کا ادب، شاعری، تاریخ اور ثقافتی و ریکارڈ تحریری حالت میں دستیاب نہیں۔

بروشسکی: عربی، عبرانی روابط:

اس زبان میں عربی اور عبرانی مصادر کے باوجود اس زبان کا اسلوب، ساختیات، صوتی نظام، قواعد عربی یا عبرانی زبانوں سے اس قدر مختلف ہیں کہ اسے سامی زبانوں کے گروہ میں شامل نہیں کیا گیا۔

"ئیل کنس" عبرانی زبان کا لفظ ہے۔ "ئیل" عبرانی میں خدا کو کہتے ہیں، جیسے جبرائیل کے معنی

ہیں مرد خدا یا بندۂ خدا۔ بروشسکی زبان میں اس سے مماثل لفظ فیلکِنَس[ایلکِنَس] ہے جس کے معنی عبادت و پرستش کے ہیں۔عربی زبان میں "حَیَّ وحَیَّ ھلاً وَحَیَّھَلَ" اسم فعل بمعنی جلدی کرو متوجہ ہو کے لیے آتا ہے، جس طرح اذان میں حی علی الفلاح [دوڑو فلاح کی طرف] کہا جاتا ہے اسی طرح بروشو زبان میں حَیَّ اے[۲] [جلدی کر] کا لفظ مستعمل ہے۔عربی زبان میں "ھِلال" کے معنی ہیں نیا چاند جب کہ بروشسکی میں یہ لفظ من و عن کنواری، دوشیزہ، بن بیاہی لڑکی کے لیے بولا جاتا ہے۔ ہلال بروشسکی میں لفظ بھی ہے اور تشبیہ بھی۔ "فخر" ایک قدیم عربی لفظ ہے جس سے بروشسکی لفظ دُھو غُرَس بنا ہے۔[۳۳]

بروشسکی فرانسیسی گنتی میں مماثلت:

ماہرین لسانیات کے لیے یہ بات نہایت تعجب خیز ہوگی کہ بروشسکی کی گنتی فرانسیسی زبان کی گنتی سے مکمل مشابہت اور مماثلت رکھتی ہے جب کہ بروشسکی کے حروف تہجی، تلفظ، اور ذخیرۂ الفاظ میں فرانسیسی اثرات کا سراغ ابھی تک نہیں مل سکا۔ گنتی کے اظہار کا بروشسکی طریقہ فرانسیسی طریقے سے مکمل مطابقت رکھتا ہے۔ایسا کیوں ہے؟ابھی کچھ کہنا بہت مشکل ہے۔

مثال کے طور پر ۹۹۹ کو بروشسکی اور فرانسیسی دونوں زبانوں میں ایک ہی طریقے سے ادا کیا جاتا ہے۔فرانسیسی میں کہا جائے گا Neuf Cent Quatre Vingt Dix-neuf

(9 hundred + 4 X 20 + 10 + 9)

اس کا مطلب یہ ہے کہ نو سو جمع چار ضرب بیس جمع دس جمع نو

بروشسکی میں

ہُنٹی تھے کے[۲]	وَلتی		اَلتر		تورمہ	ہُنٹی
۹سو +	۴	x	۲۰	+	۱۰	+ ۹

اس کا مطلب یہ ہے نو سو جمع چار ضرب بیس جمع دس جمع نو

کیا فرانسیسی اور بروشسکی گنتی کے اصول وضوابط میں مکمل مشابہت عربی سنسکرت میں موجود قواعد اسم میں پائی جانے والی مماثلت کی طرح محض اتفاقی ہے یا حاکاتی ؟اس پر تحقیق کی ضرورت ہے۔[۳۴]

سو فیصد خواندگی کا اشارہ:

فرانسیسی اور بروشسکی گنتی کے منفرد اصول ان دونوں قوموں میں سو فی صد خواندگی اور تعلیم کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔صرف یہی نہیں بلکہ گنتی (Counting) کے یہ اصول ان دونوں قوموں کی ذہنی بالیدگی کی جانب بھی اشارہ کرتے ہیں۔بروشسکی اور فرانسیسی میں گنتی سمجھنے کے لیے لازم ہے کہ بولنے والے اور سننے والے کو پہاڑے (Tables) حفظ ہوں اور ریاضی کے بنیادی اصول معلوم ہوں تاکہ وہ اعداد کو ضرب دے کر جواب

معلوم کر سکے یا موقف سمجھ سکے۔ گنتی کے اظہار کا یہ طریقہ نہایت پیچیدہ ہے اور اس طریقے میں ذہن کو ہمہ وقت حاضر رکھنا اور درست طریقے سے نتائج نکالنا ضروری ہے اور اس کے لیے معقول حد تک ذہانت بھی درکار ہے۔ اس اصول سے یہ بات واضح ہے کہ ان دونوں قوموں کے تمام لوگ یقیناً پڑھے لکھے تھے اور خواندگی کی سطح سے بلند تر تھے اور دوسری قوموں کی نسبت زیادہ ذہین بھی تھے۔ اس کے بغیر حساب کتاب کا اتنا پیچیدہ نظام اختیار کرنا ممکن نہیں۔ اس تناظر میں دونوں قوموں کی تاریخی ذہانت کا تجزیہ محققین کے لیے تحقیق کے نئے دروازے کھول سکتا ہے۔

بروشسکی اور جاپانی میں مماثلت:

بروشسکی زبان میں انسان، جانور، غیر جاندار اشیاء اور اشیاء کی مقدار کے لیے گنتی کے طریقے مختلف ہیں مثلاً:

ہِن، ایک آدمی اور ہَن، ایک جانور کے لیے ہے جبکہ ہک ایک دفعہ، اور اشیاء کی مقدار ناپنے کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔ حیرت انگیز طور پر جاپانی زبان بھی اسی اسلوب کی حامل ہے۔

اردو زبان میں زیر و زبر کے فرق سے لفظوں کا مفہوم بدل جاتا ہے۔ مثلاً

گئے چار سَن، ترا کم تھا سُن کر لیے تھے سُن ترے گھنگھرو
ہوا سینہ چھَن گیا دل بھی چھِن جونہی بولے چھُن ترے گھنگھرو

لیکن زیر و زبر سے پیدا ہونے والا یہ فرق اردو گنتی سے کوئی تعلق نہیں رکھتا۔ اردو میں ایک جانور، ایک انسان، ایک پیالی اور ایک سیر کے الفاظ استعمال کرتے ہوئے اعراب کے ذریعے آوازیں تبدیل نہیں کی جاتیں۔ اس کے برعکس جاپانی زبان میں بروشسکی کی طرح زیر و زبر سے گنتی کا مفہوم تبدیل ہو جاتا ہے اور مختلف اشیاء کے لیے مختلف الفاظ بھی بولے جاتے ہیں۔ جاپانی زبان میں حفظ مراتب کا بھی خیال رکھا جاتا ہے اور گفتگو میں لفظوں کے استعمال سے معلوم ہو جاتا ہے کہ جس کے بارے میں گفتگو کی جا رہی ہے اس کا سن و سال کیا ہے۔[۳۵]

زیر زبر کے فرق سے گنتی کے جاپانی اور بروشسکی طریقے میں یہ مماثلت کیا محض اتفاقی ہے، جس طرح عربی اور سنسکرت میں اسم کے اظہار کا طریقہ یکساں ہے اور جس طرح بروشسکی اور فرانسیسی میں گنتی کا طریقہ ایک ہے؟ اس موضوع پر مناسب تحقیق کی ضرورت ہے۔

بروشسکی اور ہنگری میں مشابہت:

قدیم ہنگری باشندوں اور قدیم بروشو افراد کے ناموں میں گہری مماثلت پائی جاتی ہے۔ مگر کیا یہ مماثلت ذخیرۂ الفاظ یا تلفظ میں بھی موجود ہے؟ اس سلسلے میں ہنگری کے پروفیسر آئمر اولا کام کر رہے ہیں۔ ہنگری

زبان جرمنک (Germanic) اور اورال التائی (Ural-Altaic) گروہ سے رابطہ رکھتی ہے۔ بعض ماہرین کے مطابق یہ زبان فرانسیسی اور جرمن زبانوں کے گہرے اثرات کے باعث قدیم ذخیرۂ الفاظ کھو چکی ہے اور اس کا بنیادی سانچہ اپنی اصل پر قائم نہیں رہا۔ لہٰذا بروشسکی اور ہنگری زبان میں مطابقت کی تلاش ایک کٹھن کام ہے۔ بروشسکی اور ہنگری میں مطابقت تلاش کرنے کے لیے قدیم ہنگری زبان کے مخطوطات پڑھ کر اس کے ذخیرۂ الفاظ میں عہد بہ عہد آنے والی تبدیلیوں کا تجزیہ کر کے ہی کوئی رائے قائم کی جا سکتی ہے۔

بروشسکی زبان اور ماہرین لسانیات:

Grierson کے خیال میں:

''بروشسکی چوتھے گروہ کی واحد نمائندہ زبان ہے۔ جس کے کسی سے الحاق کا اب تک پتہ نہیں ہے۔ اس زبان کو پاکستان کے انتہائی شمال میں واقع گلگت ہنزا یعنی دریائے سندھ کے دوبالائی متوازی دریاؤں کے بیچ کی وادیوں میں ۳۰ ہزار افراد دو لہجوں میں بولتے ہیں۔

اس زبان کی ابتدائی نشوونما کے بارے میں آراء میں اختلاف ہے۔ اس کے بولنے والوں میں دنیا کے چند چنندہ کوہ پیما بھی ہیں۔ ان لوگوں کی عمریں بھی کافی طویل ہوتی ہیں۔

برو [۱۹۵۴ء:۳۷۵] (Burrow) کہتے ہیں کہ یہ غالباً ہمیشہ سے ایک دور دراز کے پہاڑی راستے میں ایک محصور اکائی رہی ہوگی، اور شاید آج سے زیادہ بڑے علاقے پر پھیلی ہوئی بھی ہو۔[۳۶]

Colin P. Masica نے بتایا ہے کہ:

''جب کہ یہ تسلیم کیا جاتا ہے کہ یہ ایسے دروں میں یعنی انتہائی بالائی وادیٔ سندھ بشمول نورستان میں پھیلی ہوئی ہوگی جہاں آج دارد زبانیں بولی جاتی ہیں۔ بروشسکی سے داخل ہونے والے الفاظ بھی ان میں سے کچھ زبانوں میں ملتے ہیں مثلاً ''زاکن'' یعنی ''گدھی''۔

دراس کی ھینا میں ''پھو'' یعنی آگ۔ پراسی میں ''ہئیل'' یعنی پیٹ، اور حیرت انگیز طور پر ''لوہے'' کے لیے بروشکی زبان کا لفظ ''چھومر'' جو کہ کتی، وائیگالی، کلاشا، خووار، گوارتی، پشائے، گوری، توروالی اور شینا زبانوں میں مستعمل ہے۔ یہاں اس بات کو بھی دھیان میں رکھنا چاہیے کہ نہ صرف دراوڑی اور منڈا زبانیں، بلکہ تبتی۔ برمی اور بروشسکی میں بھی قواعد کی خصوصیات یکساں نوعیت کی ہیں جو کہ بعد کی ہند آریائی زبانیں ہیں۔ موخرالذکر کی سب سے واضح خاصیت ان کے فاعل کی مجہولی حالت ہے''۔[۳۷]

David Crystal کی انسائیکلوپیڈیک ڈکشنری آف لینگویج اینڈ لینگویجز کے مطابق:

''شمال مغربی کشمیر، بھارت اور پاکستان کے کچھ حصوں میں بولی جانے والی ایک محصور زبان، تقریباً ۲۰ ہزار افراد بروشو قبیلے سے تعلق رکھتے ہیں اور یہ زبان بولتے ہیں اس کا کوئی رسم الخط نہیں ہے''۔[۳۸]

زبانوں کے تعارف پر مشتمل آکسفورڈ پریس کی مشہور کتاب کے مصنف Anatole V. Lyovin نے بروشسکی پر جو تحقیقات کی ہیں اس کے نتائج درج ذیل ہیں:

''بروشسکی ایک محصور زبان ہے جسے تقریباً [ہنزہ اور نگر کے علاقوں میں] ۴۰ ہزار افراد بولتے ہیں۔ یہ زبان دارد ایرانی [ہند یورو پی] اور تبتی [چینی۔تبتی] زبان بولنے والوں کے درمیان گھری ہوئی ہے، لیکن اس کا علاقہ بہت دور اور گھرا ہوا ہے اور اس کا لسانی تعلق بنیادی طور پر دارد زبانوں خاص کر شینا سے ہے۔

بنیادی طور پر قفقاز کی زبانوں، اور کچھ دوسری زبانوں سے اس کی صنفی مماثلت کی بنیاد پر روابط ابھی تک مستند نہیں ہیں۔

یہ مانا جاتا ہے کہ کبھی ان علاقوں کے دارد زبانیں بولنے والے ایسی زبان بولتے تھے جو کہ بروشسکی کے مماثل رہی ہوگی۔ یہ ایک فاعل مجہول زبان ہے، جس میں SOV کا لفظی نظام ہے۔ اس کے علم الاصوات سے متعلق فہرست کافی حد تک اس کی پڑوسی، ہند آریائی اور دارد زبانوں سے مماثل ہے [سوائے سانس لیتے ہوئے پیدا ہونے والی آواز میں رکاوٹ والے الفاظ کے] اور اس میں چھوٹی زبان کی رکاوٹ اور صفیری الفاظ [حروف صحیح جو منہ کم کھلا ہونے کی حالت میں سانس کی رگڑ سے ادا ہوتے ہیں] کی بہتات ہے، جو دوسری ہند آریائی زبانوں میں نہیں ہے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اس میں تین مختلف آوازیں ہیں۔

بروشسکی کے تمام اسم چار مستحکم معنویات کے درجوں میں منقسم ہیں:۔

۱۔ وجہ اسم برائے مذکر

۲۔ وجہ اسم برائے مؤنث

۳۔ وجہ اسم برائے جانور اور غیر انسان اور کچھ اشیاء مثلاً پھل، درخت کے حصے اور لکڑی سے بنی چیزیں اور کچھ قدرتی ماحول خاص کر فلکیاتی اجسام جیسے چاند وغیرہ۔

۴۔ وجہ اسم برائے غیر حیاتی چیزیں۔

یہ تمام درجات فعل کی ساخت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، جہاں سابقے تیسرے شخص فاعل کے ساتھ وجہ متصل بتاتے ہیں جبکہ لاحقے بھی یہی بتاتے ہیں مگر بالواسطہ اور بلاواسطہ مفعول کے ساتھ۔ یہی ایک یادگار عمل ہے جو قفقاز کی ناخ۔داغستانی زبانوں سے مماثل ہے اور عموماً اسی بات کو اپنے قیاس کی تائید میں پیش کیا جاتا ہے کہ بروشسکی نوعی طور پر ان ہی قفقازی زبانوں سے متعلق ہے۔ دوسرا ایک اور دلچسپ پہلو بروشسکی کا یہ ہے کہ اسم حالتِ اضافی لاحقوں کے طور پر بھی ہوتے ہیں۔ یہ وہ اسم ہیں جنھیں انسانوں اور جانوروں کا نا قابلِ تقسیم تصرف سمجھا جاتا ہے۔ اس میں جسم کے اعضاء، وہ چیزیں جو اسم کے نام ہیں، وہ اسم جو کچھ خاص جذبات کی طرف اشارہ کرتے ہیں وغیرہ وغیرہ۔ اس میں کچھ مختلف اشیا بھی شامل ہیں، جیسے ''چھڑی'' اور ''تکیہ''۔[۳۹]

بروشسکی زبان کی پیدائش کے متعلق قطعی طور پر کوئی رائے قائم نہیں کی جاسکتی اس لیے کہ ماہرین لسانیات اس زبان کے بارے میں ہماری کوئی مدد نہیں کرتے۔ ماہر لسانیات کی تحقیقات کا خلاصہ درج ذیل ہے:

۱۔ ''بروشسکی زبان بولنے والے ایک وقت میں دردا خاندان کی زبانوں کے قریباً تمام علاقے یا پھر اس کے بڑے حصے پر قابض تھے''۔ [گریئرسن]

۲۔ ''ہنزہ اور نگر میں دو مختلف زبانیں بولی جاتی ہیں''۔ [گریئرسن]

۳۔ ''ہنزہ اور نگر میں بولی جانے والی دونوں زبانیں ایک دوسری کے مماثل ہیں''۔[لائٹنر]

۴۔ ''نگر کے لوگ اپنی زبان کو 'شکند' کہتے ہیں''۔[مسٹر کونوے]

۵۔ ''ایک زبان جو کبھی بہت بڑے حصے پر حاوی تھی آہستہ آہستہ چھوٹے سے چھوٹے حصے میں محدود ہوگئی اور ایسی جگہ پناہ لینے پر مجبور کردی گئی جہاں اس پر دوسری زبانوں کا اثر نہیں ہوسکتا''۔

[Colonel Lorimer, "Brushuski Language."]

۶۔ ''یہ خطہ ایک عجیب زبان کا جزیرہ دکھائی دیتا ہے جو کہ ہندو یورپی، تبتی اور ترکی زبانوں کے گروہوں کے سنگم پر واقع ہے لیکن اس کا رشتہ ان میں سے کسی سے بھی نہیں۔ بروشسکی ساری ریاست ہنزہ میں نہیں بولی جاتی بلکہ اس کے صرف وسطی حصے میں ہی بولی جاتی ہے''۔[Barbara Mons, "High Road to Hunza."]

بروشسکی: ناخ داغستانی لسانی گروہ سے مشابہت:

عالمی سطح کے ماہرین لسانیات کی تحقیقات سے یہ بات اس حد تک ثابت ہے کہ بروشسکی زبان کا جینیاتی سلسلہ کسی بھی بڑے لسانی گروہ سے نہیں ملتا۔ لیکن پھر بھی اس کا فاعلی مجہولی انداز دارد (Dardic) اور دراوڑی (Dravidian) زبان سے کسی حد تک مماثل ہے۔ قفقازی زبانوں (Caucasian) کے اثرات کی جھلک دیگر زبانوں کے مقابلے میں بروشسکی پر کچھ حد تک نظر آتی ہے کیوں کہ اس زبان کا خطہ جغرافیائی طور پر ان علاقوں سے زیادہ دور نہیں۔ کیوں کہ وادیٔ ہنزہ سے نکلنے والی باریک سی جغرافیائی لسانی پٹی وسطی ایشیا اور مشرقِ وسطیٰ کے درمیان سے گزرتے ہوئے ہنگری تک چلی جاتی ہے۔ اور اس لسانی پٹی میں قفقازی زبانیں (Caucasian) بولنے والوں کی کثیر تعداد آباد ہے۔ شاید اس جغرافیائی قربت کے باعث بروشسکی پر ان زبانوں کے اثرات پڑے ہوں اور غالباً اسی لیے ناخ داغستانی لسانی گروہ (Nakh-Dagestani) سے اس زبان کی کچھ مماثلت ماہرین لسانیات کو حیرت زدہ کرتی ہے۔ لیکن اس سے بھی زیادہ حیرت انگیز بات یہ ہے کہ مشرقی ایشیا کی تمام زبانوں پر اثر انداز ہونے والی سنسکرت کے اثرات سے بروشسکی محفوظ رہی حتیٰ کہ اپنی قریبی ہمسایہ تبتی اور بلتی زبانوں کا کوئی اثر بروشسکی نے قبول نہیں کیا۔ قریب ترین ہمسایہ زبانوں کے اثرات سے محفوظ

رہنے والی یہ زبان دو رو راز کی قفقازی زبانوں (Caucasian) اور ہنگری زبان کے زیر اثر کیسے آ گئی؟ اس اہم سوال کا جواب ڈاکٹر نصیر الدین نصیر کی اس تحقیق میں پنہاں ہے کہ بروشو قوم پہلے ہنگری میں آباد ہوئی تھی۔ لیکن یہ تحقیق بھی مزید تحقیق طلب ہے۔

بروشسکی زبان پر عالمی تحقیقات:

George Morgenstierne نے ۱۹۳۲ء میں بروشسکی زبان پر Lorimar کی تحقیقی پیش رفت سے آگاہ کیا تھا۔ اس کے بعد اس زبان میں طویل عرصے تک مزید کسی اہم پیش رفت کی اطلاع نہیں مل سکی۔ تیس سال کے طویل وقفے کے بعد ہائیڈل برگ یونیورسٹی جرمنی کے ادارہ مطالعہ شرقیہ میں Hermann Berger نے اس موضوع پر تحقیق کر کے اس زبان کے نئے افق دنیا پر روشن کیے۔ ان کے نائب ڈاکٹر وان اسکائی ہاک نے "کسر کی کہانی" بروشسکی سے ترجمہ کی تو بعض نئے گوشے واشگاف ہوئے۔ ٹھیک اسی دور میں ڈاکٹر نصیر الدین بروشسکی زبان میں تحقیقات کے نئے افق روشن کر رہے تھے۔ عربی رسم الخط میں ان کی پہلی مختصر کتاب لغاے بُرشسکی ۱۹۷۰ء میں اکادمی تحقیقات بروشسکی کے زیر اہتمام شائع ہوئی۔ یہ بروشسکی ادب اور زبان کے قواعد پر پہلی کتاب تھی۔ اس کی اشاعت کے ٹھیک چار سال بعد ۱۹۷۴ء میں ماہر لسانیات برگر نے اپنے مطالعات کی بنیاد پر بروشسکی زبان کے تفصیلی قواعد شائع کیے جس کے باعث اس طلسم کدۂ حیرت کا دروازہ دنیا کے لیے کھل گیا۔ ۱۹۹۳ء میں ماسٹریال یونیورسٹی کے پروفیسر تمغوں کی کتاب Hunza Proverbs۔ University of Calgary Press کے زیر اہتمام شائع ہوئی۔ اس کتاب میں پانچ ہزار تیس بروشسکی محاورے جمع کیے گئے ہیں۔ یہ نہایت اہمیت کا حامل کام ہے۔ E.Tiffon نے یہ کتاب مشہور ماہر لسانیات L.Col Dr. Lorimer، ہائیڈل برگ یونیورسٹی کے مشہور محقق Hermann Berger نیز ماسٹریال یونیورسٹی کے محقق Y.Ch. Morin اور ڈاکٹر نصیر الدین ہونزائی کے تعاون سے تیار کی۔

بروشسکی رسم الخط کیا تھا؟ اس بارے میں تاریخ خاموش ہے اور آثار قدیمہ کے مخطوطات، قدیم نوادرات اور اساطیر سے ابھی تک اس زبان کے رسم الخط کے بارے میں کوئی اشارہ نہیں مل سکا، لہٰذا ہرمن برگر نے بروشسکی الفاظ رومن حروف میں وضع کیے جنھیں بین الاقوامی طور پر تسلیم کر لیا گیا۔ پروفیسر ہرمن برگر نے بروشسکی زبان کے الفاظ پر مشتمل پہلی جرمن بروشسکی لغت تیار کی جس میں پچاس ہزار الفاظ کا ذخیرہ جمع کر کے اس زبان کو محفوظ کر دیا گیا۔ یہ لغت ۱۹۹۸ء میں شائع ہوئی اور اس کتاب کی تیاری میں پروفیسر ڈاکٹر نصیر الدین نصیر ہونزائی کا مرکزی کردار رہا ہے جس کا اعتراف ہرمن برگر نے ان الفاظ میں کیا ہے:

Unter Mitarbeit von Nasiruddin Hunzai

جس کا مطلب ہے "یہ لغت پروفیسر ڈاکٹر نصیر الدین ہونزائی کے تعاون سے تیار کی گئی۔"

زبانیں اور استعماری طاقتیں:

بروشسکی زبان دنیا سے خود مٹی یا اسے مٹا دیا گیا؟ اس بارے میں تاریخ کے دفتر خاموش ہیں، لیکن اس بات کا امکان موجود ہے کہ اس زبان کو طاقت کے زور پر ختم کر دیا گیا ہو لیکن اس زبان کے اندر موجود مخفی طاقت نے اسے زندہ رکھا اور روحانی طاقت نے اسے حیات نو عطا کی۔ گزشتہ تین سو سال کی استعماری تاریخ بتاتی ہے کہ ولندیزی (Dutch)، انگریزی (English)، پرتگیزی (Portuguese)، روسی (Russian)، امریکی (American)، فرانسیسی (French) اور ہندو (Hindus) استعمار نے دنیا میں جہاں بھی قبضے کیے وہاں نوآبادیات قائم کیں اور لوگوں کو غلام بنایا۔ لہٰذا اس بات کا امکان موجود ہے کہ بروشسکی زبان کو مٹایا گیا لیکن کئی صدیوں کے بعد اب بروشسکی گرمنس اور تھنس کے مراحل سے گزر رہی ہے اور بروشسکی زبان کی پہلی لغت آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ ایشیا میں ایک مردہ زبان پھر زندہ ہو رہی ہے۔ اس لحاظ سے اس لغت کی اشاعت ایک اہم موڑ ہے۔ حیات نو کے معاملے میں بروشسکی زبان عبرانی کے مماثل ہے۔ دونوں زبانوں کا احیاء بڑی جدوجہد سے ہوا عبرانی کے احیاء کی کہانی بھی تاریخ، ادبیات و لغات میں خاص اہمیت کی حامل ہے اور اس بات کا استعارہ کہ مری ہوئی زبانیں آج بھی زندہ کی جا سکتی ہیں، صرف عزم سفر کی ضرورت ہے۔

زبانیں۔ موت سے احیاء تک:

زبانیں صرف مرتی ہی نہیں ماری بھی جاتی ہیں، قتل بھی ہو جاتی ہیں، انھیں مٹا دیا جاتا ہے لیکن صفحۂ ہستی سے نہیں مٹایا جا سکتا، اگر زبان بولنے والوں کو اپنی زبان سے محبت ہو عبرانی زبان کو مٹنے اور مٹانے کی ایک طویل تاریخ ہے لیکن اسے زندہ کرنے کی بھی ایک سنہری تاریخ ہے جو مٹنے والی زبان بولنے والوں کو ماتم کرنے اور گریاں کناں ہونے کے بجائے حوصلے اور ہمت کی نئی کہانی سناتی ہے۔ کسی قوم اور ملت کے فرد میں اپنی زبان سے محبت کی ایک ننھی سی چنگاری بھی زندہ ہے تو یہ چنگاری کبھی بھی شعلہ بن سکتی ہے۔

عبرانی: مردہ زبان زندہ ہوتی ہے:

اسرائیلیوں نے اپنے محکم ایمان اور اپنے پیہم عمل کی بدولت اپنی مذہبی زبان عبرانی کو موت کے چنگل سے رہائی دلا کر نئی زندگی بخشی۔ ۱۹۴۸ء ہی میں عبرانی کو اسرائیل کی سرکاری زبان بنا دیا۔ صرف پانچ برس بعد ۱۹۵۳ء میں اسرائیلی پارلیمنٹ کے ایک فرمان Act کی رو سے عبرانی زبان کی مجلس کا درجہ بڑھا کر اسے اکادمی کا نام دے دیا۔[۴۰]

عبرانی: کیسے قتل ہوئی؟

عبرانی تقریباً ۲۳۰۰ سال تک یہودی عوام کی بول چال کی زبان تھی۔ اس کا زوال اس وقت شروع ہوا جب ۵۸۶ قبل مسیح میں بابل کے شہنشاہ نبوشاذنظر (Nebuchadnezzer) نے یروشلم فتح کیا۔ یہودیوں کے

معبداول (First Temple) کوتباہ کردیااور یہودیوں کی غالب آبادی کوغلام بنا کراپنے ساتھ لے گیا۔بابلی سلطنت عظمیٰ (Babylonian Empire) کی مروجہ، رسمی (formal) زبان آرامی (Aramaic) تھی جسے جلا وطنی میں یہودیوں نے اپنالیا۔اس طرح عبرانی یہودیوں کی بول چال کی زبان کےطور پرختم ہونے لگی۔آرامی بھی ایک شمال مغربی سامی (Semitic) زبان ہے، جوعبرانی سے بہت مماثلت رکھتی ہے۔چندعشروں[دہائیوں] کے بعد ایرانی شہنشاہ سائیرس (Cyrus) نے بابلی سلطنت پر قبضہ کرلیاتو آرامی (Aramaic) زبان کوسرکاری زبان کےطور پررائج کیا۔[۴۱]

عبرانی کا تحفظ: ربی یہوداہاناسی:

تقریباً سوسال بعد جب یہودی جلاوطنی کے بعد اپنے وطن واپس لوٹےتو ایرانی سلطنت کا حصہ ہونے اورآرامی زبان کےسرکاری زبان ہونے کی بناپرانھیں خطرہ پیداہوا کہ کہیں آرامی زبان عبرانی کی جگہ نہ لے لے۔اس لیے ربی [امام] یہوداہاناسی (Yahuda Ha-Nasi) نے ۲۰۰ عیسوی میں تالمود کے احکامات کا مجموعہ مشناۃ مرتب کیا، یہودیوں کواپنی زبان سے غفلت برتنے پرتنبیہ کی۔ربی یہوداگھر میں ہمیشہ اہتمام سے عبرانی زبان بولتے تھے۔تالمود میں تحریر ہے کران کی نوکرانی کوعبرانی پراتنا عبورحاصل تھا کران کے شاگردوں کو جب کوئی لفظ نہ آتا یا بھول جاتا تواس سے پوچھا کرتے تھے۔[۴۲]

ادب ومذہب کی زبان:

۷۰عیسوی میں یروشلم اورمعبد دوم (Second Temple) کی تباہی کے بعد یہودی دنیا بھر کے ملکوں میں منتشر ہوگئے وہ جس ملک میں بھی گئے، اسی ملک کی زبان اپنالی۔تاہم ان کی مذہبی اورادبی (Literary) زبان عبرانی ہی رہی۔یہودی مذہبی تعلیم کے دوران عبرانی سیکھتے رہے تاکہ وہ توریت اورتالمود، ترجمے کےبجائے اصل زبان میں پڑھ سکیں اورعبادت کے دوران دعاؤں کامطلب سمجھ سکیں۔اس رواج نے ایک طرف تو یہودیوں کوخواندہ اورعلم دوست بنادیا، دوسری طرف انھیں بکھراؤ(Dispersion) کے دوران اکثریتی ثقافت میں جذب ہونے سے بچائے رکھا۔اس طرح وہ دوہزارسال تک دربدر رہنے کے باوجوداپنانسلی، مذہبی اور ثقافتی تشخص برقراررکھنے میں کامیاب رہے۔[۴۳]

عبرانی کا احیاء: آئی ایزربن یہوداکے ذریعے:

تقریباً دوہزارسال سے عبرانی محض ایک مذہبی اورکسی حدتک ادبی زبان ہوکررہ گئی تھی۔روزمرہ کی بول چال اورزندگی کے دیگرامور میں غیرمستعمل ہوکرنیم مردہ حالت میں تھی۔انیسویں، بیسویں صدی میں اس کا فلسطین میں، جدیدعبرانی کی شکل میں، ادب، سائنس غرض یہ کرزندگی کے ہرشعبے میں دوبارہ جاری وساری ہوجانا حیرت انگیز ہے۔اس کا تمام تر سہرا ایلی ایزربن یہودا (Eliezer Ben-Yahuda) کےسر پر ہے۔بن یہودا کو

یہ بہت عجیب لگتا تھا کہ یہودی دنیا کی دیگر ۷۰ زبانیں تو بول سکتے ہیں، لیکن اپنی زبان عبرانی نہیں بول سکتے۔ یہ آزمانے کے لیے کہ عبرانی میں بولے جانے اور احیاء کی صلاحیت ہے بھی یا نہیں، انھوں نے اپنے دوستوں کے ساتھ عبرانی میں گفتگو کرنے کی کوشش کی۔ فلسطین میں پہنچتے ہی انھوں نے عہد کرلیا کہ وہ کسی یہودی سے عبرانی کے سوا کسی اور زبان میں بات نہیں کریں گے۔[۴۴]

موت سے زندگی کا سفر: اتمر بن ابی پر تجربات:

۱۸۸۲ء میں جب ان کا پہلا بیٹا بن زائین بن یہودا (Ben Zion Ben-Yahuda) جسے عام طور پر اتمر بن ابی (Itamar Ben-Avi) کہا جاتا ہے، پیدا ہوا تو انھیں تجربہ کرنے کا ایک بہت اچھا موقع ہاتھ آگیا۔ ایسے گھر میں، جہاں ہر وقت عبرانی بولی جاتی ہو، پلنے والا بچہ جب بولنا سیکھے گا تو وہ حالیہ تاریخ میں پہلا شخص ہوگا جس کی مادری زبان عبرانی ہوگی۔ یہ اس بات کا زندہ ثبوت ہوگا کہ عبرانی زبان کا مکمل احیاء ممکن ہے۔ جیسا کہ بن یہودا نے اپنی شاہکار لغت [ڈکشنری] کے تعارف میں بھی لکھا "ہماری زبان جو بولی نہیں جاتی، اگر کسی فرد واحد کی زبان بن جائے تو پھر شک کی کوئی گنجائش نہیں رہتی کہ وہ پوری قوم کی بول چال کی زبان (Spoken Language) بھی بن سکتی ہے"۔

بن یہودا اور ان کا عبرانی بولنے والا خاندان لوگوں کے لیے عبرانی زبان کے احیاء کی علامت اور قابل رشک و تقلید مثال بن گئے۔ ان کے بیٹے اتمر بن ابی (Ittamar Ben-Avi) کی خودنوشت سوانح عمری کے مطابق بچے کی زبان کی روزمرہ ضرورتیں پوری کرنے کے لیے بن یہودا نے مختلف چیزوں مثلاً گڑیا، آئس کریم، جیلی، آملیٹ، رومال، تولیہ، بائیسکل اور سینکڑوں دیگر اشیاء کے متبادل عبرانی نام اختراع کرنے شروع کر دیے۔ جوں جوں بچہ بڑا ہوتا چلا گیا اسی طرح عبرانی زبان ذخیرہ الفاظ اور اظہار کے فطری پن کے لحاظ سے ترقی کرتی چلی گئی۔ عبرانی زبان کے احیاء کے لیے انھوں نے جس اصول پر عمل کیا وہ تھا "عبرانی گھر میں"، "عبرانی سکول میں" اور "لفظ بلفظ اور عبرانی لفظ"۔[۴۵]

عبرانی: عربی سے نفرت:

عبرانی بولنے والے علماء اور خصوصاً یہودی علماء لسانیات کا یہ دعویٰ ہے کہ عربی عبرانی زبان کی جدید ترین شکل ہے اور عربی کے حروف تہجی اور ذخیرہ الفاظ عبرانی ہی کی مختلف شکلیں ہیں۔ عبرانی زبان کے احیاء کی جب تحریک شروع ہوئی تو اس وقت عبرانی زبان کا ذخیرہ الفاظ صرف آٹھ ہزار تھا اور بابائے عبرانی ایلی یزر بن یہودا (Eliezer Ben Yehuda) کو بے شمار الفاظ خود تخلیق کرنے پڑے یا دنیا کی مختلف زبانوں سے وہ الفاظ انھوں نے اخذ کیے لیکن اسلام سے نفرت کے باعث عربی زبان کے الفاظ اور لغات کو نہ تو ترجیح دی گئی اور نہ ہی الفاظ کے انتخاب اور اخذ کے دوران عربی زبان پر خصوصی توجہ دی گئی۔ اس رویے کے پس پشت ایک تاریخی

عصبیت بھی ہے لیکن یہی عصبیت یہودی علمائے لسانیات کے اس دعوے کی تردید بھی کرتی ہے کہ عربی زبان عبرانی زبان ہی کا ایک جدید نمونہ ہے۔اس تناظر میں علامہ شبلی نعمانی کا یہ دعویٰ درست نظر آتا ہے کہ عربی عبرانی سے زیادہ قدیم زبان ہے۔

دوسری زبانوں کے ذریعے عبرانی کی تعلیم:

جیسا کہ ۱۹۲۸ء میں اس وقت کے ایک استاد داؤد دیوداے ویز David Yudeleviz نے لکھا ہے کہ "لوگ اندازہ نہیں کر سکتے کہ حالات کتنے مشکل تھے۔کتابوں، سینکڑوں الفاظ، اسم، فعل اور محاورات نہ ہونے کے باوجود ہم نے پڑھانا شروع کر دیا۔ہم نیم گونگوں کی طرح ہکلاتے ہوئے ہاتھوں اور آنکھوں کے اشاروں سے باتیں کرتے تھے"، ایک اور مشہور استاد داؤد یلین (David Yellin) نے لکھا۔"ہر استاد کے پاس عبرانی کے بجائے روسی یا فرانسیسی میں کتاب ہوتی تھی اور اسے عبرانی میں پڑھانے کا کام سرانجام دینا ہوتا تھا۔درسی اصطلاحات موجود نہ تھیں۔دیہاتی اسکولوں کا ہر استاد عبرانی زبان کی اکادمی کا درجہ رکھتا تھا۔وہ اپنی پسند اور ذوق کے مطابق الفاظ وضع کرتا اور اپنی ہی تخلیقات کو پڑھانے کے لیے استعمال کرتا۔تاہم جوں جوں وقت گزرتا گیا، مسائل خود بخود حل ہوتے چلے گئے۔ایک نوزائیدہ عبرانی بولنے والی نسل وجود میں آ گئی۔تو سب کو یقین ہو گیا کہ زبان کا احیا کامیابی سے ہمکنار ہو گا"۔[۴۶]

سترہ جلدوں پر مشتمل تاریخی لغت:

بن یہودا کو عبرانی زبان کی کم مائیگی کا احساس اس وقت ہوا، جب انھوں نے پیرس میں اپنے دوستوں کے ساتھ عبرانی بولنے کی مشق شروع کی۔اس کمی کو دور کرنے کے لیے انھوں نے نئے الفاظ وضع کر کے ان کی فہرستیں اخباروں میں چھاپنا شروع کر دیں۔اس طرح انھوں نے غیر رسمی اور بے قاعدہ طور پر الفاظ سازی اور لغت نگاری کا آغاز اپنے پیرس کے قیام کے دوران کیا۔لیکن انھوں نے ۱۹۱۰ء میں اپنی معرکتہ الآرا لغت باقاعدہ طور پر مرتب کرنا شروع کی۔بن یہودا اٹھارہ، اٹھارہ گھنٹے روزانہ کام کرتے تھے۔آخر کار ان کی طویل، محنت شاقہ رنگ لائی۔ان کی مرتب کردہ، سترہ جلدوں پر مشتمل "قدیم اور جدید عبرانی کی مکمل لغت (A Complete Dictionary of Ancient and Modern Hebrew) آج بھی عبرانی لغت نگاری (Hebrew Lexicograhphy) کی تاریخ میں یکتا تصور کی جاتی ہے۔

عبرانی زندہ ہو گئی:

ان کی زندگی ہی میں ایک مردم شماری (Census) کے دوران فلسطین کے ہر یہودی نے اپنی زبان عبرانی درج کی۔لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ عبرانی کہیں بھی یہودیوں کی روزمرہ کی زبان نہیں تھی اور مخصوص حالات کے علاوہ بولی بھی نہیں جاتی تھی۔اس لیے اگر یہ مردہ زبان نہیں تھی تو زندہ بھی نہیں تھی۔غالباً اسے "نیم مردہ" کہنا

زیادہ مناسب ہوگا۔عبرانی کے احیاء میں بن یہودا کے کردار کے بارے میں سیمل روتھ (Semil Roth) کے ایک بلیغ مقولے کے مطابق "بن یہودا سے پہلے..... یہودی عبرانی بول [تو] سکتے تھے، لیکن اس کے بعد وہ واقعی بولنے لگے"۔[۴۷]

عبرانی کا سفر صرف آٹھ ہزار لفظوں سے شروع ہوا:

الفاظ سازی کے میدان میں عبرانی زبان کی مجلس (Hebrew Language Council) کی کامیابی کا اندازہ اس امر سے لگایا جاسکتا ہے کہ عبرانی زبان کا ذخیرہ الفاظ ۸۰۰۰ سے بڑھ کر ۱۲۰۰۰ ہوگیا ہے۔ جے ایم پائینز (J.M. Pines) کے مطابق الفاظ سازی کے لیے مجلس کے ارکان اس راز سے بخوبی واقف تھے "کہ کسی نئے لفظ کی سب سے بڑی خوبی یہ ہوتی ہے کہ وہ بیانہ لگے"۔

اسرائیل کے اندر ۶ ملین یہودی اور ۲ ملین عرب عبرانی زبان بولتے ہیں۔فرانس میں ۵ ملین یہودی اور ۵ ملین اسرائیلی تارکین وطن جو زیادہ تر امریکا میں آباد ہیں، گھر میں عبرانی بولتے ہیں۔اس کے علاوہ، ارجنٹائن، فرانس، جرمنی، کینیڈا، آسٹریلیا، روس، جنوبی افریقہ، یوکرین، برطانیہ، امریکہ میں جہاں یہودیوں کی خاصی بڑی آبادی ہے، خاص طور پر وہ جو کبھی اسرائیل نہیں گئے، نہ تو عبرانی بولتے ہیں اور نہ سمجھتے ہیں۔[۴۸]

عبرانی: علمی سفر:

عبرانی کو ذریعہ تعلیم بنانے سے اسرائیل میں سائنس اور ٹیکنالوجی کا معیار گرا نہیں بلکہ اس وقت وہ ان میدانوں میں صف اول کی قوموں میں شمار ہوتے ہیں۔۱۹۶۶ء میں ایک اسرائیلی ادیب شمائیل یوسف اگنن (Shmuel Yousef Agnon) کو ادب میں نوبل انعام دیا گیا۔اس سال علم کیمیا (Chemistry) کا نوبل انعام مشترکہ طور پر دو اسرائیلی بائیو کیمسٹوں، ہارون سیخا نووار (Aaron Ciechanovar) اور ابرام ہرشکو (Avram Hershko) اور امریکا کے اروِن روز (Irwin Rose) کو ملا ہے۔[۴۹]

اگلے سو برسوں میں ۹۰ فی صد زبانیں مٹ جائیں گی؟

ایک ایسے عہد میں جب زبانیں مٹ رہی ہیں، عالمگیریت اور سرمایہ داری کے ذریعے زبانیں مٹائی جارہی ہیں، انگریزی کو مسلط کیا جارہا ہے، نت نئی ایجادات کے باوجود جہاں تنویر، نشاۃ ثانیہ اور خرد افروزی کے تین سو سالوں میں استعماری طاقتوں نے کسی ایک زبان کو جنم نہیں دیا بلکہ زبانوں کو ختم کیا گیا، یہ اعزاز صرف ایشیا کو حاصل ہے کہ یہاں ایک بولی [بروشسکی] زبان بن گئی ہے اس لیے یہ سوال کہ بروشسکی زبان کتنے عرصے تک زندہ رہے گی؟ اس بارے میں کچھ کہنا قبل از وقت ہے۔آسٹریلیا کے ممتاز ماہر لسانیات پیٹر ہوسلر نے ایک دلچسپ و اہم پیش گوئی کی ہے کہ اگلے سو برسوں میں نوے فی صد زبانیں صفحۂ ہستی سے مٹ جائیں گی اور صرف پانچ یا چھ بنیادی اہم زبانیں باقی رہ جائیں گی، جن میں انگریزی، ہسپانوی، فرانسیسی، جرمن، چینی اور عربی زبانیں شامل

ہیں، جب کہ ملیشیا اور انڈونیشیا میں بولی جانے والی بھاشا(Bahasa) زبان کے بارے میں امکان ہے کہ یہ زبان بھی شاید باقی رہ جائے۔اس کا موقف ہے کہ زبانیں ہمارے اندازے سے بھی زیادہ تیزی سے فنا ہو رہی ہیں۔ مثلاً آسٹریلیا میں یورپی باشندوں سے پہلے یعنی دوسو سال قبل دوسو پچاس زبانیں بولی جاتی تھیں لیکن اب وہاں کے طول وعرض میں صرف پچاس زبانیں بولی جاتی ہیں۔کیوں کہ انگریزی استعمار نے قتلِ عام اور چھوٹی زبانوں کی حوصلہ شکنی کے ذریعے نسلوں کو فنا کر دیا اور زبانوں کو مٹا دیا۔

ایک اندازے کے مطابق اس وقت دنیا میں چھ سے دس ہزار زبانیں بولی جاتی ہیں۔ان میں مکمل باضابطہ زبانوں کے ساتھ ساتھ بولیاں بھی شامل ہیں۔ہوسلر کے خیال میں زبانوں کے فنا ہونے کی اصل وجہ بڑے پیمانے پر نقل مکانی ہے۔جس کے نتیجے میں تارکینِ وطن اپنی زبان ترک کر کے جائے سکونت میں بولی جانے والی زبانیں اختیار کر لیتے ہیں تا کہ مقامی آبادی میں جذب ہو جائیں۔زبان کی تبدیلی ان کے لیے اقتصادی و سماجی اعتبار سے سودمند ثابت ہوتی ہے۔

صرف چار زبانیں باقی رہ جائیں گی؟

دوسرا نقطہ نظر نوبل انعام یافتہ ہسپانوی ادیب کامیلو خوسے تھیلا(Camillo Jose Cela) کا ہے۔اس نے پیش گوئی کی ہے کہ اگلی چند صدیوں تک دنیا بھر کے لوگ صرف چار زبانیں استعمال کریں گے۔یعنی عربی، ہسپانوی، انگریزی اور چینی اس کے سوا تمام زبانیں صرف علاقائی زبانوں کا روپ دھار کر محبت اور شاعری کے لیے رہ جائیں گی۔

زبانیں کیوں ختم ہو جائیں گی؟

عالمگیریت، سرمایہ داری، آزادی اور آزادیٔ اظہار رائے کا طوفان مذاہب، تہذیبوں، ثقافتوں اور زبانوں کے لیے ایک خطرہ بن چکا ہے۔دنیا بھر کے معاشروں میں کروڑوں سال سے موجود تنوع اور رنگارنگی، عالمگیریت اور سرمایہ دارانہ ثقافت و تہذیب کے استعماری غلبے کے باعث اپنا وجود کھو رہے ہیں جس کے نتیجے میں زبانیں تیزی سے مر رہی ہیں اور تہذیبیں اپنی شناخت کھوتی جا رہی ہیں۔مذہب، ثقافت اور تہذیب کے تمام ڈھانچے تیزی سے سرمایہ داری کے سانچے میں ڈھالے جا رہے ہیں یا خود بخود ڈھلنے پر مجبور ہو گئے ہیں۔مغربی تہذیب کے غلبے کے باعث خاندانی نظام زبردست شکست و ریخت کا شکار ہے۔خواہشاتِ نفس کی ہر صورت میں تکمیل تہذیب جدید کا فلسفہ ہے اور اس فلسفے پر عمل کے باعث خاندان اور قبیلے اپنے قدیم مقامات چھوڑ کر رزق کی تلاش میں ترکِ وطن کر رہے ہیں۔اعلیٰ معیارِ زندگی کی تلاش کے باعث خاندان دن بدن مختصر ہوتے جا رہے ہیں۔مختصر خاندان آبادی کے خطرے سے بچنے کے لیے اُمید کی علامت سمجھے گئے لیکن اس کے نتیجے میں زبانوں کو زوال کا سامنا کرنا پڑا۔

کم آبادی: زبانوں کو خطرہ

یورپ اور امریکہ میں آبادی کی شرح تیزی سے کم ہونے کے باعث معیارِ زندگی میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے لیکن دنیا بھر میں سب سے زیادہ زبانوں کے لیے خطرات یورپ اور امریکہ میں پیدا ہوئے۔ افریقہ میں بھی زبانیں ختم ہو رہی ہیں۔ ایک ہزار چار سو زبانوں میں سے صرف آٹھ سو زبانیں باقی رہ گئی ہیں اس کی وجہ مختلف ہے۔ امریکہ کے قدیم باشندوں کی ایک ہزار زبانیں موجود تھیں لیکن اب ان زبانوں کی تعداد صرف ۱۵۰ رہ گئی ہے۔ یورپ کی ۲۲۵ زبانوں میں سے ۵۰ زبانیں سنگین خطرات کا شکار ہیں۔ کینیڈا کی حکومت کئی سالوں سے زبانوں کے تحفظ کے لیے اپنے قومی میزانیے میں بھاری رقومات مختص کر رہی ہے جس کے نتیجے میں کئی زبانیں محفوظ ہو گئی ہیں لیکن مصنوعی حفاظت کا یہ نظام کتنے برس چل سکے گا اس سوال کا جواب بہت مشکل نہیں۔ سوئٹزرلینڈ میں رومانس زبان (Romance) مسلسل خطرے میں ہے۔ دنیا کے مختلف خطوں میں رسم الخط کی جبری اور رضا کارانہ تبدیلی کے باعث وہ قومیں اپنی تاریخ اور ماضی کے علوم و ادبیات دانش و تجربات سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے محروم کی جا رہی ہیں۔ ایسی قومیں وجود پذیر ہو رہی ہیں جن کا کوئی ماضی نہیں ہوگا نہ تاریخ یہ زندگی کا سفر سرمایہ داری کی ثقافت کے جلو میں طے کریں گی۔ حیرت یہ ہے کہ کمپیوٹر، انٹرنیٹ اور ذرائع ابلاغ کی سہولیات کے باعث نئی زبانیں وجود میں آنے کے بجائے پرانی زبانیں نہایت تیزی کے ساتھ فنا کے گھاٹ اتر رہی ہیں اور اکثر طاقت کے زور پر اس گھاٹ اتاری جا رہی ہیں۔ ثقافتی استعماریت، عسکری استعماریت کے پہلو بہ پہلو دنیا بھر میں تاخت و تاراج میں مصروف ہے۔

عربی زبان کا اعجاز اور کمال:

زبانوں کی تاریخ کا مطالعہ یہ بتاتا ہے کہ زبانیں عموماً ۵۰۰ سال کے بعد تبدیل ہو جاتی ہیں۔ ۷۰۰ برس پہلے کی انگریزی کا متن آج کوئی انگریز نہیں پڑھ سکتا۔ مشہور انگریز شاعر چاسر (Chaucer) کی نظمیں اس کے آبائی شہر لندن میں ہر شخص سمجھنے سے قاصر ہے۔ ہندو مذہب کے علماء سنسکرت کے عالم نہیں ہوتے یہودی، عیسائی مذہب کے علما عبرانی و یونانی زبان کے عالم نہیں ہوتے، جو ان کے مذہبی صحائف کی زبانیں ہیں، اس کے برعکس مسلمانوں کے تمام علماء عربی اور فارسی زبانوں سے عموماً واقف ہوتے ہیں، یہ واقفیت قرآن و سنت کی برکت سے ابد تک قائم رہے گی۔ عربی دنیا کی واحد زبان ہے جو آج بھی پہلے کی طرح تر و تازہ ہے اور شکست و ریخت کے عمل سے محفوظ ہے۔ اس کا رسم الخط، ذخیرۂ الفاظ قواعد و ضوابط کے اصول آج بھی وہی ہیں، اس کی واحد وجہ یہ ہے کہ عربی زبان کا زندہ تعلق قرآن کریم کے ذریعے امت مسلمہ کی عبادات کا حصہ بن چکا ہے اور عبادات و مناجات کے لیے عربی زبان کا لازمی ہونا اس زبان کے فروغ اور ارتقا کا سبب ہے جس کے باعث قرآن کے متن میں کسی تبدیلی کی کوشش ہمیشہ ناکام رہے گی۔ عربی زبان دنیا کی واحد زبان ہے جس کے دو سو ڈھائی سو الفاظ دنیا کے کسی

بھی خطے میں رہنے والا ایک عام مسلمان بھی سمجھتا ہے خواہ وہ کسی نسل اور کسی زبان سے تعلق رکھتا ہو۔ پیغام رسالت مآبؐ کی طرح عربی زبان بھی زباں و مکاں سے ماورا ہوگئی ہے۔

دنیا کا ہر مسلمان عربی اصطلاحات الفاظ اور عبارتوں سے واقف بلکہ ان کا حافظ بھی ہے لہٰذا اذان، سلام، مسنون، وضو، سورہ فاتحہ، تکبیر، الحمدللہ، استغفر اللہ، ماشاءاللہ، چند بنیادی سورتیں، ایمان و عقائد سے متعلق چند ضروری باتیں، دعائیں، مناجات اور معاشرت کے بعض اہم مسائل سے متعلق عربی اصطلاحات مثلاً نکاح، طلاق، میراث، عدت وغیرہ وغیرہ۔ ہر مسلمان کے لیے عام باتیں ہیں۔ اس کے برعکس انجیل اور تورات جن کی اصل زبان ان مذاہب کے علماء کے مطابق عبرانی تھی مگر اب عام یہودی و عیسائی تو درکنار ان مذاہب کے علماء و فضلا بھی خال خال ہی اس کو جانتے ہیں۔

سنسکرت، قشطالوی، کورنش خطرے میں

یہی حال ہندومت کی زبان سنسکرت کا ہے عبرانی اور سنسکرت کو چند عشروں قبل اسرائیل اور ہندوستان میں زندہ کرنے کی بھرپور کوششیں شروع کی گئیں جس کے نتیجے میں ان زبانوں کے علماء کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے اور عبرانی اور سنسکرت پر ایک مرتبہ پھر توجہ مبذول ہوگئی ہے۔ بھارت میں "سنسکرت گرام" کے چھوٹے چھوٹے قصبے بنائے گئے جہاں سنسکرت کو رائج کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ یہ قصبے جنوبی بھارت میں بنائے گئے کیوں کہ جنوبی بھارت میں دراوڑ قوم بستی ہے اور وہاں خاندانی نظام بہت مضبوط ہے اور زبانیں خاندانی نظام میں تیزی سے پنپتی ہیں اور زندہ رہتی ہیں۔ یورپ اور امریکہ میں زبانوں کے ختم ہونے کا ایک اہم ترین سبب قدیم نسلوں کا بے دریغ قتل عام، خواہشات نفس کا غلبہ، خاندانی نظام کا انہدام اور خاندانی منصوبہ بندی کا فروغ ہے۔ خاندان اور خاندانی نظام سے دوری نے آج دنیا کی اہم ترین زبان ہسپانوی کے ادبی لہجے "قشطالوی" (Castillian) کو معدومی کے کنارے پر لا کھڑا کیا ہے۔ ہسپانیہ میں "ایک ماں ایک بچے" کا مغربی فلسفہ مقبولیت اختیار کر چکا ہے۔ جس کے باعث خطرہ ہے کہ سن دو ہزار پچاس تک ہسپانیہ کا یہ معیاری اور معلّٰی لہجہ ختم ہو جائے گا۔ انگلستان کے جزیرہ (Isle of Man) کی زبان Manx کا خاتمہ زیادہ پرانی بات نہیں ہے جب کہ کورنش (Cornish) کے بولنے والے برائے نام رہ گئے ہیں۔ ثقافتی، فکری اور لسانی استعماریت کی عالمگیر جنگ جو نوآبادی نظام کے قیام کے ساتھ ہی المانوی، فرانسیسی، ولندیزی اور برطانوی استعمار نے شروع کی تھی اب برگ و بار لا رہی ہے۔ زبانوں اور ثقافتوں کی موت کا اعلان کر رہی ہے۔ ایک زبان کی موت ایک عظیم تاریخی ورثے کی موت ہے لیکن اس موت پر رونے والا کوئی نہیں ہے، کسی کی آنکھ میں کوئی آنسو نہیں ہے۔

تین ہزار زبانیں خطرے میں

دنیا میں اس وقت کل بولی جانے والی پانچ ہزار سے زائد زبانوں میں سے ۳ ہزار زبانیں تیزی کے

ساتھ زوال کا شکار ہیں زبانوں کے تحفظ کے اعتبار سے برعظیم پاک و ہند دنیا بھر میں سرفہرست ہے۔ آریاؤں کی یلغار کے بعد برعظیم کی قدیم ترین نسل دراوڑی تتر بتر کر دیے گئے لیکن اپنی تہذیب ،ثقافت اور زبان کی حفاظت کے لیے دراوڑیوں کے منتشر قافلے دور دراز خطوں اور فلک بوس پہاڑوں کے دامن میں آباد ہو گئے۔ سنسکرت کو دراوڑیوں کا رسم الخط "گرنتھا" اختیار کرنا پڑا اور دراوڑی سلسلوں کی زبانیں تیلگو، تامل، کنڑ، ملیالم اور براہوی زبانوں کی شکل میں آج بھی محفوظ ہیں اس کی بنیادی وجہ دراوڑیوں کا مضبوط قبائلی اور خاندانی نظام تھا جس نے ان کی اجتماعیت کو شدید ترین حملوں کے باوجود زندہ رکھا اور خاندان کے مضبوط ادارے نے ان کی زبان کو کتابات، کتابوں، مخطوطات، نوشتوں اور مہروں کے بغیر نسل در نسل تک خالہ پھوپھی، چچی، نانی، دادی کے رشتوں کے ذریعے بہ حفاظت دوسری نسلوں تک منتقل کیا۔

زبانوں کی حفاظت: طریقے

بچپن کی لوریاں، سونے سے پہلے سنائی جانے والی خوبصورت کہانیاں، درد و فراق اور ہجر کے گیت ،زندگی میں رنگ گھولنے کے لیے خوبصورت داستانیں اور لوک کہانیاں دراوڑیوں کی زبان کو آج بھی زندہ رکھے ہوئے ہیں۔ تاملوں (دراوڑیوں) کے مضبوط خاندانی نظام، اجتماعیت اور روایات سے گہرے تعلق نے ان کی ثقافت و زبان سے محبت کو برقرار رکھا جس کی وجہ سے آج تامل زبان ملیشیا، سنگاپور اور سری لنکا کی قومی زبانوں کا درجہ رکھتی ہے۔ مغرب میں خاندان کا ادارہ ختم ہوا تو دادی نانی تو کجا اب تو ماں باپ بھی قصۂ پارینہ بن چکے لہٰذا زبانوں کا خاتمہ ایک فطری عمل ہے جو تہذیب مغرب کو اختیار کرنے کے نتیجے میں لازماً وقوع پذیر ہو کر رہے گا۔

مغرب کا غلبہ: نئی زبان سے محروم

ہماری معلومات کے مطابق سترہویں صدی میں نشاۃ ثانیہ کی تحریک کے بعد علوم و فنون اور ابلاغی انقلاب کی عالمگیریت اور سائنس کی زبردست ترقی کے باوجود دنیا میں کسی نئی زبان کا اضافہ نہیں ہو سکا اور قدیم بولیاں تک رسم الخط اختیار کر کے زبان نہیں بن سکیں حالانکہ ذرائع ابلاغیات اور کمپیوٹر کی ایجاد کے بعد زبانوں کی تعداد میں اضافہ ہونا چاہیے تھا۔ نئی زبانوں کی اہمیت کو مغرب میں محسوس کیا گیا لیکن تخلیق کے فطری اداروں کو چھوڑ کر مصنوعی طریقے اختیار کر کے مصنوعی زبان تیار کی گئیں۔ اسپرانتو، اوکسی دینتال، انٹرلینگوا، وولا پوک وغیرہ اس کی مثالیں ہیں لیکن ان کا انجام "ڈولی" (مصنوعی بھیڑ) اور ٹیسٹ ٹیوب بے بی کی طرح اپنے انجام کو پہنچا۔

اس سلسلے میں واحد استثناء بروشسکی زبان کا ہے جو صدیوں تک بولی جاتی رہی لیکن اردو عربی رسم الخط اختیار کرنے کے بعد اب مکمل زبان کا درجہ اختیار کر چکی ہے۔ یہ زبان رومن اور عربی رسم الخط میں لکھی جا رہی ہے۔ لیکن اس زبان کا تعلق بھی برعظیم پاک و ہند سے ہے اور اس زبان کے فروغ میں اسمٰعیلی برادری کا خصوصی حصہ ہے کیوں کہ بروشسکی بولنے والوں کی اکثریت مذہب اسمٰعیلی کی پیروکار ہے۔ جامعہ کراچی میں پروفیسر سحر

انصاری نے ایک علمی نشست میں بروشسکی زبان پر گفتگو کے بعد پروفیسر اسحاق منصوری کے ایک سوال کے جواب میں اس خدشے سے اتفاق کیا تھا کہ بروشسکی کا فروغ ایک اہم معاملہ ہے اور غالباً اسمٰعیلی ریاست کے قیام کے لیے اس زبان پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔

برعظیم کی زبانوں میں ایک نئی زبان کا اضافہ اس دعوے کا ثبوت ہے کہ ایشیا مذاہب، تہذیب اور زبانوں کا آج بھی گہوارہ ہے۔

زبانوں کا خاتمہ: مغربی تہذیب و فلسفہ

زبانیں کیوں ختم ہو جائیں گی یا اگر بچ بھی گئیں تو صرف عشق و محبت کے لیے کیوں مخصوص ہو جائیں گی۔ اور صرف چار اہم زبانیں ابلاغ کا ذریعہ کیوں بن جائیں گی؟ ماہر لسانیات کی جانب سے اٹھائے گئے یہ سوالات اہم سوالات ہیں اور ان کا جواب تلاش کرنے کے لیے ہمیں مغربی فکر و فلسفے کی تین سو سالہ تاریخ کا مطالعہ کرنا ہوگا۔ غالباً اس مطالعے اور مشاہدے کے بعد مشہور انگریز نومسلم مارما ڈیوک پکتھال نے اپنے خطبات Islamic Culture میں مغربی تہذیب کو تہذیب تسلیم کرنے سے انکار کر دیا۔ وہ مغرب کو Society of Dogs and Pigs قرار دیتے ہیں۔ اسے وحشت و بربریت کی علامت سمجھتے ہیں اور اسے سولائزیشن تسلیم کرنے سے انکار کرتے ہیں۔ اس فلسفہ کے نتیجے میں دنیا بھر میں Streak of Accentricity کی کیفیت پیدا ہوگئی ہے۔ مشہور فرانسیسی فلسفی Gills Deleuze مغربی تہذیب کو عالمگیر تہذیب تسلیم نہیں کرتا وہ اسے بہیمیت، وحشت و بربریت Savage قرار دیتا ہے، اپنی بعض کتابوں کے سرورق پر وہ لکھتا ہے کہ Capitalism is a Schizophrenic System واضح رہے کہ مشہور فلسفی فوکو Deleuze کے بارے میں کہتا ہے کہ 21st Century will be the Deleuze's century. یہ وہی فوکو ہے جس نے کہا تھا کہ انسان تو اٹھارہویں صدی میں پیدا ہوا ہے۔ مغرب کے خلاف ان خطیبانہ بیانات کے باوجود اس کی اصل حقیقت کو سمجھنا اس وقت تک ممکن نہیں جب تک ہم مغربی فکر و فلسفے کی اصلیت، حقیقت، ماہیت حیثیت اور عصری تاریخ میں اس کے مقام سے واقف نہ ہوں۔ اس فلسفے سے واقفت کے نتیجے میں ہمیں معلوم ہوگا کہ مغرب میں زبانیں کیوں مٹائی گئیں۔ براعظم امریکہ، آسٹریلیا، ایشیا، افریقہ کی نوآبادیات میں زبانیں کیسے قتل کی گئیں؟ مغرب کی مصنوعی زبانیں کیوں زندہ نہ رہ سکیں اور مغرب میں کوئی نئی زبان کیوں وجود میں نہ آسکی؟ اگر ایشیا میں بروشسکی زبان کی لغت تیار ہوسکتی ہے تو امریکہ، یورپ میں سینکڑوں مٹتی ہوئی زبانوں کی لغت تیار ہوسکتی ہے۔

حوالہ جات

۱۔ سید خالد جامعی مرتب حمیدیہ شمارہ ۲۱[لسانیات نمبر] اور حمیدیہ شمارہ ۲۲[قدیم لسانیات وکتبات نمبر زبانوں کے آغاز اور ارتقاء پر خصوصی اشاعتیں] شعبۂ تصنیف وتالیف وترجمہ، جامعہ کراچی کا علمی وتحقیقی مجلّہ دونوں شماروں میں مولانا ابوالجلال ندویؒ کی لسانی تحقیقات پیش کی گئی ہیں۔ جن میں ''ام السنہ'' کے حوالے سے نئے مباحث ہیں۔ ندویؒ نے عربی کو ام السنہ قرار دیا ہے اور وادی سندھ کی مہروں کے نقوش عربی زبان کی مدد سے پڑھنے کا دعویٰ کیا ہے۔

۲۔ ایضاً، حمیدیہ شمارہ ۲۳[فلسفہ لسان نمبر] اس شمارے میں وادی سندھ کی مہروں کے حوالے سے ام الالسنہ کی نئی بحث کی گئی ہے اور سنسکرت کے بجائے عربی کو ترجیح دی گئی ہے۔

۳۔ ایضاً، حمیدیہ شمارہ ۲۴[قدیم لسانیات و ادبیات نمبر] اس شمارے میں زبانوں کے آغاز کے بارے میں مذہبی روایات کا تحقیقی جائزہ، اقوام عرب وعجم کا اسلوب تحریر وفن لغت نویسی، دنیا بھر میں موجود زبانوں کی تقسیم وتفہیم وغیرہ موضوعات اور مولانا ابوالجلال ندوی کا تحقیقی موئن جوداڑو شامل ہیں۔

۴۔ ڈاکٹر سہیل بخاری ''اردو کی کہانی'' فضلی سنز لمیٹڈ کراچی ۱۹۹۴

۵۔ ڈاکٹر معین الدین عقیل مرتب حمیدیہ شمارہ اکیس[لسانیات نمبر] اس شمارے میں خالد حسن قادری کا تحقیقی مضمون ''اردو کا آغاز اور مولد'' انگریزی سے ترجمہ کر کے شامل کیا گیا ہے جس میں زبانوں کے آغاز اور ام الالسنہ کے حوالے سے نئے گوشے وا کیے گئے ہیں۔

۶۔ سیّد خالد جامعی مرتب حمیدیہ شمارہ ۲۹[غیر مطبوعہ کتابیں نمبر] معروضات میں صفحہ ایک پر مرتب نے ڈاکٹر شمس الرحمان فاروقی مدیر شب خون کا خط نقل کیا ہے جس میں سہیل بخاری مرحوم کی تحقیقات پر تبصرہ کیا گیا ہے۔

۷۔ ڈاکٹر خالد حسن قادری ''اردو کا آغاز اور مولد'' مشمولہ حمیدیہ شمارہ ۲۱، ص IX ایضاً

۸۔ ایضاً، ص IX

۹۔ ایضاً، ص X

۱۰۔ ایضاً، ص IX

۱۱۔ ایضاً، ص XIV

۱۲۔ سید خالد جامعی، وادیٔ سندھ کے لوگوں کا مذہب، حمیدیہ ۲۴، شعبۂ تصنیف وتالیف وترجمہ، ص ۴۷ تا ۵۹۔

۱۳۔ ابوالجلال ندوی، آثار وافکار، سید خالد جامعی، مدیر حمیدیہ ۲۰۰۴ء شعبۂ تصنیف وتالیف وترجمہ، جامعہ کراچی۔

۱۴۔ زبانوں کے آغاز کے بارے میں مذہبی روایات کا تحقیقی جائزہ، سید خالد جامعی، حمیدیہ ۲۴، شعبۂ تصنیف وتالیف و تالیف وترجمہ، کراچی، ص ۱۱۲ تا ۱۳۲

۱۵۔ گروپ کیپٹن فیاض محمود تاریخ ادبیات مسلمانان پاکستان و ہند[علاقائی ادب]لاہور پنجاب یونیورسٹی ۱۹۷۳ء جلد۔ص ۵۶.....لاہور

۱۶۔ شہناز سلیم[مرحوم کی زبان]مشمولہ جریدہ ۲۱ ص XXIV

۱۷۔ ایضاً،ص XXIV

۱۸۔ گروپ کیپٹن فیاض محمود تاریخ ادبیات مسلمانان پاکستان و ہند[علاقائی ادب]پنجاب یونیورسٹی ۱۹۷۳ء جلد ۵ ص ۵۸،۵۷،لاہور

۱۹۔ ایضاً،ص ۷۱،۷۰

۲۰۔ ایضاً،ص ۲۳ تا ۶۱

۲۱۔ گروپ کیپٹن فیاض محمود مرتب تاریخ ادبیات مسلمانان پاکستان و ہند[علاقائی ادب]پنجاب یونیورسٹی،ص ۷۷۔۷۸،لاہور

۲۲۔ ایضاً،ص ۸۰

۲۳۔ ایضاً،۸۰۔۸۱

۲۴۔ ایضاً،ص ۸۲

۲۵۔ ایضاً،ص ۸۴،۸۳

۲۶۔ گروپ کیپٹن فیاض محمود تاریخ ادبیات مسلمانان پاکستان و ہند[علاقائی ادب]پنجاب یونیورسٹی ۱۹۷۳ء جلد ۵،ص ۶۹ تا ۶۵

۲۷۔ جریدہ شمارہ ۲۶ ایضاً،معروضات ص ۲

۲۸۔ G. Morgenstiern: Report on a liguistic Mission to North West India 1932 OSLO.

۲۹۔ معروضات ڈاکٹر معین الدین عقیل مشمولہ جریدہ ۲۱ ص V.VI

۳۰۔ سیّد خالد جامعی "مرحوم کی تاریخ و تحقیق کی میزان میں" مشمولہ جریدہ شمارہ ۲۱ XXVIII

۳۱۔ ایضاً، XXIX- XXVIII

۳۲۔ ایضاً، XXIX

۳۳۔ ایضاً، XXX

۳۴۔ ایضاً، XXXI

۳۵۔ XXII, XIII

۳۶۔ Grierson 1915 LSI 801-Intronote

۳۷۔ Colin P. Masica: The new liguisitc Environment p.p. 41-42

۳۸۔ David Crystal: *An Encyclopaedic Dictionary of Language & Languages*, p.52, Hudders Field 1992.

۳۹۔ Anatole V. Lyovin: *An Introduction to the Languages of the World,pp.125-126,* Oxford University Press. New York. Oxford.1997.

۴۰۔ پروفیسر ڈاکٹر محمود احمد "اسرائیل میں عبرانی زبان کا مقام مشمولہ" اخبار اردو"، جنوری ۲۰۰۵ء، ص ۲

۴۱۔ ایضاً، ص ۳

۴۲۔ ایضاً

۴۳۔ ایضاً

۴۴۔ ایضاً، ص ۴ ۔۵

۴۵۔ ایضاً، ص ۵

۴۶۔ ایضاً، ۶

۴۷۔ ایضاً

۴۸۔ ایضاً، ۵

۴۹۔ ایضاً،

۵۰۔ سید خالد جامعی، استعمار کے ہاتھوں نسلوں اور زبانوں کا قتل عام، حمیدیہ ۳۰، شعبۂ تصنیف و تالیف و ترجمہ، ص ۴۸ سے ۴۵ تک۔

دہشت گردی: تاریخ و تحقیق کی روشنی میں

مہذب قوموں کے ہاتھوں پونے دو ارب لوگوں کا قتل

سید خالد جامعی

زبانیں اور استعماری طاقتیں:

گزشتہ تین سو سال کی استعماری تاریخ بتاتی ہے کہ ولندیزی (Dutch)، برطانوی (Birtish)، ہسپانوی (Spanish)، اطالوی (Italian)، بلجین (Beligian)، تاتاری (Tatarian)، پرتگیزی (Portuguese)، روسی (Russian)، امریکی (American)، فرانسیسی (French)، المانوی [German]، اور آسٹرین [Austrian] استعمار نے دنیا میں جہاں بھی قبضے کیے وہاں نوآبادیات قائم کیں اور لوگوں کو غلام بنایا۔ یہ تمام طاقتیں Empire کہلاتی تھیں اور امپریل ازم انہی کا تحفہ تھا جس کا تلخ ذائقہ دنیا آج بھی محسوس کرتی ہے۔ گزشتہ تین سو برس کے عرصے میں پونے دو ارب انسانوں کا قتل عام انہی استعماری طاقتوں نے کیا۔ قتل عام کرنے والی مہذب نسلیں یوروپی تھیں۔ اس سے پہلے کی تاریخ میں یونانی [Greeck]، ہندی [Hindai]، ایرانی [Persian]، چینی [Chinese]، اور دیگر استعماری طاقتوں نے دنیا میں قتل و غارت گری کی وحشیانہ رسمیں عام کیں۔ [Emperialism] استعماری طاقتوں کی لوٹ مار، غنڈہ گردی، دہشت گردی کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ ۱۹۱۴ء میں برطانوی استعمار [Birtish Emperialism] کی کل آبادی ۴۰٫۸ ملین تھی لیکن اس کی نوآبادیات کی آبادی ۳۹۰ ملین تھی اور ۲۷ ملین کلومیٹر رقبہ اس کے قبضے میں تھا۔ فرانس کی آبادی ۱۹۱۴ء میں ۳۹٫۶ ملین تھی لیکن اس کی نوآبادیات میں ۶۳ ملین لوگ محصور تھے اور رقبہ ۱۱ ملین کلومیٹر تھا۔ جرمنی کی آبادی ۶۳ ملین تھی اور نوآبادیات میں غلام نسلوں کی تعداد ۱۵ ملین تھی اور رقبہ ۲۰٫۵ ملین کلومیٹر تھا۔ اطالوی استعمار کی آبادی ۳۵ ملین تھی اور اس کی نوآبادیات کے لوگوں کی تعداد ۱۲ ملین تھی اور رقبہ ۲ ملین کلومیٹر تھا۔

Neo-Colonialism کے بانی روس، امریکہ اور برطانیہ کی نوآبادیات اور آزاد کردہ نوآبادیاتی

علاقوں پر ذہنی، فکری اور ثقافتی یلغار کے ذریعے دوبارہ قبضے کی تاریخ کسی اور موقع پر بیان کی جائے گی۔ عموماً لوگ فرانسیسی استعمار [Frech Emperialism] کو ایک شریف استعماری طاقت سمجھتے ہیں لیکن Alistair Horne کی کتاب A Savage war of Peace: Algeria 1954-1962۔ اس شرافت کی حقیقت، خصلت، حیثیت اور ماہیت سے بخوبی آگاہ کرتی ہے۔ صرف قتل عام کوئی بات نہیں۔ استعمار نے جس وحشیانہ طریقے سے عورتوں، بوڑھوں بچوں کو قتل کیا جس طرح دہشت گردی کا ارتکاب کیا گیا۔ سترہویں صدی سے پہلے ایسی سفاکی کی مثالیں چینی اور تاتاری علاقوں کے سوا بہت کم ملیں گی۔ امریکا اور آسٹریلیا کے اصل باشندوں کو وحشی قرار دے کر قتل کر دیا گیا اور ان کی زبانیں مٹا دی گئیں۔ جہاں زبانیں نہیں مٹائی جا سکیں وہاں ثقافتی استعماریت کے ذریعے زبانوں کے رسم الخط کو تبدیل کیا گیا تا کہ ان نوآبادیات کو ان کے عظیم الشان تاریخی ورثہ سے محروم کر دیا جائے۔ اس کے نتیجے میں جب یہ نوآبادیات اپنے تاریخی ورثے کو پڑھنے کے قابل نہ رہیں تو ان کے تاریخی آثار و عجائبات وہاں سے منتقل کر کے ماضی کے اس ورثے سے قائم ایک جذباتی تعلق کو بھی ہمیشہ کے لیے ختم کر کے ان نو آبادیات کے لوگوں کے لیے ان کی تاریخ کو اجنبی بنا دیا گیا۔ استعماری طاقتوں کے ہاتھوں زبانوں کے قتل عام کی داستان ابھی تک کئی پردوں میں مشہور ہے۔ ذیل میں ہم چند پردے ہٹا کر حقائق پیش کر رہے ہیں۔ پہلی مثال براعظم آسٹریلیا پر برطانوی قبضے کے بعد، مقامی لوگوں کا اور ان کی زبانوں کا قتل عام ہے۔

براعظم آسٹریلیا: زبانوں کا قتل عام:

ایشیا سے ملحقہ جنوب میں دنیا کا سب سے بڑا جزیرہ آسٹریلیا واقع ہے جو ایک براعظم بھی ہے۔ زبانوں کے قتل عام پر مبنی علمی و تحقیقی مطالعات سے پتہ چلتا ہے کہ برطانوی استعمار نے نہ صرف اس براعظم کو لوٹا اور اس کے مکینوں کا قتل عام کیا بلکہ ان کی زبانوں کا بھی قتل عام کیا گیا یہ سلسلہ اس علاقے پر برطانیہ کے تسلط سے شروع ہوا اور ہزاروں زبانوں کی تباہی بربادی اور معدومی پر منتج ہوا۔

ماہرین ارضیات کے مطابق براعظم آسٹریلیا کی سرزمین دنیا کی قدیم ترین ساخت کی حامل ہے جو آج سے تقریباً ۱۴ ارب ۶۰ کروڑ سال سے ۵۷ کروڑ سال پہلے معرض وجود میں آئی۔

انگریزوں کی آمد سے سینکڑوں سال پہلے یہاں کے شمالی ساحلوں پر چینی اور انڈونیشیائی اقوام کا آنا جانا رہتا تھا۔ انگریزوں کی آمد یہاں ابیل تسمان سے شروع ہوتی ہے۔ ابیل تسمان نے ۱۶۴۲ اور ۱۶۴۴ میں اور جیمز کک نے ۱۷۷۰ میں اس براعظم کو تسخیر کیا لیکن کیپٹن آرتھر فلیپ نے ۱۷۸۸ میں یہاں نوآبادیات قائم کرنے کا سلسلہ حقیقی معنوں میں شروع کیا۔

جزیرہ تسمانیہ کے لوگوں کو صفحہ ہستی سے مٹا دیا گیا:

براعظم آسٹریلیا کی زبانوں کے ساتھ ساتھ یہاں کے باشندوں کے خاتمے کا پہلا قدم جزیرہ تسمانیہ

میں اٹھایا گیا۔ اٹھارہویں صدی کے درمیان ہی جزیرۂ تسمانیہ کے تمام مقامی لوگوں کو صفحۂ ہستی سے مٹا دیا گیا۔ آسٹریلیا کے اصل باشندوں کے خلاف امتیازی قوانین تیار کیے گئے جو ۱۹۶۰ تک روبہ عمل رہے لیکن ان قوانین کو وہاں کی انسانی حقوق کی تنظیموں کے احتجاج کے بعد ۱۹۶۰ کے عشرے میں منسوخ کرنا پڑا لیکن اس تنسیخ سے کوئینز لینڈ کو مستثنیٰ رکھا گیا۔ آسٹریلیا کی ۸ ریاستیں ہیں۔ مقامی لوگوں کی آبادی آسٹریلیا کے شمال اور شمال مشرقی حصے میں کثرت سے آباد ہے۔

آسٹریلیا کی ۲۳۵ زبانیں موت کی دہلیز پر:

آسٹریلیا کی تقریباً ۲۶۸ زبانوں میں سے ۲۳۵ زندہ ہیں اور ۳۱ مر چکی ہیں لیکن بقیہ ۲۳۵ زبانیں بھی موت کی دہلیز پر آخری سانسیں گن رہی ہیں۔ ان زبانوں میں صرف چند ہی ایسی ہوں گی جن کے بولنے والے ہزار یا ڈیڑھ ہزار کے قریب ہوں گے لیکن باقی تمام زبانوں کے بولنے والوں کی تعداد تین چار یا دس بیس سے زیادہ نہیں۔

شمالی صوبہ کوئنز لینڈ:

سرکاری سرپرستی میں آسٹریلیا کے اصل نگر نہتے باشندوں کا قتل عام اور استحصال ۱۹۶۰ تک آسٹریلیا میں ہوتا رہا، عوامی دباؤ کے باعث حکومت نے مدارس میں داخلے اور دفاتر میں نوکری وغیرہ کے حقوق مجبوراً بحال کیے لیکن شمالی صوبہ کوئنز لینڈ کو اس عمل سے مستثنیٰ رکھا گیا۔ یہ صوبہ شمال میں ہے جہاں پر آج بھی آسٹریلیا کی معدوم ہونے والی زیادہ تر زبانیں ہیں۔ ریاستِ وکٹوریہ میں جو جنوب مغرب میں ہے آج بھی ان مقامی لوگوں کو حق ملکیت حاصل نہیں، یہاں جن علاقوں میں یہ لوگ محصور ہیں یا محدود ہیں، ان علاقوں میں اصل باشندے زمین کی ملکیت نہیں رکھ سکتے نہ انھیں خریدنے کی اجازت ہے۔ یہ ریاست یہاں کی امیر ریاست ہے اور سفید فام نسل کے لوگ یہاں زیادہ بستے ہیں۔

قدیم باشندوں کے حقوق ۲۰۰۴ء میں معطل:

دسمبر ۲۰۰۴ء میں رائیٹر (Reuters) نیوز ایجنسی نے یہ خبر دی کہ آسٹریلیا کے وزیر اعظم ہاورڈ نے مقامی لوگوں کو تحفظ دینے اور ان کی زبانوں کو بچانے کے لیے ان کے علاقوں میں رات کا کرفیو نافذ کر دیا ہے اور شراب کی فروخت ممنوع قرار دی گئی ہے۔

زبانوں کو مٹانے کے بعد تحفظ کی تحریک:

۱۹۶۰ء میں قائم آسٹریلیائی ادارہ برائے مطالعاتِ باشندگان اصل (Australian Institute of Aboriginal Studies) نے ان مقامی زبانوں پر تحقیق کے کام کا آغاز کیا یہ ادارہ دارالحکومت کینبرا میں ہے۔ یہ ادارہ وقتاً فوقتاً زبانوں کے بچاؤ کے لیے کام کرتا ہے جن میں مختلف زبانوں کو محفوظ کرنا، ان کے نغموں اور لوریوں کو صوتی انداز میں ریکارڈ کرنا وغیرہ شامل ہے۔ دو صدیوں تک زبانوں کا قتل عام کرنے کے بعد ان کی

حفاظت کا انوکھا اور اچھوتا خیال جدیدیت اور انسانیت کی عجیب وغریب شکل ہے۔ پہلے باشندوں کو قتل کیا گیا جو بچ گئے ان کی زبانوں کو مٹایا گیا اور اب عالمی انسانی و تہذیبی ورثے کے تحفظ کے نام پر زبانوں کی حفاظت کے منصوبوں کے ذریعے اپنی انسانیت کے گن گائے جا رہے ہیں۔

آسٹریلیا کی تمام زبانیں ذخیرۂ الفاظ کے لحاظ سے ایک دوسرے سے کافی حد تک مشابہ ہیں۔ ماہرینِ لسانیات کا خیال ہے کہ آج سے ۵ ہزار سال پہلے یہ تمام زبانیں ایک بڑی زبان تھی۔ ان تمام زبانوں کے لسانی و ثقافتی روابط انڈونیشیائی اور پاپوا نئی گنی (Papua New Guinea) کی زبانوں سے بھی ملتے ہیں۔ حیرت انگیز بات یہ ہے کہ ان دونوں ممالک میں تو یہ زبانیں خوب پھل پھول رہی ہیں لیکن آسٹریلیا میں انھیں تہس نہس کر دیا گیا ہے۔

مٹنے والی زبانوں کی فہرست:

ذیل میں آسٹریلیا کی ایسی زبانوں کے نام دیے جا رہے ہیں جن کے بولنے والوں کی تعداد صرف چند نفوس ہے اور اس مضمون کی اشاعت تک ان میں سے کتنی ہی زبانیں معدوم ہو چکی ہوں گی:

۱۔ ادینیا ماتھن ہا (Adynyamathanha): یہ زبان آسٹریلیا کے جنوب میں بولی جاتی تھی اب وہاں اس کے بولنے والے صرف ۲۰ ہیں۔

۲۔ امی (Ami) اس کے بولنے والے ۳۰ ہیں اور یہ شمال میں ڈارون میں بستے ہیں۔

۳۔ الاوا (Alawa): شمالی علاقے میں بولی جاتی ہے اور بولنے والوں کی تعداد ۱۷ سے ۲۰ تک ہے۔

۴۔ ارابانا (Arabana): سن ۱۹۸۱ میں اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ۸ تھی اور یہ لوگ جنوب میں برڈزول، جھیل آئری (Lake Eyre) کے مغربی حصے میں بستے ہیں۔

۵۔ النگِث (Alngith): آسٹریلیا کے شمال مشرق علاقے جزیرہ نما کیپ یارک میں اس کے بولنے والے اب صرف ۳ کی تعداد میں ہیں۔

۶۔ اندے گیرے بن ہا (Andegerebinha): بولنے والوں کی تعداد ۱۰ یا اس سے کم ہے۔ شمالی علاقے میں بولی جاتی ہے۔

۷۔ انتا کارن یا (Antakarinya) جنوبی آسٹریلیا کے شمال مشرق میں یہ لوگ بستے ہیں اور ان کی تعداد ۵۰ کے قریب ہے۔

۸۔ امارگ (Amarag): شمالی علاقہ میں صرف چند بولنے والے ہیں یہ زبان فوری معدوم ہونے والی ہے۔

۹۔ اریبا (Areba): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ۲ ہے جو شمال مشرق میں کوئنز لینڈ کے جزیرہ نما کیپ یارک میں بستے ہیں۔

۱۰۔اتمپایا(Atampaya):۴،ایلی یٹ کریک(Eliot Creek) کوئنز لینڈ۔

۱۱۔ایابادھو(Ayabadhu):بولنے والوں کی تعداد ۶ ہےاور یہ لوگ بھی شمالی آسٹریلیا میں جزیرہ نما کیپ یارک کی دریائے کول مین(Coleman) کے شمال میں بستے ہیں۔

۱۲۔بادی(Baadi):۲۰،اس زبان کو تحفظ دینے کی غرض سے محصور کیا گیا ہےاوران کا علاقہ مغربی کمبرلی ریجن Western Kimberley Region مغربی آسٹریلیا میں ہے۔

۱۳۔بڈی مایا(Badimaya):تقریباً معدوم ہورہی ہے بولنے والوں کی تعداد ایا ۲ ہےاور یہ مغربی آسٹریلیا میں بستے ہیں۔

۱۴۔بنجالنگ(Bandjalang)زبان بولنے والے صرف دس ہیں اور علاقہ وڈین بونگ (Woodenbong) نیوساؤتھ ویلز میں رہتے ہیں۔

۱۵۔بنجی گلی(Bandjigali):۱،شمالی وہائٹ کلف(White Cliffs)نیوساؤتھ ویلز۔

۱۶۔بیرو پوائنٹ(Barrow Point)صرف ایک بولنے والا، کیپ یارک کوئنز لینڈ شمالی آسٹریلیا۔

۱۷۔بایونگو(Bayungu):۶،ویسٹ پلبارا کی لینڈن اور میلیا دریاؤں کے درمیان،مغربی آسٹریلیا میں یہ لوگ بستے ہیں۔

۱۸۔بیدیارا(Bidyara):۲۰،کوئنز لینڈ کے کتا مبواور اگانیلا کے علاقوں میں یہ زبان بولنے والے لوگ بستے ہیں۔

۱۹۔بیری(Biri):۵،جنوب مشرقی چارٹرز ٹاورز(Charter Towers) کوئنز لینڈ۔

۲۰۔بروم پرلنگ(Broome Pearling):۴۰ کے قریب لوگ خلیج بیگل(Beagle Bay)مغربی آسٹریلیا میں بستے ہیں۔

۲۱۔بُونابا (Bunaba):سو کے قریب لوگ یہ زبان بولتے ہیں جو فزروئے کراسنگ ایریا (Fitzroy Crossing Area)مغربی آسٹریلیا میں بستے ہیں۔

۲۲۔بُرُدونا(Burduna):۳مغربی آسٹریلیا کی ہنری اور ایرلینڈن دریاؤں کے کنارے یہ لوگ بستے ہیں۔

۲۳۔جامنجونگ(Djamindjung):۱،۳۰،کوئنز لینڈ،منگانا کے مغرب میں۔

۲۴۔جنگون(Djangun):منگانا،کوئنز لینڈ،صرف ایک زبان بولنے والا باقی ہے۔

۲۵۔دھرگری(Dhargari):۶مغربی آسٹریلیا،مئیلیا اور دریائے لیون کے زیریں حصے میں بستے ہیں۔

۲۶۔جاوی(Djawi):۱،مغربی آسٹریلیا،خلیج برنس ویک(Brunswick Bay)کے کنارے۔

۲۷۔جنبا(Djinba):۹۰بولنے والے ارن ہیم لینڈ Arnhem Land ناردرن ٹیریٹری۔اس زبان کا ایک اور لہجہ دابی(Dabi)۱۹۹۱تک میں معدوم ہو چکا ہے۔

۲۸۔ جنگیلی (Djingili):۱۰، ایلیٹ، ناردرن ٹیریٹری۔

۲۹۔ جوارلی (Djiwarli):اس زبان کو بولنے والا صرف ایک بوڑھا ہے، کوہ اگسٹسٹ، مغربی آسٹریلیا۔

۳۰۔ ڈراری (Dirari):۱، جنوبی آسٹریلیاں، تھیل آئری کے شمال میں۔

۳۱۔ دھلانجی (Dhalandji):۲۰، مغربی آسٹریلیا میں ویسٹ پلبارا میں خلیج ایکس ماؤتھ کے کنارے بستے ہیں۔

۳۲۔ دیابوگے (Dyaabugay):۳، کوئنز لینڈ، پورٹ ڈگلس کے سطح مرتفع پر۔

۳۳۔ ڈارلنگ/بگوندجی (Darling/ Bagundji):۵، دریائے ڈارلنگ کے کنارے، نیو ساؤتھ ویلز۔

۳۴۔ دیابردیابر (Dyaberdyaber):۳، خلیج بنگل، مغربی آسٹریلیا۔

۳۵۔ دیانگادی (Dyangadi):۵، دریائے میک لیے، آرمی ڈیل نیو ساؤتھ ویلز۔

۳۶۔ دی یربال (Dyirbal):۴۰، دریائے ہوبرٹ، کوئنز لینڈ

۳۷۔ دیوگن (Dyugun):۲، بروم (Broome) مغربی آسٹریلیا۔

۳۸۔ ایرے (Erre):۱، کوہ ہاؤشب (Mt. Howship) ناردرن ٹیریٹری۔

۳۹۔ فلنڈرز آئی لینڈ (Flinders Island):۳، جزیرہ نما کیپ یارک خلیج پرنس شارلٹ، کوئنز لینڈ۔

۴۰۔ گاجی راونگ (Gadjerawang):۳، یہ لوگ دریائے وکٹوریا کے سرے پر مغربی آسٹریلیا میں بستے ہیں۔

۴۱۔ گاگادو (Gagadu):۶، اوئن پلی، ناردرن ٹیریٹری۔

۴۲۔ گمبیرا (Gambera):۶، شمالی کمبرلینز، مغربی آسٹریلیا۔

۴۳۔ گنگالیدا (Ganggalida):۵، بورک ٹاؤن (Bourke Town) کوئنز لینڈ

۴۴۔ گیاردیلت (Gayardilt):۵۰، خلیج کارپنٹیریا، کوئنز لینڈ۔

۴۵۔ جی یگ (Giyug):۲، ڈارون کے جنوب مغربی میں ناردرن ٹیریٹری۔

۴۶۔ گونی یاندی (Gooniyandi):۱۰۰، دریائے مارگریٹ مغربی آسٹریلیا۔

۴۷۔ گوگج (Gugadj):۱، دریائے نورمن، کوئنز لینڈ۔

۴۸۔ گوگوبدھون (Gugu Badhun):۲، آئی ناسلے (Einasleigh) کوئنز لینڈ۔

۴۹۔ گوگوبیرا (Gugubera):۱۵، مشن اور مچل دریاؤں کے سرے پر کوئنز لینڈ میں یہ لوگ بستے ہیں۔

۵۰۔ گوگوئی مجر (Guguyimidjir):۳۰ لوگ یہ زبان بولتے ہیں لیکن ۲۵۰ سے ۳۰۰ کے قریب یہ زبان بولنے والے لوگ اب انگریزی بولنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ ہوپ ویل (Hopevale) کوئنز لینڈ

۵۱۔ گنگابولا (Gungabula):۲، انجون (Injune) کوئنز لینڈ۔

۵۲۔ گنیا (Gunya):۳، ویاندرا (Wyandra) کوئنز لینڈ۔

۵۳۔گوراگون(Guragone):۲۰،ارن ہیم لینڈ،ناردرن ٹیریٹری۔
۵۴۔گرجر (Gurdjar):۳۰،دریائے نورمن کے شمال مشرقی کنارے،کوئنز لینڈ۔
۵۵۔گوامو(Guwamu):ا،مارانوا دریا،کوئنز لینڈ

آسٹریلیا کی مردہ زبانیں:

مندرجہ بالا زبانیں آسٹریلیا کی وہ زبانیں ہیں جو موت کے قریب ہیں اور اپنی زندگی کی آخری سانسیں گن رہی ہیں۔مگر ذیل میں اس براعظم کی وہ زبانیں دی جارہی ہیں جو اب مر چکی ہیں۔

اگوامین (Agwamin)	اگھوتھرنگ گالو (AghuThamggalu)
اوابا کال (Awabakal)	بنگ گرلا (Banggarla)
بیالی (Bayali)	پرلاتپا (Pirlatapa)
تجورُرُورُو (Tjurruru)	تھراوَل (Thurawal)
دُھرگا (Dhurga)	ڈیری (Dieri)
کری یارا (Kariyarra)	کلارکو (Kalarko)
کلکوٹونگ (Kalkutung)	کنگارا کانی (Kungarakany)
گنگ گولو (Gangulu)	گوریگ گوریگ(Gureng Gureng)
گوگو ورا (Gugu Warra)	لینن گی تج (Leningitij)
ملگانا (Malgana)	مے کولان (Maykulan)
نگان یائے وانا (Nganyaywana)	نگانڈی (Ngandi)
نے رن یے ری (Naminyeri)	وری یگ گا (Wariyangga)
وِنڈارنگ (Wandarang)	وورِیمی (Worimi)
وُولی وُولی (Wuliwuli)	یالارن گا (Yalarnnga)

یُوگم بل (Yugambal)[۳۶،۳۷،۳۸،۳۹،۴۰،۴۱،۴۲]

کیتھولک استعماریت: رونگو زبان کا خاتمہ:

بحرالکاہل کا جزائر ایسٹر (Easter Islands)جسے ولندیزی سیاح نے ۱۷۲۲ میں دریافت کیا تھا۔ اس جزیرے میں آج کل رومن رسم الخط رائج ہے لیکن ۱۸۶۴ء سے پہلے اس جزیرے کا اپنا رسم الخط تھا جسے ''رونگو رونگو'' کہا جاتا تھا۔اس خط کو شارک مچھلی کے دانت سے لکھا جاتا تھا۔اس خط کو پڑھنے کا طریقہ یہ تھا کہ جب ایک صفحہ یا ایک سطر پڑھ لی جاتی تو اس صفحے کا سرا گھما کر نیچے کر دیا جاتا اور اس طرح دوسری سطریں سامنے آجاتیں یعنی

اس کو پڑھنے کے لیے صفحے کو گھمایا جاتا تھا۔۱۸۶۴ء میں جب کیتھولک عیسائی مبلغین یہاں آئے تو انھوں نے ان لکڑی کی تختیوں کو جلا کر خاکستر کر دیا۔ یہ لکڑی کی تختیاں مختلف حجم کی تھیں ان میں سے آج صرف ۱۵ تختیاں دستیاب ہیں ان میں سب سے بڑی تختی کا حجم ۶ فٹ ہے۔ یہ رسم الخط قدیم سندھی رسم الخط سے مشابہہ ہے۔ان واقعات سے اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ استعماری طاقتوں کے ساتھ ساتھ مذہبی استعماریت نے بھی مختلف زبانوں کو کس طرح ختم کیا۔

ہندی استعماریت اور پالی ومقامی زبانیں:

بودھ مت کا آغاز ۶۰۰ ق م میں ہوا جو دراصل آریہ غلبہ یا (ہندومت) کے خلاف اعلان جنگ تھا۔یہ اعلان جنگ لسانی طور پر بھی سنسکرت کا مدمقابل تھا بودھ مت نے سنسکرت کو کسی حد تک اپنایا ورنہ اس کی عوامی زبان ماگدھی تھی اور پالی زبان ادبی حیثیت رکھتی تھی۔ چناں چہ راجا اشوک کے کتبے آج تک اس امر کا ثبوت فراہم کرتے ہیں۔پالی دراصل متن یا سطر کو کہتے ہیں اور یہ لفظ قطار اور حاشیے کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔پالی بھی سنسکرت کی طرح مختلف رسم الخطوں میں لکھی جاتی تھی۔سب سے پہلے یہ زبان سنہالا رسم الخط میں حضرت مسیحؑ سے سو سال قبل ضبط تحریر میں لائی گئی۔

ہندومت کا احیاء ہوا تو بدھ مذہب اور پالی زبان خاک وخون کے المناک مناظر سے روشناس ہوئے۔بدھ دھرم اور اس کی زبان کی درگت بنائی گئی۔بودھ مت کے علماء کو قتل کر کے ان کے سروں کو اوکھلی میں کٹوا کر ہڈیوں کے سفوف کو ہوا میں اڑا دیا گیا۔مذہب کے ساتھ زبان بھی مورد عتاب ٹھہری۔ پورے شمالی ہند کی زبانیں بھی زبردست شکست وریخت سے دوچار ہوئیں۔طاقت کے بل پر پالی اور دیگر زبانوں کو مٹانے اور سنسکرت کو زندہ کرنے کی بھرپور کوشش ہوئی لیکن سنسکرت عوامی زبان نہ بن سکی۔اسلام کی پوری تاریخ اس قسم کی عصبیت تشدد وسفاکی اور بہیمت سے پاک ہے۔ارشاد رسالت مآبؐ ہے کہ "اگر دشمن کے شر سے بچنا چاہتے ہو تو اس کی زبان سیکھ لو" یہ حکیمانہ قول مسلمانوں میں زبانوں کو سیکھنے کا سبب بنا اور انھوں نے اس حکمت کے ذریعے دشمنوں کو اسلام کے دائرے میں داخل کر لیا اور ان کی زبانوں کو بھی اپنا بنا لیا۔اس قید میں آنے کے بعد کوئی رہائی پر آمادہ نہ ہوا۔

نو کروڑ سرخ ہندیوں کا قتل عام:

براعظم شمالی امریکا کو یورپی مہم جوؤں نے سولہویں صدی کے اوائل میں دریافت کیا۔کولمبس کی آمد کے وقت امریکا میں جو لوگ آباد تھے ان کے بارے میں عام خیال یہ ہے کہ وہ بیس تا پینتیس ہزار سال قبل الشیاء سے امریکا آئے تھے۔عام طور پر ان لوگوں کو سرخ ہندی کہا جاتا ہے۔

کولمبس کی آمد کے وقت موجودہ براعظم شمالی امریکا میں ایک اندازے کے مطابق تقریباً دس کروڑ

اس پوری آبادی کی نسل کشی اوران کی جائیداد اور زمینوں پر زبردستی قبضہ کرنا اوران کو ہتھیانا تھا۔مائیکل مین کی کتاب The Dark Side of Democracy جو ہارورڈ یونیورسٹی سے شائع ہوئی ہے اس کے مطابق یورپی آبادکاروں نے اٹھارویں اورانیسویں صدی کے دوران شمالی امریکا میں تقریباً نو کروڑ سرخ ہندیوں کا قتل کیا یہ قتل عام پچاس سالوں پر محیط ہے۔اس قتل عام کے لیے ہر ممکن وسائل استعمال کیے گئے اور ہر طریقہ اپنایا گیا۔قتل و غارت گری،آبادیوں میں بیماریوں کا پھیلانا،عورتوں کو زیادتی کا شکار بنانا وغیرہ عام بات تھی۔دو صدیوں کی قلیل مدت ایک پورے براعظم کی آبادی کو صفحۂ ہستی سے مٹادیا گیا اوران کا براعظم ان سے لوٹ لیا گیا۔

کانٹ،مارکس،لاک،ہیوم سرخ ہندیوں کے دشمن:

شمالی اور جنوبی امریکا میں قتل عام کے اس سلسلہ کا آغاز ہسپانیوں نے کیا تھا۔ہسپانوی مصنف "Tzvetan Todorov" اسے "انسانی تاریخ کا عظیم ترین قتل عام" (The greatest genocide in human history) قرار دیتا ہے۔سولہویں صدی کے ہسپانوی پروفیسر اور ماہر لہیات Francisco de Vitoria نے اس قتل عام کا جواز ان الفاظ میں بیان کیا تھا۔

"سرخ ہندی اس قابل نہیں ہیں کہ وہ نظم ونسق قائم کرسکیں اور حکومت کو اپنے بل بوتے پر چلاسکیں وہ پاگلوں اور وحشی درندوں سے بدتر ہیں اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ ان کی غذا وحشی درندوں کی غذا سے کچھ زیادہ بہتر نہیں ہے بلکہ ان کی بے عقلی اور بے وقوفی دوسری قوموں کے بچوں اور پاگلوں سے زیادہ بڑھی ہوئی ہے۔" مصنف Tzvetan Todorov کے مطابق پروفیسر فرانسس کا سولہویں صدی کی ہسپانوی تحریک انسانیت (پرستی) کے اساطین میں شمار ہوتا تھا۔ (One of the Pinnacles of Spanish Humanism In The Sixteenth Century) غرض پروفیسر فرانسس کے افکار کے مطابق سرخ ہندی اس قابل نہیں تھے کہ انسان کہلاسکیں اس لیے ان کا قتل عام جائز تھا۔

مسئلہ صرف پروفیسر فرانسس کا نہیں تھا،جارج واشنگٹن سرخ ہندیوں کو انسانی لباس میں بھیڑیے کہتا ہے کیوں کہ یہ لوگ انسان کہلانے کے مستحق نہیں تھے۔مارکس کے فلسفے کے مطابق یہ لوگ People without Hisotry تھے۔[اس لیے ان کا قتل عام جائز تھا۔]

لاک کے خیال میں:

There is no difference between a buffalo and a native American.

کانٹ کے خیال میں:

Blacks are not human they live in woods.

ہیوم نے ایک کالے کو کسی گورے سے نہایت عالمانہ گفتگو کرتے ہوئے دیکھا تو اس نے حیرت کا اظہار کیا کہ کالے اتنے عقل مند بھی ہو سکتے ہیں۔

انگریز آبادکاروں کے ہاتھ قتل عام:

جب انگریزوں نے ہسپانیوں کے اس مشن کی وراثت پائی تو انھوں نے اس مشن کو ان بلندیوں تک پہنچایا کہ ہسپانیوں کا قتل عام اس کے مقابلے میں ایک معمولی چیز نظر آتا ہے۔ گو کہ اس قتل عام کو جواز دینے کے لیے جو بات کہی گئی وہ وہی تھی جو پروفیسر فرانسس کے مذکورہ بالا اقتباس سے واضح ہوتی ہے۔ جارج واشنگٹن کے مطابق سرخ ہندی انسانی لباس میں بھیڑیے ہیں۔ تہذیب کے قیام میں سدراہ ہیں اور انسانی تہذیب کی بقاء اور قیام کی خاطر ان کا قلع قمع کرنا ضروری ہے۔ گو کہ جواز ایک ہی تھا لیکن امریکا کے یورپی آبادکاروں نے جس درندگی اور جس مہارت کے ساتھ دو سو سال کے اندر پوری نسل کا خاتمہ کیا وہ انہیں کا حصہ ہے۔ اس کی دو وجوہات تھیں۔ ایک کا تعلق درندگی سے ہے دوسری کا مہارت سے ہے۔

قصاب اسکاٹ لینڈ: لارڈ کمبر لینڈ:

جہاں تک مہارت کا تعلق ہے اس میں بھی امریکا میں آباد ہونے والے انگریز، ہسپانوی آبادکاروں سے کئی ہاتھ آگے تھے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ امریکا میں آباد ہونے والے انگریز آبادکاروں کو اس قسم کے قتل عام کا وسیع تجربہ تھا۔ شمالی امریکہ میں وحشی، سرخ ہندیوں کے قتل عام سے پہلے انگریز اسکاٹ لینڈ میں ''وحشی'' کیلٹک (Celtic) باشندوں کا قتل عام کر چکے تھے اور کیلٹک قتل عام کے تجربہ سے شمالی امریکا میں بھرپور فائدہ اٹھایا گیا۔ مثال کے طور پر لارڈ کمبر لینڈ (Lord Cumberland) جسے قصاب اسکاٹ لینڈ کہا جاتا تھا اور جسے اسکاٹ لینڈ میں قتل عام کا وسیع تجربہ تھا۔ بعد ازاں امریکا گیا اور اس نے اپنے تجربے کو ان نئے ''وحشیوں'' کو ختم کرنے کے لیے استعمال کیا۔ درندگی اور مہارت کے اس امتزاج نے دو سو سالوں میں ایک پوری نسل کا خاتمہ اور ان کے براعظم پر مکمل قبضہ کی شکل اختیار کی جس کی نظیر ساری تاریخ انسانی میں نہیں ملتی۔ امریکی تحقیق کے تازہ اعداد و شمار کے مطابق یورپی قبضہ سے پہلے شمالی امریکا میں دس کروڑ سرخ ہندی آباد تھے۔ لیکن دو سو سال کے قتل عام کے نتیجہ میں ان کی تعداد محض بیس لاکھ رہ گئی تھی۔

کیلی فورنیا یا زبانوں کا قبرستان

مؤرخین کے مطابق صرف براعظم امریکا میں نو کروڑ ریڈ انڈین باشندوں کو وحشی قرار دے کر ہلاک کر دیا گیا اور ان کی زبانوں نوہاٹلا (Nauhatl)، یوما (Yuma)، چپوا (Chipewa)، توماہاک (Tomahawk)، موہاک (Mowhawk)، موہاوے (Mojave)، نواہو (Navajo)، چوکٹا (Choctow) پیما (Pima) اور ہوپی (Hopi) وغیرہ کو فنا کر دیا گیا۔ جب نسل ہی باقی نہ رہی تو زبان کے بچنے

کا کیا سوال پیدا ہوتا۔ امریکی ریاست کیلی فورنیا جہاں زبانوں کے کئی بڑے گروہ پائے جاتے تھے وہاں سفاکی اور درندگی کا ایسا مظاہرہ کیا گیا کہ تاریخ نے اس ریاست کا نام جس کا مطلب ہسپانوی زبان میں ''خوابناک سونے کی سرزمین'' تھا، زبانوں کا قبرستان (Cemetery of Languages) رکھ دیا۔ جہاں سترہ بڑے لسانی گروہوں کی دوسو کے قریب زبانیں اور بولیاں بولی جاتی تھیں وہاں آج صرف دو زبانیں باقی رہ گئی ہیں۔ یہ تاریخ ساز کارنامے ان قوموں نے انجام دیے جنھیں اس بات پر فخر ہے کہ وہ دنیا میں انسانی حقوق کے سب سے بڑے علمبردار ہیں اور انسانیت کی جتنی خدمت انھوں نے انجام دی وہ خدمت کوئی اور انجام نہ دے سکا۔

سرخ ہندیوں کے قتل و غارت گردی کی تحقیقی داستانیں:

براعظم امریکہ میں یورپی آبادکاروں نے اس براعظم کے اصل باشندوں سرخ ہندیوں کا قتل عام شروع کیا تو کسی قاعدے، قانون، اخلاق، اصول روایت کا خیال نہیں رکھا گیا۔ صرف ایک قاعدہ تھا جس کی پیروی کی جاتی تھی کہ سرخ ہندیوں کو Exterminate or Banish کر دیا جائے۔ خون کے دریا بہا کر سونے کے دریا پیدا کیے گئے اس عہد کی المناک داستانوں کو تاریخ نگاروں نے محفوظ نہ رکھا کیوں کہ اس عہد کے تاریخ نگار روشن خیال، مہذب و متمدن انسان سب اس بربریت اور لوٹ مار کو جائز سمجھتے تھے اور اس پر انھیں کوئی تاسف نہ تھا۔ ان مظالم پر نہ آسمان رویا نہ زمین کی آنکھ نم ہوئی نہ کسی کا سینہ شفق ہوا، نہ کسی کا رنگ فق نہ کوئی چہرہ زرد ہوا، تاریخ کا یہ المناک خونی باب اب رفتہ رفتہ روشنی میں آرہا ہے۔ قتال و جدال کی یہ کیفیت غیظ و غضب کی آخری حدود کو چھو چکی تھی، سرخ ہندی عورتوں بچوں کے لیے بھی ان مہذب متمدن تعلیم یافتہ دنیا کی اعلیٰ ترین گوری نسل کے دلوں میں ہمدردی اور محبت کا ایک شمہ بھی نہ تھا۔ سرخ ہندیوں کے وحشیانہ قتل عام کی عبرتناک داستانیں جو تین سو سال تک پوشیدہ رکھی گئی ہیں۔ اب رفتہ رفتہ منظر عام پر لائی جا رہی ہیں لیکن کئی پھلیوں سے چھان کر اس کی تفصیلات Paddison, Nichols, Nash, Stannard, Sheehan, Wallace, Hoxie, La Perousse, Phillips, Hurtado, Heizer, Brown, Churchill, Cocker, Prucha, Madsen, Rommail, Micheal Man, Glain D. Page نے نہایت تفصیل سے اپنی کتابوں میں بیان کی ہیں اس موضوع پر درج ذیل کتابوں کا مطالعہ دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔

1. Nash, G. 1992. Red, White and Black: The Peoples of Early North America, 3rd ed. Englewood Cliffs, N.J.: Prentice Hall.

2. Stannard, D. 1992. American Holocaust: The Conquest of the New World. New York: Oxford University Press.

3. Sheehan, B. 1973. Seeds of Extinction: Jeffersonian Philanthropy and

the American Indian. Chapel Hill: University of North Carolina Press.

4. Wallace, A. 1999. Jefferson and the Indians: The Tragic Fate of the First Americans. Cambridge, Mass.: Belknap Press.
5. Hoxie, F. 1984. A Final Promise: The Campaign to Assimilate the Indians, 1880-1920. Lincoln: University of Nebraska Press.
6. La Perousse, J.-F. 1989. Monterey in 1786: Life in a California Mission: The Journals of Jean Francois de la Perousse, ed. M. Margolin. Berkeley: Heyday Books.
7. Paddison, J. 1999. A World Transformed: Firsthand Accounts of California Before the Gold Rush. Berkeley, Calif.: Heyday Books.
8. Nichols, D. 1978. Lincoln and the Indians: Civil War Policy and Politics. Columbia: University of Missouri Press.
9. Phillips, G. 1975. Chiefs and Challengers: Indian Resistance and Cooperation in Southern California. Berkeley & Los Angeles: University of California Press.
10. Hurtado, A. 1988. Indian Survival on the California Frontier. New Haven, Conn.: Yale University Press.
11. Heizer, R. 1993. The Destruction of California Indians. A Collection of Documents. Lincoln: University of Nebraska Press.
12. Brown, D. 1970. Bury My Heart at Wounded Knee: An Indian History of the American West. London: Barrie & Jenkins.
13. Churchill, Ward. 1997. A Little Matter of Genocide: Holocaust and Denial in the Americas, 1492 to the Present. San Francisco: City Light Books.
14. Cocker, M. 1998. Rivers of Blood, Rivers of Gold. London: Jonathan Cape.

15. Prucha, F. 1994. "Andrew Jackson's Indian Policy: A Reassessment," in Hurtado & Iverson (eds.), Major Problems in American Indian History.

16. Madsen, B. 1994. "Mormons, Forty-Niners, and the Invasion of Shoshone Country," in Hurtado & Iverson (eds.), Major Problems in American Indian History.

17. J. M. Gran The origions of war 2 vols Groningen: Origin Press 1995.

18. Glen D Paige Nonkilling Global Political Science Philadelphia: X Libris Corporation 2002.

19. Allen D. Grimshaw "Encyclopedia of violence, peace conflict 3 volumes N. Y. Academic Press 1999.

20 Chles W. Kegley and Wiltt Kopfe World politics: Trend & Transformation 6th London Macmillan Press LTD 2000.

21. JACK Porter Genocide and Human rights: A Global Anthology Lanham, Maryland, University Press of America 1982.

22. Chalk F. & K. J. The History and Sociology of Genocide, New Haven 1990.

23. Chany I. W. [Ede] Encyclopedia of Genocide Vol. 1 - 2 Santa Barbara California 1999.

24. Horowitz, I.L Taking lives: Genocide and State Power New Brunswick, New Jersy 1997.

25. Kupuer, L. Genocide, Its political use in the Twentieth Century New Haven 1981

براعظم امریکا کی آبادی افریقہ اور یورپ سے زیادہ تھی:

Non Killing Global Political Science کے مقدمہ نگار ڈاکٹر سکندر مہدی کے مطابق: قبل از قتل عظیم [Mega Murder] براعظم امریکہ کی مقامی آبادی اس وقت کی افریقہ اور یورپ کی

مجموعی آبادی کے مقابلے میں زیادہ بڑی تھی ۔امریکہ کے قدیم باشندوں میں سے ۸۰ لاکھ افراد براہ راست جنگ میں موت کا شکار ہوئے یا پھر جنگ اور تشدد سے تعلق رکھنے والے امراض اور شکست کے باعث موت سے ہم کنار ہوئے۔

اسی لاکھ سرخ ہندی اکیس سال میں ہلاک کیے گئے:

سکندر مہدی کی تحقیقات کے مطابق یہ ۸۰ لاکھ سرخ ہندی کولمبس کے امریکہ پہنچنے کے صرف اکیس سال کے اندر ہلاک ہوئے، صرف دو عشروں میں اتنے بڑے پیمانے پر امریکہ کے اصل باشندوں کا قتل عام اس بہیمیت کا منظر نامہ پیش کرتا ہے جو عیسائیت سے انحراف اور مغربی فکر و فلسفے کے فروغ کا لازمی نتیجہ تھا۔

اسٹینرڈ کے مطابق پندرہویں صدی کے اختتام پر کرۂ ارض پر دس کروڑ سے زیادہ افراد بستے تھے اور چند صدیوں کے بعد ان کی تعداد تقریباً ۵۰ لاکھ رہ گئی لیکن اس نے یہ نہیں بتایا کہ ساڑھے نو کروڑ لوگ کہاں چلے گئے ۔مائیکل مین کی کتاب Dark Side of Democracy اس موضوع پر ہلکی سی روشنی ڈالتی ہے لیکن یہ روشنی بھی بہت دھندلی ہے اس کے مطابق براعظم امریکہ میں نو کروڑ سرخ ہندیوں کو قتل کر دیا گیا تھا۔ جب کہ سکندر مہدی، ڈاکٹر جاوید اکبر انصاری اور علی محمد رضوی مقتول سرخ ہندیوں کی تعداد صرف اسی لاکھ یا ایک کروڑ بیان کرتے ہیں لیکن مائیکل مین کی تحقیقات نے تاریخی گرد و غبار کو صاف کر کے سرخ ہندیوں کے قتل عام کو ایک نئی جہت عطا کی ہے۔

Encyclopaedia of Violence Peace and Conflict Vol.II میں Genocide and Democide کے موضوع پر تحقیقات میں ثابت کیا گیا ہے کہ بیسویں صدی سے قبل معلوم تاریخ کے ایک ہزار برسوں میں ایک کروڑ سے زیادہ افراد قتل کیے گئے جن میں ۲۲۱ قبل مسیح اور ۱۹ ویں صدی کے اختتام کے مابین تین کروڑ چالیس ہزار افراد ہلاک کیے گئے ۔افریقیوں کو غلام بنانے کے نتیجے میں ایک کروڑ ۷۰ لاکھ افراد قتل ہوئے۔

یورپی باشندوں کی آمد سے لے کر ۱۹ ویں صدی کے اختتام تک نصف مغربی کرہ میں ایک کروڑ ۴۰ لاکھ افراد قتل کیے گئے ۔اس طرح یہ چار قتل عام تقریباً دس کروڑ افراد کا احاطہ کرتے ہیں ۔[انسائیکلوپیڈیا آف وائلنس، پیس کنفلکٹ تین حصے اکیڈمک پریس، ص ۶۰، ۱۹۹۹ء]

تقابل: ہٹلر کے مقتولین اور براعظم امریکہ کے مقتولین:

یہ بات حیرت انگیز ہے کہ ایک ہزار سال کی تاریخ میں جتنے لوگ ہلاک اور قتل کیے گئے اس سے زیادہ تعداد امریکہ کے یورپی آبادکاروں کے ہاتھوں صرف ایک صدی میں قتل کر دی گئی۔ایک ہزار سال میں ۶ کروڑ لوگوں کا قتل عام لیکن صرف ایک صدی میں دنیا کے مہذب ترین انسانوں کے ہاتھوں جو نئی روشنی، نشاۃ ثانیہ، تحریک

تنویر، رومانی تحریک، عقلیت، علم، بنیادی حقوق، لبرل ازم، انسانیت، آزادی اور انسان کی خدائی کے دعوے لے کر اٹھے تھے ان کے ہاتھوں صرف ایک صدی میں نو کروڑ سرخ ہندیوں کے شیعوں پر بجلیوں کا کارواں گزر گیا اور دنیا خاموش رہی۔ اعداد و شمار کی جادوگری بھی عجیب ہے۔ براعظم امریکہ میں سرخ ہندیوں کے قتل عام کی تاریخ معلوم کرنے اور اس سلسلے میں اعداد و شمار جمع کرنے کے لیے انٹرنیٹ پر ۲۶ ہزار ویب سائٹس کا مطالعہ کیا گیا۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ چند ویب سائٹس کے سوا بیشتر سائٹس اس قتل عام کے بارے میں خاموش ہیں اور جن سائٹس پر معلومات مہیا کی گئی ہیں وہ ادھوری، ناقص، نامکمل محرف، اور نہایت مختصر ہیں اس کے برعکس ہر ویب سائٹ ہٹلر اور ترکوں کے مظالم کی عجیب و غریب کہانیاں سناتی ہے جب کہ ہٹلر اور ترکوں نے مجموعی طور پر اتنے لوگوں کا قتل عام نہیں کیا جس قدر قتل عام امریکہ کے اصل باشندوں کا تہذیب جدید کے معماروں نے کیا۔

براعظم امریکہ کے اصل باشندوں کو لوٹنے، برباد کرنے کے لیے جو طریقے اختیار کیے گئے اس کی ہلکی سی جھلک مائیکل مین کے درج ذیل بیان میں دیکھی جا سکتی ہے۔

They needed labor, but their early attempts to capture and tie Indians to dependent labor failed. These hunter-gatherers wasted the land; they did not improve it, they were idle. From John Locke to contemporary Israelis dispossessing Palestinians, Europeans have argued that those who work and improve the land are entitled to it. The New World was thus vacuum domicilium or terra nullius, an "empty" home or land, the bounty of God to civilized peoples. They made lesser attempts to employ the natives, convert them to Christianity, intermarry with them, or culturally assimilate them.

Like the frying of Indian men, women, and children in villages they had torched - as "God laughing at his enemies" [page No.84]

یورپی آبادکاروں نے ان معصوم سرخ ہندیوں کو کس طرح جبراً برباد کیا اس کی ایک جھلک مائیکل مین کے مطابق:

The Indians' environment became degraded and they died, even without wars. The settlers had the political and military power to achieve these dire ends without much risk to themselves. There were forcible mass deportations of sick and hungry natives, whose chances of survival outside their traditional lands

were poor. The Indians were crowded on to smaller and smaller hunting lands and reservations. Many Europeans recognized the relentless ethnocide this involved but did nothing. [page No.85]

سرخ ہندیوں کے لیے گالی نما القابات:

یورپی آبادکار مقامی باشندوں کو جاہل، بت پرست، ملحد، پلید، ناپاک، کیڑے مکوڑے، گنوار، کتے، بھیڑیئے، سانپ، سور اور بے عقل گوریلے کے نام سے پکارتے تھے۔ بھوک اور پیاس کے باعث ان باشندوں کی قوت مزاحمت ختم کر دی گئی تو ان پر بے شمار بیماریاں حملہ آور ہو گئیں جس سے یہ کیڑے مکوڑوں کی طرح مرنے لگے ان کی موت کا مہذب متمدن یورپی آبادکاروں کو کوئی دکھ تھا نہ افسوس نہ صدمہ اور نہ غم کیونکہ یہ انسان ہی نہیں تھے لہٰذا انسانیت کے زمرے سے خارج لوگوں سے ہمدردی بھی خارج از امکان تھی۔ بیماریوں کے باعث مرنے والوں کی ہلاکت پر یورپی آبادکار خوشی کا اظہار کرتے اور اسے خدا کی عظیم مہربانی اور رحمت کے نام سے یاد کرتے۔ سفاکی، درندگی، بہیمیت کی یہ کہانی مغربی مؤرخین و مصنفین کے الفاظ میں درج ذیل ہے:

Europeans perceived an enormous difference in civilizational level between themselves and natives. The natives were illiterate, "idolatrous," "heathen," "naked," and "dirty." Before their own arrival, this had been a land "full of wild beasts and wild men," "a hideous and desolate wilderness." The settlers could distinguish between the proud bearing and military skills of the Plains Indians and the lightly clad hunter-gatherers of California, described as "beasts," "swine," "dogs," "wolves," "snakes," "pigs," "baboons," and "gorillas." But ultimately, Indians were "savages." Divine Providence was there for all to see in the form of disease. John Winthrop described the smallpox epidemic of I6I7 as God's way of "thinning out" the native population "to make room for the Puritans." William Bradford wrote, "It pleased God to visit these Indians with a great sickness and such a mortality that of a thousand, above nine and a half hundred of them died. Followers of the Lord, he said, could only give thanks to "the marvelous goodness and providence of God" (quotes from Nash, 1992: 136; Stannard, 1992: 238). Whatever they did to the natives could be justified ideologically. [Page No.85]

خدا، سائنس سرخ ہندی اور کلیسا:

کیا یہ ممکن نہیں تھا کہ یورپی آبادکاروں اور سرخ ہندیوں کے درمیان افہام و تفہیم پیدا ہو جاتی، مائیکل مین اس کا جواب نفی میں دیتا ہے اور اس کا ذمہ دار خدا اور سائنس کو ٹھہراتا ہے۔

Civilization might be learned, but race was fixed. God plus science reinforced economic, military, and political power to make it difficult for Europeans and Indians to live among each other. [Page No.86]

افسوسناک بات یہ تھی کہ کلیسا جو انسانیت کا دعوے دار تھا نسل کشی کے اس عمل میں سفید فام باشندوں کا ہم خیال تھا امریکا اور آسٹریلیا میں اس کا کیا کردار رہا؟ اس کی ایک جھلک درج ذیل تحریر میں ملاحظہ کیجیے:

The various churches were much closer to the white settler communities they served. Though local priests and ministers might be more moderate than their congregations, they had little power over them. As in Australia, they played second humanitarian fiddle to missionary movements, which provided the main early pressure group for assimilating rather than eliminating natives. [Page No.87]

سرخ ہندی اجنبی ہی رہے:

سرخ ہندیوں کو اپنی تہذیب، تاریخ اور مذہب میں سمونے کی کوشش کی گئی لیکن سرخ ہندی اپنی تاریخ، روایات اور مذہب سے اتنے پیوست تھے کہ یہ تمام کوششیں ناکام ہو گئیں، روشن خیال امریکی صدور سرخ ہندیوں کو عیسائی بنانا چاہتے تھے لیکن یورپی آبادکار اپنے معاشروں میں سرخ ہندیوں کے وجود کو برداشت کرنے کے لیے تیار نہ تھے۔

Presidents Washington and Jefferson, several secretaries of war, and federal Indian agencies all worked closely with missionaries and schools in this assimilation project. They warned that any resistance would meet with certain defeat, but they did not conceive of assimilation as coercive. This was not popular with most settlers, who opposed all assimilation. [Page No.88]

سرخ ہندی یا بھیڑیے:

جن سرخ ہندیوں نے یورپی آبادکاروں کی تہذیب، تمدن، مذہب کو اختیار کر لیا وہ بھی اجنبی رہے اور

سفید فام معاشرے نے انھیں قبول کرنے سے انکار کر دیا، کیوں کہ سرخ ہندی یورپی آبادکاروں کے خیال میں بنیادی طور پر انسان کے روپ میں بھیڑیے تھے، جانوروں کی کھالوں، ہڈیوں میں ملبوس درندے تھے، جنھیں خدا نت نئی بیماریوں کے ذریعے ہلاک کر رہا تھا تا کہ سفید فام نسلوں کے ہاتھ ان کے خون سے رنگین نہ ہوں اور نسل کشی کا کام زمین کے بجائے آسمان سے قدرتی آفات کے ذریعہ ہوتا رہے۔ سفید فاموں کے اندر شمولیت کی خواہش رکھنے اور کوشش کرنے والوں کا انجام کیا ہوا؟ انھیں نہ سرخ ہندیوں کے معاشرے میں جگہ ملی نہ انھیں سفید فام اقلیت نے قبول کیا۔ یہ طبقہ بے یار و مددگار ہو کر تہس نہس ہو گیا۔

Neither community was much interested in intermarriage. Prominent colonials and traders fathered children by Indian women, but they rarely legitimized them. Permanent interracial unions were commoner among frontier traders and laborers in southern colonies with a surplus of males. Mixed blood was accepted in Indian communities, but most of the few Indians or half-breeds who tried to join white society were rejected (Nash, 1992: 280-5). Cherokees who had become private propertied planters were rejected in the 1820s, and when Cherokees acquired permanent political institutions, the State of Georgia would not accept them. It lobbied hard for the deportation of the Cherokee and achieved this in I834 (Champagne, I992: I33, I43-6).

سرخ ہندیوں کی جلاوطنی کا عمل:

سرخ ہندیوں کو اپنی تہذیب و ثقافت میں جذب کرنے، تحلیل کرنے، خلط ملط کرنے [Assimilation] کا عمل جب بری طرح ناکام ہو گیا تو سرخ ہندیوں کے تحفظ کی وکالت کرنے والے اپنے موقف سے دستبردار ہو گئے اور طے کیا گیا کہ سرخ ہندیوں کو مسسپی کے مغرب میں نئے قبائلی علاقوں کی طرف جلاوطن کر دیا جائے۔ ۱۸۳۰ء میں جب جلاوطنی کا یہ عمل شروع ہوا تو ہزاروں سرخ ہندی راستے میں ہلاک ہو گئے۔ ہلاکت کی وجہ صرف یہ تھی کہ ان باشندوں کو دشوار گزار، خطرناک، ناہموار، غیر آباد راستوں کے ذریعے پیدل ہانک دیا گیا تھا، خطرناک جنگلات ہولناک راستوں سے گرتے پڑتے، ہزاروں معصوم لوگ عورتیں، بچے، بوڑھے بھوک پیاس کے ہاتھوں راستے میں مرکھپ گئے، میلوں تک یہ لوگ پیدل منظم مگر جبری اجتماعی نقل مکانی کے لیے چلتے رہے، منزل دشوار راستہ کٹھن نہ ابتداء کی خبر نہ انتہا معلوم، بھوک، پیاس اور افلاس نے ہزاروں کو راستے ہی میں موت کی وادی میں پہنچا دیا۔ یورپی آبادکار انھیں بسائے کے طور پر کسی صورت قبول کرنے کے لیے تیار نہ تھے۔

تہذیب انسانیت کے علمبردار اپنے سوا کسی کو انسان ماننے کے لیے آمادہ نہیں تھے۔ ہمسایہ تو وہی بن سکتا ہے جو ہم جنس ہو، صحبت نا جنس یورپی آبادکاروں کو گوارا نہ تھی، Hoxie کے مطابق یہ حکمت عملی طے کرلی گئی تھی کہ KILL THE INDIAN SPARE THE MAN اس حکمت عملی کی تفصیل پڑھیے:

The late I9th century eventually saw some moderation into a combination of cultural suppression and segregated assimilation, a policy sometimes known as "kill the Indian, spare the man." Indians were now assimilated as a marginalized underclass on peripheral reservations. [Page No.90]

قبولیت، عیسائیت اور سرخ ہندی:

اس دور میں بعض رحم دل لوگ بھی زندہ تھے جو سرخ ہندی وحشیوں کو انسان بنانا چاہتے تھے لیکن اسے نہایت مشکل کام سمجھتے تھے، ان کے خیال میں سرخ ہندی غیر تعلیم یافتہ، غیر متمدن، مرکزی قیادت سے مبرّیٰ وحشی نسل تھے جو اپنی بھوک مٹانے کے لیے کوئی بھی طریقہ آزما سکتے تھے۔ یہ کام بہت مشکل تھا کہ اس وحشیانہ نسل Savage Race کو ایک ایسے معاشرے میں تبدیل کردیا جائے جو انسانیت پسند، عیسائی، تمدنی اور صنعتی اثرات کا حامل ہو، رحم دل لوگوں کی نظر میں سرخ ہندی کیا تھے اس کا اندازہ سرخ ہندیوں کے بارے میں ان کے رحم دلانہ خیالات سے بخوبی کیا جاسکتا ہے۔ یہ رحمدل لوگ جن میں Father Fremin Lasuen جیسے لوگ نمایاں تھے، سرخ ہندیوں کو زندگی کی ضمانت اس بنیاد پر دینا چاہتے تھے کہ انھیں عیسائی بنالیا جائے اور انھیں اپنی تہذیب و ثقافت میں ضم کرلیا جائے اس کے سوا سرخ ہندیوں کی بقاء زندگی اور حفاظت کا کوئی طریقہ نہیں تھا۔ مائیکل مین کے مطابق:

He wanted to save the Indians through conversion and assimilation. He knew this was difficult. Indians were "without education, without government, religion, or respect for authority, and they shamelessly pursue without restraint whatever their brutal appetites suggest to them." How could he transform "a savage race... into a society that is human, Christian, civil and industrious"? "This can be accomplished only by denaturalizing them. It is easy to see what an arduous task this is, for it requires them to act against nature. But it is being done successfully by means of patience and by unrelenting effort." Indians were in a "state of

nature," different from the Spanish gente de razon, people of reason. While in their state of nature, created by God, they were to be treated benignly as free men. Though savages, they could not be exploited, still less driven away or killed. [Page No.87]

عیسائیت کے مظالم سرخ ہندیوں پر:

المناک بات یہ تھی کہ عیسائیت قبول کرنے کے بعد بھی ان کی زندگی غم والم سے نشاط وطرب کی طرف لوٹنے سے قاصر تھی، جلاوطنی کا دکھ سہنے کے بعد طوعاً یا کرہاً یا بہ رضا و رغبت عیسائیت قبول کرنے کے باوجود ان کی زندگی کے شب و روز انسانوں کے شب و روز سے مختلف تھے، عیسائیت قبول کرتے ہی وہ دائمی قیدی بن جاتے تھے۔انھیں جبری مشقت کے کاموں میں شریک ہونا پڑتا جس میں یہ جبر بھی شامل تھا کہ وہ لاطینی زبان میں طویل مناجات پڑھیں، جن کا ایک لفظ بھی وہ سمجھنے سے قاصر تھے، اگر وہ ان امور سے چھٹکارا پانے کا سوچتے اور وہ کام یا دعا سے فرار اختیار کرتے تو انھیں کوڑے مارے جاتے اور مجبور کیا جاتا کہ وہ لاطینی زبان میں مزید مناجات کا ورد کریں، صرف یہی نہیں ان جرائم کی سزا اور بھیانک تھی، کبھی زنجیروں میں جکڑے جاتے، کبھی ان کے ہونٹ گرم لوہے سے داغے جاتے، ان کے لیے فرار کے تمام راستے بند تھے کیونکہ فرار ہو کر کہاں جاتے، کوئی ان مفلوک، بے بس، درماندہ انسانوں کو پناہ دینے کے لیے آمادہ نہ ہوتا۔نہایت خراب خوراک اور شدید محنت کے باعث ان کی صحت گرتی ہوئی دیوار تھی، ان کے جسم کے کھنڈرات بتاتے تھے کہ یہ عمارتیں کبھی عظیم الشان بھی رہی ہوں گی، صحت کے ان کھنڈرات پر وباؤں، بیماریوں کا زبردست حملہ جاری رہتا اور ان حملوں میں بچ جانے کا امکان برائے نام ہوتا، لاکھوں سرخ ہندی اسی طرح مرنے پر مجبور کیے گئے۔یہ موت رحم دلوں کی طرف سے عطا کردہ رحم دلانہ موت تھی، جو قاتلوں کے خیال میں شاید اس موت سے بہتر تھی جو سنگ دلانہ طریقے پر پہلے عطا ہوتی تھی۔

But once Indians were baptized, everything changed. They were now under the authority of the order, and the order became a prison. Long hours of forced work in the fields were followed by hours of forced prayers in Latin, of which they understood not a word. Indians girls were locked up at night. If Indians showed any independence, or refused to work or pray, they were shackled and whipped and forced to recite more Latin. If they ran away, the soldiers forcibly brought them back, shackled them, and whipped them more. Sometimes they would crop off an ear or brand a lip. The Indians had difficulty escaping, since

independent Indian villages would not take them in. [Page No.88]

رحم دلی کے آغاز ارتقاء اور اختتام کی کہانی مائیکل مین نے تین سطروں میں کفنا دی ہے۔جبر ظلم کی یہ تاریخ اس بات کی شہادت ہے کہ عیسائیت کا زوال اس وجہ سے بھی ہوا کہ وہ نسلی امتیاز کے راستے پر رواں دواں ہوگئی، آج تک کلیسا کا اسقف اعظم افریقہ کا حبشی پادری منتخب نہیں ہوسکا، پوپ پال کی نجی سپاہ جو دنیا کی مختصر ترین فوج ہے اس کے سپاہی ہمیشہ سوئٹزرلینڈ کی گوری نسل سے لیے جاتے رہے، دو سال قبل پہلی مرتبہ سپاہ مختصر میں دو کالے سپاہیوں کو بھرتی کا پروانہ عطا کیا گیا۔

The Franciscans committed local ethnocide, unintentional but devastating. Half of California's Indians died during the mission period, almost all from diseases introduced there amid a population weakened by too much coerced work and too little food. [Page No.88]

سرخ ہندیوں کی عبرت ناک اموات:

۱۸۴۸ء میں کیلی فورنیا کو ملک میکسکو سے کاٹ کر ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی ایک ریاست بنا دیا گیا جس کے نتیجے میں سرخ ہندیوں کے بالارادہ قتل میں حیرت انگیز اضافہ ہوا، اس قتل عام کی سب سے بڑی وجہ جبری امراض اور بھوک سے زوال پذیر قوت مزاحمت کے باعث بیماریاں تھیں، صرف دس فی صد سرخ ہندی براہ راست قتل کیے گئے جب کہ ساٹھ سے ستر فی صد مقامی آبادی کو بھوک، قحط، نسل کشی، عورتوں مردوں کی شادیوں پر قدغن، کم شرح افزائش اور خطرناک بیماریوں کے ذریعے جو محض اتفاقی اور حادثاتی نہیں تھیں، قسطوں میں ہلاک کر دیا گیا۔جبری غذائی قلت کا شکار یہ سرخ ہندی جو سالوں سے قوت مزاحمت کھو رہے تھے، ان بیماریوں کا خاص نشانہ تھے، اگر ان کے جسم تنومند ہوتے، انھیں پیٹ بھر کر مناسب خوراک وقت پر ملتی ان کی صحت قابل رشک ہوتی تو یقیناً یہ بیماریوں کا مقابلہ کر سکتے تھے، لیکن ان کو لاغر، کمزور، ناتواں شاید اسی لیے رکھا گیا تھا تا کہ یہ بیماریوں کے پھیلائے جال میں آسانی سے لقمہ اجل بن سکیں اور ان کی موت کا ذمہ دار گردش سماں کو ٹھہرایا جائے اور قاتل ہر الزام سے بری ہو جائیں۔بیماریوں، وبائی امراض سے بچاؤ کے لیے حکمراں طبقات اور یورپی آبادکاروں نے کوئی اقدام نہیں کیا، سرخ ہندیوں کو مرنے کے لیے چھوڑ دیا گیا، یہ مہذبانہ قتل عام تھا، پہلے عیسائی بنایا گیا پھر بھوکا مارا گیا، پھر بیماریوں کے علاج کے لیے سہولت مہیا نہ کی گئی۔اس کے برعکس حبشی غلاموں کو بیماریوں سے تحفظ کے لیے سفید فام یورپی آبادکاروں نے بھرپور رہنمائی کی، انھیں چیچک سے بچایا گیا کیونکہ وہ قیمتی اور کارآمد تھے، اس کے برعکس سرخ ہندیوں کو مرنے دیا گیا بلکہ جھیلوں کے اتارے ہوئے کمبل سرخ ہندیوں کو دیے گئے تا کہ وہ چیچک سے مر جائیں۔مائیکل مین کے الفاظ میں اس المناک باب کو پڑھیے:

In California the interlinked categories of disease, malnutrition, and starvation killed somewhere around 60-80 percent of natives, direct killing about 10 percent, with most of the remainder attributable to reproductive failure. Deliberate killings were usually in cold blood or in situations of such an imbalance of force that the appellation murder is applicable. But none of these categories are entirely separable from each other. Malnutrition, starvation, and low fertility often resulted predictably from settler policy, while diseases were not entirely accidental. Diseases spread most rapidly where malnourished natives were herded closely together, as in California missions and the many U.S. Indian reservations located on marginal lands. The settlers were not ignorant of the disease mechanisms involved, yet they rarely took steps against epidemics to which they themselves were immune. Nor were they unhappy with the results. Nash (1992: 300-1) compares the white responses to the spread of disease among Indians and black slaves. Since slaves were valuable, the white community tried to combat epidemics among them. Slaves were inoculated against smallpox. Indians were not. Indeed, some settlers fomented disease. Reports of donations of disease-ridden blankets to Indians have become notorious, though rare. [Page No.89]

کیلی فورنیا: سرخ ہندیوں کا قبرستان

کیلی فورنیا میں سرخ ہندیوں پر گزرنے والی شب ستم، آنسوؤں اور لہو سے تحریر کرنے کے قابل ہے۔ ان انسانوں کو براہ راست قتل کرنے کے بجائے قسطوں میں موت کشید کرنے کے لیے کیسے کیسے طریقے اور تجربے کیے گئے اس کا تصور کرنے سے رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں۔ سرخ ہندیوں کی عورتوں کو مردوں سے الگ کر دیا گیا تا کہ نسل میں اضافہ نہ ہو اور سرخ ہندی مرد لواطت کے ذریعے جسمانی عوارض میں مبتلا ہو جائیں۔ عورتوں کو طوائف بننے پر مجبور کیا گیا اور پھر جن طوائفوں کو خطرناک جنسی بیماریاں منتقل ہوئیں انھیں جنسی خدمات انجام دینے کے لیے سرخ ہندی مردوں کے سپرد کر دیا گیا تا کہ یہ بیماریاں ان میں منتقل ہو جائیں اور وہ تڑپ تڑپ کر جان دے دیں۔ سرخ ہندیوں کو شراب کا رسیا بنایا گیا تا کہ ان کی اخلاقی اقدار زوال پذیر ہو جائیں اور ان کی ہلاکتوں

میں مزید اضافہ ہو۔ یہ شراب مشنریوں اور حکومتی پابندیوں کے باوجود محنت کے عوض مہیا کی جاتی تھی۔ جنسی بیماریاں، کمزور صحت اور تولیدی صلاحیتوں کے خاتمے کا باعث بن گئیں۔ ۱۸۴۸ء سے ۱۸۶۰ء تک کیلی فورنیا کی سرخ ہندی آبادی پندرہ لاکھ سے کم ہو کر صرف اکتیس ہزار رہ گئی جب کہ سفید فاموں کی آبادی ۲۵ ہزار سے بڑھ کر ساڑھے تین لاکھ ہو گئی۔ ۱۸۶۰ء میں سرخ ہندیوں کی مردم شماری کے مطابق ان کی تعداد میں کمی کا اہم عامل مردوں اور عورتوں کی بالجبر علیحدگی تھی۔ سرخ ہندی عورتیں اپنے دشمنوں کے بچوں کو جنم دیتی تھیں لیکن انھیں اس بات کی اجازت نہ تھی کہ وہ اپنے بچوں کو جنم دے سکیں اور اپنی نسل کو زمین و آسمان دیکھنے کے لیے دنیا میں آنے دیں نہ اپنے مردوں کے لیے راحت کا سامان بن سکیں، سرخ ہندی جنسی راحت کے لفظ سے نا آشنا ہو گئے تھے۔ ان کی زندگی بدترین زندگی تھی، انھیں محض اپنی زندگی کی بقاء کے لیے محنت کی اجازت تھی تا کہ وہ زندگی اور موت کے مابین معلق رہیں اور آقاؤں کی غلامی کا شرف حاصل کریں۔

جمہوریت اور بہیمیت کا فطری تعلق:

سرحدی علاقوں سے منتخب ہونے والے ریاستی سطح کے افسران انتہا پسندی میں سب سے آگے تھے۔ وہ زمینوں پر ناجائز قبضے اور اس پر مزاحمت کے عمل سے بچنے کے لیے زیادہ سخت حکمت عملی اختیار کرتے تھے۔ ۱۸۲۰ء اور ابتدائی ۱۸۳۰ء کے عرصے میں شمالی قانون ساز ادارے نے کامیابی سے بے دخلی کا عمل شروع کروایا اس بات کی پرواہ کیے بغیر کہ اس سفر کے اختتام پر سرخ ہندیوں پر کیا گزرے گی۔ سرخ ہندیوں کو بے دخل کیے جانے کے بعد ان سے خالی ہو جانے والی زمینوں کی امداد اور محصولات سے حاصل ہونے والی رقوم پر کئی مقامی سیاستدانوں نے خوشی کا اظہار کیا۔ یہ جمہوری رویہ تھا، جمہوریت اور بہیمیت، وحشت و درندگی لازم و ملزوم ہیں انھیں اس بات پر یقین تھا کہ سرخ ہندیوں کی بے دخلی کے بعد ان علاقوں سے وہ دوبارہ منتخب ہو جائیں گے کیوں کہ سرخ ہندیوں کے حق میں بیانات دینے والے انتخابی عمل میں کامیابی کا کوئی امکان نہیں پاتے تھے لہٰذا جمہوری عمل کا تقاضہ یہی تھا کہ اپنے حلقۂ انتخاب کی خواہش، تمنا اور آرزوؤں کی صورت گری کی جائے یہی جمہوریت کا سیاہ چہرہ ہے جو لوگوں کو مفاد کا اسیر اور حرص و حسد کا غلام بنا دیتی ہے۔

سرخ ہندیوں کو مارنے کی آزادی:

کیلی فورنیا میں صورت حال واضح تھی۔ ۱۸۵۰ء میں جب جمہوریت اپنی انتہائی جدید شکل میں موجود تھی کیلی فورنیا کے آئین میں سفید فام مردوں کے حق رائے دہی کو یقینی بنایا گیا۔ انھیں اس بات کا بھی اختیار دیا گیا کہ سرخ ہندی اپنے مخصوص علاقوں سے نکل کر کہیں پھرتے ہوئے نظر آئیں تو انھیں طاقت سے بھگا دیا جائے یا مزدور بنا لیا جائے، اس میں بچوں کی بھی تخصیص نہیں تھی۔ قانون سازی کے ذریعے آبادکاروں کی ملیشیا کو پکڑ دھکڑ کی مکمل خودمختاری دے دی گئی اور اس کے لیے ۱۸۵۰ء اور ۱۸۵۱ء میں گیارہ لاکھ ڈالر ادا کیے گئے۔ سرخ ہندیوں

کے لیے مخصوص کیے گئے علاقے انتہائی چھوٹے اور بالکل بے آباد زمینوں پر تھے ان میں اتنی گنجائش نہیں تھی کہ مزید بے دخل کیے جانے والے سرخ ہندی سما سکیں۔ بے دخل کیے جانے کا مطلب ان کی موت تھا اس پر قانون سازوں نے کبھی بھی تنقید نہیں کی۔

سرخ ہندیوں کے خلاف، ان کے خاتمے تک جنگ کا اعلان:

گورنر برنٹ Burnett کو اس وقت مشکل صورتحال کا سامنا کرنا پڑا جب اس نے بعض تحفظات کی وجہ سے سرخ ہندیوں کے ساتھ مصالحت سے انکار کر دیا اس کے بعد سرخ ہندیوں کے لیے خطرات بڑھنے لگے اور یہ تناؤ نسل کشی تک پہنچ گیا۔ سرخ ہندی زمینوں پر سفید فاموں کا قبضہ اور اس کے جواب میں سرخ ہندیوں کی مزاحمت کی وجہ سے وہ سرخ ہندی جو اب تک منتشر تھے جنگی سربراہوں کے زیر اثر منظم ہونے لگے تھے۔ [Phillips, G. 1975. Chiefs and Challengers: Indian (Phillip 1975- Chp3-5) Resistance and Cooperation in Southern California. Berkeley & Los Angeles: University of California Press.]

Burnett نے قتل عام کا اعلان کیا اور کہا Not to conciliate but to escalate to genocide برنٹ نے اعلان کر دیا کہ:

A war of extermination will continue to be waged between the two races until the indian becomes extinct.

''دو مختلف نسلوں کے درمیان جنگ سرخ ہندیوں کے مکمل خاتمے تک جاری رہے گی اس کے پیش رو Mc Dougall نے اعلان کیا کہ کئی قبائل کا خاتمہ لازمی ضرورت ہے۔ The (Hurtado 1988:134-6) war must of necessity be one of extermination to many of the tribes. [Hurtado, A. 1988. Indian Survival on the California Frontier. New Haven, Conn.: Yale University Press.]

ہٹلر اور کیلی فورنیا کے گورنروں کا تقابل:

تاریخ بتاتی ہے کہ ہٹلر نے بھی کبھی ان دو انتہا پسند گورنروں کی طرح ایسے بے باکانہ بیانات نہیں دیے وہ جانتا تھا کہ جرمن اس کو مسترد کر دیں گے جبکہ ان گورنروں کو یقین تھا کہ سفید فام آبادی ان وحشیانہ بہیمانہ بیانات کو بخوشی قبول کرے گی۔ لہٰذا وہ سرخ ہندیوں کے خلاف زہر افشانی کرتے رہے، جبکہ ہٹلر نے ایسا نہیں کیا۔ ان کے بعد آنے والا گورنر Birglar ان سے مختلف نہیں تھا فوج کے نام ایک خط میں اس نے سرخ ہندیوں کے بارے میں لکھا:

the acts of these Savages are sometimes signalized by a ferocity worthy of. . . cannibals . . . They seem to cherish an instinctive hatred toward the white race, and this is a principle of their nature, which neither time nor vicissitude can impair. This principle of hatred is hereditary . . . The character and conduct of these Indians . . . [means] . . .that Whites and Indians cannot live in close proximity in peace.

''ان وحشیوں کے افعال آدم خوروں کی طرح خونخوار ہوتے ہیں وہ سفید فاموں سے اندرونی نفرت پر خوشی کا اظہار کرتے ہیں۔ یہ ان کی فطرت کا مظہر ہے جسے نہ تو وقت نہ کوئی اور شے تبدیل کر سکتی ہے نفرت کا یہ اصول وراثتی ہے، سرخ ہندیوں کا یہ رویہ اور کردار اس بات مظہر ہے کہ سفید فام اور سرخ ہندی امن کے ساتھ ایک جگہ نہیں رہ سکتے''۔

سرخ ہندیوں کے خلاف نفرت کی تاریخ:

Birglar نے اپنے خط کا اختتام فوج سے اس مطالبے پر کیا کہ وہ چاروں علاقوں [countries] سے تمام سرخ ہندیوں کو نکال باہر کرے۔ کہاں؟ اس بات کا جواب اس نے نہیں دیا اس کام کے لیے اس نے کیلی فورنیا کی ملیشیا کی خدمات پیش کیں۔ (Heizer; 1993:189-91) [Heizer, R. 1993. The Destruction of California Indians. A Collection of Documents. Lincoln: University of Nebraska]

تمام سرحدی ریاستوں کے سیاست دان، آبادکار اور اخبارات اسی قسم کے متشددانہ جذبات رکھتے تھے اور اسی طرز عمل کے زبردست حامی تھے۔ اس قسم کے جذبات کا اظہار Minnesota کے گورنر Ramsey نے کیا اس نے اعلان کیا:

سرخ ہندی: ''شہر بدر کردو یا ختم کردو'':

''سی اُو Sioux سرخ ہندیوں کو لازمی طور پر ختم کر دینا چاہیے یا ان کو ہمیشہ کے لیے ریاست کی سرحد سے نکال باہر کیا جائے۔'' اس زمانے کا مقبول نعرہ تھا "Exterminate or Banish" ''ختم کردو یا شہر بدر کردو'' تھا۔ جنرل سبلی جو کیلی فورنیا میں دیز کھالوں کا ناجر تھا سرخ ہندیوں اور وفاقی حکومت دونوں کو فریب دینے کے لیے مشہور تھا اس نے سانتی سوانی قبیلے کو ختم کرنے کے لیے جنگ شروع کی اور اس میں کامیاب ہوا اس نے 770 جلاوطن کیے جانے والے سانتی قبیلے کے افراد کو سینٹ پال کی دخانی کشتی کے ذریعے بے دخل کیا سفید فام دریا کے کنارے کھڑے ان پر پتھر برساتے اور ان کے ساتھ بدسلوکی کرتے۔ (Brown 1970;50-65)

[Brown, D. 1970. Bury My Heart at Wounded Knee: An Indian History of the American West. London: Barrie & Jenkins.]

اخبارات کی جانب سے قتل عام کی حمایت:

ریاست کولوراڈو کا گورنر بھی اسی قسم کے نفرت انگیز، متشددانہ، غیر انسانی جذبات کا حامل تھا اس کی ریاست کے تمام اخبارات جو آزادئ صحافت کے علمبردار تھے اس کے نسلی اور سفلی جذبات کے طرف دار تھے اور اس کی مدح میں رطب اللسان رہتے تھے۔ Denver کے اخبارات نے اس کی تعریف کی۔ ان اخبارات نے ۱۸۶۳ء میں ظلم و جبر کی ستائیس کہانیوں میں سے ۱۰ واقعات جو سرخ ہندیوں کے قتل سے متعلق تھے، ان کی کھلم کھلا حمایت کی۔ یہ صورت حال بتاتی ہے کہ اس زمانے کے اخبارات، سیاست دان، عدالتیں، حکومتیں، فوج، مسیحی ادارے، کلیسا اور سواد اعظم کی اخلاقی، ذہنی اور نفسی صورت حال کس قدر بدترین تھی۔ (Churchill 1997; 172)۔

[Churchill, Ward. 1997. A Little Matter of Genocide: Holocaust and Denial in the Americas, 1492 to the Present. San Francisco: City Light Books.]

چار سفید فاموں کے قتل کا بدلہ: ۱۴۴ لوگوں سے!

۱۸۷۱ء میں مویشی اور سفید گھوڑے چوری کرنے کی دو سرخ ہندی چھاپہ مار کارروائیوں کے جواب میں جس میں چار سفید فام باشندے ہلاک ہوئے Tuscon کے شہریوں کی سربراہی میں ایک ٹیم نے سرخ ہندیوں کے ایک قبیلے اپاچی کے گاؤں پر حملہ کر دیا جس کا اس چھاپہ مار کارروائی سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ ۱۴۴ لوگوں کو ہلاک کیا گیا جن میں مرد صرف آٹھ تھے باقی ۱۳۶ عورتیں تھیں، اکثر عورتوں کی پہلے عصمت دری کی گئی۔ مقامی اخبار Denver News نے قاتلوں کو مبارکباد دی اور اس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ مرنے والوں کی تعداد دگنی ہو سکتی تھی۔

عدالتوں میں بے انصافی کی کہانی:

مشرقی علاقے میں غضب کی اس صورت حال کو "خالصتاً قتل" قرار دیا گیا اور باغیوں کے سربراہ کو عدالت میں پیش کرنے پر دباؤ ڈالا گیا۔ عدالت میں اس کے خلاف کافی شہادتیں پیش کر دی گئیں لیکن عدالت نے ان افراد کو بری کرنے میں صرف انیس منٹ کا وقت لگایا۔ یہ اس زمانے کا انصاف تھا (Brown 1970: 1۔

[Brown, D. 1970. Bury My Heart at Wounded Knee: An Indian History of the American West. London: Barrie & Jenkins.]

[Cocker, M. 1998. Rivers of Blood, Rivers of Gold. London: Jonathan Cape.]

[Brown, D. 1970. Bury My Heart at Wounded Knee: 202-5;cocker; 1998:220]

عدالتیں: سرخ ہندی کی شہادت قبول نہیں

بہت ہی کم سفید فام شہری قاتلوں کے طور پر عدالت میں مجرم پائے گئے جبکہ عدالت اس مقابلے میں

مستقل مزاجی سے اس روش پر قائم رہی کہ وہ سفید فاموں کے خلاف کسی سرخ ہندی کی شہادت قبول کرنے پر تیار نہ تھی، یہ اس زمانے کی مہذب عدالتیں تھیں۔(for california, see Heizer, 1993:II-14)

[Heizer, R. 1993. The Destruction of California Indians. A Collection of Documents. Lincoln: University of Nebraska Press.]

سرخ ہندیوں کے خلاف جیفرسن اور واشنگٹن کے احکامات:

اگر وفاقی حکومت اور فوج سرخ ہندیوں کی حفاظت کا فریضہ انجام دیتی تو مشنری، آبادکار اور اخبارات اس پر خوب شور مچاتے تھے۔سفید فاموں کے درمیان تمام اختلافات اس وقت ختم ہو جاتے جب کوئی سرخ ہندی مزاحمت کرتا یا کسی سفید فام مرد یا عورت کو قتل کر دیتا۔Mocdoc قبیلے کے سرخ ہندیوں نے اوریگان اور کیلی فورنیا کی سرحد پر جنرل کیبی کو پکڑ کر قتل کر دیا یہ بات یورپی آبادکاروں کے قومی غم و غصے کا سبب بن گئی اور پوری آبادی میں انتقام کی آگ پھیل گئی۔جنرل شرمان نے نہ صرف قاتلوں کے گروہ کے قتل کا مطالبہ کیا بلکہ بکھرے ہوئے تمام قبیلوں کے خاتمے کا مطالبہ کیا۔امریکی فوجیوں اور سوانی لاکوٹا قبیلے کے درمیان ایک جھڑپ میں ۱۸۰ امریکی فوجیوں کی ہلاکت پر جنرل شرمان کو اپنے اس دعوے پر عمل کا موقع مل گیا۔اس کا کہنا تھا کہ سوانی قبیلے کے مردوں، عورتوں اور بچوں کے خاتمے تک ہمیں نہایت سنجیدگی اور مستقل مزاجی سے ان کے خلاف لڑنا ہوگا۔ ایک اور شخص جارج آرسٹر انگ کی موت پر اس قسم کے قومی غم و غصے کا اظہار کیا گیا۔اس کے نتیجے میں نہ ختم ہونے والی جنگ شروع ہوگئی جو ۱۸۸۱ء میں تمام سوانی زمینوں پر قبضے اور ان کے مکمل ہتھیار ڈالنے پر ختم ہوئی سرخ ہندیوں کی مزاحمت کو روشن خیال صدور کے دور میں سختی سے کچلنے کے اسباب مہیا کیے گئے اور بے دخلی سے انکار پر نسل کشی کی دھمکی دی گئی۔بیسویں صدی کے مشہور ترین صدور ''تامس جیفرسن'' سے ''جارج واشنگٹن'' تک اس معاملے میں روشن خیالی کو بالکل بھول گئے۔

جارج واشنگٹن: سرخ ہندی بھیڑیے ہیں:

جارج واشنگٹن نے اپنے جنرل کو ہدایت کی تھی کہ وہ اِرُوکوا قبائل Iroquois پر حملہ کر دے اور 'Lay waist all settlement-that the country may not be over run but destroyed and not to listen any over tune of peace before the total ruin of their settlement is effected" ''ان کی آبادیوں کو تباہ و برباد کر دیں ان کی تمام باقیات کے خاتمے تک امن کا کوئی نغمہ سننے کی ضرورت نہیں ہے''۔اس نے سرخ ہندیوں کو بھیڑیوں سے تشبیہ دی کہ دونوں وحشی شکاری ہیں صرف شکلوں کا فرق ہے۔ Indians are wolves both being beasts of prey though they different in shape. اس نے اعلان کیا کہ تمام سرخ ہندیوں کو مسی سپی کے مغرب کی طرف دھکیل دیا جائے اور مزاحمت کرنے والوں کو

طاقت سے کچل دیا جائے۔جیفرسن نے بھی سرخ ہندیوں کے ساتھ جنگ میں اپنا لہجہ تبدیل کرلیا۔

جیفرسن:سرخ ہندیوں کی جڑیں کاٹ دو

the root-and-branch destruction of hostile tribes or driving them beyond the Mississippi: "nothing is more desirable than total suppression of their savage insolence and cruelties"; "This then is the season for driving them off"; their "ferocious barbarities justified extermination"; "if ever we are constrained to lift the hatchet against any tribe, we shall never lay it down till that tribe is exterminated, or driven beyond the Mississippi . . .. In war, they will kill some of us; we shall destroy all of them."

جیفرسن مسلسل حکم دیتا کہ دشمن قبیلوں کی جڑیں کاٹ دو یا پھر انھیں مسسس پی کے پار دھکیل دو اس کا کہنا تھا کہ ان وحشی قبیلوں کے مکمل خاتمے کے سوا کوئی بات اہم نہیں ہے یہی ان کے نکال باہر کیے جانے کا وقت ہے ان کی وحشی حرکتیں قتل عام کا جواز ہیں۔اگر ہم ان پر ہتھیار اٹھانے پر مجبور ہوئے تو ہم اسے ان کے مکمل خاتمے تک نیچے نہیں رکھ سکیں گے۔جنگ کی صورت میں وہ ہمارے چند افراد کو قتل کریں گے ہم ان کے تمام افراد کو قتل کردیں گے۔۱۸۱۳ء میں اس کا خیال تھا کہ کریک قبیلہ شکست کے بعد معافی کی یہ شرط قبول کرلے گا کہ وہ اپنی تمام آبادی کو مسسس پی سے باہر لے جائیں ورنہ ہم انھیں مجبور کردیں گے۔نہ تو جیفرسن اور نہ ہی واشنگٹن نے برطانیہ جیسے تہذیب یافتہ دشمن کے خلاف یہ زبان استعمال کی۔جیفرسن نے سفید فاموں کے زمینوں پر قبضے کی مکمل پشت پناہی کی اس کے دور صدارت میں دو لاکھ مربع میل سرخ ہندی زمینوں پر اس کے کارندوں نے قبضہ کیا۔

جیفرسن کے خوں خوار احکامات:تحلیل،بے دخلی یا قتل

اس قبضے کے لیے جیفرسن کا فرمودہ تھا کہ وہ سرخ ہندیوں کو قرضے میں جکڑتے اور پھر اس کے بدلے وہ انھیں اپنی زیر ملکیت زمین بیچنے پر راضی کرلیتے،اس طرح سرخ ہندی اپنی آبائی شکار کی زمین سے محروم ہوتے گئے۔جیفرسن نے اپنے حکام کو حکم دے رکھا تھا:

trick the Indians into debt, forcing them to sell their lands. With inadequate land left for hunting, they would have to learn agriculture and then assimilate. If they resisted this, they must be crushed; if they merely languished and starved, that proved the inevitability of their end.

اگر وہ اس پر مزاحمت کرتے تو ان کو کچل دیا جاتا اور اگر وہ فاقہ کشی کرتے تو ان کا خاتمہ لازمی تھا۔

جیفرسن کی ترجیح Assimiation تھا اس کے بعد وہ بے دخلی Deportation کا قائل تھا اگر یہ بھی ناکام ہو جائے اور مزاحمت ہو تو وہ قتل عام کا فیصلہ کرتا جیفرسن کا کہنا تھا کہ وہ ہندی نسل کی سفید فام نسل کے ساتھ برابری کا قائل ہے مگر اعلیٰ تہذیب ہمیشہ کمتر تہذیب پر غالب آتی ہے۔

he believed in the inherent racial equality of Indians (unlike blacks) with whites (Wallace, 1999: 78), but higher must triumph over lower civilizations.

اگر چہ امریکیوں کی اکثریت اس بات سے واقف ہے کہ یہ دونوں صدور واشنگٹن اور جیفرسن غلام رکھتے تھے مگر ہندیوں کے لیے ان کے غیض وغضب کی تاریخ سے بہت کم لوگ واقف ہیں۔

سرخ ہندیوں کے خلاف جیکسن کا اعلان جنگ:

صدر امریکہ اینڈریو جیکسن کے دور صدارت میں صرف تمام سفید فام مردوں کو ووٹ کا حق دیا گیا۔ اگر چہ وہ ہندیوں کا حمایتی مشہور تھا اصلاً جیکسن محض ایک عقلمند سیاست دان تھا جو کہ شمالی ریاستوں کے دباؤ پر بے دخلی کی قانون سازی پر راضی ہو گیا اور سفید فام اور ناجائز قابضین کے خلاف ہندیوں کے دفاع کے حق میں تھا مگر اس کا خیال تھا کہ بے دخلی سرخ ہندیوں کی حفاظت کا واحد حل ہے۔ [Prucha, F. (Prucha 1994) 1994. "Andrew Jackson's Indian Policy: A Reassessment," in Hurtado & Iverson (eds.), Major Problems in American Indian History.] یہ دراصل ایک نقاب تھا، سرخ ہندیوں نے بے دخلی پر احتجاج کیا تو وہ غضب میں آ گیا۔ صرف ایک سفید فام عورت کو کریک قبیلے کے افراد نے یرغمال بنا لیا تو اس نے انتہائی اشتعال اور غیض وغضب کی حالت میں اعلان کیا کہ ''میں ان کے قصبوں میں گھس کر یرغمال اور اغوا کرنے والے دونوں کو برآمد کر لوں گا اور مجھے اس بات میں کوئی جھجک نہیں ہے کہ میں ان کے دیہاتوں کو برباد کر دوں ان کے گھروں کو آگ لگا دوں ان کے جنگجوؤں کو ختم کر دوں، ان کی بیویوں اور بچوں پر قبضہ کر لوں، جب تک کہ یہ ہتھیار نہ ڈال دیں''۔

"I shall penetrate the Creek Towns, until the Captive, with her Captors are delivered up, and think myself justifiable in laying waste their villages, burning their houses, killing their warriors and leading into captivity their wives and children, untill I do obtain a surrender of the Captive, and the Captors." Prucha (p. 212)

جیکسن کے زہریلے ارشادات: سرخ ہندی بھیڑیے

ایک اور موقع پر جیکسن نے سرخ ہندیوں کو ''دھوکہ باز'' اور ''اذیت پسند'' کا طعنہ دیا اس نے اعلان کیا

کہ "ہمارے مقتولین کا سر حفاظت سے رکھا ہے۔ وہ یہ کہتا تھا کہ ہندیوں سے ڈرنا ان سے محبت کرنے سے بہتر ہے۔ اس نے اپنے سپاہیوں کو حکم دیا کہ وہ سرخ ہندی بچوں اور عورتوں کو بھی قتل کر دیں۔ ایسا نہ کرنا بھیڑیے کو جھولے میں کھلانے کے مترادف ہوگا یہ جانے بغیر کہ وہ کب بھیڑیا بن کر کچھار میں جا پہنچے۔

"the blood of our murdered countrymen must be revenged. The banditt ought to be swept from the face of the earth." He boasted, "I have on all occasions preserved the scalps of my killed." In principle he believed that "fear is better than love with an Indian." He urged his soldiers to kill women and children. Not to do so would be like pursuing "a wolf in the hammocks without knowing first where her den and whelps were."

اس کے ان بیانات نے اس کے لیے صدارت کی راہ ہموار کی۔ اس نے اپنے دور صدارت میں ہندیوں سے معاہدے کو توڑ ڈالا اور سرخ ہندیوں کی جبری بے دخلی کا عمل شروع کر دیا۔ اس کا دعویٰ تھا کہ اس کا ۱۸۳۰ء کا Removal Act رحم دلانہ تھا۔ جبکہ اس کے نتیجے میں مشہور ٹرائل آف ٹیرز (Trial of Tears) میں کریک قبیلے کے دس ہزار، چیروکی قبیلے کے چار ہزار اور چاکٹا قبیلے کے چار ہزار باشندے ہلاک کیے گئے۔

سرخ ہندیوں کے خلاف لنکن کی مہم جوئی:

سرخ ہندیوں کے معاملے میں لنکن کی بہت زیادہ شمولیت نہیں رہی۔ نوجوان سیاستدان کی حیثیت سے اس نے ہندیوں کے مخالف جنگجوتا ثر قائم کرنے کے لیے Black Hawk جنگ میں اپنا عسکری تجربہ استعمال کیا اس نے zenchery Taylor کی وحشیوں کے عسکری استحصال اور winfield scot کے چیروکی قبیلے کی بے دخلی کے اقدامات کی تعریف کی۔ اس کے دور میں ہندی ایک جزوی مسئلہ تھے صرف ایک دفعہ اسے سرخ ہندیوں کے خلاف ہولناک بڑا فیصلہ کرنے کی ضرورت پیش آئی جب اس نے Minnesota میں عسکری حملے اور ہندی زمینوں پر قبضے کا حکم جاری کیا اس فیصلے کی وجہ سے ۱۸۶۲ء میں سوانی قبیلہ بغاوت پر مجبور ہوا جس کو فوج نے کچل دیا اور ۳۰۹ سوانی افراد کو گرفتار کر لیا۔ لنکن کو ان افراد کی پھانسی کا فیصلہ کرنا تھا۔ انسانیت پسندوں اور قتل عام کے حمایتوں کی طرف سے دلائل جاری تھے۔ مقامی افراد اور گورنر Ramsey تمام افراد کے قتل کے حامی تھے تاہم اس نے ۳۹ افراد کی پھانسی کا فیصلہ کیا جو کہ امریکی عدالت کی تاریخ کا پہلا واقعہ ہے جب بیک وقت کثیر تعداد میں افراد کی پھانسی کا اعلان کیا گیا۔ جبکہ سزا پانے والوں کے خلاف کافی وشافی ثبوت موجود نہیں تھے۔ لنکن کے اس فیصلے سے کوئی بھی مطمئن نہ تھا مگر وہ خوش تھا کہ وہ ایک پیچیدہ صورتحال سے نکل آیا ہے۔ گرفتار شدگان کی اکثریت جیل کی اذیتوں کی وجہ سے ہلاک ہو گئی۔ لنکن کو یقین تھا کہ سرخ ہندی اعلیٰ نسل کے مقابلے میں جلد ہی ختم ہو جائیں گے۔ وہ

سرخ ہندیوں سے نفرت کرتا تھا اس نفرت کا اظہار لنکن نے ۱۸۶۳ء میں وائٹ ہاؤس میں ایک قبائلی وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

''پیلے چہرے والے لوگ لاتعداد اور خوشحال ہیں وہ زمین پر کاشت کاری کرتے ہیں۔ اور اپنی روٹی پیدا کر کے کھاتے ہیں اور وہ شکار کے کھیل کے بجائے زمین کی پیداوار پر انحصار کرتے ہیں۔ وہ سرخ ہندی نسل کے برخلاف ایک ایسی نسل سے تعلق رکھتے ہیں جو ایک دوسرے کو قتل کرنا اور ایک دوسرے سے لڑنا پسند نہیں کرتی''۔

the pale-faced people are numerous and prosperous because they cultivate the earth, produce bread and depend upon the products of the earth rather than wild game for a subsistence. This is the chief reason of the difference; but there is another . . . we are not, as a race, so much disposed to fight and kill one another as our red brethren. (Nichols, 1978: 187)

لنکن کے متعصبانہ خیالات کے چند روز بعد ہی سفید فام مہذب انسانوں کے درمیان خانہ جنگی شروع ہوگئی لنکن کے الفاظ تاریخ نے مسترد کر دیئے تھے۔ مہذب سفید فام سرخ ہندیوں کے ساتھ ساتھ اب ایک دوسرے کو بھی قتل کر رہے تھے۔ وحشی کون تھے تاریخ اس حقیقت سے نقاب الٹ رہی تھی۔ وحشت کا سفر یہیں ختم نہیں ہوا یہ سفر جاری تھا جاری ہے اور آئندہ بھی جاری رہے گا۔ جب تک کہ تمام دنیا پر اس کا تسلط قائم نہ ہو جائے۔

روزویلٹ کے خیال میں مردہ ہندی بہترین آدمی ہے:

انیسویں صدی کے اختتام پر نسل کشی کا عمل ختم ہو رہا تھا امریکہ کے پانچویں عظیم جمہوریت پسند صدر تھیوڈور روزویلٹ کو اس میں حصہ ڈالنے کی قطعاً ضرورت نہیں تھی اس نے قتل عام کے بارے میں کہا کہ اس کے سوا چارہ کار نہ تھا۔ ''It was ultimately beneficial as it was inevitable'' اس نے مزید کہا ''تمام جنگوں میں سب سے عظیم جنگ وہ ہے جو وحشیوں کے خلاف ہے میرے خیال میں بہترین سرخ ہندی وہ ہیں جو مر چکے ہیں اور میرا خیال ہے کہ دس میں سے نو ہلاک ہو چکے ہیں۔ اور دسویں کے بارے میں مجھے کوئی جستجو نہیں ہے۔

that the noblest of all wars was one of extermination against savages. "I don't go so far as to think that the only good Indians are dead Indians, but I believe nine out of ten are, and I shouldn't like to inquire too closely into the case of the tenth."

[Sheehan, B. 1973. Seeds of Extinction: Jeffersonian Philanthropy and the American Indian. Chapel Hill: University of North Carolina Press.] [Stannard, D. 1992. American Holocaust: The Conquest of the New World. New York: Oxford University Press.] [Wallace, A. 1999. Jefferson and the Indians: The Tragic Fate of the First Americans. Cambridge, Mass.: Belknap Press.] [Cocker, M. 1998. Rivers of Blood, Rivers of Gold. London: Jonathan Cape.]

Sheehan 1973: 206, 29, 244, Stannard (1992, 19-22, 245-6), Wallace (1997:65,235-8 and Cockor (1998: 206)

امریکی صدور کے اعلانات کا جمہوری پس منظر:

وہ جمہوریت پسند صدور جو اپنے حلقہ انتخاب کی ضروریات سے آشنا تھے ان کے اندر شاہی نسل پسندی زیادہ نظر آتی ہے۔ تا کہ اپنے حلقۂ انتخاب کی زیادہ سے زیادہ توجہ حاصل کر سکیں، اپنے حلقہ انتخاب میں مقبولیت کا جمہوریت میں صرف ایک ہی طریقہ اور ایک ہی راستہ ہے کہ رائے دہندگان کو ہرگز ناراض نہ کرو، ان کی خواہشات اور مطالبات کو پورا کرنے کے لیے اپنی جان لڑا دو یہ جمہوری عمل کا بنیادی نقص ہے اس نقص کی تلافی صرف انسانیت کے دعووں کے ذریعے ہی ممکن ہے عملاً کچھ نہیں ہو سکتا، لہٰذا جمہوری عمل میں شریک ان صدور نے جمہوریت کے تحفظ کے لیے جمہوری طریقوں کے عین مطابق ایسی حکمت عملیاں مرتب کیں جو اس عبرت ناک جبر سے بھی آگے بڑھ گئیں جو نسل کشی کے لیے اختیار کی گئیں تھیں۔ زمینوں پر قبضہ کرنے کا عمل اور سرخ ہندی مزاحمت، ان آبادکاروں کے بہیمانہ جذبات کا جواز بنا۔

مغربی فکر و فلسفے، سرمایہ دارانہ نظام، سرمایہ دارانہ شخصیت، مذہب دشمن اقدار، تصور نفس کے خود ساختہ نظریات، الوہیت انسانی کے دعووں اور آخرت کے انکار کے باعث جس خلق جدید کی تعمیر سترہویں صدی کے بعد ہوئی جس کے بارے میں فوکو نے کہا تھا کہ انسان تو اٹھارہویں صدی میں پیدا ہوا ہے اس انسان کے کردار، اخلاق، تہذیب، شرافت، اصول، روایت اور برتاؤ کی پوری تاریخ پانچ امریکی صدور واشنگٹن، لنکن، جیفرسن، روز ویلٹ اور جیکسن کے بیانات میں دیکھی جا سکتی ہے۔

مائیکل مین نے ان پانچ امریکی صدور کے بارے میں عجیب بات لکھی ہے:

How many of these presidents would be prosecuted today for genocide by an international war crime tribunal? Four I think excluding Roosevelt. [Page No.91]

نو کروڑ قتل: پچاس برس!

امریکہ میں ریاستی سطح پر امریکہ کے اصل باشندوں کے خلاف ظلم و جبر کے یہ ابواب تحریر کیے جا رہے تھے تو آبادکاروں کی سطح پر سرخ ہندیوں کے خلاف غم و غصہ، اشتعال نفرت کے جذبات بہیمیت کی انتہاء پر تھے۔

براعظم امریکہ کے اصل سرخ باشندوں کو صفحۂ ہستی سے مٹانے، ان کی آبائی زمینوں سے ہٹانے، ان کی نسلوں کو تباہ کرنے، انھیں برباد و تہس نہس کرنے کا یہ عمل پچاس برس میں تکمیل پذیر ہو گیا تھا۔ سرخ ہندیوں کا قتل عام کرنے کے لیے خوبصورت اصطلاحیں، دل فریب نعرے، دفاع کی حکمت عملی، اپنی مظلومیت کا ڈھنڈورہ اور سرخ ہندیوں کی وحشت و بربریت کی جھوٹی کہانیاں گھڑی جاتی تھیں، اس تمام عمل میں حکومت، ریاست، عدالت، اخبارات، کلیسا سب ہم آواز تھے کسی سرخ ہندی کی بیوی سے جبری زیادتی کی جاتی یا بھوکے سرخ ہندی بھوک سے مجبور ہو کر یورپی آبادکاروں کے جانور چوری کر کے ذبح کر لیتے یا کھا پی لیتے تو قیامت گزر جاتی۔ عدالت میں کیلی فورنیا کے ایک باشندے کو لایا گیا تو اس نے بیان دیا:

I believe for every beef that has been killed by then ten or fifteen Indians have been killed.

سفید فام مہذب آبادکاروں کے ہاتھوں سرخ ہندیوں کی زندگی کتنی اذیت ناک تھی اس کی تصویر درج ذیل ہے:

It editorialized about a man called McElroy who had a deer stolen from him. He retaliated by killing an Indian man and his squaw and wounding a third. Then McElroy was murdered as Indians also retaliated. But the death of a white man brought in the California militia. They found an Indian camp, killed 9 Indian men (the rest fleeing), and then butchered its 40 defenseless women and children. This newspaper reported on another occasion that a 36-strong militia unit looking for the killers of a white man found an Indian village and killed all but 2 or 3 of its 150 inhabitants - men, women, and children. The captain of another army unit wrote proudly, "The number killed I confidently report at not less than 75 and have little doubt it extended to nearly double that number." A captain of different sensibilities criticized a Californian rancher who killed two or three Indians, believing that an Indian had stolen some of his cattle. The next

day, the cattle were found. Indians then avenged their dead relatives by killing the rancher. The captain was now trying to prevent further escalation (Heizer, I993: 42-3,63-79, 84-90, 95-7, I56-7, 245, 249-50).

گھوڑے چوری کرنے پر تمام سرخ ہندی واجب القتل ہو گئے:

ریاست مزدوری Missouri کے تین سفید فاموں کا کہنا تھا کہ وہ ہر اس سرخ ہندی کو قتل کر دیں گے جوان کے سامنے آئے۔ کیوں کہ سرخ ہندیوں، نے ان کے گھوڑے چوری کر لیے تھے۔ ایک کے جرم پر پوری نسل کو معتوب قرار دینا کسی بھی جھگڑے کا نصف سبب ہوتا تھا"۔ (Madsen, 1994:316) Madsen,B. 1994. "Mormons, Forty-Niners, and the Invasion of Shoshone Country," in Hurtado & Iverson (eds.), Major Problems in American Indian History.]

سرخ ہندیوں کے خلاف عسکری یلغار:

سفید فاموں کا مقصد ہندیوں کا مکمل خاتمہ تھا اور سفید فاموں میں تناؤ کی وجہ محض ہتھیاروں یا ان کے نظم وضبط کی برتری نہیں تھی بلکہ یہ اس غم وغصے کا بھی نتیجہ تھا کہ ایک کمتر، جنگلی اور بدتہذیب قوم ایک برتر قوم کے خلاف کس طرح شدید مزاحم تھی ان کی دنیا خوف، فساد اور ظلم کی وجہ سے گراوٹ کا شکار تھی جیسا کہ مختلف صدور کے بیانات سے ظاہر ہوتا ہے۔ اس بات میں کوئی شبہ نہیں ہے کہ سفید فاموں کی اکثریت ہندیوں کے مکمل خاتمے کی حامی تھی۔ اس سلسلے میں مزاحمت کی سب سے بڑی تحریک ۱۸۸۰ء کی سیاہ فاموں کو غلام بنانے کے خلاف ردعمل کی تحریک تھی۔ اگر چہ یہ بہت تاخیر سے شروع ہوئی مگر اس نے بہت سی جانیں بچالیں۔

قتل عام کرنے والی عسکری طاقت میں فوج اور آبادکاروں کی ملیشیا شامل تھی۔ فوج اپنے اسلحہ اور ابلاغی طاقت کے زور پر زیادہ ہندیوں کو قتل کر سکتی تھی۔ فوج کو امن قائم کرنے، سرخ ہندی چھاپہ مار کارروائیوں کو روکنے، سرخ ہندی تحاریک کو کچلنے، اور سرخ ہندیوں کو ان کے مخصوص علاقوں سے بے دخل کرنے کے کام تفویض کیے گئے تھے۔ ان مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے مختلف طریقے استعمال کیے جاتے تھے۔ فوج کے منصوبے کے مطابق سرخ ہندیوں سے مذاکرات کیے جاتے تھے کہ وہ یہ جگہ چھوڑ کر اپنے لیے مخصوص کیے گئے بے آباد خطوں میں چلے جائیں، جو سرخ ہندی مذاکرات پر راضی نہیں ہوتے ان پر سخت تشدد کیا جاتا۔

سرخ ہندیوں کے خلاف بہیمانہ جذبات: قتل کر دو یا نکال دو

خانہ جنگی کے بعد فوج نے دوران جنگ سیکھی ہوئی عیارانہ حکمت عملی پر عمل کرنا شروع کیا اور میدانی علاقوں کے قبیلوں پر مقامی نسل کشی کا ارتکاب کرنا شروع کیا اور اراپاچی اور دوسرے قبائل کا قتل عام کیا۔ شرمان عسکری چیف آف اسٹاف تھا اس نے ۱۸۶۶ء کی جنگ میں اپنی چالوں کو اس طرح بیان کیا "میرے خیال میں اگر

ہم پچاس سرخ ہندیوں کو آرکنساس اور پلیٹ کے درمیان چھوڑ دیں تو ہمیں ہر اسٹیشن، ہر ٹرک، ہر ریل گاڑی کی حفاظت کرنی پڑے گی۔ پچاس شر پسند سرخ ہندیوں کے لیے تین ہزار فوجی تعینات کرنے پڑیں گے۔ اس سے بہتر ہے کہ جتنا جلد ممکن ہو ان سے نجات حاصل کر لی جائے۔ یہ زیادہ بہتر ہوگا کہ ان کو بہلا پھسلا کر بے دخل کر دیا جائے یا پھر قتل کر دیا جائے"۔ اس کے الفاظ یہ ہیں:

My opinion is, if fifty Indians are allowed to remain between the Arkansas and the Platte we will have to guard every stage station, every train, and all railroad working parties . . . fifty hostile Indians will checkmate three thousand soldiers, Rather get them out as soon as possible, and it makes little difference whether they be coaxed out by Indian commissioners or killed.

سرخ ہندیوں کا وحشیانہ قتل عام:

اس کا مقصد ان سرخ ہندیوں سے مقابلہ کرنا تھا جو متحرک اور چھوٹے گروہوں کی صورت میں جنگ کرنے کے ماہر تھے۔ لہٰذا ان سے اس وقت جنگ شروع کی جاتی جب وہ سردیوں کے لیے بنے ہوئے رہائشی دیہاتوں میں چلے جاتے، ان کی نقل و حرکت محدود ہو جاتی اور وہ خاص علاقوں میں محصور ہو جاتے اس وقت ان جنگجوؤں کو اپنی عورتوں، بچوں اور املاک کی حفاظت کی خاطر ایک جگہ کھڑے ہو کر مقابلہ کرنا پڑتا۔ آبادکاروں کی فوج کو یقین تھا کہ منجمد جنگ کی صورت میں قتل عام کی صلاحیت بہتر ہوتی ہے اور دشمن کو زبردست نقصان پہنچا کر اس کا خاتمہ کیا جا سکتا ہے۔ (Uttely:1994) تاہم ان کی جنگی صلاحیت ان مردوں، عورتوں اور بچوں کے خلاف براہ راست استعمال ہوتی تھی جو اپنے دیہاتوں سے بھاگنے کی کوشش کرتے اگر وہ فرار ہونے میں کامیاب ہو جاتے تو انھیں اپنی املاک سے ہاتھ دھونا پڑتا اور ایسی جگہوں کو زندگی بسر کرنے کے لیے منتخب کرنا ہوتا جہاں زندہ رہ جانے کی امیدیں بہت کم ہوتیں اور اگر وہ فرار میں ناکام ہوتے تو انھیں ایک ساتھ ہی قتل کر دیا جاتا۔

وحشیانہ قتل عام پر ایک جنرل کا شدید احتجاج:

شرمان کے ماتحت افسر جنرل Sanbom نسل کشی کی اس حکمت عملی پر سخت برہم تھا۔ سیکریٹری داخلہ کو ایک خط میں اس نے لکھا:

> "ہماری جیسی طاقت ور قوم کے لیے، چند خانہ بدوشوں سے ایسے حالات میں گھرے ہوئے لوگوں سے جنگ جاری رکھنا قابل شرم ہے یہ ایک ایسا عمل ہے جس نے ہمیں ہماری آئندہ نسلوں اور پوری انسانیت کی نظروں میں ہمیشہ کے لیے گرا دیا ہے"۔

For a mighty nation like us to be carrying on a war with a few straggling

nomads, under such circumstances, is a spectacle most humiliating, an injustice unparalleled, a national crime most revolting, that must, sooner or later, bring down on us or our posterity the judgement of Heaven.

مظالم پر تنقید کرنے والوں کو مسترد کر دیا گیا:

جنرل سن بورن جیسے غیرت مند جنرل بہت کم تھے تاریخ نے انھیں بھلا دیا۔ایک جنرل کی جانب سے نہتے مظلوموں کے خلاف وحشیانہ جنگی کارروائیوں پر احتجاج کے باوجود آج تک ان جرائم پر سرخ ہندی باشندوں سے کبھی معذرت نہیں کی گئی شاید یہ تہذیب کا تقاضہ ہے۔

مگر جنرل شری دان نے خود پر تنقید کرنے والوں کی تنقید کو مسترد کرتے ہوئے انھیں ایسے متقی کلیسائی قرار دیا، جو ان وحشیوں کے مددگار اور ہمدرد ہیں جنھوں نے مردوں، عورتوں اور بچوں کو قتل کیا ہے۔اس کی وضاحت ایک ردعمل کے سوا کوئی حیثیت نہیں رکھتی۔شری دان کی شخصیت، ہتھیار ڈالنے والے سرخ ہندیوں کے ساتھ ایک مکالمے میں ظاہر ہوتی ہے جس میں ان کے سربراہ نے خود کو ٹوٹی پھوٹی انگریزی میں متعارف کراتے ہوئے کہا Tosawi, good Indian کہا تھا، جنرل شری دان نے جواب دیا "مرا ہوا سرخ ہندی ہی میری نظر میں اچھا سرخ ہندی ہے" بعد ازاں اس کے بدنام زمانہ الفاظ مشہور ہو گئے کہ:

> The only good Indian I ever saw is dead Indian"
>
> (Broown, 1970: 157-8, 170-I)
>
> [Brown, D. 1970. Bury My Heart at Wounded Knee: An Indian History of the American West. London: Barrie & Jenkins.]

سرخ ہندیوں کے خلاف عسکری کارروائیاں:

شری دان اور شرمان سرخ ہندیوں کے خلاف جنگ میں کمان کے سربراہ رہے اور ان کی ظالمانہ تدبیریں آبادکاروں اور سیاستدانوں میں پسندیدہ رہیں اور انھوں نے انتہائی اطمینان سے اپنے مقاصد حاصل کیے عسکری حکمت عملی کی اخلاقیات کا انحطاط قاتلانہ نسل کشی کا حصہ رہا۔

دشمن سے نفرت اس قسم کی عسکری حکمت عملی کا لازمی حصہ ہوتی ہے۔اس میں دشمن کی ضروریات کی فراہمی کے ذرائع کو منقطع کر دیا جاتا ہے جو کہ لڑائی نہ کرنے والے گوریلے انھیں فراہم کرتے ہیں یہ چالیں انیسویں صدی میں میدانی سرخ ہندیوں کے ساتھ جنگ میں استعمال کی گئیں۔بہادر جنگجو کوئی مخصوص یونیفارم نہیں پہنتے تھے لہٰذا ہر سرخ ہندی مرد دشمن ہو سکتا تھا۔محفوظ طریقہ یہ ہے کہ تمام سرخ ہندی مردوں کو قتل کر دیا جائے۔اس کے

علاوہ جنگی حکمت عملی کے طور پر دشمن کو ایسے مقام پر دفاع پر مجبور کر دیا جاتا جہاں مرد عورتیں اور بچے اکٹھا ہوں۔ اس قسم کی عسکری چالیں شدید ظالمانہ تھیں۔

آباد کاروں کی ملیشیا کو ریاست اور مقامی حکومتوں کی طرف سے امداد دی جاتی تھی۔ جس کی وجہ سے ان کے اندر نسل کشی کا جذبہ اور بھی تازہ رہتا تھا۔ یہ جنگجو جزوقتی ملازم ہوتے، اور انھیں سرخ ہندیوں کے سر کے بدلے اجرت دی جاتی تھی۔

ہر سرخ ہندی کو قتل کر دو:

کرنل شونگلن جو کولوراڈو کی تیسری ملیشیا کا کمانڈو اور سابق ضابطہ پرست وزیر تھا اس کا کہنا تھا کہ "میرا مقصد ہر اس سرخ ہندی کو قتل کرنا ہے جو میرے سامنے آئے، خواہ چھوٹا ہو یا بڑا۔ چھوٹے سے اس کی مراد بچے تھے جیسا کہ وہ کہتا تھا 'انڈے ہی جوں بنتے ہیں۔

"kill and scalp all, little and big." "Little" meant children, for as he said, "Nits make lice."

ایک عسکری افسر سرخ ہندیوں کے ساتھ مذاکرات کا خواہش مند تھا جب اس نے شونگلن کی ملیشیا کے بارے میں استفسار کیا تو اس کے گورنر نے جواب دیا:

"انھیں سرخ ہندیوں کو ختم کرنے کے لیے تیار گیا تھا اور وہ انھیں قتل کر کے ہی چھوڑیں گے"۔

سپاہی عورتوں کے اعضاء کے تمغے اٹھائے پھرتے تھے

۱۸۶۴ء میں Sand Creek میں کرنل شونگلن نے ایسا ہی کیا اس کی فوج نے ۱۰۵ سرخ ہندی عورتوں اور بچوں اور ۲۸ مردوں کو قتل کیا اور ان کے اعضاء کاٹ ڈالے۔ اس کی فوج کے سپاہی جو تمغے اٹھائے پھر رہے تھے وہ عورتوں کی فرج [vagina] سے بنائے گئے تھے۔ یہ مہذب متمدن یورپی آبادکاروں کا حال تھا جو آج دنیا کو انسانیت اور اخلاقیات کا درس دے رہے ہیں۔ (Brown 1970:86-93 Stannard 1992-171-4)

[Brown, D. 1970. Bury My Heart at Wounded Knee: An Indian History of the American West. London: Barrie & Jenkins.] [Stannard, D. 1992. American Holocaust: The Conquest of the New World. New York: Oxford University Press.]

قاتل اخبارات میں ہیرو کے طور پر پیش کیے جاتے:

بعض لوگوں کی کوشش تھی کہ وہ شونگلن کو عدالت میں لائیں مگر وہ ایسا کرنے میں ناکام رہے۔ شونگلن ہمیشہ Denver کے اخبارات و رسائل و جرائد کا ہیرو رہا (Wallace (1999:218 کا خیال ہے کہ آبادکار خود

ایک فوج بن چکے تھے جس کا غصہ ہر اس سیاستدان پر اتر پڑتا جو ان کی رائے کے خلاف جانے کی کوشش کرتا۔

[Cocker, M. 1998. Rivers of Blood, Rivers of Gold. 1998-187-8

London: Jonathan Cape.]

مصنف کوکر (Cocker) نے Sugarfoot Jack کی سوانح بیان کرتے ہوئے بتاتا ہے کہ یہ بین الاقوامی سطح کا قاتل تھا اور اسے برطانیہ سے تسمانیہ کی اصل آبادی کو قتل کرنے کے لیے لے جایا گیا اس کے بعد وہ کیلی فورنیا کی ملیشیا کا رکن بنا اور آخر میں اپاچی قبیلے کے نومولود بچوں کا اذیت پسند قاتل بنا۔

اس سے پہلے کہ ہم امریکی ریاست کے سرخ ہندیوں پر مظالم کی داستان کے بعض اوراق پلٹیں ضروری ہے کہ ۱۷ویں صدی سے پہلے اور کے بعد کے معاشروں کی جنگجویانہ تصویر کی اصل حقیقت بھی آپ کے سامنے پیش کردیں۔ یہ حقیقت اعداد و شمار کی صورت میں پیش کی جارہی ہے جو کسی تفسیر تشریح کی محتاج نہیں ہے۔

براعظم امریکہ: سرخ ہندیوں کی زبانوں کا قتل عام

سرخ ہندیوں پر مظالم اور قتلِ عام کی داستان ۱۵ویں صدی کے اختتام سے شروع ہوکر ۱۹ویں صدی تک جاتی ہے اس کی تفصیلات شروع میں پیش کردی گئی ہیں ظلم کی یہ سیاہ رات انیسویں صدی کے آخر میں کچھ کم ہوئی جب امریکی حکومت نے بچے کھچے اصلی امریکی باشندوں کی تعلیم و صحت کے لیے اپنے وہ دروازے کھولے جو اس سے پہلے صرف اینگلوسیکسن (Anglo-Saxon) عوام یا گوری چمڑی والوں کے لیے مخصوص تھے۔ مولانا ظفر علی خان بابائے صحافت نے غالباً یورپی آبادکاروں اور سفید فاموں کے انہی مظالم کی بنیاد پر زمیندار میں اپنے اداریوں اور تقریروں میں انھیں "گوری چمڑے والے مہذب ڈاکو" کہتے اور لکھتے تھے۔

سرخ ہندیوں کی زبانوں کا خاتمہ:

جب یورپی اقوام نے ۱۴۹۲ء میں امریکہ کی سرزمین پر قدم رکھا تو وہاں کی مقامی آبادی کو وحشی، جنگلی اور حقیر قرار دیا گیا چوں کہ ان کی زبان لکھی نہیں جاتی تھی جس کی وجہ سے ان زبانوں کو ختم کرنے میں امریکی استعمار کو زیادہ مشکلات کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔ تحریر سے محرومی کے باوجود یہ زبانیں صدیوں سے لوک کہانیوں، قصوں، نغموں اور لوریوں کے ذریعے سینہ بہ سینہ ایک نسل سے دوسری نسل میں منتقل ہوتی رہی تھیں اس طرح تصوراتی قصوں کے ذریعے ان تمام زبانوں کی انفرادیت اور خوبصورتی قائم تھی۔ اگر کسی زبان کا قصہ گو اپنے علاقے اور اپنی زبان میں مشہور ہوتا تو اسے اس خوبصورت انداز بیان کی وجہ سے دوسرے قبائل میں بھیجا جاتا تاکہ وہ اُس خاص زبان کی دلکشی سے دوسری زبان والوں کو متاثر کرے۔ لیکن ۱۴۹۲ء سے شروع ہونے والی اس بقا کی جنگ نے جس کا اختتام آج بھی نہیں ہوا ہے سرخ ہندیوں کی تمام زبانوں اور ان کی پوری تہذیب کو جلا کر خاکستر کردیا گیا۔

سرخ ہندی قصہ گو اور ان کی کہانیاں:

قصہ گو کہانی دلچسپ انداز سے شروع کرتے جس طرح اردو میں ہر کہانی کے آغاز سے پہلے عموماً یہ جملہ کہا جاتا ہے "ایک دفعہ کا ذکر ہے" اسی طرح یہ مقامی لوگ جب اپنی کہانی شروع کرتے تو ان جملوں سے عموماً کہانی کا افتتاح ہوتا۔ "لوگوں کے آنے سے پہلے....." یا "جب کویوتے جوان تھا....."۔

سرخ ہندی: ریچھوں کو نہیں مارتے تھے:

ان کی کہانیاں سادگی کا نمونہ ہوتیں اور ان میں عموماً جرأت اور بہادری کا پہلو نمایاں رہتا تھا یہ کہانیاں سبق آموز ہوتیں تھیں اور سرخ ہندیوں کی تہذیبی و تمدنی خصوصیات، الہیاتی روایات، مذہبی کرداروں کے احکامات بیان کرتی تھیں۔

ان کی کچھ کہانیاں مافوق الفطرت بھی ہوتی تھیں جیسا کہ ایک کہانی میں دو لڑکیاں ہر رات ستاروں کو دیکھ کر یہ خواہش کرتی تھیں کہ ان کی شادی ان ستاروں سے ہو جائے۔ ان کی یہ خواہش کسی طرح پوری ہو جاتی ہے اور اس دوران ان کے سفر آسمان اور وہاں زندگانی میں نئے نئے سبق آموز اور حیران کن واقعات جنم لیتے ہیں اور مزید کہانیوں کا ایک لامتناہی سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ جن والدین کی اولاد پیدا ہوتے وقت یا بعد میں مر جاتی تو ان کی دل جوئی کے لیے بھی کہانیاں کہی جاتی تھیں جن میں ایسے والدین کے لیے نئے بچوں کی ولادت کی خوش خبری ہوتی جو ایسی طاقتوں کے حامل ہوتے جن سے مرنے والے بچے محروم تھے جنھیں بھوت پریت یا بلاؤں نے کھا لیا تھا۔

مقامی لوگ ریچھ کو کبھی نہیں مارتے تھے بلکہ انھیں جب ریچھ نظر آتا تھا وہ دعائیہ کلمات ادا کرتے تھے۔ کیوں کہ سرخ ہندی نہایت مہذب متمدن اور محبت کرنے والے لوگ تھے وہ انسان تو کیا جانوروں کو بھی مارنا پسند نہیں کرتے تھے۔

کیلی فورنیا زبانوں کا قبرستان:

مؤرخین کے مطابق صرف امریکا میں تقریباً نو کروڑ سرخ ہندی باشندوں کو وحشی قرار دے کر ہلاک کر دیا گیا اور ان کی زبانیں نوہاٹلا (Nauhuatl)، یوما (Yuma)، چیوا (Chipewa)، تو ماہاک (Tomahawk)، موہاک (Mowhawk)، موہاوے (Mojave)، چوکٹا (Choctow)، پیما (Pima) اور ہوپی (Hopi) وغیرہ کو فنا کر دیا گیا۔ جب نسل ہی باقی نہ رہی تو زبان کے بچنے کا کیا سوال پیدا ہوتا۔ امریکی ریاست کیلی فورنیا جہاں زبانوں کے کئی بڑے گروہ پائے جاتے تھے وہاں سفاکی اور درندگی کا ایسا مظاہرہ کیا گیا کہ تاریخ نے اس ریاست کا نام جس کا مفہوم ہسپانوی زبان میں "خوابناک سونے کی سرزمین" تھا، زبانوں کا قبرستان (Cemetery of Languages) رکھ دیا۔ جہاں سترہ بڑے لسانی گروہوں کی دو سو کے قریب

زبانیں اور بولیاں بولی جاتی تھیں وہاں آج صرف دو زبانیں باقی رہ گئی ہیں۔ کیلی فورنیا میں ۱۷۶۹ء تک تین لاکھ ریڈ انڈین تھے، ایک سو سال کے بعد ان کی یہ تعداد بیس ہزار تک رہ گئی۔ یہاں پر ۱۸۴۸ء میں سونا دریافت ہوا جس کے بعد مقامی لوگوں کے قتل عام میں اور تیزی آ گئی تا کہ سونے کے حصہ داروں کی فہرست میں مقامی باشندوں کے نام شامل نہ کیے جا سکیں۔ یہ تاریخ ساز کارنامہ اس قوم نے انجام دیا جسے اس بات پر فخر ہے کہ وہ دنیا میں انسانی حقوق کے سب سے بڑی علمبردار ہے اور انسانیت کی جتنی خدمت اس نے انجام دی وہ خدمت کوئی اور انجام نہ دے سکا۔

سرخ ہندیوں کی دو سو تیس زبانیں: مختصر جائزہ:

ریاست ہائے متحدہ امریکا میں لسانیات کے ماہرین نے سن دو ہزار میں ۲۳۰ زبانوں کی فہرست تیار کی ہے جن میں سے ۱۶۶ مقامی زبانیں سرخ ہندی بولتے ہیں جو آج بھی بولی جا رہی ہیں۔ سرخ ہندی لوگوں کی اکاون زبانیں جو ۱۹۷۷ء تک مر چکی تھیں ان معدوم زبانوں کو شامل کر کے مقامی لوگوں کی زبانوں کی تعداد ۲۱۷ بن جاتی ہے۔ ۱۴۴ زبانوں میں سے اس مضمون میں ایسی زبانوں کا ذکر کیا گیا ہے جن کے بولنے والوں کی تعداد تقریباً ہزار ہے اور ایسی زبانوں کی تعداد ۱۳۴ ہے۔ جبا خواور چیرو کی ایسی زبانیں ہیں جن کے بولنے والے ۲۲ ہزار سے زیادہ ہیں اور غالباً اب امریکا میں سرخ ہندیوں کی یہی دو بڑی زبانیں باقی رہ گئی ہیں۔ ان مقامی زبانوں کے علاوہ بقیہ ۱۳ زبانوں میں انگریزی اور ہسپانوی زبان جنھیں سرکاری اور غیر سرکاری زبان کا درجہ حاصل ہے شامل ہیں ان زبانوں کے علاوہ جرمن، فرانسیسی بھی اس فہرست میں شامل ہیں۔

صرف ایک ہزار سرخ ہندی قبائل باقی ہیں:

سرخ ہندیوں کے زبردست قتل عام کے باوجود آج بھی امریکہ میں ایک ہزار کے قریب قبائل باقی رہ گئے ہیں جن میں سے صرف ۵۶۲ قبائل کو حکومت کی جانب سے آبرومندانہ زندگی گزارنے کی اجازت ملی ہے لیکن ان مقامی لوگوں نے گوری اور سیاہ فام اقوام میں شادی بیاہ اور دیگر روابط استوار کر لیے ہیں اب ان کا تشخص خود بہ خود ختم ہوتا جا رہا ہے اور حکومت ایسے لوگوں کو خاص قبیلے کا فرد یا رکن ماننے سے گریز کر رہی ہے۔ اس سلسلے میں امریکہ میں جینیاتی کشمکش نے ایک نیا روپ دھار لیا ہے وہاں کے لوگ اب اپنا جینیاتی تجزیہ کرا رہے ہیں تا کہ ان کا قدیم قبیلے سے تعلق ثابت ہو جائے اس سلسلے میں کئی ادارے وجود میں آ چکے ہیں جو جینیاتی تعلق کو جانچنے کا فریضہ انجام دے رہے ہیں۔

سرخ ہندی: پچیس ہزار قبل مسیح سے امریکہ میں آباد تھے:

محققین اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ امریکا میں مقامی لوگوں کی آبادکاری کا سراغ ۱۰ ہزار سال قدم سے ملتا ہے لیکن کچھ سرخ ہندیوں کے بعض علاقوں میں ۲۵ ہزار سال قدم کی انسانی آبادی کے آثار بھی کثرت سے

ملےاس کا مطلب یہ ہے کہ امریکہ کے اصل باشندے سرخ ہندی دس ہزار قبل مسیح سے اس سرزمین پر آباد تھے جنھیں قتل و غارت گری کے ذریعے تہس نہس کر دیا گیا۔

براعظم امریکہ کے بڑے لسانی گروہ:

براعظم امریکہ میں یورپی قابضین کی آمد کے وقت کئی بڑے لسانی گروہ موجود تھے لیکن یورپی قابضین کی تاخت و تاراج کے بعد شمالی امریکا کے مشہور لسانی و ثقافتی گروہ مسکوجی ین (Muskogean)، الگون کیان (Algonkian)، کاڈوئی (Caddoan)، اِروکوآئی (Iroquoian)، سی اُو (Sioux)، ہوکان (Hokan)، پیوتی ان (Penutian)، اتا پاسکان (Athapascan) اور ازتیکا (Azteca) قلیت کا درجہ اختیار کر گئے یہ گروہ سخت جانفشانی کے ساتھ ظلم و تشدد کا مقابلہ کرتے رہے اور آج بھی اپنے وجود کے ذریعے اپنی عظیم روایات کی نمائندگی کر رہے ہیں انہیں گروہوں کی زبانیں باقی ہیں یہ وہ بڑے لسانی خاندان ہیں جو آج شمالی امریکا میں اپنی کچھ زبانوں کے ساتھ بقاء کی جنگ لڑ رہے ہیں۔

قتل عام کے بعد تحفظاتی علاقوں کا قیام:

امریکی حکومت نے بیسویں صدی کے اوائل میں ''انسانیت کے بے پناہ جذبے'' کے تحت یہ محسوس کر لیا کہ اگر ان مقامی لوگوں کے ساتھ ظالمانہ جابرانہ برتاؤ مسلسل جاری رکھا گیا تو ان کی ثقافت، زبان اور قبیلے ختم ہو جائیں گے ''انسانیت کا تقاضہ تھا'' کہ ان بچے کھچے لوگوں کو بچایا جائے اور دنیا کو بتایا جائے کہ ہم زبانوں اور ثقافتوں کے تنوع پر یقین رکھتے ہیں اور اس سلسلے میں کوشاں بھی ہیں۔ لہٰذا ان لوگوں کو تحفظ دینے کے لیے تحفظاتی علاقوں Reserved Areas یا Reservation کی اصطلاحات شروع کی گئیں۔ یہ ایسے علاقے ہوتے ہیں جہاں ایک خاص قبیلے کے لوگوں کو ان کے قدیم رسم و رواج کے ساتھ رکھا جاتا ہے، انھیں عطیات حکومت فراہم کرتی ہے۔ یہ لوگ باہر کے علاقوں میں آمد و رفت کے ساتھ اپنی تعلیم جاری رکھ سکتے ہیں۔ ان کے علاقوں میں شراب نوشی کی ممانعت ہے۔ اس طرح کے علاقوں کے قیام کا مقصد ایک طرف تو ان سرخ ہندی لوگوں کو سفید فاموں سے ثقافتی تحفظ مہیا کرنا تھا تا کہ ماضی کے مظالم کی تاریخ کو دھندلا دیا جائے۔

سرخ ہندیوں کا اصل مرکز: اوکلاہوما:

ان علاقوں میں حکومت ان مقامی لوگوں کو روزگار کے حصول کے لیے اور زندگی کے نئے طرز اپنانے کے لیے آمادہ کرتی ہے۔ ۱۹۳۰ء تک جو اعداد و شمار ملتے ہیں، اس کے مطابق امریکا کے ہر صوبے میں ان لوگوں کی آبادی تین ہزار سے شروع ہوتی تھی اور خاص خاص صوبوں کی تعداد لاکھ سے اوپر چلی جاتی ہے، خاص کر اوکلاہوما میں جب کہ دیگر صوبوں میں ان کی تعداد ۲۰ ہزار سے ۶۰ ہزار کے درمیان ہے۔

۱۹۷۵ء تک سرخ ہندیوں کی تعلیم، معیار زندگی، حالات، زبانوں، طرز زندگی کے بارے

میں امریکی حکومت کی جانب سے اعداد و شمار دستیاب نہ تھے پہلی مرتبہ ان کے حالات پر مبنی اعداد و شمار U.S. Bureau of the Census نے ۱۹۸۰ء میں شائع کیے اور تمام مقامی افراد کو Hispanic کے زمرے میں رکھا جب کہ اس زمرے میں وہ لوگ بھی شامل ہو جاتے ہیں جو ہسپانوی زبان بولتے ہیں اور یہ لوگ یا تو مقامی ہوتے ہیں، یا میکسیکو کے یا پھر کیوبائی (Cuban) لوگ ہوتے ہیں۔ اس طرح امریکی سرخ ہندی مقامی باشندوں سے متعلق اعداد و شمار سے واضح معلومات نہیں مل سکتیں۔

آنسوؤں کا سفر: کبھی ختم نہ ہو سکا:

انیسویں صدی کے آخر تک امریکی استعماری ریاست نے زیادہ تر قبائل اور زبانوں کو بزورِ شمشیر موت کے گھاٹ اتار دیا تھا۔ چیروکی (Cherokee) زبان بولنے والے اس ظلم کے دور کو (Trail of Tears) کہتے ہیں، جس میں ان لوگوں کو ان کے اپنے آبائی علاقوں سے جبراً نکال دیا گیا۔ آنسوؤں کا یہ سفر کبھی ختم نہ ہوگا خون کے گھونٹ جو پی لیے گئے جبر کی اس تاریخ کو پنگیوں اور سسکیوں کے ذریعے یاد رکھیں گے کیوں کہ سرخ ہندیوں کی تاریخ لکھنے کی جرات کسی کو نہیں ہے مائیکل مین جیسے جری شخص نے اس خونی تاریخ کو ڈرتے ڈرتے صرف گیارہ صفحات میں تحریر کیا ہے لیکن ترکوں کے ہاتھوں ۱۸ لاکھ آرمینیائی باشندوں کے قتل پر دو ابواب تحریر کیے ہیں۔

سرخ ہندی: اپنی شخصیت کے مالک:

کالوسا (Calusa) قوم مسکوجی زبان بولتے تھے۔ ۱۵۰۰ کے ابتدائی سالوں میں ان کا بڑا ہی خون ریز مقابلہ ہسپانویوں سے رہا جس کے نتیجے میں انھوں نے ۱۵۲۱ء کے مشہور کون کیس تا دور (Conquestador) پونچھ ڈی لیون (Ponce de Leon) کو قتل کر دیا۔ سیمی نولے (Semin ole) زبان بولنے والوں کی امریکی استعماری طاقت سے بڑی مشہور جنگیں رہی ہیں۔ پہلی سیمی نولے جنگ ۱۸۱۷ء سے ۱۸۱۸ء تک، دوسری سیمی نولے جنگ ۱۸۳۲ء سے ۱۸۴۲ء تک۔ سیمی نولے غالباً ہسپانوی زبان کے لفظ Cimarron کی بگڑی ہوئی شکل ہے جس کا مطلب ''اپنی شخصیت'' ہے۔

امریکہ کی واحد بڑی سرخ ہندی زبان: اپاچی:

نباخو (نباحو) (Navajo) ریڈ انڈین لوگوں کی کہانیاں نظمیہ ہوا کرتی تھیں اور ان کا تعلق ایک اور قبیلے اپاچی (Apache) سے بہت گہرا تھا۔ یہ دونوں قبائل اتاپاسکان لسانی خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔ اپاچی زبان اور قبیلہ مزید ذیلی گروہوں میں منقسم ہے۔ نباخو قبیلہ آج بھی امریکا میں ایک مظبوط قبیلہ ہے جنھوں نے اپنی کوششوں سے اپنی زبانوں کو تحفظ دیا ہے اور آج ان کی زبان امریکا میں واحد بڑی سرخ ہندی زبان کے طور پر بولی جا رہی ہے۔

اپاچی طرز بیاں ختم ہوگیا:

اپاچی قبیلے کا ایک گروہ ایسا بھی تھا جو کہانیاں صرف علی الصبح اور مغرب کے وقت سناتا تھا یا پھر شدید سردیوں کے موسم میں یہ ان کی روایت تھی۔ خی کاریہ (Jicarilla) اپاچی کی کہانیوں میں تحکمانہ انداز ہوا کرتا تھا۔ لیکن ان قبائل کو ہسپانوی استعمار نے جب عیسائیت کا لبادہ پہنایا تو ان کی زبان نے اپنی لوک کہانیاں اور طرز بیان کو ترک کر کے ہسپانوی اور انگریزی زبان اور تہذیب کو اختیار کر لیا اس طرح پوری کی پوری تہذیب وثقافت برباد ہوئی اور ایسی کہانیوں کو جان بوجھ کر فراموش کر دیا گیا جن میں قدیم مقامی مذاہب کی جھلک یا ان کے کرداروں کا منظر نامہ ہوتا تھا۔

پینوتی آئی (Penutian) زبان بولنے والے انیسویں صدی تک ۱۴۰۰۰ تھے۔ یہ لوگ کیلی فورنیا میں رہتے تھے لیکن یورپی نژاد سے روابط نے ان میں نئی نئی بیماریاں پیدا کر دیں اور معاشرتی نظام کی خرابیاں پیدا ہو گئیں۔

ہوکان لسانی خاندان کی یانا (Yana) زبان بولنے والے ۱۸۶۴ء تک ختم ہو چکے تھے۔ اس زبان کا لوگوں کو علم بھی نہ ہوتا۔ اگر اس زبان کا ایک فرد جو بھوکا اور سردی سے ٹھٹھرا پڑا تھا ۱۹۱۱ء میں اورول (Orville) کیلی فورنیا سے ملا۔ اس شخص سے اس زبان اور ثقافت کے بارے میں معلومات حاصل کی گئیں اور اس کی موت ۱۹۱۶ء تک اسے میوزیم میں رکھا گیا لیکن اس سے پہلے اس کی قسمت کا فیصلہ کرنے کے لیے اسے جیل میں بھی رکھا گیا۔

سرخ ہندی باشندے نفرت وحقارت کا نشانہ:

ان مقامی لوگوں کو بڑے ہی برے القاب بھی دیے گئے، موہاک (Mohawk) کے معنی اوکسفرڈ انگلش ڈکشنری ۱۷۱۱ء کے مطابق وہ بدمعاشوں کی ایک جماعت جو راتوں کو لندن کی گلیوں میں اٹھارہویں صدی کے اوائل میں گند پھیلاتے تھے"

۱۹۰۱ء میں فرانسیسی مؤقر جریدہ لی فگارو (Le Figaro) کے صحافی ایمیلے داری (Emile Darsy) نے امریکا کی دس مقامی زبانوں اور قبائل کے ناموں کی فہرست تیار کی تا کہ انھیں فرانس میں غلیظ اور ناپسندیدہ عناصر کے لیے استعمال کیا جائے جو بدمعاشی کرتے اور افراتفری پھیلاتے ہیں۔

اس فہرست میں اپاچی کا انتخاب کیا گیا جسے پولیس کے افسر ایم لپین (M. Lepine) نے استعمال کیا اور یہ لفظ ۱۹۲۴ء میں Academie Francaise نے فرانسیسی زبان میں بدمعاشی کے معنوں قبول کر لیا۔

چے روکی زبان: ۸۶ حروف تہجی:

اِرو کوآ (Iroquois) قبائل تمام سرخ ہندی قبائل میں زیادہ منظم گروہ تھا صرف شمالی امریکا میں یہ پانچ اقوام پر مشتمل گروہ تھا جنھوں نے ایک ریاست قائم کی ہوئی تھی، ان کے مذہبی عقائد اور کہانیاں مستحکم بنیادوں

پر تھیں۔اس لسانی خاندان کی ایک زبان چے روکی (Cherokee) ایسی زبان ہے جسے لکھا جاتا ہے۔اس زبان کے حروف تہجی اس کے ایک خیر خواہ "سے کواویاہ" (Sequoyah) نے ۱۲ سال کی محنت کے بعد ۱۸۲۱ء میں ترتیب دیئے۔یہ ۸۶ حروف پر مشتمل ہے جو اس زبان کے تمام تلفظ کو ادا کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں۔۱۸۲۴ء میں ان لوگوں نے اس رسم الخط میں اپنا ایک اخبار بھی نکال لیا۔ان کی تعداد آج کل دس ہزار ہے یہ لوگ ریاستِ اوکلاہوما اور شمالی کیرولائینا میں بستے ہیں۔

موہاک زبان نسل کا جبری انخلاء:

سی نے کا (Seneca) زبان بھی اروکوآ گروہ سے تعلق رکھتی ہے اور نیویارک کے تحفظاتی علاقے میں پنپ رہی ہے۔لیگ اوف اِروکوآ (League of Iroquois) میں شامل ایک اور طاقتور قوم (زبان) موہاک (Mohawk) ہے چوں کہ اس قوم نے امریکی جنگِ آزادی میں برطانیہ کا ساتھ دیا تھا اس وجہ سے اسے آزادی کے بعد امریکی حکومت نے کینیڈا کی جانب دھکیل دیا۔

چوکٹا سے ان کا آبائی علاقہ چھین لیا گیا:

چوکٹا (Choctaw) نے امریکی استعمار کے خلاف دیگر قبائل چی کاسا (Chickasaws)، سمی نولے (Seminoles)، کریک (Creek) اور چے روکی (Cherokee) کے ساتھ مل کر "پانچ تہذیب یافتہ قبائل" کے نام سے اپنی ایک تنظیم بنائی۔۱۹۰۷ء تک یہ اتحاد قائم رہا۔۱۸۳۰ء میں امریکا نے ان کا آبائی علاقہ جو جنوبی مس سس پی دریا کے کنارے آباد تھا، ان سے چھین لیا اور ۱۹۰۷ء تک اس علاقے کی آبادی مکمل طور پر ختم کر دی گئی اور ان کا علاقہ اوکلاہوما، ریاست ہائے متحدہ امریکا میں ایک ریاست کے طور پر شامل کر لیا گیا۔یہ زبان چی کاسا سے بہت ملتی جلتی ہے۔ساک (Sac) جسے دوسرے نام فوکس (Fox) سے بھی جانا جاتا ہے کے بولنے والے بہت کم رہ گئے ہیں۔یہ الگون کیان لسانی خاندان سے تعلق رکھتی ہے۔

کریک اور گوروں کی کشمکش:

کریک (Creek) زبان بولنے والوں کی گورے نوآبادکاروں سے دائمی کشمکش جاری رہتی تھی۔یہ لوگ جیورجیا اور الاباما ریاستوں میں رہتے تھے لیکن آج کل انھیں تحفظاتی علاقوں میں محصور کر دیا گیا ہے۔ ۱۴۔۱۸۱۳ء کی جنگوں میں اس زبان کے بولنے والے قبیلے کو امریکیوں کے ہاتھوں شکست ہوئی اور ان کے آبائی علاقے ان سے جبراً چھین لیے گئے۔

ڈی لاویر نسل کا انخلاء:

ڈی لاویر (Delaware) زبان بولنے والے کبھی نیوجرسی، نیویارک، پین سلے وینیا اور ڈی لاویر ریاستوں میں رہا کرتے تھے۔۱۷۲۰ء میں امریکی استعماری ریاست نے انھیں مغرب کی طرف دھکیل دیا جہاں

اب یہ لوگ تحفظاتی علاقوں میں اپنی زندگی گزار رہے ہیں۔ یہ زبان الگون کیان (Algonkian) لسانی خاندان سے تعلق رکھتی ہے۔

ہوائی زبان کا تیزی سے خاتمہ:

ہوائی زبان بحرالکاہل میں واقع جزائر ہوائی میں بولی جاتی ہے۔ یہ زبان بہت تیزی سے ختم ہو رہی ہے۔ وہاں کی آبادی کا اب صرف ۵ء۱ فی صد حصہ یہ زبان بولتا ہے۔ اس زبان کی انفرادیت کے تحفظ کے لیے وہاں کے چند خیر خواہوں نے جزیرہ نی آئی ہو (Niihau) میں کچھ سو لوگوں کو خاص کر بسایا ہے اور ان کے روابط دیگر زبانوں (خاص کر انگریزی) سے کم سے کم رکھنے کی کوشش کی گئی ہے تا کہ اس زبان کی خالصیت کو قائم رکھا جا سکے۔ یہ زبان پولی نیشیائی خاندان سے تعلق رکھتی ہے۔

تلنگت زبان کا حال:

تلنگت (Tlingit) زبان اتاپاسکان لسانی خاندان سے تعلق رکھتی ہے۔ قدیم تلنگت اقوام کا دعویٰ ہے کہ حضرت نوحؑ کے طوفان کے بعد ان کی قوم انکارکنک کے علاقے میں اتری تھی۔ یہ زبان الاسکا کے علاقوں میں بولی جاتی ہے یہ زبان بولنے والوں کی تعداد اب صرف ایک ہزار رہ گئی ہے۔

اتاپاسکان اور الگون کیان: خامشی کے سمندر میں:

اتاپاسکان (Athapscan) اور الگون کیان (Algonkian) شمالی امریکا کے دو بڑے اہم لسانی خاندان ہیں جن کی کئی زبانیں اب مر چکی ہیں اور چند ایک بچ گئی ہیں۔ ان کے علاوہ زبانوں کے دیگر اور بھی بڑے خاندان ہیں لیکن ان خاندان کے بارے میں مغرب کی دو اہم قاموسوں انسائیکلوپیڈیا امریکانا اور انسائیکلوپیڈیا برٹینکا نے سکوت اختیار کیا ہے اور ان کے صفحات اس بابت معلومات مہیا کرنے سے قاصر ہیں۔

سرخ ہندیوں کی بہت جلد مٹنے والی زبانیں:

ذیل میں ریاست ہائے متحدہ امریکا کی ایسی زبانوں کا مختصر تعارف دیا جا رہا ہے جن کے بارے میں اس بات کا اندیشہ ہے کہ کچھ عرصے میں یہ زبانیں فنا، معدومی اور گمنامی کے صحراء میں ہمیشہ ہمیشہ کے لیے گم ہو جائیں گی۔

۱۔ مشرقی ابنا کی (Eastern Abnaki): اس زبان کو بولنے والا صرف ایک آدمی باقی ہے، جو ریاست مین (Maine) کے بنگور گاؤں میں مقیم ہے۔

۲۔ اچوماوی (Achumawi): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد صرف دس ہے، یہ لوگ شمال مشرقی کیلفورنیا میں آباد ہیں۔

۳۔ آہتے نا (Ahtena): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ۸۰ ہے، جو صرف آٹھ گروہوں میں

بٹ کر رہ گئے ہیں۔

۴۔ الاباما(Alabama):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ۲۵۶ ہے۔ٹیکساس اور اوکلاہوما سے اس کے تمام بولنے والے اب ختم ہو چکے ہیں۔یہ وہ علاقے تھے جہاں کبھی ان کی کثیر آبادی رہا کرتی تھی۔ یہ لوگ امریکی حکومت کے محصور کردہ علاقے الاباما۔ کوشا تا تحفظاتی علاقے" (Alabama-Cushatta Reservation) میں رہتے ہیں جو جنوب مشرقی ٹیکساس کے لِونگسٹن (Livingston)شہر میں واقع ہے۔

۵۔ خی کاریہ اپاچی(Jicarilla Apache):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد آٹھ سو بارہ ہے۔یہ لوگ نیو میکسیکو کے شمالی علاقے دولسے (Dulce)میں رہتے ہیں۔

۶۔ کیووا اپاچی(Kiowa Apache):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد اٹھارہ ہے۔یہ لوگ کاڈّو کاؤنٹی (Caddo)مغربی اوکلاہوما میں رہتے ہیں۔

۷۔ لی پان اپاچی (Lipan Apache):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد دو ہے۔یہ لوگ میس کالے دو تحفظاتی علاقے،نیو میکسیکو میں محصور کیے گئے ہیں۔

۸۔ اراپاحو(Arapaho):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ایک ہزار اڑتیس ہے۔یہ لوگ دریائے ونڈ کے تحفظاتی علاقہ،ریاستِ ویومنگ میں رہتے ہیں۔

۹۔ اری کارا(Arikara):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد نوے ہے۔یہ لوگ فورٹ برتھ ہولڈ (Fort Berthold)کے تحفظاتی علاقہ شمالی ڈکوٹا میں رہتے ہیں۔

۱۰۔ اسی نی بوئی نے (Assiniboine): یہ بہت تھوڑے لوگ ہیں جو ریاستِ مونٹانا میں دو تحفظاتی علاقوں فورٹ بِلک نیپ اور فورٹ پیک (Fort Belknap, Fort Peck reservations)میں مقیم ہیں۔

۱۱۔ ات سوگے وی(Atsugewi):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد چار ہے۔نسلی طور پر ان کی تعداد دو سو کے قریب ہیں۔لیکن حالات نے انھیں اپنی زبان فراموش کرنے پر مجبور کر دیا ہے۔یہ لوگ شمال مشرقی کیلی فورنیا میں بستے ہیں۔

۱۲۔ بلیک فوٹ (Blackfoot): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ایک ہزار باسٹھ ہے۔یہ لوگ ریاستِ مونٹانا کے تحفظاتی علاقے میں رہتے ہیں۔

۱۳۔ کاڈو (Caddo):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ایک سو اکتالیس ہے۔نسلی طور پر ان لوگوں کی تعداد اٹھارہ سو ہے یہ لوگ اوکلاہوما کے مغرب میں بستے ہیں۔

۱۴۔ کاہوئی یا (Cahuilla): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد پینتیس ہے۔ یہ لوگ جنوبی کیلی فورنیا کے صحرائے موہاوے کے علاقے میں رہتے ہیں۔ یہ زبان ازمیکا (Aztec) لسانی خاندان سے تعلق رکھتی ہے۔ جس کی تہذیب دنیا کی عظیم الشان تہذیبوں میں سے ایک ہے۔

۱۵۔ کاتاوبا (Catawba): یہ زبان معدوم ہو چکی ہے۔

۱۶۔ کایوگا (Cayuga): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد دس ہے۔ نیویارک کے مغربی حصے میں کاناروگس تحفظاتی علاقے (Cattaraugus Reservationa) میں یہ لوگ بستے ہیں۔

۱۷۔ چے ہالس زیریں (Lower Chehalis): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد پانچ ہے۔ یہ ریاستِ واشنگٹن کے جنوب مغربی ساحل پر آباد ہیں۔

۱۸۔ چے ہالس بالائی (Upper Chehalis): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد دو ہے۔ یہ ریاست واشنگٹن کے پوجٹ ساؤنڈ (Puget Sound) کے جنوب میں رہتے ہیں۔ نسلی طور پر ان لوگوں کی تعداد ۱۵۰ سے بھی کم ہے۔

۱۹۔ چیت کو (Chetco): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد پانچ ہے۔ یہ ریاستِ اوری گن (Oregon) کے جنوبی ساحل پر بستے ہیں۔

۲۰۔ شائین (Cheyenne): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ایک ہزار سات سو اکیس ہے۔ یہ لوگ شمالی شائین تحفظاتی علاقہ (Nothern Cheyenne reservation) جنوب مشرقی مونٹانا میں بستے ہیں۔

۲۱۔ چی کاسا (Chickasaw): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ایک ہزار ہے۔ جب کہ نسلی طور پر ان کی تعداد ۳۵ ہزار ہیں۔ یہ لوگ اوکلاہوما میں پھیلے ہوئے ہیں۔

۲۲۔ چی نوک (Chinook): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد بارہ ہے۔ یہ لوگ ریاستِ اوری گن اور واشنگٹن میں آباد ہیں۔

۲۳۔ چی نوک واوا (Chinook Wawa): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد سترہ ہے۔ کسی زمانے میں یہ لوگ ریاستِ اوری گن سے لے کر کینیڈا اور الاسکا تک پھیلے ہوئے تھے لیکن اب دیگر علاقوں میں منتشر ہو چکے ہیں۔

۲۴۔ کلائم (Clallam): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد پانچ ہے۔ یہ لوگ جزیرہ نما اولمپک، ریاستِ واشنگٹن شمالی مغربی امریکہ میں بستے ہیں۔

۲۵۔ کوکوپا (Cocopa): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد تین سو اکتیس ہے۔ یہ لوگ یوما (Yuma)

ریاست اری زونا (Arizona) میں بستے ہیں۔

۲۶۔ کور دالین (Coeur D'Alene): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد پانچ ہے۔ کوردالین تحفظاتی علاقے، ریاستِ آئیڈاہو (Idaho) میں آباد ہیں۔

۲۷۔ کولمبیا وینا چی (Columbia-Wenatchi): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد پچھتر ہے۔ ان لوگوں کی تعداد نسلی طور پر ۵۰۰ کے قریب ہیں یہ لوگ کول ول (Colville) تحفظاتی علاقہ، شمال وسطی ریاستِ واشنگٹن میں رہائش پذیر ہیں۔

۲۸۔ کومانچے (Comanche): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد آٹھ سو چون ہے۔ نسلی طور پر یہ لوگ تقریباً 6 ہزار ہیں جو اوکلاہوما میں رہتے ہیں۔ اس زبان کا تعلق ازمیکا سے ہے۔

۲۹۔ کوس (Coos): اس زبان کو بولنے والا اب صرف ایک رہ گیا ہے۔ مگر نسلی طور پر یہ لوگ دو سو کے قریب ہیں اور اوری گن کی جنوبی ساحلی پٹی میں محصور ہیں۔

۳۰۔ کاؤلز (Cowlitz) اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد دو ہے۔ نسلی طور پر یہ لوگ اب دو سو سے بھی کم ہیں یہ ریاستِ واشنگٹن کے جنوب مغرب میں رہتے ہیں۔

۳۱۔ کرے میدانی (Plains Cree): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ایک ہزار ستر ہے۔ یہ لوگ شمال وسطی ریاستِ مونٹانا میں رہتے ہیں۔

۳۲۔ کوپین نو (Cupeno): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد نو ہے ان کی کل آبادی صرف ایک سو پچاس ہے۔ یہ لوگ کیلی فورنیا کے جنوب کے تحفظاتی علاقے میں آباد ہیں۔ یہ زبان معدومی کے قریب ہے اس زبان کا تعلق ازمیکا لسانی گروہ سے ہے۔

۳۳۔ دی ہے ذح آن (Degexit' An): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد چالیس ہے جب کہ نسلی طور پر یہ لوگ ڈھائی سو کے قریب ہیں یہ لوگ دریائے یوکون (Yukon) کے اطراف ریاستِ آلاسکا میں بستے ہیں۔

۳۴۔ ایاک (Eyak): اس زبان کو بولنے والا اب صرف ایک رہ گیا ہے جو انکوراج، آلاسکا میں مقیم ہے۔ یہ زبان معدوم ہو چکی ہے۔

۳۵۔ گویچ اِن (Gwich'in): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد تین سو ہے۔ جب کہ گیارہ سو کے قریب نسلی لوگ زندہ ہیں۔ دریائے یوکون کے اطراف ۶ گاؤں میں یہ لوگ آباد ہیں۔

۳۶۔ ہائدا (Haida): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد پندرہ ہے۔ جب کہ چھ سو کے قریب ان کی آبادی ہے یہ لوگ آلاسکا کے جنوبی کونے میں بستے ہیں۔

۳۷۔ گروس بینتر ے(Gros Ventre): ۱۰افراد یہ زبان بولتے ہیں اور شمال وسطی مونٹانا کے بلک ناپ تحفظاتی علاقے میں مقیم ہیں۔

۳۸۔ ہان(Han):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد سات ہے۔یہ آلاسکا کے جنوب میں آباد ہیں۔

۳۹۔ ہواسوپائی۔ولاپائی۔یاوپائی (Havasupai-Walapai-Yavapai):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ایک ہزار سات ہے۔ یہ لوگ وسطی اری زونا میں گرینڈ کین یَن (Grand Canyon) کے اطراف میں بستے ہیں۔

۴۰۔ ہوائی (Hawaiian):امریکی حکومت نے اس زبان کے ساتھ ظالمانہ برتاؤ کیا جس کی وجہ سے یہ زبان اپنی ہی ریاست میں اجنبی زبان کا درجہ اختیار کر چکی ہے۔آج نسلی طور پر یہ زبان بولنے والوں کی تعداد جزیرے میں ڈھائی لاکھ کے قریب ہے۔اس کے علاوہ امریکہ کے دوسرے علاقوں میں بھی یہ لوگ آباد ہیں لیکن زبان بولنے والے اب صرف ایک ہزار رہ گئے ہیں۔۱۷۷۸ میں جزائر ہوائی میں اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد پانچ لاکھ سے اوپر تھی۔اس زبان کا تعلق پولی نیشیائی خاندان سے ہے۔

۴۱۔ ہدا تسا (Hidatsa):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد سو ہے۔فورٹ برتھ ہولڈ تحفظاتی علاقہ، شمالی ڈکوٹا میں یہ لوگ آباد ہیں۔

۴۲۔ ہوکاک(Hocak): اس زبان کے بولنےوالوں کی تعداد دوسو پچاس ہے۔یہ لوگ چھ ہزار کے قریب ہیں جو ریاستِ وسکون سن(Wisconsin) اور نیبراسکا(Nebraska) میں پھیلے ہوئے ہیں۔

۴۳۔ ہولی کاچوک(Holikachuk):اس زبان کے بولنےوالوں کی تعداد بارہ ہے۔یہ دریائے یوکون، آلاسکا میں رہتے ہیں۔

۴۴۔ ہوپا(Hupa):اس زبان کے بولنےوالوں کی تعداد آٹھ ہے۔یہ لوگ کیلیفورنیا میں مقیم ہیں۔

۴۵۔ خے میز (Jemez): اس زبان کے بولنےوالوں کی تعداد ایک ہزار تین سو ایک ہے یہ لوگ شمال وسطی نیو میکسیکو میں رہتے ہیں۔

۴۶۔ کالا پویا(Kalapuya): اس زبان کو بولنے والا اب صرف ایک ہے جو شمال مغربی اوری گن (NorthwestOregon) میں رہتا ہے۔

۴۷۔ کالیسپل۔پینڈ دوریے (Kalispel-Pend D'Oreille): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد دوسو ہے۔یہ لوگ کالیسپل تحفظاتی علاقے ریاستِ واشنگٹن میں رہتے ہیں۔

۴۸۔ کانسا(Kansa):اس زبان کے بولنےوالوں کی تعداد انیس ہے۔جب کہ اس نسل کے زندہ لوگوں

کی تعداد ۲۵۰ ہے۔یہ زبان بولنے والے اوکلاہوما کے شمال اور وسط میں بستے ہیں۔

۴۹۔ کاروک (Karok): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ایک سو چھبیس ہے۔جب کہ تین ہزار سات سو کیاسی افراد پر مشتمل ان کی آبادی ہے۔شمالی مغربی کیلی فورنیا میں کلاتھ دریا کے اطراف یہ لوگ بستے ہیں۔

۵۰۔ کاشایا (Kashaya): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد پچاس ہے۔یہ لوگ آلاسکا میں بستے ہیں۔

۵۱۔ کاتو (Kato): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد دس ہے یہ لوگ کیلیفورنیا کے لے ٹن ول (Laytonville) تحفظاتی علاقے میں رہتے ہیں۔اتاپاسکان لسانی گروہ سے اس کا تعلق ہے۔

۵۲۔ کاوائی سو (Kawaiisu): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد دس ہے۔یہ لوگ صحرائے موہاوے (Mojave Desert) میں رہتے ہیں۔ازمیکا لسانی گروہ سے اس کا تعلق ہے۔

۵۳۔ کی کاپو (Kickappo): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد پانچ سو انتالیس ہے۔جو کینیڈا اور امریکہ کے سرحدی علاقوں میں آباد ہیں۔

۵۴۔ کیووا (Kiowa): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ایک ہزار بانوے ہے یہ لوگ ریاستِ اوکلاہوما (Oklahoma) میں رہتے ہیں۔

۵۵۔ کلامت۔موودک (Klamath-Modoc): اس زبان کا بولنے والا صرف ایک ہے یہ اوری گن (Oregon) میں مقیم ہے۔

۵۶۔ کوآساتی (Koasati): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد چھ سو ہے۔یہ لوگ لوئی زیانا، الاباما اور ٹیکساس کی ریاستوں کے تحفظاتی علاقوں میں رہتے ہیں۔

۵۷۔ کویوکون (Koyukon): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد تین سو ہے۔اتاپاسکان لسانی گروہ سے اس کا تعلق ہے۔

۵۸۔ کومی آئی (Kumiai): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ستانوے ہے جو سان ڈیے گو (San Diego) کیلی فورنیا میں رہتے ہیں۔

۵۹۔ بالائی کسس کوک وم (Upper Kuskok Wim): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد چالیس ہے۔یہ لوگ آلاسکا میں رہتے ہیں۔

۶۰۔ کوتے نائی (Kutenai): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ایک سو دو ہے۔یہ لوگ فلیٹ ہیڈ تحفظاتی علاقے Flathead Reservation, Montana ریاستِ مونٹانا میں رہتے ہیں۔

۶۱۔ لوئی سے نو (Luiseno): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد تینتالیس ہے یہ لوگ جنوبی

کیلیفورنیا میں رہتے ہیں۔اس زبان کا تعلق ازتیکا لسانی گروہ سے ہے۔

۶۲۔ لوشوت سید (Lushootseed):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ساٹھ ہے یہ لوگ پوجٹ ساؤنڈ ریاست واشنگٹن (Washington) میں رہتے ہیں۔اس زبان کے کبھی دو لہجے ہوا کرتے تھے لیکن معدومی کے کنارے پر آنے کے بعد یہ ایک لہجہ بن چکا ہے۔

۶۳۔ شمال مشرقی مائدو (Northeast Maidu):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد دس ہے یہ لوگ کیلیفورنیا میں رہتے ہیں۔

۶۴۔ شمال مغربی مائدو (NorthwestMaidu):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد دس ہے یہ لوگ وسطی کیلیفورنیا میں رہتے ہیں۔

۶۵۔ ماکاہ (Makah):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد دس ہے، یہ لوگ اولمپک جزیرہ نما (Olympic Peninsula) کی شمالی سطح پر رہتے ہیں۔

۶۶۔ مالی سیتے پاسا ماکودی (Malecite-Passamaquoddy): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد آٹھ سو ساٹھ ہتر ہے۔یہ لوگ ریاست مین (Maine) میں رہتے ہیں۔

۶۷۔ مان دان (Mandan):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد چھ ہے یہ لوگ فورٹ برتھولڈ تحفظاتی علاقے (Fort Berthold reservation, North Dakota) شمالی ڈکوٹا میں رہتے ہیں۔

۶۸۔ ماری کوپا (Maricopa):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ایک سو اکاسی ہے۔یہ لوگ ریاست ایریزونا (Arizona) میں رہتے ہیں۔

۶۹۔ مینو مینی (Menomini): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد انتالیس ہے۔یہ لوگ شمال مشرقی وسکون سن (Northeastern Wisconsin) میں رہتے ہیں۔اس زبان کے نسلی لوگوں کی تعداد ۳۵۰۰ ہے۔اس زبان کو بچانے کے لیے ان کی نئی نسل یہ زبان تیزی سے سیکھ رہی ہے اور اس کی تدریس پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔

۷۰۔ مس کوا کی (Mesquakie):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد تین سو نوے ہے یہ لوگ اوکلا ہوما کے فوکس تحفظاتی علاقے (Oklahoma Fox Reservation) میں رہتے ہیں۔

۷۱۔ می شیف (Michif):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد تین سو نوے ہے۔یہ لوگ شمالی امریکہ اور جنوب مشرقی کینیڈا میں بستے ہیں اس زبان پر فرانسیسی زبان کا گہرا اثر ہے۔

۷۲۔ مِک ماک (Micmac): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد بارہ سو ہے۔یہ لوگ شمالی

مین (Northern Maine) میں رہتے ہیں

۷۳۔ می کا سوکی (Mikasuki): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد چار سو چھیانوے ہے۔ جنوبی فلوریڈا میں یہ لوگ بستے ہیں۔

۷۴۔ وسطی سی یرا می ووک (Central Sierra Miwok): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد پانچ ہے یہ لوگ کیلیفونیا (California) میں رہتے ہیں۔ ۱۹۹۰ء میں ایک سو پانچ تھی۔

۷۵۔ می ووک ساحلی (Coast Miwok): اس زبان کو بولنے والا صرف ایک ہے۔ یہ زبان خلیج سان فرانسسکو سے خلیج بودیگا کی ساحلی پٹی پر کبھی بولی جاتی تھی اسی وجہ سے اسے ساحل می ووک کہتے ہیں۔

۷۶۔ تالابی می ووک (Lake Miwok): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد آٹھ ہے۔ یہ زبان کلیر جھیل (Lake Clerar) کے اطراف بولی جاتی ہے۔ اس وجہ سے اسے تالابی لہجہ کہتے ہیں۔

۷۷۔ می ووک شمالی سی یرا (Northern Sierra Miwok): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد دس ہے۔ یہ زبان دو دریاؤں موک لومنے (Mokelumne) اور کالا یراس (Calaveras) کے بالائی حصے کے میدان میں بولی جاتی ہے۔

۷۸۔ میدانی می ووک (Miwok, Plains): اس زبان کو بولنے والا ایک فرد باقی ہے۔ یہ دریائے خواکن کے ڈیلٹا میں رہتا ہے۔ اور یہ زبان اب مر رہی ہے۔

۷۹۔ می ووک جنوبی سی یرا (Southern Sierra Miwok): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد دس ہے۔ یہ لوگ کیلیفورنیا (California) میں رہتے ہیں۔

۸۰۔ موہاوے (Mohave): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد دو سو چونتیس ہے۔ یہ لوگ فورٹ موہاوے اور دریائے کولوراڈو کے تحفظاتی علاقوں (Fort Mohave and (Colorado RiverReservations) کیلی فورنیا میں رہتے ہیں۔

۸۱۔ موہاک (Mohawk): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ایک ہزار چھ سو ستر ہے۔ یہ لوگ علاقہ سینٹ رجیس تحفظاتی علاقہ نیو یارک (St. Regis Reservation) میں رہتے ہیں۔

۸۲۔ مونو (Mono): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد بیس ہے۔ نسلی طور پر ان کی تعداد ایک سو پچاس ہے یہ مشرقی وسطی کیلی فورنیا میں بستے ہیں۔ اس زبان کا تعلق ازیہکا سے ہے۔

۸۳۔ نیز پرس (Nez Perce): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد چھ سو ستانوے ہے۔ یہ لوگ شمالی آئیڈاہو (Idaho) میں رہتے ہیں۔

۸۴۔ نی سے نان (Nisenan): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد صرف بارہ ہے یہ لوگ وسطی

کیلیفورنیا California میں رہتے ہیں۔

۸۵۔ اوکانا گان (Okanagan): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ایک سو بارہ ہے یہ لوگ علاقہ کول ویل تحفظاتی علاقہ واشنگٹن (Colville Reservation) میں رہتے ہیں۔

۸۶۔ اوماہا پونکا (Omaha-Ponca): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد پچاسی ہے۔ یہ لوگ مشرقی نیبراسکا اور شمال مشرقی اوکلاہوما کے تحفظاتی علاقوں میں رہتے ہیں۔

۸۷۔ اونئی دا (Oneida): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد پچاس ہے یہ لوگ وسطی نیویارک میں رہتے ہیں۔

۸۸۔ اونون دا گا (Onondaga): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد پندرہ ہے اور یہ لوگ وسطی ریاستِ نیویارک میں رہتے ہیں۔

۸۹۔ اوساج (O s a g e): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد پانچ ہے یہ لوگ اوکلاہوما (Oklahoma) میں رہتے ہیں۔

۹۰۔ شمالی پائیوت (Northern Paiute): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ایک ہزار چھ سو اکتیس ہے۔ یہ لوگ نیواڈا اور آئیڈاہو (Idaho) میں رہتے ہیں۔

۹۱۔ پانامنت (Panamint): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد بیس ہے یہ لوگ ریاستِ نیواڈا (Nevada) میں رہتے ہیں۔ ازمیکا لسانی گروہ سے اس کا تعلق ہے۔

۹۲۔ پاونی (Pawnee): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد 4 ہے۔

۹۳۔ پومو وسطی (Central Pomo): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد چالیس ہے یہ لوگ شمالی کیلیفورنیا میں رہتے ہیں۔

۹۴۔ پومو شمال مشرقی (Northeastern Pomo): اس زبان کے بولنے والا اب صرف ایک رہ گیا ہے۔

۹۵۔ پومو جنوب مشرقی (Pomo, Southeastern): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد دس ہے۔

۹۶۔ پومو جنوبی (Pomo Southern): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد چالیس ہے۔ اس زبان کو ہسپانوی لوگ گائی نومیرو (Gallinomero) کہا کرتے تھے۔ کیلی فورنیا میں یہ لوگ آباد ہیں۔

۹۷۔ پٹاواتومی (Potawatomi): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد پینتیس ہے۔

۹۸۔ کواپاؤ (Quapaw) اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد چونتیس ہے یہ لوگ اوکلاہوما میں رہتے ہیں۔

۹۹۔ کے چان (Quechan): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد تین سو تینتالیس ہے یہ لوگ فورٹ

یوما کے تحفظاتی علاقہ، کیلیفورنیا (Fort Yuma Reservation) میں رہتے ہیں۔

۱۰۰۔ کی لے اُتے (Quileute): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد دس ہے۔ یہ لوگ اولمپک جزیرہ نما، واشنگٹن (Olympic Peninsula) میں رہتے ہیں۔

۱۰۲۔ کی نولت (Quinault): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد چھ ہے یہ لوگ اولمپک جزیرہ نما، واشنگٹن میں رہتے ہیں۔

۱۰۳۔ شمالی پوجت ساؤنڈ سالش (Southern Puget Sound Salish): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ایک سو سات ہے۔ یہ لوگ واشنگٹن میں رہتے ہیں۔

۱۰۴۔ سے نی کا (Seneca): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ایک سو پچاس ہے۔ یہ لوگ کینیڈا اور امریکہ کے سرحدی علاقے میں بستے ہیں۔

۱۰۵۔ سیرانو (Serrano): اس زبان کو بولنے والا اب صرف ایک رہ گیا ہے۔ یہ ازتیکا گروہ کی زبان ہے۔

۱۰۶۔ شاستا (Shasta): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد بارہ ہے۔ شمالی کیلی فورنیا میں یہ زبان بولنے والے بستے ہیں۔

۱۰۷۔ شاونی (Shawnee): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد دو سو چونتیس ہے اور یہ لوگ اوکلاہوما (Oklahoma) میں رہتے ہیں۔

۱۰۸۔ اسکا جت (Skagit): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد سو ہے۔ یہ لوگ واشنگٹن (Washington) میں رہتے ہیں۔

۱۰۹۔ سنوہومش (Snohomish): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد دس ہے یہ لوگ تولالپ تحفظاتی علاقہ Tulalip Reservation میں رہتے ہیں۔

۱۱۰۔ اسپوکانے (Spokane): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد پچاس ہے۔ یہ لوگ شمالی مشرقی واشنگٹن میں رہتے ہیں۔

۱۱۱۔ تاناکروس (Tanacross): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد پینسٹھ ہے یہ لوگ ریاستِ الاسکا (Alaska) میں رہتے ہیں۔

۱۱۲۔ تنائنا (Tanaina): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد پچھہتر ہے اور یہ لوگ آلاسکا (Alaska) میں رہتے ہیں۔

۱۱۳۔ تنانا زیریں (Lower Tanana): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد تیس ہے۔ یہ لوگ الاسکا میں رہتے ہیں۔

۱۱۴۔ تنانا بالائی (Upper Tanana):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ایک سو پانچ ہے۔ان کی نسلی آبادی تین سو ہے۔یہ لوگ آلاسکا میں رہتے ہیں۔

۱۱۵۔ تے نی نو (Tenino):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد دو سو ہے۔یہ لوگ وارم اسپرنگ تحفظاتی علاقے Warm Springs Reservation ریاستِ اوری گن میں رہتے ہیں۔

۱۱۶۔ تلنگیت (Tlingit):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد سات سو ہے۔

۱۱۷۔ تولووا (Tolowa):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد پانچ ہے۔

۱۱۸۔ سم شیان (Tsimshian):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ستر ہے یہ لوگ آلاسکا میں رہتے ہیں۔

۱۱۹۔ توباتولابل (Tubatulabal):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد چھ ہے یہ لوگ کیلیفورنیا میں بستے ہیں۔

۱۲۰۔ توسکارورا (Tuscarora):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد دس ہے یہ لوگ Tuscarora Reservation Niagara Falls, New York, میں بستے ہیں۔

۱۲۱۔ توتوت نی (Tututni):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد دس ہے یہ لوگ ریاستِ اورےگن Oregon میں بستے ہیں۔

۱۲۲۔ اوماتیہ (Umatilla):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد پچاس ہے یہ لوگ اوماتیہ تحفظاتی علاقے Umatilla Reservation میں بستے ہیں۔

۱۲۳۔ اونامی (Unami):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد پانچ ہے۔یہ لوگ اوکلاہوما میں بستے ہیں۔

۱۲۴۔ والاوالا (Walla Walla):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد سو ہے یہ لوگ Umatilla Reservation اوماتیہ تحفظاتی علاقے میں بستے ہیں۔

۱۲۵۔ واپ پو (Wappo):اس زبان کو بولنے والا صرف ایک رہ گیا ہے۔یہ کیلیفورنیا میں رہتا ہے۔

۱۲۶۔ واسکو وشرام (Wasco-Wishram):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد ابتر ہے یہ لوگ شمال وسطی اوری گن North Central Oregon میں رہتے ہیں۔

۱۲۷۔ واشو (Washo):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد دس ہے اور یہ لوگ کیلیفورنیا میں بستے ہیں۔

۱۲۸۔ وچیتا (Wichita):اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد دس ہے یہ لوگ ریاستِ اوکلاہوما کے مغربی وسطمیں بستے ہیں۔

۱۲۹۔ وِنٹو (Wintu): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد دس ہے یہ لوگ کیلیفورنیا میں بستے ہیں۔

۱۳۰۔ یاکی (Yaqui): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد چار سو چھ ہے۔ یہ لوگ ایریزونا میں بستے ہیں۔

۱۳۱۔ یوکٹ (Yokuts): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد اٹھہتر ہے۔ یہ لوگ کیلیفورنیا میں رہتے ہیں۔

۱۳۲۔ یوچی (Yuchi): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد بارہ ہے۔ یہ لوگ اوکلاہوما میں رہتے ہیں۔

۱۳۳۔ یوکی (Yuki): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد چھ ہے یہ لوگ Round Valley Reservation راؤنڈ ویلی تحفظاتی علاقے، شمالی کیلی فورنیا میں بستے ہیں۔

۱۳۴۔ یوروک (Yurok): اس زبان کے بولنے والوں کی تعداد دس ہے یہ لوگ Northwestern California شمالی مغربی کیلی فورنیا میں بستے ہیں۔

سرخ ہندیوں کی معدوم شدہ زبانیں

۱) ال سیا (Alsea): یہ زبان ۱۹۳۰ء میں ختم ہوگئی، ریاست اوری گن اس کا علاقہ تھا۔

۲) اتا کاپا (Atakapa): لوئی زیانا اور ٹیکساس میں بولی جانے والی یہ زبان ۱۹۷۷ء میں ختم ہوگئی۔

۳) باربارینو (Barbareno): جنوبی کیلی فورنیا۔

۴) بی لوخی (Biloxi): دریائے مس سپی کی زیریں وادی میں یہ زبان کبھی بولی جاتی تھی۔

۵) چی ماریکو (Chimariko): کیلی فورنیا

۶) چیتی ماچا (Chitimacha): ۱۹۷۷ء تک یہ زبان ختم ہوگئی حالاں کہ اس زبان کے نسلی لوگ ۳۰۰ کے لگ بھگ موجود ہیں یہ ریاستِ لوئی زیانا کے جنوب میں بستے ہیں اور انگریزی زبان بولتے ہیں۔

۷) چوماش (Chumash): کیلی فورنیا

۸) کوکیہ (Coquille): اتاپاسکان ریڈ انڈین کی یہ زبان ریاستِ اوری گن کے جنوب مغرب میں بولی جاتی تھی۔

۹) شمالی کوستانوآن (Northern Costanoan): یہ کیلی فورنیا کے شمالی ساحلی پٹی پر بولی جاتی تھی۔

۱۰) جنوبی کوستانوآن (Southern Costanoan): جنوبی ساحلی پٹی کیلی فورنیا۔

۱۱) کروسینو (Cruzeno): جنوبی کیلی فورنیا

۱۲) پجن ڈیلاویر (Pidgin Delaware): بحرِ اوقیانوس سے ملحقہ امریکا کی شمالی ساحلی پٹی پر یہ زبان

بولی جاتی تھی۔

۱۳) ایسے لین (Esselen): وسطی کیلی فورنیا

۱۴) گالی سے (Galice): اوری گن

۱۵) انے سینو (Ineseno): سانتا باربرا کیلی فورنیا

۱۶) آیووا۔اوتو (Iowa-oto): یہ زبان ۱۹۹۶ء میں ختم ہوئی لیکن اس زبان کے بولنے والے نسلی طور پر ۲۴۰۰ کی تعداد میں آج بھی موجود ہیں۔

۱۷) کارکن (Karkin): ریاستِ کیلی فورنیا

۱۸) کتسائی (Kitsai): ریاستِ اوکلاہوما۔

۱۹) لمبی (Lumbee): ۳۰۰۰۰ لوگ نسلی طور پر اس زبان سے تعلق رکھتے ہیں لیکن اس زبان کو اب کوئی نہیں بولتا۔ یہ لوگ کیرولائینا اور میری لینڈ میں بستے ہیں۔

۲۰) وادی مائے دو (Valley Maidu): کیلی فورنیا

۲۱) مت تولے (Mattole): اتاپاسکان لسانی گروہ سے اس کا تعلق تھا۔ کیلی فورنیا۔

۲۲) میامی (Miami): ۱۹۹۶ء تک یہ زبان ختم ہو چکی تھی جب کہ اس کے بولنے والے نسلی لوگ دو ہزار کی تعداد میں ہیں۔ ان کا مرکز ریاستِ انڈیانا اور اوکلاہوما ہے۔

۲۳) خلیجی می ووک (Bay Miwok): کیلی فورنیا۔

۲۴) موبی لی ین (Mobilian): دریائے مس سپی کی زیریں وادی میں یہ لوگ بستے تھے۔

۲۵) موہے گان۔مون توک۔نرراگان ست (Mohegan-Montauk- Narragansett): ۱۴ سو کی لسانی آبادی میں اب اس زبان کو جاننے والا کوئی نہیں ہے۔ ریاستِ کونیک ٹی کٹ، جزیرہ روڈ (Rhode is)۔

۲۶) مولالے (Molale): ریاستِ واشنگٹن اور اوری گن۔

۲۷) نانتی کوکے (Nanticoke): ریاستِ ڈی لاویر۔

۲۸) ناتچیز (Natchez): ریاستِ اوکلاہوما۔

۲۹) نوک ساک (Nooksack): ریاستِ واشنگٹن، نسلی طور پر یہ لوگ تین سو پچاس کی تعداد میں ہیں۔

۳۰) اوبس پینو (Obispeno): کیلی فورنیا۔

۳۱) اوفو (Ofo): زیریں مس سپی۔

۳۲) پیرو (Piro): ریاستِ نیو میکسیکو۔

(۳۳) مشرقی پومو (Eastern, Pomo): کیلی فورنیا

(۳۴) شمالی پومو (Northern, Pomo): کیلی فورنیا

(۳۵) پؤہاتان (Powhatan): نسلی طور پر تین ہزار افراد ہیں لیکن زبان بولنے والا کوئی نہیں۔ اس زبان کے لیے بھی تحفظاتی علاقہ قائم کیا گیا تھا لیکن اس کے باوجود اسے بچایا نہ جاسکا۔ یہ علاقہ رانکوکس انڈین ریزرویشن (Rankokus Indian) ریاست نیوجرسی میں قائم کیا گیا تھا۔

(۳۶) پوری سے مینو (Purisimeno): کیلی فورنیا۔

(۳۷) سالی نان (Salinan): کیلی فورنیا۔

(۳۸) سیوسلاؤ (Siuslaw): اوری گن۔

(۳۹) سوس کے ہان نوک (Susquehannock): دریائے سوس کے ہان نوک کے اطراف یہ لوگ بسا کرتے تھے۔

(۴۰) تاکیل ما (Takelma): ریاست اوری گن۔

(۴۱) تلامو ک (Tillamo ok): ریاستِ اوری گن۔

(۴۲) تون کاوا (Tonkawa): ریاستِ اوکلاہوما۔

(۴۳) تونی کا (Tunica): ایک سو پچاس افراد کی آبادی میں کوئی اس زبان کو نہیں جانتا۔

(۴۴) توتیلو (Tutelo): دریائے مس سسپی کی زیریں وادی۔

(۴۵) توانا (Twana): تین سو پچاس لوگوں کی آبادی ہے لیکن زبان کو جاننے والا کوئی نہیں۔

(۴۶) بینتورینو (Ventureno): کیلی فورنیا

(۴۷) وائے لاکی (Wailaki): اسے بھی تحفظ دینے کے لیے اس زبان کے بولنے والوں کو خاص علاقے میں محصور کیا گیا لیکن یہ زبان محفوظ نہ ہوسکی۔ ناپاسکان زبان سے اس کا تعلق تھا، کیلی فورنیا۔

(۴۸) وامپانوآگ (Wampanoag): ۱۲۰۰ کے قریب اس زبان کے نسلی لوگ ہیں جو ریاست میسا چوسیٹ (Massachusetts) میں بستے ہیں۔

(۴۹) وی یوت (Wiyot): ۱۲۰ کی آبادی میں کوئی بولنے والا نہیں۔

(۵۰) ویان دوت (Wyandot): اوکلاہوما۔

(۵۱) یانا (Yana): کیلی فورنیا۔

قدیم امریکی توسیع پسندی کی تاریخ پڑھنے کے بعد اب ہم جدید امریکی توسیع پسندی کا جائزہ لیتے ہیں:

جدید امریکہ:توسیع پسندانہ عزائم کی جھلک

ڈاکٹر جاوید آر لغاری کی تحقیق کے مطابق جو ۲۶ ستمبر ۲۰۰۱ء کو انٹرنیٹ پر جاری کی گئی [laghari@szabist.edu.pk] یہ فہرست ڈاکٹر شاہدہ وزارت کی ویب سائٹ shahid@szabist.edu.pk سے ۲۷ ستمبر ۲۰۰۱ء کو حاصل کی گئی۔اس تحقیق کے مطابق دنیا بھر میں امریکی کارروائیوں کی تفصیلات درج ذیل ہیں:

A) Ever since the United States Army massacred 300 Lakotas in 1890, American forces have intervened elsewhere around the globe 100 times. Indeed the United States has sent troops abroad or militarily struck other countries' territory 216 times since independence from Britain.

B) Since 1945 the United States has intervened in more than 20 countries throughout the world.

C) Since World War II, the United States actually dropped bombs on 20 countries. These include:

1. China 1945-46,
2. Korea 1950 53,
3. China '1950-53,
4. Guatemala 1954,
5. Indonesia 1958,
6. Cuba 1959-60,
7. Guatemala 1960,
8. Congo1964,
9. Peru 1965,
10. Laos 1964-73,
11. Vietnam 1961-73,
12. Cambodia 1969-70,

13. Guatemala '1967-69,
14. Grenada 1983,
15. Lebanon 1984,
16. Libya 1986,
17. EI Salvador 19808,
18. Nicaragua 1980s,
19. Panama -1989,
20. Iraq 1991-1999,
21. Sudan '1998,
22. Afghanistan 1998. and
23. Yugoslavia 1999,

D) Post World War II, the United States has also assisted in over 20 different coups throughout the world, and the CIA was responsible for half a dozen assassinations of political heads of state.

The following is a comprehensive summary of the imperialist strategy of the United States over the span of the past century:

1. Argentina - 1890 - Troops sent to Buenos Aires to protect business interests.
2. Chile - 1891 - Marines sent Chile and clashed with nationalist rebels.
3. Haiti - 1891 - American troops suppress a revolt by Black workers.
4. United States-claimed Navassa Island.
5. Hawaii - 1893 - Navy sent to Hawaii to overthrow the independent kingdom.
6. Hawaii annexed by the United States.
7. Nicaragua - 1894 - Troops occupied Bluefield, a city on the Caribbean Sea for a month.

8. China - 1894-95 - Navy, Army, and Marines landed during the Sino-Japanese War.
9. Korea - 1894-96 - Troops kept in Seoul during the war.
10. Panama - 1895 - Army, Navy, and Marines landed in the port city of Corinto.
11. China - 1894-1900 - Troops occupied China during the Boxer Rebellion.
12. Philippines - 1898-1910 - Navy and Army troops landed after the Philippines fell during the Spanish-American War; 600,000 Filipinos were killed.
13. Cuba - 1898-1902 - Troops seized Cuba in the Spanish-American War; the United States still maintains troops at Guantanamo Bay today.
14. Puerto Rico - 1898 - present. Troops seized Puerto Rico in the Spanish-American War and still occupy Puerto Rico today.
15. Nicaragua - 1898 - Marines landed at the port of San Juan del Sur.
16. Samoa - 1899 - Troops landed as a result over the battle for succession to the throne.
17. Panama - 1901-14 - Navy supported the revolution when Panama claimed independence from Colombia.
18. American troops have occupied the Canal Zone since 1901 when construction for the canal began.
19. Honduras - 1903 - Marines landed to intervene during a revolution.
20. Dominican Republic 1903-04 - Troops landed to protect American interests during a revolution.
21. Korea - 1904-05 - Marines landed during the Russo-Japanese War.

22. Cuba - 1906-09 - Troops landed during an election.
23. Nicaragua - 1907 - Troops landed and a protectorate was set up.
24. Honduras - 1907 - Marines landed during Honduras' war with Nicaragua.
25. Panama - 1908 - Marines sent in during Panama's election.
26. Nicaragua - 1910 - Marines landed for a second time in Bluefields and Corinto.
27. Honduras - 1911 - Troops sent in to protect American interests during Honduras' civil war.
28. China - 1911-41 - Navy and troops sent to China during continuous flare-ups.
29. Cuba - 1912 - Troops sent in to protect American interests in Havana.
30. Panama - 1912 - Marines landed during Panama's election.
31. Honduras - 1912 - Troops sent in to protect American interests.
32. Nicaragua - 1912-33 - Troops occupied Nicaragua and fought guerrillas during its 20-year civil war.
33. Mexico - 1913 - Navy evacuated Americans during revolution.
34. Dominican Republic 1914 - Navy fought with rebels over Santo Domingo.
35. Mexico - 1914-18 - Navy and troops sent in to intervene against nationalists.
36. Haiti - 1914-34 - Troops occupied Haiti after a revolution and occupied Haiti for 19 years.
37. Dominican Republic 1916-24 - Marines occupied the Dominican Republic for eight years.
38. Cuba - 1917-33 - Troops landed and occupied Cuba for 16 years;

Cuba became an economic protectorate.

39. World War I - 1917-18 - Navy and Army sent to Europe to fight the Axis powers.

40. Russia - 1918-22 - Navy and troops sent to eastern Russia after the Bolshevik Revolution; Army made five landings.

41. Honduras - 1919 - Marines sent during Honduras' national elections.

42. Guatemala - 1920 - Troops occupied Guatemala for two weeks during a union strike.

43. Turkey - 1922 - Troops fought nationalists in Smyrna.

44. China - 1922-27 - Navy and Army troops deployed during a nationalist revolt.

45. Honduras - 1924-25 - Troops landed twice during a national election.

46. Panama - 1925 - Troops sent in to put down a general strike.

47. China - 1927-34 - Marines sent in and stationed for seven years throughout China.

48. EI Salvador - 1932 - Naval warships deployed during the FMLN revolt under Marti.

49. World War II - 1941-45 - Military fought the Axis powers: Japan, Germany, and Italy.

50. Yugoslavia - 1946 - Navy deployed off the coast of Yugoslavia in response to the downing of an American plane.

51. Uruguay - 1947 - Bombers deployed as a show of military force.

52. Greece - 1947-49 - United States operations insured a victory for the far right in national "elections".

53. Germany - 1948 - Military deployed in response to the Berlin blockade; the Berlin airlift lasts 444 days.

54. Philippines - 1948-54 - The CIA directed a civil war against the Filipino Huk revolt.

55. Puerto Rico - 1950 - Military helped crush an independence rebellion in Ponce.

56. Korean War - 1951-53 - Military sent in during the war.

57. Iran - 1953 - The CIA orchestrated the overthrow of democratically elected Mossadegh and restored the Shah to power.

58. Vietnam - 1954 - The United States offered weapons to the French in the battle against Ho Chi Minh and the Viet Minh.

59. Guatemala - 1954 - The CIA overthrew the democratically elected Arbenz and placed Colonel Armas in power.

60. Egypt - 1956 - Marines deployed to evacuate foreigners after Nasser nationalized the Suez Canal.

61. Lebanon - 1958 - Navy supported an Army occupation of Lebanon during its civil war.

62. Panama - 1958 - Troops landed after Panamanians demonstrations threatened the Canal Zone.

63. Vietnam - 1950s-75 - Vietnam War.

64. Cuba - 1961 - The CIA-directed Bay of Pigs invasions failed to overthrow the Castro government.

65. Cuba - 1962 - The Navy quarantines Cuba during the Cuban Missile Crisis.

66. Laos - 1962 - Military occupied Laos during its civil war against the Pathet Lao guerrillas.

67. Panama - 1964 - Troops sent in and Panamanians shot while protesting the United States presence in the Canal Zone.

68. Indonesia - 1965 - The CIA orchestrated a military coup.

69. Dominican Republic 1965-66 - Troops deployed during a national election.

70. Guatemala - 1966-67 - Green Berets sent in.

71. Cambodia, - 1969-75 - Military sent in after the Vietnam War expanded into Cambodia.

72. Oman - 1970 - Marines landed to direct a possible invasion into Iran.

73. Laos - 1971-:75 - Americans carpet-bomb on the countryside during Laos' civil war.

74. Chile - 1973 - The CIA orchestrated a coup, killing President Allende who had been popularly elected. The CIA helped to establish a military regime under General Pinochet.

75. Cambodia - 1975 - Twenty-eight Americans killed in an effort to retrieve the crew of the Mayaquez, which had been seized.

76. Angola - 1976-92 - The CIA backed South African rebels fighting against Marxist Angola.

77. Iran - 1980 - Americans aborted a rescue attempt to liberate 52 hostages seized in the Teheran embassy.

78. Libya - 1981 - American fighters shoot down two Libyan fighters.

79. EI Salvador - 1981-92 - The CIA, troops, and advisers aid in EI Salvador's war against the FMLN.

80. Nicaragua - 1981-90 - The CIA and NSC directed the Contra War against the Sandinistas.

81. Lebanon - 1982-84 - Marines occupied Beirut during Lebanon's civil war; 241 were killed in the American barracks and Reagan "redeployed" the troops to the Mediterranean.

82. Honduras - 1983-89 - Troops sent in to build bases near the Honduran border.

83. Grenada - 1983-84 - American invasion overthrew the Maurice Bishop government.

84. Iran - 1984 - American fighters shot down two Iranian planes over the Persian Gulf.

85. Libya - 1986 - American fighters hit targets in and around the capital training camps.

86. Yugoslavia - 1999 - Bombings and missile attacks carried out by the United States in conjunction with NATO in the 11 week war against Milosevic.

87. Iraq - 1998-2001 - Missiles launched into Baghdad and other large Iraqi cities for four days. American jets enforced "no-fly zone" and continued to hit Iraqi targets since December-1998.

E) These hundreds of instances of Ametican military intervention did not include times when the United States:

1. deployed military police overseas;
2. mobilized the National Guard;
3. sent Navy ships off the coast of numerous countries as a show of strength;
4. sent additional troops to areas where Americans were already stationed;
5. carried out covert actions where American forces were not under the " direct rule of an American command;
6. used small hostage rescue units;
7. used American pilots to fly foreign planes;

8. carried out military training and advisory programs which did not involve direct combat.

F) U. S. Government Assassination Plots.

Following is a list of prominent foreign leaders whose assassination (or planning for same) the United States has been involved in since the end of Second World War. The list does not include several assassinations in various parts of the world carried out by anti-Castro Cubans employed by CIA and headquartered in the United States:

LIST A: NON MUSLIMS

1. 1949 - Kim Koo, Korean opposition leader
2. 1950's - CIA/Neo-Nazi hit list of numerous political figures in West Germany
3. 1955 - Jose Antonio Remon, President of Panama
4. 1950's Chou En-Iai, Prime Minister of China, several attempts on his life
5. 1951 - Kim il Sung, Premiere of North Korea
6. 1950s (mid) - Claro M. Recto, Philippines opposition leader
7. 1955 - Jawar Lal Nehru, Prime Minister of India
8. 1959 and 1963 - Norodom Sihanouk, leader of Cambodia.
9. 1950s-70s - Jose Figueres, President of Costa Rica, two attempts on his life:
10. 1961 - Francois "Papa Doc"Duvalier, leader of Haiti
11. 1961 - Patrice Lumumba , Prime Minister of Congo (Zaire)
12. 1961 - Gen. Rafael Trujillo, leader of Dominican Republic
13. 1963 - Ngo Dinh Diem, President of South Vietnam
14. 1960s - Fidel Castro, President of Cuba, more than 15 attempts on his

life.

15. 1960s - Raul Castro, high official in government of Cuba

16. 1965 - Francisco Caamanao, Dominican Republic opposition leader.

17. 1965 - Pierre Ngendandumwe, Prime Minister of Burundi.

18. 1965-6 - Charles de Gaulle, President of France.

19. 1967 - Che GL'GVara, Cuban leader.

20. 1970 - Salvadore Allende, President of Chile.

21. 1970 - General Rene Schneider, Commander-in-Chief of Army, Chile.

22. 1970s and 1981 - Gen. Omar Torrijos, leader of Panama

23. 1972 - General Manuel Noriega, Chief of Panama Intelligence.

24. 1975 - Mobutu Sese Seko, President of Zaire.

25. 1976 - Michael Manley, Prime Minister of Jamaica.

26. 1983 - Miguel d'Escato, Foreign Minister of Nicaragua.

27. 1984 - The nine commandantes of the Sandanista National Directorate

28. 1980s - Dr. Gerald Bull, Canadian Ballistics Scientist assassinated by Massad in Belgium.

G) Partial List of Muslim Leaders Assassinated or Attempted Assassinations:

1. 1950's Sukarno, President of Indonesia.

2. 1957 Gamal Abdul Nasser, President of Egypt

3. 1960 Brigadier General Abdul Karim Kassem, Leader of Iraq.

4. 1980-86 Muammar Qaddafi, Leader of Libya, several plots and attempts upon his life.

5. 1982 Ayatullah Khomeini, Leader of Iran.

6. 1983 General Ahmed Dlimi, Moroccan army Commander

7. 1985 Sheikh Mohammed Hussein Fadlullah, Lebanese Shiite Leader (80 people killed in that attempt)

8. 1991 Saddam Hussein, Leader of Iraq [Reference: Blum, William, "KILLING HOPE " U.S. Military and CIA Interventions Since World War II," Appendix III U.S. Government Assassination Plots, page 453, Common Courage Press, Monroe, Maine 1995. ISBN 1-56751-052-3]

امریکہ: دنیا بھر میں خفیہ جیلیں:

اے ایف پی نے ۵/ جون ۲۰۰۵ء کو ایمنسٹی انٹرنیشنل کے حوالے سے دنیا بھر میں امریکہ کی خفیہ جیلوں کی تفصیلات اخبارات کو جاری کیں جہاں لے جائے جانے والے واپس نہیں آئے خبر درج ذیل ہے:

WASHINGTON, June 5: The US government is operating an "archipelago" of prisons around the world many of them are secret camps into which people are being "literally disappeared", a top Amnesty International (AI) official said on Sunday.

AI Executive Director William Schulz criticized the administration of US President George W. Bush for holding alleged battlefield combatants in "indefinite incommunicado detention" without access to lawyers in an interview with Fox News on Sunday.

Schulz was pressed to substantiate Amnesty's claim in a May 25 report that the US prison camp at the Guantanamo Bay, Cuba naval base - where hundreds of foreign terror suspects are being held indefinitely - represents the "gulag of our times".

The gulag claim, referring to the notorious prison camp systems of the Soviet Union, has drawn withering criticism from the US president, who called it "absurd". Vice President Richard Cheney and Defence Secretary

Donald Rumsfeld have also slammed the rights group's claim.

Russian 1970 Noble Prize winner Aleksandr Solzhenitsyn described the Soviet prison camp system in his best-selling book "The Gulag Archipelago".

Schulz said the gulag reference was not "an exact or a literal analogy". [AFP]

بیسویں صدی جمہوری اور لبرل معاشروں کے کمالات

۸۹ تا ۹۸ دس سال میں ۱۰۷ خانہ جنگیاں

۱۹۸۹ء سے ۱۹۹۸ء کے درمیان ۱۰۷ خانہ جنگیاں ہو چکی ہیں جنھیں uncivil war کہا جاتا ہے۔ اس کے مقابلے میں ریاستوں کے درمیان صرف سات جنگیں ہوئیں۔ ۱۹۸۸ء کے آغاز میں ایک سرحد پار جنگ کے مقابلے میں ۳۲ خانہ جنگیاں ہو رہی تھیں۔ ۱۸۱۶ء سے ۱۹۹۸ء کے درمیان ۲۳۱ خانہ جنگیاں ہوئیں جس سے واضح طور پر یہ اشارہ ملتا ہے کہ ۱۹۸۹ء کے بعد بڑی تیزی سے بہت زیادہ خانہ جنگیاں ہوئی ہیں۔ ولیم جے، ایکہارڈ اور اس کے جانشینوں نے اندازہ لگایا تھا کہ ۱۹۰۰ء سے ۱۹۹۵ء کے دوران بیسویں صدی میں جنگ سے متعلق ہلاکتوں کی تعداد مجموعی طور پر کم از کم ۱۰۶۱۱۴۰۰۰ ہے، جس میں ۶۲۱۹۲۰۰۰ شہری اور ۴۳۹۲۰۰۰۰ فوجی ہلاک شدگان شامل ہیں (سیوارڈ ۱۹۹۶ء: ۱۹)۔ ''سرد جنگ'' کے ''پرامن'' دور میں قتل عام جاری رہا اور ۱۹۴۵ء اور ۱۹۹۲ء کے درمیانی عرصہ میں ۱۴۹ جنگوں میں اندازاً کم از کم ۲۲۰۵۷۰۰۰ لوگ ہلاک ہوئے جن میں ۱۴۵۰۵۰۰۰ شہری اور ۷۵۵۲۰۰۰ فوجی تھے (سیوارڈ ۱۹۹۳ء: ۱-۲۰)۔ صرف ۱۹۹۶ء میں کم از کم تیس لڑائیاں جاری تھیں۔

اکیس سال میں ۸۰ لاکھ سرخ ہندی مارے گئے:

ڈیوڈ اسٹینرڈ کے مطابق، قبل از قتال عظیم، براعظم امریکہ کی مقامی آبادی اس وقت کی افریقہ اور یورپ کی مجموعی آبادی کے مقابلے میں زیادہ بڑی تھی۔ امریکہ کے ان قدیم باشندوں میں سے تقریباً ۸۰ لاکھ افراد براہ راست جنگ میں موت کا شکار ہوئے یا پھر جنگ اور تشدد سے تعلق رکھنے والے امراض اور دل شکستگی کے باعث موت سے ہم کنار ہوئے۔ یہ تمام لوگ کولمبس کے امریکہ پہنچنے کے بعد ۲۱ سال کے اندر مرے تھے۔ اسٹینرڈ نے تخمینہ ان اعداد و شمار سے قائم کیا کہ پندرہویں صدی کے اختتام پر کرہ ارض پر ۱۰ کروڑ سے زیادہ افراد بستے تھے اور چند صدیوں کے بعد ان کی تعداد تقریباً ۵۰ لاکھ رہ گئی تھی۔ انسانی قتل پر ایک اور مطالعہ میں جو آر رومیل نے داخلی اور بین الاقوامی جنگوں میں حکومتی قتل کا شکار بننے والوں کی تعداد کی تین عشروں تک دستاویز تیار کرنے کے بعد

۱۹۹۴ء میں مرتب کیا تھا، چار عدد قتل عام (Democides) کا اندازہ لگایا ہے جس میں بیسویں صدی سے قبل معلوم تاریخ کے ایک ہزار برسوں میں ایک کروڑ سے زیادہ افراد قتل کیے گئے تھے۔ ان کا اندازہ ہے کہ چین میں ۲۲۱ قبل مسیح اور ۱۹ویں صدی عیسوی کے اختتام کے درمیان تقریباً تین کروڑ ۴۰ لاکھ افراد کو قتل کیا گیا، افریقیوں کو غلام بنانے کے نتیجے میں ایک کروڑ ۷۰ لاکھ افراد قتل ہوئے، اور یورپی باشندوں کی آمد سے لے کر ۱۹ویں صدی کے اختتام تک نصف مغربی کرہ میں ایک کروڑ ۴۰ لاکھ افراد کو قتل کیا گیا۔ اس طرح یہ چار قتل عام تقریباً ۱۰ کروڑ افراد کے قتل کا باعث بن جاتے ہیں۔ (لیکن رومیل نے ۲۰۰۵ء میں ان اعداد و شمار میں حیرت انگیز اضافے کیے ہیں اور بتایا ہے کہ سترہویں صدی سے لے کر بیسویں صدی تک کے قتل عام میں پونے دو ارب انسان ہلاک کیے گئے۔ [فروری ۲۰۰۵ء میں رومیل کی ویب سائٹ پر دیئے گئے اعداد و شمار]

خانہ جنگیوں کی شدت ۱۸۱۶ء۔۱۹۹۸ء

	خصوصیات	ریاستوں کی تعداد	خانہ جنگیوں کی تعداد	ہلاکتیں	فیصد شرح
۱۸۱۶۔۱۸۴۸	یورپ کی سنگت میں بادشاہتوں کے ذریعے کچلے گئے انقلاب	۲۸	۱۲	۹۳۲۰۰	۳(۲۵ فیصد)
۱۸۴۹۔۱۸۸۱	ابھرتی ہوئی قوم پرستی اور خانہ جنگیاں	۳۹	۲۰	۲۸۹۱۲۰۰	(۵ فیصد)
۱۸۸۲۔۱۹۱۴	سامراجیت اور نو آبادیت	۴۰	۱۸	۳۸۸۰۰۰	۳(۱۷ فیصد)
۱۹۱۵۔۱۹۴۵	عالمی جنگیں اور معاشی درماندگی	۵۹	۱۴	۱۶۳۱۴۶۰	۴(۲۹ فیصد)
۱۹۴۶۔۱۹۸۸	سرد جنگ کے دوران ابھرتے ہوئے عالمی جنوب کے ممالک کا نوآبادیت سے چھٹکارا اور آزادی	۱۱۷	۶۰	۶۲۲۳۰۲۰	۱۴(۲۳ فیصد)

۱۹۹۸-۱۹۸۹	ناکام ریاستوں اور خانہ جنگیوں کا عہد	۱۹۲	۱۰۷	۱۹۵۰۰۰۰	۱۰(۹ فیصد)
مجموعی تعداد		۱۹۲	۲۳۱	۱۳۲۱۶۰۰۰	۳۳(۱۴ فیصد)

Source: Chales W. Kegley, Jr, & Eugene R. Wittkopfe (eds), World Politics: Trend and Transformation, 8th ed., London: Macmillan press Ltd, 2001, P.436.

بیسویں صدی: انیسویں صدی کے مقابلے میں پانچ گنا زیادہ اموات:

رُتھ لیگر سیورڈ کے اندازے کے مطابق ۱۹۱۰ء سے ۱۹۸۵ء کے دوران لڑی گئی ۲۰۲ جنگوں میں تخمیناً ۷ کروڑ ۸۰ لاکھ جانیں تلف ہوئیں۔ دوسرے الفاظ میں، بیسویں صدی میں ہونے والی اموات انیسویں صدی کے مقابلے میں پانچ گنا زیادہ تھیں۔ صرف ان دو جنگوں میں، ۱۰۰ سال سے کم عرصے کے دوران، اہم شریک ملکوں کے ۶۰ کروڑ شہری قتل ہوئے۔ یہ تعداد کئی یورپی ملکوں کی کل تعداد سے زیادہ ہے۔ پہلی عالمی جنگ میں ۸۰ لاکھ فوجی اور ایک لاکھ شہری ہلاک ہوئے جب کہ ۱۹۱۸ء میں انفلوئنزا کی وباء پھیلنے سے ایک کروڑ اسی لاکھ افراد ہلاک ہوئے۔ دوسری جنگ عظیم میں سب سے زیادہ متاثر ہونے والا ملک سوویت یونین تھا جہاں ہلاک ہونے والوں کی تعداد کل ہلاکتوں کا ۴۰ فیصد تھی۔

بیسویں صدی: ۱۸ ویں صدی سے سات گنا زیادہ ہلاکتیں:

ہال کین نے ۱۹۹۵ء میں لکھتے ہوئے اس امر کا اظہار کیا تھا کہ "ایک تجربے کے مطابق ۱۹۴۵ء کے بعد ہونے والی جنگوں میں ہلاکتوں کی تعداد انیسویں صدی سے دوگنی اور ۱۸ ویں صدی سے سات گنا زیادہ تھی"۔ اس حیرت انگیز اضافے کی وجہ کیا تھی؟ اس اضافے کی وجوہات تاریخ، فکر اور فلسفہ میں ہی تلاش کرنے کے لیے ہمیں یونانی فکر و فلسفہ سے لے کر مغربی فکر و فلسفے تک کے اہم مباحث کو پیش نظر رکھنا ہوگا کیونکہ طرز زندگی میں تبدیلی کا براہ راست تعلق الٰہیات، مابعد الطبیعیات، علمیات سے ہے۔ یہ اگر تبدیل ہوں تو سب تبدیل ہو جاتا ہے۔ مغربی فکر و فلسفے کے فروغ نے دنیا میں تشدد کو جنم دیا ہے جو وسعت پذیر ہو رہا ہے۔

افلاطون: جنگ سیاسی زندگی کی بنیادی حقیقت:

افلاطون (۴۲۷-۳۴۷ ق م) کی مثالی "جمہوریہ" (Republic) میں، فلسفی حکمران (سرپرست) کو جنگجو طبقے سے لیا گیا تھا جو (ضمنی طور پر) استبداد اور ترغیب کے ذریعے پیداوار کرنے والوں اور غلاموں پر حکومت کرتے تھے۔ لیون ہیرالڈ کریگ نے اشارہ کیا ہے، "ایک غیر متعصب ناظر یہ نتیجہ اخذ کرنے سے شاید ہی بچ سکے کہ (افلاطون کی "جمہوریہ" میں) جنگ کو سیاسی زندگی کی بنیادی حقیقت سمجھنا چاہیے اور درحقیقت پوری زندگی کے لیے اور یہ کہ ہر اہم فیصلہ اس حقیقت کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا جانا چاہیے"۔

۱۷ویں صدی سے پہلے دنیا کی تاریخ میں صرف ۳۶ کروڑ لوگ مارے گئے اس صدی کے بعد جب دنیا بہت مہذب ہوئی تھی انسان نیا فلسفہ نیا مذہب، نئی سائنس پیدا ہوئی اس کے بعد دہشت گردی جنگیں طاعون کی طرح پھوٹ پڑیں اور رومیل کے مطابق صرف تین سو سال میں پونے دو ارب لوگ مارے گئے۔ اس کی وجوہات فلسفیوں کے متشدد افکار میں تلاش کی جا سکتی ہیں۔ تمام مغربی فلسفیوں کے افکار آخر کار حرص و حسد کی عالمگیریت کو ممکن بناتے ہیں۔ یہ عالمگیریت، عالمگیر تشدد، جنگی جنون کا باعث ہے، بنیادی حقوق، آزادی، انسانی حقوق نیشنل ازم، جمہوریت، لبرل ازم کے فلسفے تشدد کے فروغ کا اصل سبب ہیں کیونکہ یہ نفرت، حرص و حسد اور بہیمیت کو فروغ دینے کا باعث ہیں۔ سیاست میں یہ عمل جمہوریت کے ذریعے ممکن ہوتا ہے اور معیشت میں سرمایہ دارانہ نظم معیشت کے ذریعے یہی دو ذریعے دنیا میں جنگوں کی دائمی موجودگی کو ممکن بناتے ہیں۔

ارسطو: ہتھیار صاحب جائیداد رکھے گا

ارسطو (۳۸۴۔۳۲۲ ق م) کی ''سیاست'' (Politics) میں، پسندیدہ سیاسی نظام میں..... حکمرانی چاہے ایک کی ہو، چند کی یا کئی کی ہو..... ہتھیاروں پر اختیار صاحب جائیداد لوگوں کا ہوگا اور غلاموں کو تابع بنائے رکھے اور دشمن کے قبضے میں جانے سے محفوظ رہنے کے لیے فوجیں ضروری ہیں۔ فوجوں کی اس مستقل ہلاکت آفریں موجودگی کو نہ افلاطون موضوع بحث بناتا ہے اور نہ ارسطو اس بارے میں سوال اٹھاتا ہے۔

میکیاویلی: حکمرانوں کو ہلاکت خیز قوت کی اجازت

مشہور و مقبول میکیاویلی (۱۵۲۷۔۱۴۶۹) کی مشہور تصنیف ''دی پرنس'' میں حکمرانوں کو اپنا اقتدار قائم رکھنے اور اپنی ریاستوں کی طاقت، شہرت اور وقار میں اضافے کے لیے قتل کرنے کو حق بہ جانب ثابت کرنے کے لیے واضح جواز فراہم کیا گیا ہے۔ بہتر یہی ہے کہ ''لومڑی'' کی مکاری کے ذریعہ حکومت کی جائے، لیکن بہ وقت ضرورت حکمرانوں کو ''شیر'' کی بے باک ہلاکت آفرینی سے پہلو تہی نہیں کرنا چاہیے۔ جمہوری ریاست کی قوت کو استحکام بخشنے کے لیے وہ شہری ملیشیا قائم کرنے کی تجویز پیش کرتا ہے۔

ہابس: حکمران کو اختیار رہے کہ عوام کو قتل کر سکے

تھامس ہوبس (۱۶۷۹۔۱۵۸۸) اپنی کتاب Leriathan میں سماجی نظم و ضبط کو قائم رکھنے اور جنگ میں فتح کے لیے حکومتوں کی جانب سے قتل کرنے کے لیے مزید جواز پیش کرتا ہے۔ انسان چونکہ قاتل ہے لہٰذا فطری حالت میں غیر منظم زندگی کا نتیجہ ایک سفاک بدنظمی کی صورت میں سامنے آتا ہے۔ لیکن انسان سلامتی کا جویا اور متلاشی بھی ہے چنانچہ اسے ایک مرکزی حکمران کی اطاعت کرنی چاہیے اور اسے یہ اختیار دینا چاہیے کہ وہ ان کی سلامتی کے لیے قتل کر سکے اور اپنی حفاظت کے لیے دوسرے کو ہلاک کرنے کا حق انھیں اپنے لیے محفوظ رکھنا چاہیے۔ ہوبس نے مسلح بغاوت کو جائز قرار دینے سے گریز اختیار کیا ہے۔

یہ کام جان لاک (۱۷۰۴۔۱۶۳۲) نے اپنی کتاب Two Treaties of Government (حکومت کے دو اصول) میں انجام دیا ہے۔ وہ افلاطون، ارسطو، میکیاویلی، اور ہوبس کے ساتھ اس امر پر متفق ہے کہ سیاسی حکمرانی ہلاک کرنے کے لیے تیار رہنے کو ضروری بنا دیتی ہے۔ لیکن وہ مزید آگے بڑھ کر انقلابی ہلاکت آفرینی کو حق بہ جانب قرار دیتا ہے۔ جب اقتدار اعلیٰ پر فائز حکمراں مطلق العنان بن جاتا ہے اور ملکیت، آزادی اور زندگی کے خلقی حقوق پامال کرتا ہے..... تو جبر و استبداد کے شکار شہریوں کو یہ حق حاصل ہے اور یہ ان کا فرض بنتا ہے کہ وہ اسے تباہ کر دیں۔ جیسے فطری صورت حال میں قاتل کو ہلاک کیا جاتا ہے، بالکل اسی طرح سول سوسائٹی کے شہری ایک جابر حکمراں کو تباہ کر سکتے ہیں۔

مارکس اینگلز: عبوری دور میں غارت گری کی اجازت ہے

ہوبس اور لاک کے، حاکموں اور محکوموں کی ہلاکت آفرینی کے دوہرے جواز کو کارل مارکس (۱۸۸۳۔۱۸۱۸) اور فریڈرک اینگلز (۱۸۹۵۔۱۸۲۰) نے ''کمیونسٹ مینی فیسٹو'' میں معاشی طبقے کی جنگ تک وسعت دے دی۔ صاحب جائیداد طبقوں سے یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ وہ اپنے مفادات کے تحفظ اور مفادات میں اضافے کے لیے ہلاکت آفرین قوت کا استعمال کریں۔ لیکن جب مادی اور سماجی تعلقات نازک مرحلے پر پہنچ جائیں تو استحصال زدہ طبقات متوقع طور پر سوسائٹی کے معاشی اور سیاسی ڈھانچے کی تبدیلی کے لیے پرتشدد بغاوت برپا کر سکتے ہیں۔ جدید انتخابی جمہوریت کی بعض مخصوص حالتوں میں پرامن تبدیلی ممکن ہو سکتی ہے۔ مستقبل میں جب کبھی معاشی استحصال ختم ہو جائے گا تو طبقاتی بنیاد پر قائم ہلاکت آفرین صورت حال بھی معدوم ہو جائے گی۔ لیکن عبوری دور میں معاشی عوامل کی بناء پر لوگوں کا میلان طبع و غارت کی جانب رہے گا۔

روسو: زندگی ریاست کی جانب سے مشروط تحفہ ہے

لاک اور مارکس کے درمیانی عرصے میں، ہوبس کے خیالات کی بازگشت کے طور پر ژاں ژاک روسو (۱۷۷۸۔۱۷۱۲) اپنی تصنیف ''عمرانی معاہدہ'' "The Social Contract" میں ریاست کی سیاسی تنظیم کی بنیاد کے طور پر ''عمرانی معاہدے'' کا نظریہ پیش کرتا ہے۔ شہری مجموعی طور پر ریاست کے حاکم اعلیٰ بھی ہیں اور رعایا بھی ہیں۔ وہ خود ہی اس برسر اقتدار حکومت کی اطاعت کی پابند ہو جاتے ہیں جو ''عوامی خواہش'' سے ماخوذ قوانین بناتی اور ان کا نفاذ کرتی ہے۔ معاہدے کے تحت ریاست جنگ اور فتح کے حق کی دعویدار ہوتی ہے، غداروں کو سزائے موت دی جا سکتی ہے اور مجرموں کو قتل کیا جا سکتا ہے۔ برسر اقتدار حکومت شہریوں کو حکم دے سکتی ہے کہ وہ ریاست کے لیے اپنی زندگیاں قربان کریں:

جب برسر اقتدار حکومت ایک شہری سے کہہ دے: ریاست کے مفاد میں تمہارا مرنا ضروری ہے تو

اسے مرجانا چاہیے، کیونکہ.....اس کی زندگی صرف عطائے نظرت نہیں ہے، بلکہ ریاست کی جانب سے ایک مشروط تحفہ ہے۔[عمرانی معاہدہ، دوسرا حصہ، باب پنجم]

میکس ویبر: سیاست کا فیصلہ کن عنصر تشدد ہے

بیسویں صدی میں، جرمنی کے بااثر سیاسی معاشیات کے ماہر اور عمرانیات کے نظریہ ساز، میکس ویبر (۱۹۲۰-۱۸۶۴) ''سیاست بطور مقدس پیشہ'' میں، جو دراصل ۱۹۱۸ء میں میونخ یونیورسٹی میں کی گئی تقریر پر مبنی ہے، اس خیال کو قطعی طور پر مسترد کر دیتا ہے کہ سیاست ہلاکت گریز پیشہ ہو سکتی ہے۔ ویبر کی رائے کے مطابق ''سیاست کا فیصلہ کن عنصر تشدد ہے'' تاریخی طور پر تمام بالادست سیاسی ادارے اقتدار کے لیے پر تشدد جدوجہد سے ابھرے تھے۔ نتیجتاً ویبر جدید ریاست کی تشریح ان الفاظ میں کرتا ہے ''ایک ایسی انسانی برادری جو (کامیابی سے) کسی مخصوص سرحد کے اندر جسمانی طاقت کے قانونی استعمال پر کامل اختیار کی دعویدار ہو'' لہٰذا ''جو اپنی اور دوسروں کی روحانی نجات چاہتا ہے وہ اسے کوچۂ سیاست میں تلاش نہ کرے، کیونکہ سیاست کے مختلف اہداف صرف تشدد کے ذریعے ہی حاصل کیے جا سکتے ہیں''۔

امریکی دانش کا اجماع: ہلاکت گریز سماج محال ہے

گلین ڈی پیج کے خیال میں ہلاکت آفرین فلسفیانہ روایات کی بازگشت جسے تشدد پسند مذہب کی تائید حاصل ہے، وہ امریکا کی پوری سیاسی تاریخ اور تہذیب میں پھیلی ہوئی ہے، اس نے شہریوں اور عالموں دونوں کے ذہنوں میں یہ بات راسخ کر دی ہے کہ ایک ہلاک گریز سماج کا وجود ناممکن ہے۔ اس تعین کی بازگشت لیکسنگٹن میں چلنے والی توڑے دار بندوقوں کی آواز جس نے امریکی انقلاب کو چنگاری دکھائی، لاک کے دیئے ہوئے جواز کے مطابق اعلانِ آزادی کے ذریعے حکومتِ وقت کی اطاعت سے روگردانی کا اعلان کرنے والے نقارچی کی آواز میں، اور نیو ہیمپشائر میں اعلانیہ سرکشی کے نعرے ''آزادی یا موت!'' میں سنائی دیتی ہے۔

امریکی صدارتی دعا: قتل عام کے جذبات ابھارتی ہے

''ریاست کے جنگی ترانے'' میں بھی اس یقین کی گونج سنائی دیتی ہے جو کنفیڈریٹ باغیوں پر یونین کی فتح کا جذبہ پیدا کرتی ہے، اور ''امریکہ کی جنوبی ریاستوں'' کی آہستہ رو گستاخانہ سرکشی میں، اور دور دراز علاقوں اور سمندروں میں جنگ میں مصروف لوگوں کے ''بحری ترانے'' میں .....صدر کے کمانڈر ان چیف کے طور پر عہدہ سنبھالنے کے وقت ۲۱ توپوں کی سلامی میں بھی اس کی بازگشت سنائی دیتی ہے جو قوم کے متشدد ماضی اور موجودہ فوجی قوت کی یاد دہانی کراتی ہے۔ پرچم کشائی کی تقریب، قومی ترانے کے بجنے، اور مسلح حفاظتی دستوں کی موجودگی اور یہ صدارتی دعا کہ ''خدا امریکہ پر برکت نازل کرے'' (لوئن ۱۹۷۰ء) وہ چیزیں ہیں جن کے ذریعے قربانی دینے اور قتلِ عام کرنے کے جذبات ابھارے جاتے ہیں۔

امریکہ: ایک ہلاکت آفرین ریاست

گلین ڈی بیچ کے خیال میں امریکہ کی ابتداء اس کی سرحدوں میں توسیع، قومی ہم آہنگی اور عالمی طاقت بننے میں اس کی مدد قتال نے کی۔ ملک کے اندر یا ملک کے باہر مارے جانے والے یا زخمی ہونے والے، فوجی یا شہری ہوں، ہلاک ہونے والوں یا زخمیوں کا اندازہ کرنا ابھی باقی ہے اور یقیناً وہ بے شمار ہیں، لیکن امریکی ریاست کی ہلاکت آفرینی کی حقیقت سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ دیگر ممالک میں سیاسیات کے عالموں سے مطالبہ کیا جاتا ہے کہ وہ اپنے ذاتی سیاسی تشخص پر زیادہ یا کم قتل عام کے اثر انداز ہونے کے بارے میں روشنی ڈالیں۔

غلاموں کی محکومی برقرار رکھتے ہوئے، ایک جدید قوم نے شاہی نوآبادیاتی حکومت کے خلاف مسلح عوامی بغاوت کا آغاز کیا۔ آزادی کے پرچم تلے اس نے مقامی آبادی پر خونیں فتوحات کے ذریعے، شمال اور جنوب کے پڑوسیوں کے خلاف طاقت کے استعمال کے ذریعے اور ٹکراؤ کے مقابیل میں معیشت کو ترجیح دینے والوں کی جائیدادوں پر حقوق کو ساقط کر کے یا خریداری کے ذریعے اپنی براعظمی قلمرو میں توسیع کی۔ ریاست نے خانہ جنگی کے ذریعے جبری طور سے قومی یکجہتی مسلط کی، جس کے لیے ۴۴۷۵ کنفیڈریٹ فوجیوں کو قتل کیا گیا اور یونین کے ۱۴۰۴۱۴ سپاہی قربان کر دیئے گئے۔

امریکی توسیع پسندی: گلین ڈی بیچ کی تحقیق

اپنے آپ کو سمندر پار تک پھیلاتے ہوئے امریکی ریاست نے ہوائی (۱۸۹۸)، پوئرتو ریکو، گوام، اور فلپائن (۱۸۹۸)، مشرقی ساموا (۱۸۹۹) اور بحرالکاہل کے جزائر (۱۹۴۵) پر تسلط حاصل کر لیا۔ فلپائن میں اس نے نوآبادیات کے خلاف برپا ہونے والی بغاوت (۱۹۰۲-۱۸۹۸) کو جبر و استبداد کے ذریعہ کچل دیا اور انضمام کی مخالفت کرنے والے متعدد مسلمانوں کا بے تحاشہ قتل عام کیا (۱۹۱۳-۱۹۰۱ء)۔ تنہائی پسند جاپان کو بحری طاقت کے استعمال کی دھمکی دے کر اسے بیرونی تجارت کے لیے کھول دیا (۱۸۵۴-۱۸۵۳)

گلین بیچ: امریکہ کی جنگیں دوسری قوموں کے خلاف

اس ابھرتی ہوئی قوم نے جنگوں اور مداخلت کاریوں کے ذریعے اپنے مفادات کو آگے بڑھایا اور ان کا تحفظ کیا۔ امریکہ نے برطانیہ کے خلاف جنگ (۱۴-۱۸۱۲)، میکسیکو کے خلاف (۴۸-۱۸۴۶)، اسپین کے خلاف (۱۸۹۸)، جرمنی، آسٹریا، ہنگری، ترکی اور بلغاریہ کے خلاف (۱۸-۱۹۱۶)، جاپان، جرمنی اور اٹلی کے خلاف (۴۵-۱۹۴۱)، شمالی کوریا اور چین (۵۳-۱۹۵۰)، شمالی ویت نام (۷۵-۱۹۶۱)، اور عراق کے خلاف (۱۹۹۱) کی جنگیں لڑیں۔ مسلح مداخلتوں کی تفصیل کچھ اس طرح ہے: پیکنگ (۱۹۰۰)؛ پناما (۱۹۰۳)، روس (۱۹-۱۹۱۸)، نکاراگوا (۲۵-۱۹۱۲)، ہیٹی (۳۴-۱۹۱۵)، لبنان (۱۹۵۸)، ڈومینکن جمہوریہ (۶۶-۱۹۶۵) اور صومالیہ (۱۹۹۲)۔ ریاست ہائے متحدہ امریکہ نے گریناڈا میں (۱۹۸۳) اور پناما میں (۱۹۸۹) مداخلت کر کے

حکومتوں کو اقتدار سے معزول کر دیا اور مداخلت کی دھمکی دے کر ہیٹی (۱۹۹۲) میں حکومت کا تختہ الٹ دیا۔ مداخلت یا حملوں کے ذریعے اس نے کمبوڈیا (۱۹۷۰) اور لاؤس (۱۹۷۱) میں امتناع کی راہ اختیار کی، لیبیا (۱۹۸۶)، افغانستان (۱۹۹۸)، اور سوڈان (۱۹۹۸) میں انتقام لینے کے لیے حملے کیے اور عراق (۱۹۹۳)، بوسنیا (۱۹۹۵) اور یوگوسلاویہ (۱۹۹۹) میں جنگی اور حربی مفادات آگے بڑھانے کا عزم ظاہر کرنے کے لیے حملے کیے۔

گلین چیچ: امریکی ہلاکت خیزی کی صلاحیت

ریاست ہائے متحدہ امریکہ نے دوسری عالمی جنگ کے بعد آدھی صدی کے دوران، سرمایہ داری مخالف ریاستوں، انقلابیوں اور دیگر دشمنوں پر دنیا بھر میں غلبہ پانے کے لیے ہلاکت آفرینی کی اپنی استعداد میں بے پناہ اضافہ کر لیا۔ انقلاب امریکہ کے زمانے میں ایک ہزار سے بھی کم پر مشتمل باقاعدہ مسلح افواج کی تعداد ۱۹۹۰ء کے عشرے میں پندرہ لاکھ مردوں اور خواتین تک پہنچ چکی تھی، ان کی پشت پر پنٹاگون (امریکی محکمۂ دفاع) کے ۲۳۰۰۰ منصوبہ ساز، ایک اختراعی سائنسی اشرافیہ، اور دنیا میں اسلحہ سازی کی جدید ترین صنعت موجود ہے۔ یہ سب اس طرح ممکن ہوا کہ ان اخراجات کے لیے ٹیکس دہندگان کے چوتھائی ٹریلین ڈالر ہر سال کانگریس اور صدر کی جانب سے منظور کیے جاتے تھے۔ ایک محتاط تخمینے کے مطابق ۹۶-۱۹۴۰ء کے دوران امریکہ کے صرف جوہری ہتھیاروں کے پروگرام پر قوم کو ۵٫۸۲ ٹریلین ڈالر خرچ کرنا پڑے ہیں (شوارٹز ۱۹۹۸ء)۔ ریاست ہائے متحدہ کے تصرف میں کسی بھی دوسرے ملک سے زیادہ سمندر پار اڈے ہیں، وہ غیر ممالک میں زیادہ فوجی طاقت منتقل کر چکا ہے، زیادہ فوجی اتحاد قائم کر چکا ہے اور دوسرے ملکوں کی نسبت بیرونی افواج کو زیادہ سے زیادہ تربیت اور اسلحہ سے لیس کر رہا ہے (یہ لوگ اس کے دشمنوں کے قاتل، بعض اوقات اس کے دوستوں کے قاتل اور یہاں تک کہ اس کے اپنے قوم کے قاتل ہیں)۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ وہ دنیا کی مسابقتی، نفع بخش، اسلحہ منڈی میں ہتھیاروں کا سب سے بڑا فراہم کنندہ بن چکا ہے۔ انسان نے اب تک جس قدر ہلاکت آفریں ایجادات کی ہیں، اس حوالے سے ریاست ہائے متحدہ امریکہ اس صلاحیت کا مالک بن چکا ہے کہ وہ انتہائی تباہ کن ہتھیاروں کے ذریعے کرۂ ارض کی زمین، سمندر اور فضاء میں ہر جگہ قتل عام کر سکتا ہے۔

گلین ڈی چیچ کی تحقیقات کا خلاصہ

ذیل میں ہم گلین چیچ کی کتاب Politics of Non Killing میں گلین کی ان تحقیقات کو پیش کر رہے ہیں جو امریکی ریاست، امریکی سیاست، امریکی معیشت اور امریکی معاشرت سے متعلق ہے۔

دنیا کی سب سے بڑی فوجی قوت کا دعویٰ

۱۹۹۰ء کے عشرے تک، جنگ کے ذریعے قائم ہونے والا ریاست ہائے متحدہ امریکہ ۱۷۷۶ء کے اعلانِ آزادی کے بعد سفر کرتے ہوئے اس دعوے تک پہنچ گیا ہے کہ وہ ''دنیا کی واحد سب سے بڑی فوجی طاقت

اور دنیا کی قیادت کرنے والی معیشت ہے'' (صدر ولیم جے۔کلنٹن، قوم سے خطاب، ۱۹/فروری ۱۹۹۳ء)۔ جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کے چیئرمین، آرمی جنرل شکاش ولی کے الفاظ میں، ریاست ہائے متحدہ امریکہ ''عالمی مفادات'' کے ساتھ ایک ''عالمی قوم'' بن چکی ہے۔۱۹۹۵ء میں جاپان پر جوہری بم کی فتح کی ۵۰ویں سالگرہ کا جشن مناتے ہوئے صدر امریکہ نے ہوائی میں جمع ہونے والے تینوں مسلح افواج کے جوانوں سے عہد کیا ''آپ پوری دنیا میں ہمیشہ بہترین تربیت یافتہ اور بہترین اسلحے سے لیس لڑاکا قوت رہیں گے''۔انھوں نے اعلان کیا ''ہمیں کرۂ ارض پر سب سے زیادہ طاقتور رہنا ہے تاکہ ہم اپنے عہد میں تاریکی کی قوتوں کو شکست دے سکیں''۔ اس عزم کی عکاسی چیف آف اسٹاف جنرل رونالڈ فوگل مین نے ۱۹۹۶ء میں ایئر فورس اسٹریٹیجک پلاننگ کی صراحت کرتے ہوئے کی تھی، ''ہمارا ہدف، تلاش کرنا، سخت نگرانی کرنا، تعاقب کرنا اور زمین پر حرکت کرنے والی ہر شے کو نشانے کی زد پر رکھنا ہے''۔انھوں نے مزید انکشاف کیا، ''اب ہم یہ کام انجام دے سکتے ہیں، لیکن بروقت نہیں'' (وقوعہ کے وقت نہیں)۔(ہیری ٹیج فاؤنڈیشن، واشنگٹن، ڈی سی۔میں ۱۳/دسمبر ۱۹۹۶ء میں خطاب)۔

اکیسویں صدی: امریکی صدی

بیسویں صدی جب اختتام پر پہنچ رہی تھی تو امریکی رہنماؤں کی روایتی خواہش تھی کہ اسے ''امریکی صدی'' سے تعبیر کریں اور اس عزم کا اظہار کریں کہ تیسرے ہزارے کی اولین صدی کو ''دوسری امریکی صدی'' بنایا جائے گا۔اس نوع کے تشدد کے زیر اثر فتح مندی کی روایات کے درمیان ہلاکت گریز ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے بارے میں سوچنا ناقابل تصور ہے۔قتل عام اور قتل عام کی دھمکی کے ذریعے قومی آزادی کی بناء ڈالی گئی، غلامی کا خاتمہ کیا گیا، نازی ازم اور فاشزم کو شکست دی گئی، عالمگیر تباہی کا خاتمہ کیا گیا، ایٹم بم کا شکار ہونے والے جاپان میں زندگیاں بچائی گئیں، عالمی سطح پر کمیونسٹوں کی توسیع پسندی کو روکا گیا، سوویت ایمپائر کے انہدام کے اسباب پیدا کیے گئے اور اب وہ اس دعوے پر پورا اترتا نظر آتا ہے کہ اکیسویں صدی کے پورے عرصے کے دوران وہ جمہوری آزادی اور سرمایہ دارانہ معیشتوں کے نفوذ کے لیے رہنما قوت بن جائے گا۔

ایسے امریکیوں کے لیے جو سینئر پروفیسر ہوں یا علم سیاسیات کے مبتدی طلباء، اس بات کو ماننے کے لیے نہ فلسفے کی ضرورت ہے اور نہ قومی سیاسی روایت کی کہ ایک ہلاکت گریز سماج کا قیام ناممکن ہے۔روزمرہ زندگی میں ہونے والے قتال اس بات کی تصدیق کردیتے ہیں۔

امریکہ میں اندرونی ہلاکتوں کی تعداد کا موزانہ

اپنے ہم وطنوں کے ہاتھوں ہر سال ۱۵ ہزار سے زائد امریکی ہلاک کردیے جاتے ہیں (۱۹۹۹ء میں ۱۵۵۳۳، فی ایک لاکھ پر ۵٫۷ افراد، ۱۹۰۰ء میں یہ شرح ۲ تھی)۔قتل کی جن وارداتوں کا اندراج کیا جاتا ہے، ان میں پولیس یا شہریوں کی جانب سے کیے جانے والے ''جائز قتل'' کو شامل نہیں کیا جاتا (۱۹۹۹ء میں ان کی تعداد

۱۲۹۴ اور ۱۸۸ تھی) دوسری عالمی جنگ کے بعد سے قتل ہونے والوں کی تعداد (اندازے کے مطابق لگ بھگ ۷۵۰۰۰۰ قوم کی تمام اہم جنگوں کے دوران ہونے والی ہلاکتوں (۶۵۰۰۵۳) سے آگے نکل گئی تھی۔ ''اشتعال سے بھرپور حملے'' (۱۹۹۹ء میں ۹۱۶۳۸۳، ۱ء۳۳۶ فی ایک لاکھ)، ایسے ہتھیاروں کے ساتھ حملے جو ہلاک کرنے یا مہلک زخم پہنچانے کی صلاحیت رکھتے ہوں، (فیڈرل بیورو آف انویسٹی گیشن ۲۰۰۰ء: ۱۳، ۲۳، ۳۲)۔ امریکی سول سوسائٹی میں قتل کے مقابلے میں خودکشیوں کی تعداد زیادہ ہوتی ہے (۱۹۹۵ء میں ۳۱۲۸۴؛ ۹ء۱۱ فی ایک لاکھ)۔ اقدام خودکشی کی تعداد ۲۵ گنا زیادہ ہے۔ اندازوں کے مطابق سالانہ ۱۰ لاکھ سے زیادہ اسقاط کرائے جاتے ہیں۔

امریکی شہریوں کے قتل کے طریقے

امریکی قتل کرنے کے یہ طریقے استعمال کرتے ہیں: شدت سے ضرب لگانا، سر قلم کرنا، بم سے اڑانا، آگ میں جلانا، غرقاب کرنا، پھانسی پر لٹکانا، دھکا دینا، اور زہر دینا، خنجر کے وار کرنا، گلا گھونٹنا، گلے میں پھندا ڈالنا اور زیادہ تر گولی مار دینا (۱۹۹۹ء میں ۶۴ء۵ فیصد)۔ قتل کی نوعیت پہلے سے منصوبہ بندی، فوری اشتعال، پیشہ ورانہ اور حادثاتی واقعہ کچھ بھی ہوسکتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ازدواجی زیادتی، بچوں سے بدفعلی، بڑوں سے زیادتی، لفظی تکرار، شرابیوں کا فساد، منشیات کی تجارت میں دھوکہ بازی، سماج دشمن گروہوں کے جھگڑے، قمار بازی، رقابت، اغوا، جسم فروشی، زنا بالجبر، ڈاکہ زنی، جرم کی پردہ پوشی اور ''آسمانی'' یا ''شیطانی'' فرمان کے تحت ہونے والے قتل بھی شامل ہیں۔ حقیقی طور پر کوئی جگہ محفوظ نہیں ہے: گھر، اسکول، گلیاں، شاہراہیں، کام اور عبادت کی جگہیں، جیل خانے، پارک، قصبے، شہر، ویرانے اور قومی حکومت کی مرکزی عمارت۔ موت کا نشانہ بننے والوں کی انفرادی طور پر یکے بعد دیگرے اجتماعی طور پر اور بے وجہ قتل کر دیا جاتا ہے، زیادہ تر مرد (۱۹۹۹ء میں ۷۶ فیصد)۔ لیکن ۸۵۔۱۹۷۶ء کے دوران ازدواجی قتل کے واقعات میں بیویوں کی تعداد (۹۴۸۰) کے مقابلے میں شوہروں کی تعداد کم تھی (۷۱۱۵) (مری اور سالٹزمان ۱۹۸۹ء)۔

امریکہ: خوف زدہ انسانوں کی سرزمین

قاتلوں میں تنہا افراد، جوڑے، گروہ، فرقہ پرست، جرائم پیشہ گروہوں کی انجمنیں، دہشت گرد اور جب قانون کا نفاذ کر رہے ہوں تو اس کام میں ریاست کے ملازم بھی شامل ہوتے ہیں۔ مشہور قاتلوں میں غالب اکثریت مردوں کی ہے (۱۹۹۹ء میں ۱۰۴۶ خواتین کے مقابلے میں ۹۱۴۰ مرد)، اور ان میں نوجوانوں کی تعداد بڑھ رہی ہے۔ ۱۹۸۰ء میں لگائے جانے والے تخمینے کے مطابق ''ایک امریکی کی زندگی میں ایک موقع ایسا ہوتا ہے کہ وہ قتل کا شکار ہو جائے، یہ تناسب سفید فاموں میں ۲۴۰ میں سے ایک اور سیاہ فاموں اور دیگر اقلیتوں میں ۴۷ میں سے ایک ہے'' (روزن برگ اینڈ مری ۱۹۸۶ء، ۳۷۶)۔ ۲۷ر جنوری ۱۹۹۸ء کو صدر کلنٹن کے یونین ایڈریس کے جواب میں سینیٹ میں ری پبلکن اکثریتی رہنما ٹرنٹ لاٹ نے قومی ٹیلی ویژن پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا

''تشدد پر مبنی جرائم ہمارے ملک کو آزاد انسانوں کی سرزمین کے بجائے خوفزدہ انسانوں کی سرزمین بنا رہے ہیں''۔

امریکی عوام: دہشت گردی کا عجیب مزاج

نیوز میڈیا روزانہ امریکی ہلاکت آفرینی کی تصدیق کرتا ہے۔ایک بیٹی اپنی ماں کا سر قلم کر کے پولیس اسٹیشن تک جاتی ہے اور اسے فٹ پاتھ پر پھینک دیتی ہے۔ایک ماں اپنے دو بیٹوں کو غرقاب کر دیتی ہے، دو بیٹے اپنے والدین کو قتل کر دیتے ہیں۔ایک سیریل کلر طوائفوں کو اپنا نشانہ بناتا ہے، ایک ہم جنس پرست بدکاری کی ترغیب دیتا ہے، اپنے نوجوان شکار کے اعضا کی قطع برید کرتا ہے، ان کے بدن کے ٹکڑے ریفریجریٹر میں محفوظ کر لیتا ہے اور پھر اس گوشت کو کھاتا ہے۔چھپ کر گولی چلانے والا ایک شخص یونیورسٹی میں پندرہ افراد کو قتل کر دیتا ہے۔ایک دیہی مڈل اسکول میں رائفلوں سے مسلح دو لڑکے اپنی چار ہم جماعت لڑکیوں اور ایک ٹیچر کو ہلاک، ایک دوسرے ٹیچر اور نو مزید ہم جماعتوں کو زخمی کر دیتے ہیں۔کولمبائن ہائی اسکول، لٹل ٹن، کولوراڈو میں بھاری ہتھیاروں سے مسلح لڑکوں نے ۱۳ ہم جماعتوں کو ہلاک اور ۲۸ کو زخمی کیا، اور پھر خودکشی کر لی۔۹۹-۱۹۹۶ء کے دوران ۱۱ سے ۱۸ کی عمر کے اسکول کے طلباء نے ۲۷ ساتھیوں، طلباء، دو ٹیچروں، تین والدین کو ہلاک کیا اور ۶۵ دیگر کو زخمی کیا۔خودکار ہتھیار سے ایک شخص شہری اسکول کے بچوں کا ان کے کھیل کے میدان میں قتل عام کر دیتا ہے۔ ویتنام جنگ میں حصہ لینے والا ایک شخص فاسٹ فوڈ فیملی ریسٹورنٹ میں موجود گاہکوں پر مشین گن سے حملہ کر کے ۲۰ کو ہلاک اور ۱۳ کو زخمی کر دیتا ہے۔اس کے علاوہ دو بدو فوجی لڑائی کا ماہر ایک دوسرا شخص چرچ میں گھس کر عبادت میں مصروف لوگوں کا قتل عام کرتا ہے، ساتھ ہی بلند آواز میں کہتا جاتا ہے ''میں اس سے پیشتر ایک ہزار قتل کر چکا ہوں اور ایک ہزار مزید کروں گا۔''

امریکی شہری: بیس کروڑ بندوقیں سات کروڑ رائفلیں، اسی لاکھ دور مار گنیں

ہابس کی خوفزدہ کرنے والی غارت گری کے خلاف شہریوں کی صف آرائی اور ویبر کے نظریات پر مبنی ریاست کے بارے میں لاک جیسی بے اعتمادی میں مبتلا مسلح افراد کے پاس لگ بھگ بیس کروڑ بندوقیں .....کم از کم سات کروڑ رائفلیں، ساڑھے چھ کروڑ ہینڈ گنیں، چار کروڑ نوے لاکھ شاٹ گنیں اور اسی لاکھ دیگر دور مار گنیں موجود ہیں (کک اینڈ لڈوگ ۱۹۹۷ء) ہتھیاروں کی تجارت.....ان کے کارخانے، ان کی فروخت، درآمد اور برآمد..... ہزارہا قانونی اور غیر قانونی ڈیلروں کا بہت بڑا کاروبار ہے۔چار کروڑ چالیس لاکھ بالغ امریکی شہری آتشیں اسلحے کے مالک ہیں، ایک تخمینے کے مطابق یہ اسلحہ کم از کم ایک تہائی امریکی خاندانوں میں موجود ہے۔ بیشتر بچے ان کو تلاش کر لینے کی اہلیت رکھتے ہیں جب کہ والدین کے خیال میں وہ ایسا نہیں کر سکتے۔

امریکی بچے: ڈیڑھ لاکھ پستولیں اسکول لے جاتے ہیں:

قوم کی خاتونِ اول، ہیلری کلنٹن، چلڈرنز ڈیفنس فنڈ کے تخمینوں پر مبنی حقائق بیان کرتی ہیں کہ روزانہ

ایک لاکھ پینتیس ہزار بچے پستول اور دیگر ہتھیار اسکول لے کر جاتے ہیں (۲۲ فروری ۱۹۹۶ء کو ناشوا، نیو ہیمپر شائر میں خطاب)۔ کہا جاتا ہے کہ شہری اپنی حفاظت، شکار، تفریح اور حکومتی جبر کے خلاف مزاحمت کے لیے اسلحہ رکھنے کے حق کا دعویٰ کرتے ہیں جو ریاست ہائے متحدہ امریکا کے آئین میں ۱۷۹۱ء کی دوسری ترمیم کے ذریعے ناقابلِ تقسیم حق کے طور پر ودیعت کیا گیا ہے "ایک آزاد ریاست کی سلامتی کے لیے ایک بہترین منظم ملیشیا کا ہونا ضروری ہے چنانچہ عوام کا اسلحہ خریدنے اور اس کے استعمال کا حق فسخ نہیں کیا جا سکتا"۔

امریکہ: سزائے موت کے نفاذ کا مطالبہ:

ریاستی یونٹوں اور ریاست ہائے متحدہ کی وفاقی مسلح افواج کے ذریعے بہ وقتِ ضرورت قوت بہم پہنچائی جاتی ہے۔ مختلف جرائم میں دس لاکھ اسی ہزار سے زیادہ سزا یافتہ قیدی ہیں، ان میں ۱۹۹۹ء میں سزائے موت کے منتظر ۳۵۲۷ مجرم بھی شامل ہیں (بیورو آف جسٹس ۲۰۰۰بی: ۱۲۰۰۰اے)۔ وفاقی جرائم کے لیے ۵۰ ریاستوں میں سے ۳۸ میں سزائے موت بدستور نافذ ہے۔ ۱۹۷۷ء تا ۱۹۹۹ء کے دوران مجموعی طور پر ۵۹۸ لوگوں کو موت کی سزا دی گئی۔ بیسویں صدی کے خاتمے پر بڑھتے ہوئے جرائم کے خوف اور بظاہر بے لگام تشدد کے درمیان ایسی تشویش ناک آوازیں بلند ہو رہی ہیں کہ سزائے موت میں توسیع یا اس کا دوبارہ نفاذ کیا جائے، سڑکوں پر مزید پولیس والوں کو تعینات کیا جائے، زیادہ لمبی مدت کی سزائے قید نافذ کی جائے اور مزید جیل خانے تعمیر کیے جائیں۔

تشدد کی تربیت:

وڈیو اور کمپیوٹر گیمز تشدد کے اصل مراکز

امریکہ میں تشدد کی تربیت سماجی طور پر حاصل ہوتی ہے اور ثقافتی طور پر اس کو کمک پہنچتی ہے۔ رسمی اور غیر رسمی طور پر، قانونی اور غیر قانونی طور پر لوگوں کو سکھایا جاتا ہے کہ قتل کس طرح کیا جائے۔ دو کروڑ بیس لاکھ سے زیادہ سابق فوجی ہلاکت آفرینی کے لیے پیشہ ورانہ تربیت حاصل کرنے والے گریجویٹ کہے جا سکتے ہیں۔ (۲۴۸۰۰۰۰۰، ۱۹۹۹ء میں) تقریباً ۴ بالغ مردوں میں ایک سابق فوجی ہے۔ بہت سے جونیئر ہائی اسکولوں، ہائی اسکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں ابتدائی فوجی تربیت فراہم کی جاتی ہے۔ کاروباری حلقے خود حفاظتی میں قتل کرنے کی تعلیم دیتے ہیں۔ نجی ملیشیاؤں کو دو بدو لڑائی کی تربیت دی جاتی ہے سڑکوں پر پھرنے والے غنڈوں کے گروہ قتل کرنے کے لیے معاشرتی میلان پیدا کرتے ہیں، جیل خانے غارت گری کے کالجوں کے طور پر خدمات ادا کرتے ہیں۔ کرائے کے فوجیوں کے میگزین لڑائی کے فنی پہلو سکھاتے ہیں، ہتھیار فروخت کرتے ہیں اور کرائے پر دستیاب قاتلوں کے بارے میں اشتہارات شائع کرتے ہیں۔ وڈیو اور کمپیوٹر گیمز، نوجوان کھلاڑیوں کو سڑکوں کی لڑائی سے لے کر زمینی، ہوائی، بحری اور خلائی جنگ میں قتل کرنے کی نقالی کرنے میں مصروف رکھتے ہیں، جس میں

وسیع پیمانے پر ہلاکت آفریں فنی پہلوؤں کا استعمال کیا جاتا ہے۔ "virtual reality" کا کاروبار کرنے والے، ''ایڈرینالائن کی سطح بڑھانے''، قتل کرو یا قتل ہو جاؤ پر مبنی تفریحی تجربات کی تجارت کرتے ہیں۔ایک وقت کالج کیمپسوں میں یہ رو چلتی ہے کہ ساتھی طلباء کو ''قتل کرنے'' کا کھیل کھیلا جائے۔حقیقی اور نقلی قتل، بچپن میں کھلونا ہتھیاروں سے کھیلنے کی فطری توسیع معلوم ہوتے ہیں۔

امریکی کارٹون فلم ٹی وی پروگرام: ہلاکت آفرینی کے ادارے

ہلاکت آفرینی کے لیے نیا بچی تربیت اور انسانی زندگی کی اقتدار سے بے حسی مواصلاتی ذرائع سے فراہم کی جاتی ہیں۔کارٹون، فلموں، ٹیلی ویژن اور ریڈیو پروگراموں، گیت، کتابوں اور تجارتی اشتہارات کے خالق استاد ہیں۔بچپن سے بلوغت تک کے عرصے میں ذہن پر تشدد کی ہزارہا شمعیں اپنا عکس چھوڑ چکی ہیں، ڈرامائی انداز میں یہ بتایا جاتا ہے کہ ہیرو اور ولن کے ذریعہ لوگوں، جائیدادوں، حیوانوں اور فطرت کو کس کس طرح تباہ کیا جاسکتا ہے۔آہستہ آہستہ کشت وخون اور بربریت کی تصویریں، تیزی سے جنسی مناظر سے متعلق ہو جاتی ہیں۔خاص طور سے پر تشدد فلموں کے اشتہارات میں جن کے پس پشت ہلاکت آفرینی کے لیے تحت الشعوری رغبت پیدا کی جاتی ہے۔

پیشہ ور محبِّ وطن قاتلوں کی ضرورت ہے:

فوجی بھرتی کے اشتہارات کا حاصل کیا ہے؟

تاریخ میں کسی قوم کے ذہنوں پر اتنی زیادہ ہلاکت خیز تصویروں کے نقش ثبت نہیں ہوئے ہوں گے۔ کمانڈوز اور قاتلوں کی تربیت کرتے ہوئے قتل کرنے میں جھجک پر قابو پانے کے لیے ایک آزمودہ فوجی تکنیک ان جبری طور پر گھناؤنے مظالم کی فلمیں دیکھنے پر مجبور کرنا ہے.....سر کو شکنجے میں جکڑ کر آنکھوں کو بند ہونے سے روکے رکھنا (وائسن ۱۹۷۸ء: ۵۱۔۲۴۸)..... یہ ایسا ہی ہے جیسے پوری قوم کو زندگی کے احترام سے عاری کیا جارہا ہے تاکہ وہ قتل کو غیر جذباتی طور پر قبول کرلے۔جج حضرات کا کہنا ہے کہ نابالغ قاتلوں میں بتدریج انسانی زندگی کے لیے احترام ختم ہوتا جارہا ہے۔یہ سب کچھ سول سوسائٹی کے لیے کتنا ہی نقصان دہ ہو لیکن پر تشدد ذرائع ابلاغ کا پھیلاؤ ایک ایسی ریاست کے لیے فائدہ مند ہے جسے پیشہ ور محبِّ وطن قاتلوں کی ضرورت ہے۔فوجی بھرتی کے دس لاکھ ڈالر کے ایک اشتہار میں اس کا نمونہ پیش کیا جاتا ہے اور اسے سپر باؤل امریکی فٹ بال کے کھیل کی براہ راست ٹیلی ویژن نشریات پر دکھایا جاتا ہے۔کروڑوں ناظرین دیکھتے ہیں کہ ایک ویڈیو گیم میں سے شمشیر برہنہ لہراتا ہوا ازمنۂ وسطیٰ کا ایک سورما چشم زدن میں تلوار کی نوک سے سلامی پیش کرتا ہوا ریاست ہائے متحدہ کا آج ایک میرین افسر بن جاتا ہے۔

امریکہ: روزمرہ کی گفتگو میں تشدد کے عناصر

زبان، ہلاکت آفرینی کو راسخ کرتی ہے اور اسے تقویت پہنچاتی ہے اور ایسا وہ فطری پن اور

"WERE THE PERPETRATORS OF GENOCIDE 'ORDINARY MEN' OR 'REAL NAZIS'? RESULTS FROM FIFTEEN HUNDRED BIOGRAPHIES." Holocaust and Genocide Studies, Vol. 14

H.H.SPRY "Some Account of the Gangmurders of Central India. Commonly Called the Thugs. Accompanying the Skulls of Seven of Them" The Phrenological Journal and Miscellany, VIII, Dec.1832 -June 1834

J.A.R.STEVENSON. "Some Account of the P'hansigars or Gang-Robbers and of the Shudgarshids, or Tribes of Jugglers." Journal of the Royal Asiatic Society of Great Britain and Ireland, I. (1834),

REPORTS AND DOCUMENTS

AMNESTY INTERNATIONAL. 2000. The Death Penalty, ACT 50/05/00. April 2000.

BUREAU OF JUSTICE. 2000a. Capital Punishment 1999. Washington: U.S. Department of Justice.

____ 2000b. Prison and Jail Inmates at Midyear 1999. Washington, D.C.: U.S. Department of Justice.

CAMPBELL, DONALD T. and FISKE, DONALD W. 1959. Convergent and discriminant validation by the multitraitmultimethod matrix. Psychological Bulletin 56 (2): 81- 105.

THE DEFENSE MONITOR 1972-. Washington, D.C.: Center for Defense Information.

FEDERAL BUREAU OF INVESTIGATION, U.S. DEPARTMENT OF JUSTICE. 2000. Crime in the United States 1999. Washington, D.C.: Federal Bureau of Investigation.

HOREMAN, BART and STOLWIJK, MARC. 1998. Refusing to Bear Arms: A World Survey of Conscription and Consci-entious Objection to Military Service. London: War Resisters International.

HAMID MIR 20,JUN 2005."Pirwala se America tek" Daily Jang,Karachi.Editotial page

HUMAN COST IN SECOND WORLD WAR, 7, JUN 2005.Guardin News service, Daily Dawn, Karachi.p.14

PLANNING PROJECT, Matsunaga Institute for Peace, University of Hawai'i. Available at www.globalnonviolence.org

SANTIAGO, ANGELA S. 1995. Chronology of a Revolution 1986. Manila: Found@9P for Worldwide People Power.

UNITED NATIONS. 1978. Final Document of Assembly Session on Disarmament 23 May-1 July 1978. S-10/2. New York: Office of Public Information.

WORLD BANK. 1997. World Development Report 1997: The State in a Changing World. Oxford: Oxford University Press.

WORLD WILDLIFE FUND. 1986. The Assisi Declarations: Messages on Man and Nature From Buddhism, Christianity,Hinduism, Jainism & Judaism. Gland, Switzerland: WWF International.

THE AMERICAN CRIME OF GENOCIDE IN SOUTH VIET NAM. 1967.South Viet Nam: Giai Phong Publishing House,

BRONKHURST, DAAN. "Extrajudicial Executions, International Alerts and Campaigning." In TOWARD THE UNDERSTANDING AND PREVENTION OF GENOCIDE: PROCEEDINGS OF THE INTERNATIONAL CONFERENCE ON THE HOLOCAUST AND GENOCIDE, [edited] by Israel W. Charny. Boulder: Westview Press

CHALK, FRANK AND KURT JONASSOHN 1988,. "The history and sociology of genocidal killings." In GENOCIDE: A CRITICAL

BIBLIOGRAPHIC REVIEW, [edited] by Israel W. Charny, New York: Facts on File, Inc.

THE HISTORY AND SOCIOLOGY OF GENOCIDE: ANALYSIS AND CASE STUDIES. New Haven: Yale University Press, 1990.

"The study of genocide." In GENOCIDE: A CRITICAL BIBLIOGRAPHIC REVIEW, [edited] by Israel W. Charny. New York: Facts on File Publications,1988

DARSA, Jan 1991. "Educating about the Holocaust: a case study in the teaching of genocide." In GENOCIDE: A CRITICAL BIBLIOGRAPHIC REVIEW: VOL. 2, [Edited] by Israel W. Charny. London: Mansell.

DEKMEJIAN, R. HRAIR 1986. "Determinants of Genocide: Armenians and Jews as Case Studies." In THE ARMENIAN GENOCIDE IN PERSPECTIVE, [edited] by Richard G. Hovannisian. New Brunswick, New Jersey: Transaction Books.

DOBKIN, MARJORIE HOUSEPIAN 1986,. "What genocide? What Holocaust? News from Turkey, 1915-1923: a case study." In THE ARMENIAN GENOCIDE IN PERSPECTIVE, [edited] by Richard G. Hovannisian. New Brunswick, New Jersey: Transaction Books,

ACCOUNTING FOR GENOCIDE: NATIONAL RESPONSES AND JEWISH VICTIMIZATION DURING THE HOLOCAUST. New York: The Free Press, 1979.

"Scenarios of Genocide: Models of Genocide and Critical Responses." In TOWARD THE UNDERSTANDING AND PREVENTION OF GENOCIDE: PROCEEDINGS OF THE INTERNATIONAL CONFERENCE ON THE HOLOCAUST AND GENOCIDE, [edited] by Israel W. Charny. Boulder: Westview Press, 1984

"LIVES AT RISK: A STUDY OF VIOLATIONS OF LIFE-INTEGRITY IN 50 STATES IN 1987 BASED ON THE AMNESTY INTERNATIONAL 1988 REPORT." Paper. New York: The Institute for the Study of Genocide, John Jay College of Criminal Justice (CUNY), March, 1990

THE CASE FOR A FORGOTTEN GENOCIDE. Westwood, by Dickran H. Boyajian. New Jersey: Educational Book Crafters, 1972

Housepian-Dobkin, Marjorie. "What Genocide? What Holocaust? News from Turkey, 1915-23: a case study." In TOWARD THE UNDERSTANDING AND PREVENTION OF GENOCIDE: PROCEEDINGS OF THE INTERNATIONAL CONFERENCE ON THE HOLOCAUST AND

GENOCIDE 1984, [edited] by Israel W. Charny. Boulder: Westview Press.
"Genocide and Denial: The Armenian Case." In TOWARD THE UNDERSTANDING AND PREVENTION OF GENOCIDE: PROCEEDINGS OF THE INTERNATIONAL CONFERENCE ON THE HOLOCAUST AND GENOCIDE, [edited by] Israel W. Charny. Boulder: Westview Press, 1984
INVESTIGATIONS INTO CERTAIN PAST INSTANCES OF GENOCIDE AND EXPLORATION OF POLICY OPTIONS FOR THE FUTURE. U.S. House of Representatives, Hearings, Committee on International Relations. Ninety-Fourth Congress, Second Session, May 11; August 30, 1976.
_____. "Reflections on the prevention of genocide." In GENOCIDE WATCH 1992, [edited] by Helen Fein. New Haven: Yale University Press,
Libaridian, Gerard J 1987. "The ultimate repression: the genocide of the Armenians, 1915-1917." In GENOCIDE AND THE MODERN AGE: ETIOLOGY AND CASE STUDIES OF MASS DEATH, [edited] by Isidor Wallimann and Michael N. Dobkowski. New York: Greenwood Press
_____1972. "Genocide: full report." In BANGLADESH GENOCIDE AND WORLD PRESS, edited by Fazlul Quader Quaderi. Dacca, Bangladesh: Begum Dilafroz Quaderi.
LETHAL POLITICS: SOVIET GENOCIDE AND MASS MURDER SINCE 1917. 1990 New Brunswick, New Jersey: Transaction Publishers.
Wallimann, Isidor and Michael N. Dobkowski (Eds.) 1987. GENOCIDE AND THE MODERN AGE: ETIOLOGY AND CASE STUDIES OF MASS DEATH. New York: Greenwood Press.
"THE GENOCIDE OF THE ARMENIANS AND THE SILENCE OF THE TURKS," in Proceedings of the International Conference on "Problem of Genocide." Cambridge, Mass.: Zoryan Institute.
THE HIDDEN GENOCIDE IN BOSNIA-HERZOGOVINA AND CROATTIA. Minneapolis: University of Minnesota Press.
THE BUSINESS OF GENOCIDE: THE SS, SLAVE LABOR, AND THE CONCENTRATION CAMPS CHAPEL HILL: University of North Carolina Press.
THE SLAUGHTERHOUSE PROVINCE: AN AMERICAN DIPLOMAT'S REPORT ON THE ARMENIAN GENOCIDE, 1915-1917. New Rochelle, N.Y.: Caratzas.
"The Armenian Genocide: GOVERNING MYTHS REVISITED." Paper presented at the European University Institute, Robert Schuman Centre for

Advanced Studies, Second Mediterranean Social and Political Research Meeting, Florence, March 21-25.

Eberhard Count Wolffskeel Von Reichenberg, Zeitoun, Mousa Dagh, Ourfa: LETTERS ON THE ARMENIAN GENOCIDE. Princeton, N.J.: Gomidas Institute.

"ENVER PASHA AND POL POT 1997: A Comparison of the Armenian and Cambodian Genocide," in Proceedings of the International Conference on "Problems of Genocide." Cambridge, Mass.: Zoryan Institute.

"THE ETHNIC ELEMENT IN THE CAMBODIAN GENOCIDE 2001," in Chirot and Seligman (eds), Ethnopolitical Warfare.

RAMBLES AND RECOLLECTIONS OF AN INDIAN OFFICIAL LONDON.1844. 1915. Revised and annotaled edition by V A Smith London Reprinted in Karachi. 1975. Reprinted by Asian Educational Services. New Delhi 1995.

WILLIAM HENRY SLEEMAN (1788-1856). 1849. Report on Budhak alias Bagree Decoits and Other Gang Robbers by Hereditary Profession. Calcutta

WILLIAM HENRY SLEEMAN (1788-1856) Report on the Depredations Committed by the Thug Gangs of Upper and Central India, from the Cold Season of 1836-37. down to their Gradual Suppression under the Operation of the Measures Adopted against Them by the Supreme Government In the Year 1839. Calcutta. 1840

WILLIAM HENRY SLEEMAN (1788-1856) 1839. Report on the System of Megpunnaism, or the Murder of Indigent Parents for their Young Children (who Are Sold as Slaves) as It Prevails in the Delhie Territories and the Native States of Rajpootana, Ulwar and Bhurtpore. Serampore Press. Serampore. (Sleeman coined a word to describe what he claimed was a new type of thuggee. Megpunnaism, the murder of parents to sell their children as slaves)

Conscientious objectors in Lenin's Russia: A report, 1924. Pp. 81-93 in Studies in Peace History. ____ 1992. A Brief History of Pacifism: From Jesus to Tolstoy. Syracuse, N.Y.: Syracuse University Press.

ضمیمہ

لیکن چار سو سال پہلے براعظم امریکہ میں یورپی آبادکاروں نے اس براعظم کے اصل باشندوں سرخ ہندیوں کا قتل عام شروع کیا تو کسی قاعدے، قانون، اخلاق، اصول روایت کا خیال نہیں رکھا گیا۔ صرف ایک قاعدہ تھا جس کی پیروی کی جاتی تھی کہ سرخ ہندیوں کو Exterminate or Banish کر دیا جائے۔ خون کے دریا بہا کر سونے کے دریا پیدا کیے گئے اس عہد کی المناک داستانوں کو تاریخ نگاروں نے محفوظ نہ رکھا کیوں کہ اس عہد کے تاریخ نگار، روشن خیال، مہذب و متمدن انسان سب اس بربریت اور لوٹ مار کو جائز سمجھتے تھے اور اس پر انھیں کوئی تاسف نہ تھا۔ ان مظالم پر نہ آسمان رویا نہ زمین کی آنکھ نم ہوئی نہ کسی کا سینہ شفق ہوا، نہ کسی کا رنگ فق نہ کوئی چہرہ زرد ہوا، تاریخ کا یہ المناک خونی باب اب رفتہ رفتہ روشنی میں آرہا ہے۔ قتال و جدال کی یہ کیفیت غیظ و غضب کی آخری حدود کو چھو چکی تھی، سرخ ہندی عورتوں بچوں کے لیے بھی ان مہذب متمدن تعلیم یافتہ دنیا کی اعلیٰ ترین گوری نسل کے دلوں میں ہمدردی اور محبت کا ایک شمہ بھی نہ تھا۔ سرخ ہندیوں کے وحشیانہ قتل عام کی عبرتناک داستانیں جو تین سو سال تک پوشیدہ رکھی گئی ہیں۔ اب رفتہ رفتہ منظر عام پر لائی جا رہی ہیں لیکن کئی چھلنیوں سے چھان کر اس کی تفصیلات Nash, Stannard, Sheehan, Wallace, Hoxie, La Perousse, Paddison, Nichols, Phillips, Hurtado, Heizer, Brown, Churchill, Cocker, Prucha, Madsen, Rommail, Micheal Man, Glain D. Page نے نہایت تفصیل سے اپنی کتابوں میں بیان کی ہیں اس موضوع پر درج ذیل کتابوں کا مطالعہ دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔

1. Nash, G. 1992. Red, White and Black: The Peoples of Early North America, 3rd ed. Englewood Cliffs, N.J.: Prentice Hall.
2. Stannard, D. 1992. American Holocaust: The Conquest of the New World. New York: Oxford University Press.

3. Sheehan, B. 1973. Seeds of Extinction: Jeffersonian Philanthropy and the American Indian. Chapel Hill: University of North Carolina Press.

4. Wallace, A. 1999. Jefferson and the Indians: The Tragic Fate of the First Americans. Cambridge, Mass.: Belknap Press.

5. Hoxie, F. 1984. A Final Promise: The Campaign to Assimilate the Indians, 1880-1920. Lincoln: University of Nebraska Press.

6. La Perousse, J.-F. 1989. Monterey in 1786: Life in a California Mission: The Journals of Jean Francois de la Perousse, ed. M. Margolin. Berkeley: Heyday Books.

7. Paddison, J. 1999. A World Transformed: Firsthand Accounts of California Before the Gold Rush. Berkeley, Calif.: Heyday Books.

8. Nichols, D. 1978. Lincoln and the Indians: Civil War Policy and Politics. Columbia: University of Missouri Press.

9. Phillips, G. 1975. Chiefs and Challengers: Indian Resistance and Cooperation in Southern California. Berkeley & Los Angeles: University of California Press.

10. Hurtado, A. 1988. Indian Survival on the California Frontier. New Haven, Conn.: Yale University Press.

11. Heizer, R. 1993. The Destruction of California Indians. A Collection of Documents. Lincoln: University of Nebraska Press.

12. Brown, D. 1970. Bury My Heart at Wounded Knee: An Indian History of the American West. London: Barrie & Jenkins.

13. Churchill, Ward. 1997. A Little Matter of Genocide: Holocaust and Denial in the Americas, 1492 to the Present. San Francisco: City Light Books.

14. Cocker, M. 1998. Rivers of Blood, Rivers of Gold. London: Jonathan

Cape.

15. Prucha, F. 1994. "Andrew Jackson's Indian Policy: A Reassessment," in Hurtado & Iverson (eds.), Major Problems in American Indian History.

16. Madsen, B. 1994. "Mormons, Forty-Niners, and the Invasion of Shoshone Country," in Hurtado & Iverson (eds.), Major Problems in American Indian History.

17. J. M. Gran The origions of war 2 vols Groningen: Origin Press 1995.

18. Glen D Paige Nonkilling Global Political Science Philadelphia: X Libris Corporation 2002.

19. Allen D. Grimshaw "Encyclopedia of violence, peace conflict 3 volumes N. Y. Academic Press 1999.

20 Chles W. Kegley and Wiltt Kopfe World politics: Trend & Transformation 6th London Macmillan Press LTD 2000.

21. JACK Porter Genocide and Human rights: A Global Anthology Lanham, Maryland, University Press of America 1982.

22. Chalk F. & K. J. The History and Sociology of Genocide, New Haven 1990.

23. Chany I. W. [Ede] Encyclopedia of Genocide Vol. 1 - 2 Santa Barbara California 1999.

24. Horowitz, I.L Taking lives: Genocide and State Power New Brunswick, New Jersy 1997.

25. Kupuer, L. Genocide, Its political use in the Twentieth Century New Haven 1981

اختلاف امت کیسے ختم ہو اتحاد کیسے ممکن ہو؟

مرتبہ: سید خالد جامعی / عمر حمید ہاشمی

جریدہ کی نظر میں اس امت کے تمام مسلمہ مکاتب فکر اپنے اپنے دائرے میں نہایت قابل قدر کام انجام دے رہے ہیں مختلف دینی، علمی اور سیاسی اسلامی تحریکیں بھی کسی نہ کسی سمت میں نہایت عظیم الشان خدمات میں مصروف ہیں لہٰذا کسی کے کام کو کسی دوسرے کے کام پر ترجیح دینے کی کوئی ضرورت نہیں بلکہ ان تمام مسالک، مکاتب فکر اور دینی علمی تحریکوں کے کام میں مطابقت پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ اس امت کو تفریق کی نہیں تطبیق کی ضرورت ہے۔ تمام مسلمہ مکاتب فکر جن کا منہاج و ماخذ علم ایک ہے وہ تمام ایک ہی کل کے مختلف جزو ہیں یہ تمام مکاتب فکر حق پر ہیں، آپ کسی کو کسی پر ترجیح دے سکتے ہیں لیکن ترجیح کا مطلب یہ نہیں ہے کہ حق صرف انہی کے پاس ہے۔ ان کے وجود سے ہی اس امت کی نمود ہے۔

علم فقہ میں صحابہ کرام کا حصہ: نقطۂ نظر کا اختلاف

صحابہ میں علم فقہ کے امام صرف چھ حضرات ہیں[1]، **ستة من اصحاب النبیؐ یتذکرون الفقه بینهم علی بن ابی طالب و ابی وابو موسی علحدة و عمر وزید و ابن مسعود علیحدة**___ ایک طرف حضرت علیؓ ابن طالب اور ابیؓ اور حضرت ابوموسیٰ تھے، دوسری طرف حضرت عمرؓ اور حضرت زیدؓ اور حضرت ابن مسعودؓ تھے۔ یہ لوگ مسائل فقہیہ پر بحث و تمحیص اور مذاکرہ کیا کرتے تھے [کتاب الآثار امام محمد] **ولم یکن یفتی فی زمن النبیؐ غیر علی و عمر و معاذ وابی موسی** ___ یعنی عہد نبوت میں چار اشخاص فتوے دیا کرتے تھے حضرت علیؓ، حضرت عمرؓ، حضرت معاذؓ اور حضرت ابوموسیٰؓ۔ حضرت شاہ ولی اللہؒ نے صرف ان چار کو امام مانا ہے، حضرت علیؓ، حضرت عمرؓ، حضرت ابن عباسؓ اور ابن مسعودؓ **اما غیر هولاء الاربعة فکانوا یرون دلالة ولکن ما کانوا یمتزون الرکن والشرط من الادب والسنن ولم یکن لهم قول عن العارمن الاخبار و تقابل الدلائل الا قلیلا کابن عمرؓ و عائشہؓ زیدؓ** یعنی ان چار اشخاص

[1] سب نے اپنے اپنے اور رجحانات کے حساب اس ضمن میں فہرست بنائی ہیں، حلانکہ کتب حدیث کے بلراست عمیق مطالعے سے ایک بڑ فہرست ملتی ہے، حافظ ابن قیم نے اعلام میں اس ضمن میں کافی شافی بحث کی ہے، عثمانؓ کو بھی علم فرایض میں زیدؓ کے برابر جانا جاتا تھا، قرانی علوم میں بھی وہ فایق تھے۔معج

کے سوا باقی جو لوگ تھے وہ مطالب تو سمجھتے تھے لیکن آداب وسنن اور ارکان وشرائط میں امتیاز وتفریق نہ کر سکتے تھے اور جہاں حدیثیں متعارض ہوتی ہیں اور دلائل میں تقابل ہوتا ہے وہاں وہ بجز بعض موقعوں کے دخل نہیں دیتے تھے مثلاً حضرت ابن عمرؓ، عائشہؓ اور زیدؓ بن ثابت۔ اور یہی لوگ اس مجلس شوریٰ کے بھی سربرآوردہ ارکان تھے جو مہاجرین وانصار پر مشتمل تھی، اور کبھی کبھی منعقد ہوا کرتی تھی۔ بشمول حضرت ابوبکرؓ وحضرت عبدالرحمٰنؓ بن عوف اور معاذ بن جبلؓ وابی بن کعبؓ وعثمانؓ بن عفانؓ وغیرہم من الصحابہ ___ **وکان سیرۃ عمرانہ کان یشاور الصحابۃ دنیا ظر ھم حتی تنکشف الغمۃ ویابتہ العلم** ___ حضرت عمرؓ کی عادت تھی کہ صحابہؓ سے مشورہ کرتے تھے، بحث ومباحثہ کرتے تھے یہاں تک کہ پردہ اٹھ جاتا تھا اور مسئلہ زیر بحث کا علم یقین کے ساتھ حاصل ہو جاتا تھا۔ [حجۃ اللہ البالغہ]

ابو منصور عبدالقادر تمیمی بغدادی اپنی کتاب اصول الدین میں لکھتے ہیں کہ "صحابہ میں چار بزرگ ایسے ہیں جنھوں نے فقہ کے جملہ ابواب پر گفتگو کی ہے یعنی حضرت علیؓ، حضرت زیدؓ، حضرت ابن عباسؓ اور حضرت مسعودؓ۔ جب یہ چاروں کسی مسئلہ میں متفق ہوتے ہیں تو اس میں سرے سے کوئی اختلاف نہیں ہوتا۔ لیکن کسی مسئلہ میں اگر علیؓ دوسروں سے الگ رائے رکھتے ہیں تو ابن ابی لیلیٰ، شعبی اور عبیدہ سلیمان علیؓ کی پیروی کرتے ہیں، اور جس مسئلہ میں زیدؓ اپنے تینوں ساتھیوں سے الگ ہوتے ہیں تو امام مالکؒ اور امام شافعیؒ ان مسائل میں ان کے اکثر ہمنوا ہوتے ہیں اور خارجہ تو لازمی طور پر زیدؓ کا ساتھ دیتے ہیں۔ ابن عباسؓ جن مسائل میں دوسروں سے اختلاف رکھتے ہیں ان میں عکرمہ اور حضرت سعیدؓ بن جبیر ان کا اتباع کرتے ہیں، اگر حضرت ابن مسعودؓ دوسروں سے کسی مسئلہ میں الگ ہوتے ہیں تو علقمہ اور اسود ان کی رائے کو لے لیتے ہیں ___"

پھر صحابہ کے بعد آئمہ اہل بیت کے علاوہ مدینہ منورہ میں حضرت سعید بن مسیبؒ، عروہ بن زبیرؒ، خارجہ بن زیدؒ، حضرت قاسم بن محمد، حضرت سلیمانؒ بن یسار عبید اللہ بن عبداللہ بن مسعودؓ اور ابوبکرؒ بن عبدالرحمٰن اور نافع مشہور فقہا ہوئے۔ مرکزیت علمی پہلے مدینہ کو حاصل تھی، پھر کوفہ و بصرہ مرکز علم ہوئے۔ عہد عمرؓ میں عمار بن یاسرؓ جب امیر بنا کر کوفہ بھیجے گئے تو ان کے ساتھ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ معلم کتاب اور وزیر کی حیثیت سے روانہ کیے گئے تھے۔ پھر علی المرتضیٰؓ نے کوفہ کو اپنا مرکز بنایا، اس لیے کہا جا سکتا ہے کہ عراقی فقہا کو وراثت، حضرت علیؓ ابن ابی طالب کے فہم وادراک اور علم کی بھی پہنچی اور عبداللہؓ بن مسعود کی بھی، یہی سبب تھا کہ ابوحنیفہؒ نے زانوئے تلمذ، مدینہ جا کر امام جعفر صادقؒ کے سامنے بھی تہہ کرنا ضروری سمجھا چنانچہ وہ اکثر کہا کرتے تھے کہ امام جعفر صادقؒ سے زیادہ فقیہ یعنی [سمجھ بوجھ والا] میں نے نہیں دیکھا۔

مدنی اور کوفی فقہ یا حجازی وعراقی فقہ:

اس طرح فقہ کی دو قسمیں ہوئیں مدنی اور کوفی، مدنی فقہ موطا امام مالکؒ میں جمع ہوئی [جو بعد کو اندلسی

حکومت کا قانون بنی]اور کوفی فقہ امام ابوحنیفہؒ اور ان کے شاگردوں کی تصانیف میں مدون ہوئی [جو سلطنت عباسی کا قانون بنی]۔ یہ مدنی اور کوفی فقہیں بعد میں حجازی فقہ اور عراقی فقہ کے نام سے یاد کی جانے لگیں۔ حجازی اور عراقی فقہ کے مشہور مذاہب [کیوں کہ ان کے علاوہ بھی اور متعدد مذاہب فقہ پیدا ہو گئے ہیں، مگر اس وقت جو اہل سنت میں رائج ہیں] چار ہیں، مالکی، شافعی، حنبلی اور حنفی۔ اس سے پہلے ۱۹ مکاتب فکر تھے جو تحلیل ہو گئے اور صرف چار باقی رہ گئے۔ اہل حدیث مکتب، حنبلی مکتب فکر سے متفق ہے جو روایت کو بہت اہمیت دیتا ہے۔

امام مالکؒ کتاب و سنت کے ساتھ معمولات میں اہل مدینہ کے اجماع کو حجت مانتے ہیں، ان کی رائے یہ ہے کہ مدینہ رسول اللہ اور خلفاء'' کا مرکز تھا، اہل بیت اور صحابہ و اولاد صحابہ سب وہیں رہے، وحی بھی وہیں اترتی رہی لہٰذا احکام کی حکمت سے اہل مدینہ ہی زیادہ واقف ہو سکتے ہیں۔

امام شافعیؒ نے اس میں اضافہ کیا کہ معمولات میں پورے حجاز کے اجماع کو حجت مانا مگر ساتھ ہی روایات کی چھان بین بھی کی اور بعض مسائل میں بیرون حجاز کے آئمہ اور فقہ کی روایات کو اہل حجاز کے عمل پر ترجیح دی۔

امام احمد بن حنبلؒ حدیث پر عمل کرتے تھے اور کوئی تاویل اس میں نہیں کرتے۔ اگر ایک ہی معاملے کے متعلق مختلف حدیثیں ہوں اور ان میں علت کا اختلاف بھی نہ ہو تو احمد بن حنبلؒ ان سب حدیثوں کو لیتے ہیں اور ان میں سے ہر ایک کو اپنی جگہ مخصوص کر دیتے ہیں۔

امام ابوحنیفہؒ یہ کہتے ہیں کہ احکام شریعت دو قسم کے ہیں ایک عمومی جن میں کوئی استثناء نہیں ہے اور دوسرا کہ حکم کسی جزوی واقعہ یا مخصوص حالات کی بنا پر صادر ہوا، لہٰذا قاعدے اور قانون بناتے وقت احکام عمومی کو قاعدہ کلیہ کے طور پر پیش نظر رکھنا چاہیے۔ اب اگر کسی حکم عمومی کے خلاف کوئی روایت سامنے آئے اور کوئی وجہ استثناء بھی ظاہر نہ ہو تو صرف اس کی بناء پر حکم عمومی یعنی قاعدہ کلیہ کو چھوڑنا نہیں چاہیے۔

اس کے علاوہ یہ چاروں آئمہ ابوحنیفہؒ و مالکؒ و شافعیؒ و احمد بن حنبلؒ سب قیاس کے بھی قائل ہیں، یہ روایت سب کی راہنما رہی ہے کہ اجتہاد کرنے والا خطا بھی کر سکتا ہے اور صواب کو بھی پہنچ سکتا ہے۔ صحیح فیصلے کی صورت میں اسے دو ثواب ملیں گے اور خطا کی صورت میں صرف ایک ثواب ملے گا۔ [رسالہ امام شافعی] اس طرح یہ صورت نکلی کہ ایک کے بعد دوسرا مجتہد بھی اجتہاد کرے، چنانچہ اجتہادات ہوتے رہے۔

<u>امام مالکؒ، امام شافعیؒ، استاد و شاگرد:</u>

امام شافعیؒ امام مالکؒ کے شاگرد ہیں اور ان ہی سے ان کی موطا پڑھی ہے اور پھر اسی موطا پر تنقید بھی کی ہے۔ ادھر امام شافعیؒ کے دوسرے استاد امام محمدؒ ہیں [جو امام ابوحنیفہ کے شاگرد تھے] انھوں نے بھی موطا پر تنقید کی[1] ہے اور جس طرح امام شافعیؒ نے اپنے استاد مالک کی موطا پر تنقید کی اسی طرح امام محمد نے اپنے استاد ابوحنیفہؒ سے

۱. لوگوں امام شافعی کا امام محمد کا شاگرد ہونا محقق نہیں ایک احناف میں مشہور بات ہے، امام شافعی کی تحریروں اور سندوں سے ایسا ثابت نہیں ہوتا ہے۔ جنھونے اسے مانا ہے ان میں سے اکثر نے اسے بہت قلیل وقت گنا ہے

بہت سے مسائل میں اپنے تفقہ اور غور وفکر کی بنا پر اختلاف کیا۔ یہی حال امام ابوحنیفہؒ کی مجلس وضع قوانین کے جملہ اراکین کا تھا جو ایک ایک مسئلے پر گھنٹوں اور بعض اوقات کئی کئی دن تک بحثیں اور اختلاف کرتے رہتے تھے، ان میں ابو یوسف، زفر، محمد یحییٰ بن ابی زائدہ، حفص بن غیاث، حبان ومندل بن علی، قاسم بن معن یعنی عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود اور داؤد بن نصیر طائی، فضیل بن عیاض اور حسن بن زید وغیرہم جیسا رباب فکر ونظر شامل تھے۔

اب دیکھیے کہ ان فقہاء نے اپنی علمی کاوشوں کے بعد اعلانات کیا کیے اور آنے والی نسلوں کی رہنمائی کس طرح کی اور ان سے توقعات کیا قائم کیں،..... یہ بہت اہم اعلانات ہیں۔

ائمہ اربعہ کے اعلانات حق کیا ہے؟ :

امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ کوئی شخص بجز رسولؐ کے ایسا نہیں ہے جو اپنے کلام کی وجہ سے مسئول نہ ہو اور اس کا قول مسترد نہ کیا جائے۔ امام مالکؒ کے مشہور شاگرد اشہب جب کوئی مسئلہ پوچھ کر امام کا جواب قلمبند کرنے لگے تو امام نے انھیں یہ کہہ کر منع کیا کہ لکھومت میں نہیں جانتا کہ اس جواب پر آئندہ خود میں بھی قائم رہوں گا یا نہیں۔

امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ میرا کوئی قول اگر حدیث کے خلاف ہو تو حدیث پر عمل کرو اور میرے قول کو دیوار پر کھینچ مارو [بلاشبہ اگر حدیث درست ہو چنانچہ انھوں نے فرمایا کہ **اذا صح الحدیث فھو مذھبی**]

امام احمدؒ نے فرمایا **لاتقلدونی ولا تقلدن مالکاً ولا الاوزاعی ولا النخعی ولا غیر ھم وخذوا الکلام من حیث اخذوا من الکتاب و السنہ**، یعنی تم لوگ میری تقلید میں نہ پڑ جانا تم میں سے کوئی بھی نہ تو مالک کا مقلد ہو اور نہ اوزاعی کا، اور نہ ہی نخعی کا، نہ اور کسی کا [تقلید ہرگز نہ کرنا] بات تم بھی وہیں سے اخذ کرو جہاں سے ان لوگوں نے اخذ کی ہے یعنی کتاب وسنت سے.....

امام ابوحنیفہؒ نے اعلان کیا کہ **لاینبغی لمن لم یعرف دلیلی ان یفتی بکلامی** جسے میری دلیل کی پہچان نہ ہو اس کو میری بات پر فتویٰ نہ دینا چاہیے۔ امام ابوحنیفہؒ خود بھی جب فتویٰ دیتے تو کہتے کہ یہ نعمانؒ بن ثابت کی رائے ہے جہاں تک مجھے معلوم ہے اچھی ہے، اگر اس سے بہتر فتویٰ کوئی شخص دے دے تو اولیٰ بالصواب ہوگا اور حکیم بن ہشام کا بیان ہے کہ میں نے امام ابوحنیفہؒ سے پوچھا کہ آپ جو فتویٰ دیا کرتے ہیں تو کیا آپ کو یقین ہے کہ وہی صحیح ہے؟ تو امام نے فرمایا ''ہوسکتا ہے کہ غلط ہونے کے سوا کچھ اور نہ ہو''۔

اس کے صاف معنی یہی ہیں کہ ان آئمہ نے اور فقہاء نے اپنی کدو کاوش غور وفکر اور فقہ واجتہاد کو حرف آخر کبھی نہیں سمجھا۔ ان کو یقین تھا کہ **افلایتدبرون القرآن**.....اور کتاب **انزلنا الیک مبارک لیدبروا آیاتہ**.....کی دعوت الٰہی پر ہمیشہ توجہ کی جاتی رہے گی لیکن کوئی شبہ نہیں کہ اپنے وقت کی ضرورت کے لیے اور آئندہ نسلوں کی سہولت اور رہبری کے لیے ان متقدمین نے بہت بڑا سرمایۂ علم وتحقیق مہیا کر دیا ہے، اس

احسان سے ہم کبھی سبک دوش نہیں ہوسکتے، اب یہ بعد والوں کا فرض تھا کہ کتاب وسنت پر اسی محنت وجانفشانی کے ساتھ غور وفکر کرتے اور فقہاو مجتہدین اسلام کی فقہ اور اجتہادات کو پیش نظر رکھتے۔

تمام فقہاء ورمذاہب کا تین امور میں اختلاف نہیں:

تمام فقہاء اور تمام مذاہب فقہ کا تین امور میں اختلاف نہیں "الکتاب"، "السنۃ" "الاجماع" ان تین امور کے علاوہ فقہ کے سات مصادر اور ہیں مذکورہ تین مصادر کی حیثیت اصول کی ہے۔ سات میں سے ایک مصدر تمام فقہاء ورمذاہب کا تین امور میں اختلاف نہیں جو قیاس کہلاتا ہے۔ مگر فقہاء کی جماعت میں صرف ابن حزمؒ اس سے اتفاق نہیں کرتے۔ بقیہ چھ مصادر میں اختلاف درج ذیل ہیں:

فقہاء ورمذاہب فقہیہ کے درمیان جو اختلاف اس سلسلے میں ہے، اس کی صورتیں مختصراً یوں ہیں:۔

ظاہریہ: پہلے تین مصادر اصلی کے سوا اور کسی مصدر کو نہیں مانتے۔

شوافع: تین مصادر اصلی پر "قیاس" اور "استصحاب" کا اضافہ کرتے ہیں۔

احناف: شوافع کے اضافے پر مزید دو مصادر "عرف" کا اور "استحسان" کا اضافہ کرتے ہیں۔

حنابلہ: شوافع کے پانچ مصادر پر "مصالح مرسلہ" کا اور سدالذرائع کا اضافہ کرتے ہیں۔

مالکیہ: شوافع کے پیش کردہ پانچ مصادر پر اور احناف وحنابلہ کے اضافہ کردہ مصادر پر جو سب مل کر نو ہوتے ہیں، ایک اور دسواں مصدر پیش کرتے ہیں یعنی "اہل مدینہ کا عمل"۔

بعض فقہاء: ان پر دو اور مصادر کا اضافہ کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ "ہم سے پہلے کی شرع ہمارے لیے بھی شرع ہے" اور "عمل صحابی" بھی ایک مصدر کی حیثیت رکھتا ہے۔

امت کی اکثریت تفرقہ سے الگ ہے:

یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ امت مسلمہ ابتداء سے ہی خیر امت رہی ہے اس امت کی ۹۵ فی صد اکثریت اپنی تاریخ کے آغاز سے آج تک اپنے عقائد ونظریات کے معاملے میں خیر پر قائم رہی ہے اس امت کے صرف پانچ فی صد لوگ مختلف فرقوں میں بٹ کر یہ تاثر پیدا کرتے رہے کہ پوری امت انتشار اور افتراق کا شکار رہی ہے مگر یہ محض تاریخی افسانہ اور محض مبالغہ ہے اس امت کا سواد اعظم ہمیشہ خیر کے راستے پر گامزن رہا اور تاریخ کے کسی دور میں یہ امت کسی قسم کے فتنہ وفساد اور فرقہ واریت کی حمایتی نہیں رہی۔ فتنہ وفساد کے دور میں بھی اس امت کا سواد اعظم فتنہ سے الگ تھلگ رہا۔

امت میں مختلف مکاتب فکر کیوں ہیں؟

یہ نقطۂ نظر کہ ایک مسلک کا عالم دوسرے مسلک کے عالم کو برداشت نہیں کرسکتا محض بے بنیاد دعویٰ ہے تاریخی طور پر اس دعوے کی کوئی بنیاد نہیں ہے۔ اس امت کے اکابرین میں مختلف مسالک مکاتب

کے لوگ اس کثرت سے رہے ہیں کہ اس کا شمار تک ممکن نہیں یہی وجہ ہے کہ تمام دینی مدارس کے نصاب میں برس ہا برس سے مختلف مسالک و مکاتب فکر کی کتابیں نہایت فراخ دلی کے ساتھ آج بھی نصاب کا لازمی حصہ ہیں۔ یہ بات درست ہے کہ دور زوال کے باعث مسالک کے نقطہ نظر میں سختی اور درشتی آ گئی جس کی ایک وجہ بیرونی یلغار کے باعث دفاعی حکمت عملی تھی لہٰذا اپنے آپ کو محصور اور محفوظ کرنے کے باعث ایک منفی ذہنیت پیدا ہوئی۔ اس منفی ذہنیت کا ازالہ بلکہ مالہ نہایت آسانی سے کیا جا سکتا ہے۔ یہ سوال کہ امت میں پانچ یا چھ بڑے مکاتب فکر کیوں ہیں؟ جب قرآن و سنت ایک ہیں اور ایک مقدس ترین ہستی رسالت مآبؐ سے ملے ہیں تو مسلمان فرقہ فرقہ کیوں ہیں؟ یہ سوال تاریخ اسلام اور تاریخ ادیان عالم سے ناواقفیت کے باعث پیدا ہونے والا سوال ہے۔ سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ پہلی صدی ہجری میں جو بے شمار فرقے اٹھے وہ سب ختم ہو گئے کیوں کہ فرقہ زیادہ عرصہ باقی نہیں رہ سکتا۔ البتہ مکاتب فکر جن کی تعداد انیس تھی وہ کم ہو کر صرف چار پانچ رہ گئے، اب ان مکاتب فکر کو فرقہ سمجھنا فہم کا قصور ہے۔ ان مکاتب فکر کا وجود رحمت ہے اس کے ذریعے دین میں وسعت پیدا ہوتی ہے اور امت میں توازن آتا ہے۔

عیسائیت کی تباہی کیوں ہوئی؟ صرف ایک مکتب فکر :

اسلام آج بھی اس لیے زندہ ہے کہ اسلام کی تعبیر و تشریح پر کسی ایک مکتب فکر کا اجارہ نہیں، تمام مسلمہ مکاتب فکر حق پر ہیں۔ ان میں کوئی الحق نہیں، عیسائیت کی تباہی کی اصل وجہ یہ تھی کہ عیسائیت نے پوپ کو زمین پر خدا کا نائب تسلیم کیا لہٰذا پوپ کے افکار و افعال خدا کے افعال قرار پائے، وہ زمین پر خدا کا سایہ بن گیا، زمین پر پوپ نے جس کو جنت کی بشارت دی آسمان پر جنت اس کے لیے واجب ہو گئی، زمین پر پوپ نے جسے جہنم کی وعید سنائی وہ بارگاہ خداوندی میں معتوب و مغضوب قرار پایا۔

پوپ کو جب خدا کے درجہ پر فائز کر دیا گیا تو پوپ ہی الحق، میزان حق و باطل، اور زمین پہ ظل الٰہی قرار پایا اور پوپ کی بیان کردہ تعبیر، تشریح، توضیح، بشارت، تنبیہہ اور وعید احکام الٰہی کے مماثل ٹھہریں۔ لہٰذا مذہب عیسائیت میں جس عالم نے پوپ سے مختلف تشریح و تعبیر دین پیش کی وہ واجب القتل قرار پایا، اس ذہنیت کے باعث عیسائیت کی تاریخ فرقوں اور مکاتب فکر سے خالی رہی، اگر کسی نے احکام الٰہی کی تشریح پوپ سے مختلف بیان کرنے کی کوشش کی اسے تہس نہس کر دیا گیا۔ پاپائیت زمین پر خدا کا نظام بن گئی۔ سلطنت روما کی پشت پناہی کے بعد کلیسائے روم روئے زمین پر طاقت ور ترین مذہبی نظام بن گیا۔ جب تک روحانیت موجود رہی یہ مطلق العنان نظام حکمرانی چلتا رہا، لیکن جب دنیا اس روحانیت پر غلبہ حاصل کرنے میں کامیاب ہوئی تو پاپائیت کے نظام پر حملے شروع ہوئے، مارٹن لوتھر نے بغاوت کی پروٹسٹنٹ ازم کی تحریک شعلہ جوالہ بن گئی۔ عمل ردعمل کے نتیجے میں عیسائیت تہہ تیغ ہو گئی۔ اگر عیسائیت اسلام کی طرح مختلف مکاتب فکر کو برداشت کرتی پاپائیت کے ذریعے سخت گیر

نظام قائم نہ ہوتا اور صرف پاپائے روم الحق نہ ہوتا تو عیسائیت زندہ رہتی اور توانا رہتی اسی لیے رسول اللہ نے اختلاف امت کو رحمت قرار دیا تھا۔

اسلام میں تمام مسلمہ مکاتب فکر حق ہیں کوئی الحق نہیں:

اختلاف کی وجہ عقل کا استعمال اس کا حل اجماع:

اس کے برعکس اسلام میں کسی مکتب فکر نے اپنے الحق ہونے کا اعلان نہیں کیا۔ الحق کے اعلان کا مطلب یہ ہے کہ ہمارے سوا سب باطل ہے لہٰذا حق کی موجودگی میں باطل کا کیا جواز پھر اجماع کی بھی ضرورت نہیں اجماع اہل حق کے مابین ہوتا ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ جب تک رسالت مآب کی ہستی ہمارے درمیان تھی تو تمام اختلافات میں آپ کا ارشاد ہی قول فیصل تھا کیونکہ آپ کے قول و عمل کی تائید و تصویب و تردید آسمانوں سے کی جاتی تھی آپ کے وصال مبارک کے بعد یہ مقام کسی کو عطا نہیں ہوا۔ لہٰذا اسلام نے فطری اختلاف کا دروازہ کھول دیا۔ اس اختلاف کے نتیجے میں اصحاب کرام حتیٰ کہ عشرہ مبشرہ کے مابین مختلف معاملات پر اختلاف واقع ہوا لیکن اس کا حل مشاورت اجماع اور امارت کے آخری فیصلے سے کیا گیا کیونکہ جب بھی قرآن و سنت کی تشریح و اجماع و توضیح کے لیے عقل انسانی استعمال ہوگی تو تعبیر کا اختلاف لازماً واقع ہوگا۔ یہ ممکن ہی نہیں کہ ایک قانون سے تمام عقول ایک ہی مطلب اخذ کریں لہٰذا اس اختلاف انسانی جسے حدیث میں رحمت کہا گیا ہے اسے حل کرنے کے لیے اجماع کا سہارا لیا گیا۔ اختلاف قیامت تک پیدا ہوگا اور قیامت تک باقی رہے گا۔ اس کا حل صرف اور صرف اجماع ہے۔ اجماع جہلاء کا نہیں علماء کا ہوتا ہے اور یہی اجماع اختلاف کو رحمت کے سانچے میں ڈھال دیتا ہے۔ اگر امت مسلمہ میں دین کی صرف ایک تعبیر و تشریح ہی الحق ہوتی تو یہ امت کب کی تباہ ہو چکی ہوتی۔ اس امت کی زندگی ان مکاتب فکر کے اختلاف کے باعث جاوداں ہو گئی ہے لیکن یہ اختلاف تاریخ کے جس دور میں بھی اجماع سے تجاوز کرے گا تو زحمت بن جائے گا۔

مختلف مسالک کے اکابرین کا احترام: امت کی روایت :

امت مسلمہ کی تین اہم جلیل القدر عظیم الشان شخصیات جو پوری امت کے تمام مسالک کے نزدیک واجب الاحترام ہیں حضرت امام غزالیؒ، شیخ عبدالقادر جیلانیؒ اور ابن العربیؒ ہیں ان میں سے پہلے شافعی مسلک، دوسرے حنبلی مسلک اور تیسرے ظاہری [اہل حدیث] مسلک سے تعلق رکھتے تھے مگر اہل سنت والجماعت جن کی اکثریت حنفی ہے ان تینوں سے بے پناہ محبت کرتی ہے۔ [شیخ الاشراق شہاب الدین مقتول کے اشراقی فلسفے کو بھی عموماً پسند کیا جاتا ہے، حالانکہ صلاح الدین ایوبی کے بیٹے نے شیخ کی بعض ناگفتہ سرگرمیوں کے باعث انھیں قتل کرا دیا تھا۔ شہاب الدین مقتول، منصور حلاج، سرمد وغیرہ کے قتل کے سلسلے میں ان کے حامیوں اور مخالفین نے مختلف نقطہ ہائے نظر بیان کیے ہیں جن کی تحقیق سے بعض نہایت اہم باتیں معلوم ہوتی ہیں۔ پہلی بات تو یہ کہ یہ لوگ بعض

خفیہ سرگرمیوں میں ملوث تھے اور حکومت وقت کے خلاف متحرک تھے لہٰذا بغاوت وفساد کے جرم میں انھیں قتل کیا گیا۔دوسرا موقف یہ ہے کہ اس نام کے دو دو افراد موجود تھے۔ایک گمراہ تھا، ایک حق پر تھا۔ہم حق والوں کا دفاع کرتے ہیں، امام طبری کے بارے میں بھی یہی کہا گیا ہے کہ طبری بھی دو تھے ایک اصل ایک ملحد ان توجیہات پر ایک محقق کا یہ تبصرہ اہمیت کا حامل ہے کہ ''ایک ہی نام کے دو افراد ہیں ایک ہی تاریخ کو پیدا ہوئے ہیں، ایک ہی ماں کے بطن سے دونوں وجود میں آتے ہیں، ایک ہی طرح کی زندگی مہد سے لحد تک بسر کرتے ہیں اور ایک ہی قبر میں مدفون ہوتے ہیں'' یہ تبصرہ تحقیق کے نئے افق کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔]تصوف کی امہات کتاب کے اکثر مصنفین شافعی ہیں مگر تمام احناف شافعی مصنفین کی کتابیں بخوشی پڑھتے ہیں دینی مدارس کے نصاب میں شامل ''جلالین'' کے مصنف شافعی ہیں فلسفہ پر ملا صدرہ شیرازی کی ''اسفار اربعہ''، ''شرح ہدایہ الحکمہ'' اہل سنت کے دینی مدارس کے نصاب کا حصہ ہیں۔جب کہ ملا صدرہ شیعہ عالم تھے۔زمخشری کی تفسیر نصاب میں شامل ہے جو معتزلی تھے تفسیر بیضاوی کے مصنف شافعی ہیں مگر یہ کتابیں دیگر تمام مسالک ومکاتب فکر کے مدارس میں آج بھی پڑھائی جاتی ہیں لہٰذا یہ استدلال درست نہیں کہ فرقہ واریت کا خاتمہ ممکن نہیں ہے اور ہمارے مذہبی طبقات کبھی وحدت امت کے راستے پر گامزن نہیں ہوسکتے یہ بات درست ہے کہ وحدت امت کا راستہ اتنا آسان نہیں ہے اس میں دو چار بہت سخت مقام آتے ہیں اور یہ مقامات بہت آسانی سے طے کیے جاسکتے ہیں۔عوام کی سطح پر تو یہ مشکل مقامات رفتہ رفتہ طے ہو چکے ہیں مگر علماء کی سطح پر آج بھی باقی ہیں تاریخی فاصلوں میں کچھ کمی ہوئی ہے مگر سفر اب بھی دشوار ہے اس راہ میں رکاوٹ کیا ہے شاعر کی زبان میں کہا جائے تو۔

دلوں میں فاصلہ اتنا نہیں ہے
زمانہ درمیاں آیا ہوا ہے

اب یہ بتانا کہ زمانہ کیا ہے ہمیں ''حدیث دہر'' کی طرف لوٹنا پڑے گا جس کے بارے میں ارشاد رسالت مآب ﷺ ہے کہ ''زمانہ کو برا مت کہو''۔

تمام مسلمہ مکاتب فکر کی عبادات میں کوئی فرق نہیں:

تمام مکاتب فکر بشمول شیعہ مکتب فکر تمام بنیادی عبادات میں سب کے یہاں فرائض مشترکہ ہیں، دیگر امور میں اختلاف ہے اور یہ اختلاف ہمیشہ اور ہر جگہ رہے گا۔یہ اختلاف امت کے لیے رحمت ہے اس کے برعکس منکرین حدیث کے ۴۷ فرقے ہیں اور ۴۷ فرقوں میں کسی ایک فرقے میں نماز کی رکعات، تعداد نماز حتی کہ پنج وقتہ نمازوں میں فرائض وواجبات پر بھی شدید اختلافات ہیں، اس کے برعکس شیعہ اور دیگر مکاتب فکر کی نماز میں کوئی بنیادی اختلاف نہیں ہے۔

اس امت میں چند مستثنیات کو چھوڑ کر تاریخی طور پر اتحاد اور وحدت کا عمل ہمیشہ برقرار رہا بعض

تنازعات اور ہنگامی حالات سے یہ نتیجہ اخذ کرنا کہ اس امت کا شیرازہ بکھر گیا ہے جدیدیت پسند مسلم مفکرین کا نقطہ نظر ہے ''خاص ہے ترکیب میں قوم رسول ہاشمی'' کا دعویٰ محض اقبال کی شاعری نہیں بلکہ اس امت کے اصل منصب کی حقیقی ترجمانی ہے۔

حدیث جبرئیل اور علوم ثلثہ :امام غزالیؒ کا احسان :

مشکوۃ شریف کی پہلی حدیث حدیث جبرئیل نے ہمیں علوم ثلثہ سے آگاہ کیا۔علم ایمان، علم عبادات اور احسان ان تین علوم کی تشریح جب کی گئی تو اسے علم کلام وعقائد فقہ اور مسائل اور تصوف کے دھاروں میں تقسیم کر دیا گیا۔جس کے باعث تنازعات کا ایک سلسلہ شروع ہوا،لیکن امام غزالیؒ نے ان تینوں دھاروں کو ایک مرتبہ پھر مجتمع فرما کر امت کی شیرازہ بندی کی اور اسے یونانی فلسفے کے فتنے سے محفوظ کر دیا۔

اختلافات حل کرنے کے پانچ مختلف طریقے :

حضرت ابوبکرؓ،حضرت علیؓ،حضرت معاویہؓ،ابوحنیفہؒ،غزالیؒ ،ابن تیمیہؒ:

واضح رہے کہ پہلی صدی ہجری میں خوارج کا فتنہ پھیل کر سینکڑوں فرقوں کے وجود کا باعث بنا تو امام ابوحنیفہ نے الفقہ الاکبر لکھ کر اس دھند کو صاف کیا جو عقائد و ایمانیات کے باب میں پیدا کی گئی اور کشت و خون کا باعث ہوئی۔قرن اول اور خیر القرون میں فتنہ ارتداد اٹھا تب حضرت ابوبکر صدیقؓ نے پوری قوت و طاقت سے اس فتنے کو کچل دیا اور صحابہ کرام کے مشورہ مصالحت کے جواب میں فرمایا کہ یہ لوگ اگر اونٹ کی رسی کی قیمت کے برابر زکوۃ دینے سے انکار کریں گے تب بھی ان سے لڑوں گا۔حضرت ابوبکرؓ کے بعد حضرت علیؓ اور حضرت معاویہؓ نے خوارج کے فتنے کا سامنا کیا لیکن خوارج کو کافر قرار نہیں دیا۔امام غزالی نے فقہاء، صوفیاء اور متکلمین کے مابین خلیج کو وحدت شریعت کے کل میں سمو کر تمام اجزاء کے مابین خلیج کو پاٹ دیا اور علم کلام کا یہ مسئلہ طے کر دیا کہ جو لوگ اہل قبلہ میں سے ہیں ان کی تکفیر نہیں کی جا سکتی ان کے پیچھے نماز جائز ہے۔ [یہاں قادیانیت کا سوال اٹھایا جا سکتا ہے اس سلسلے میں قومی اسمبلی میں مرزا ناصر احمد امیر جماعت احمدیہ کا بیان اور اس پر علماء اور مفتی محمودؒ کی جرح کا مطالعہ کیا جائے لہٰذا جس چیز نے انھیں دائرہ اسلام میں داخل کیا تھا اس کے صریح انکار کے نتیجے میں انھیں دائرہ اسلام سے خارج کیا گیا اور یہ فیصلہ بھی ان کا موقف ان کی زبان سے سننے کے بعد کیا گیا۔] امام تیمیہؒ کا پانچواں طریقہ ابن قیمؒ نے تفصیل سے بیان کیا ہے۔

امام ابن قیم کی نظر میں منکر کی اقسام:

انکارِ منکر کی چار صورتیں:

انکارِ منکر کے چار درجے ہیں:

ا۔منکر کو زائل کر کے اس کی جگہ معروف کو قائم کر دیا جائے۔

۲۔منکر کو بالکلیہ زائل نہ کیا جاسکے تاہم اس کی شدت میں کمی کردی جائے۔
۳۔ایک منکر کو مٹایا جائے اور اُسی پیمانے کا دوسرا منکر برپا ہوجائے۔
۴۔منکر کو مٹانے کے نتیجے میں اس سے بدتر اور خطرناک تر منکر اٹھ کھڑا ہو۔

پہلے دو درجوں میں نہی عن المنکر کا فرض سرانجام دینا عین تقاضائے شریعت ہے تیسرا درجہ محل اجتہاد میں ہے [یعنی اس میں غور وفکر کے بعد کوئی سا پہلو اختیار کیا جاسکتا ہے] لیکن چوتھے درجہ میں منکر سے تعرض کرنا حرام ہے۔چنانچہ تم اگر اوباش لوگوں کو شطرنج بازی میں مگن پاؤ تو تم اگر انہیں شطرنج سے روک کر کسی ایسے کھیل میں لگا سکو جو خدا اور رسولؐ نے پسند کیا ہو مثلاً تیر اندازی یا اسپ دوانی وغیرہ تو فبہا ورنہ یونہی ان پر تمہارا نکیر کرنا بصیرت وتفقہ کے دیوالیہ پن کی علامت ہوگی۔اسی طرح ایک جگہ تم دیکھتے ہو کہ فساق و فجار کا مجمع ہے، داد لہو ولعب دی جارہی ہے یا رقص وسرود کی محفل جمی ہوئی ہے تو اگر تم کسی تدبیر سے انھیں اللہ کی اطاعت وعبادت کی جانب مبذول کرسکو تو یہ عین مقصود ومطلوب ہے اور اگر یہ نہ کیا جاسکے تو ان کو اپنے حال میں مست رہنے دینا اس سے بہتر ہے کہ تم انھیں وسیع تر فتنہ پردازی کے لیے فارغ کردو، حالانکہ جس چیز میں وہ اب مستغرق ہیں وہ انھیں اس فتنہ پردازی سے غافل کیے ہوئے ہے۔ایسے ہی اگر ایک شخص فحش قصے کہانیوں کی کتابیں پڑھنے میں منہمک ہے اگر اُسے ایسی چیزوں کے مطالعے سے منع کرنے کا نتیجہ یہ ہو کہ وہ بدعات وضلالات اور طلسم وجادو کی کتابوں کی طرف رجوع کرے گا تو اُسے پہلی نوعیت کی کتابوں ہی میں مشغول رہنے دیا جائے۔الغرض اس طرح کی بے شمار مثالیں پیش کی جاسکتی ہیں۔شیخ الاسلام ابن تیمیہ قدس اللہ روحہ فرماتے تھے کہ فتنۂ تاتار کے زمانہ میں ہمارا گزر ایک گروہ پر ہوا جو شراب وکباب میں مشغول تھا۔میرے ایک ساتھی نے ان لوگوں کو شراب نوشی سے منع کرنا چاہا مگر میں نے اسے ٹوکا کہ بندۂ خدا شراب اللہ کے ذکر سے اور نماز سے روکتی ہے اس لیے اللہ تعالیٰ نے اُسے حرام کردیا ہے اور یہاں حال یہ ہے کہ شراب ان ظالموں کو بڑے فتنے یعنی قتل نفوس، سلب اموال اور عورتوں اور بچوں پر دست درازی سے روکے ہوئے ہے لہٰذا ان کو ان کے حال ہی پر چھوڑ دیا جائے۔

اس طرح امت پانچ مختلف قسم کے دور فتن سے گزری اور پانچ مختلف قسم کے طریقہ کار وجود میں آئے اور امت کا شیرازہ بکھرنے سے محفوظ رہا یہی اس امت کا کمال ہے۔یہ طریقہ کار آج بھی صورت حال کے لحاظ سے قابل عمل ہیں۔

کافر کون ہے: یہ مسئلہ قیامت تک کے لیے طے ہوگیا :

جو اہل قبلہ نہیں ہیں وہ دائرہ اسلام سے خارج ہیں، جو اہل قبلہ[1] ہیں ان میں بعض گروہ ایسے ہیں جن کے یہاں کفر پایا جاتا ہے لیکن وہ کافر نہیں۔اہل السنّت والجماعت کے طریقے سے الگ طریقہ رکھے

۱۔دور سلف از صحابہ کرام تا محدثین کرام و آیمہ اربعہ میں کفر سازی کے فتوے نا ہونے کے برابر تھے،یہ دور اجتہاد و محدثیت کا دور تھا،بعد میں جب سب اپنے اپنے فقہ میں جامد ہوکر فرقہ کہلانے لگے تب یہ مباحث پیدا ہونے ،اول اسکی ابتدا فرقہ خوارج و روافض میں سیاسی حکومتی مباحث میں دور خلفائے راشدین میں شہادت عثمانی کے بعد شروع ہونی۔معج

والوں کو اہل سنت بدعتی کہتے ہیں لیکن بدعتی مسلمان ہیں ان کی امامت جائز ہے اور ان کی امامت میں نماز پڑھ کر لوٹانے والے کو امام احمد حنبل بدعتی کہتے ہیں۔

کون کون مسلمان ہے: یہ مسئلہ بھی قیامت تک کے لیے طے ہو گیا :

اہل قبلہ مسلمان ہیں، اہل بدعت مسلمان ہیں، اسی اصول کے تحت خوارج مسلمان ہیں اور تمام دیگر مکاتب فکر بھی مسلمان ہیں، اس کے باوجود اگر کوئی مکتب فکر ان اصولوں کی موجودگی میں کسی کو کافر کہتا ہے تو اسے فرمان رسالت مآب یاد رکھنا چاہیے کہ ''جب ایک مسلم دوسرے مسلم کو کافر کہتا ہے تو یقیناً ان میں سے ایک کافر ہے''۔ یہ قول رسول امت کے لیے ہدایت ہے اور مشعل راہ بھی۔

وحدت امت: ایک دوسرے کے پیچھے نماز پڑھو :

وحدت امت کا تقاضہ ہے کہ بنیادی اختلافات کے باوجود ایک دوسرے کے پیچھے نماز پڑھی جائے کیوں کہ نماز اجتماعیت کا مظہر ہے اس مظہر کو ہر صورت میں وحدت کی علامت ہونا چاہیے۔ سلف کا طریقہ یہی تھا۔ امام ابن تیمیہؒ کا فتویٰ ہے کہ جس امام کے پیچھے نماز پڑھو اس کے طریقے کی پیروی کرو، امام احمد بن حنبلؒ اور امام مالک میں جسم سے خون بہہ نکلنے پر وضو برقرار رہنے پر اختلاف ہے لیکن اس بنیادی اختلاف کے باوجود احمد بن حنبلؒ فرماتے تھے کہ اگر سعید بن مسب اور امام مالکؒ نماز پڑھا رہے ہوں تو میں ان کی اقتداء کروں گا حالانکہ ان کے مسلک میں خون بہنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ مولانا ثناء اللہ امرتسری اعلیٰ حضرت بریلوی اہل قبلہ کی تکفیر کے قائل نہیں۔ امام شافعیؒ معتزلہ کی امامت کو درست سمجھتے تھے۔ حضرت علیؓ اور حضرت معاویہ خوارج کو مسلمان تسلیم کرتے تھے۔ حضرت حسن بصری بدعتی کے پیچھے نماز درست قرار دیتے ہیں۔ احمد بن حنبلؒ بدعتی کے پیچھے نماز پڑھ کر لوٹانے والے کو بدعتی کہتے ہیں، عبداللہ بن عمر حجاج جیسے ظالم کے پیچھے نماز پڑھ لیتے تھے۔ ابن تیمیہؒ شیعہ حضرات کے پیچھے نماز پڑھنا ٹھیک سمجھتے ہیں۔ احمد بن حنبل جہمیہ اور مرجیہ سے مناظروں کے باوجود ان کی مغفرت کی دعا کرتے تھے۔ ابن تیمیہؒ شیعہ مکتب فکر کو نہ کافر کہتے ہیں نہ مرتد، انھیں اہل قبلہ میں شامل کرتے ہیں۔ نماز کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگائیں کہ جب مدینہ میں باغی حضرت عثمانؓ کو قتل کرنے کے لیے جمع ہوئے اور لوگوں نے آپ سے پوچھا کہ کیا ان باغیوں کے پیچھے نماز جائز ہے تو حضرت عثمانؓ نے اسلامی ریاست کے باغیوں اور متوقع قاتلوں کے بارے میں فرمایا کہ ان کے پیچھے بھی نماز پڑھو اور قرآن کی وہ آیت پڑھی کہ نیکی کے کاموں میں سب کا ساتھ دو اور گناہوں کے کام میں کسی سے تعاون نہ کرو۔ امام غزالیؒ کا رسالہ ''التفرقہ بین الاسلام والزندقہ'' اس موضوع پر معرکہ آراء رسالہ ہے۔ علامہ انور شاہ کاشمیریؒ کا رسالہ تکفیر الملحدین بھی اہم رسالہ ہے۔ اس سلسلے کی تفصیلات آپ مضمون ''اہل قبلہ میں کوئی کافر نہیں'' میں مطالعہ فرمائیں!

۱. اہل قبلہ کے عموم و تخصیص پر کالم کیا گیا ہے، مگر اتنا سلف کا مجموعی عمل تھا کہ فروع میں کفرسازی سے پرہیز کرتے تھے، مگر بدعتوں اور انکے قبیلین سے روبط سے نفرت فرماتے تھے، مزید یہ کہ اصول دین کے معاملے میں کفر کے نمونے بحرحال مل جاتے ہیں۔ جبکہ اس دور کے تمام فقہ قریبا اصول میں ایک تھے مگر اشعری، ماتریدی اور اہل حدیث کے محدثین میں جب ظاہر الفاظ، مجاز، باطن اور علم کلام پر بھث شروع ہونی تو اصول میں بھی تاویل کے دروازے وا ہونے، جنسے محدثین نے حتی الامکان اجتناب کیا تاوقتیکہ معتزلہ کا سیاسی عروج اور اہل سنت کے کچھ لوگوں کا انکی طرف رجحان معاملات خراب کرگیا۔ معج

یہ امت: تاریخ کے سفر میں:

تاریخ نے یہ بتا دیا ہے کہ مسلم امت ہر مشکل مرحلے سے زندگی پا کر نکلی ہے یہ اپنی خاکستر سے ققنس کی طرح بار بار جی اٹھتی ہے اس کی مٹی پر پانی کے چند چھینٹے بھی پڑ جائیں تو پر مٹی لہلہانے لگتی ہے اس امت کی مثال اس کٹے پھٹے مجروح مضروب درخت جیسی ہے جس کے ہر حصۂ زخم سے نئی کونپلیں نئے شگوفے پھوٹتے ہیں نئی کلیاں مسکراتی ہیں اور نئے پھولوں کی فصل بہار لہلہا اٹھتی ہے تاریخ کے ہر دور میں یہ امت چوٹ کھا کر زخم پا کر مر کر بھی بار بار زندہ ہوتی رہی ہے اس امت نے آب حیات پی رکھا ہے یہ ہر نازک دور سے گزر کر اس طرح طلوع ہوتی ہے جس طرح رات کی تاریکی چھٹنے کے بعد اذان سحر کے ساتھ ہی سورج جگمگا اٹھتا ہے۔ اور زمین اس کی روشنی سے حرکت، حرارت تپش اور زندگی حاصل کر لیتی ہے۔ دنیا میں آباد تمام اقوام میں صرف مسلمان واحد امت ہے جس نے مغربی تہذیب کی تمام تجلیات کو جزوی طور پر قبول کرنے کے باوجود سیکولرائزیشن اور لبرلائزیشن کو عملاً مسترد کر دیا ہے۔ اس امت کا قلب آج تک مغربی تہذیب، مغربی ثقافت اور مغرب کے غلبے کو عملی اور نفسیاتی طور پر قبول کرنے پر آمادہ نہیں اس کی واحد وجہ اس امت میں مدارس، مساجد اور علماء کا مقدس وجود ہے یہ مدارس مساجد اور علماء یقیناً اس مقام و مرتبے کے حامل نہیں رہے جس طرح ماضی میں تھے مگر زوال کے اس دور میں بھی انہی مدارس، مساجد اور علماء نے امت مسلمہ کو اپنی تاریخی روایت سے ذہنی اور جذباتی طور پر وابستہ کر رکھا ہے اسی لیے آج بھی کسی گناہ گار مسلمان کے سامنے رسول اللہ ﷺ کی غیرت و حرمت کا معاملہ آ جائے تو اس کی آنکھوں سے پہلے آنسو گرتے ہیں، اس کی روح لرزتی ہے دل دھڑکتا ہے ہونٹ کپکپاتے ہیں اور پھر اس کی آنکھوں میں لہو اتر آتا ہے یہ لہو ایمان اور عقیدے کا حاصل ہے جس کا تحفظ گزشتہ چودہ سو سال سے صرف اور صرف مساجد، مدارس اور علماء کے وسیلے سے ہو رہا ہے اس وسیلے کی حفاظت، اس سے محبت: اور اس سے والہانہ عقیدت ایمان کا تقاضہ ہے اس عقیدت کے ساتھ ساتھ اس وسیلے کو معیار مطلوب تک لے جانے کے لیے جدوجہد ہماری زندگی کا حاصل ہے۔

امت مسلمہ ہمیشہ ماضی کی طرف دیکھتی ہے:

امت مسلمہ کو اس روایت سے وابستہ رکھنے کا سب سے عظیم الشان ثمر یہ ہے کہ دنیا کی تمام قومیں اپنے ماضی سے رشتہ توڑ چکی ہیں اور ہمیشہ آگے کی طرف دیکھتی ہیں اور آئندہ کے بارے میں محو جستجو رہتی ہیں مگر امت مسلمہ دنیا کی واحد امت ہے جو ہمیشہ پیچھے کی طرف دیکھتی ہے اس کی تاریخ کے سارے سوتے چودہ صدی پہلے حجاز اور مدینہ کے گلی کوچوں، در و دیوار، نقش و نگار اور گل و گلزار سے پھوٹتے ہیں ماضی سے یہ بے پناہ وابستگی ہر خطے اور عہد کے مسلمان کو جذباتی اور روحانی طور پر عہد رسالت سے عملاً وابستہ کر دیتی ہے مدینے کے تصور سے وہ یہ محسوس کرتا ہے کہ آقائے کائنات مدینہ میں محو سفر ہیں اور ان کا امتی مجسم قرآن کو چلتا ہوا دیکھ رہا ہے وہ اپنے آپ کو جماعت صحابہ کا ہم رکاب پاتا ہے جو رسول اللہ کے لیے جانیں نثار کر رہے تھے اپنے آپ کو میدان بدر، غزوہ احد،

سے لے کر سوق عکاظ تک رسول کی ہمراہی میں محو سفر پاتا ہے یہ جذباتی تعلق اس روایت کا تسلسل ہے جو قرآن و سنت عمل صحابہ اور امت کے تسلسل و متواتر عمل کے ذریعے ہم تک پہنچی ہے اس لیے اقبال کا یہ کہنا بہت اہمیت کا حامل ہے کہ ''خاص ہے ترکیب میں قوم رسول ہاشمی۔ اگر مسلمان اپنی تاریخ و تہذیب کے دو رزریں سے اس وجہ جذباتی طور پر وابستہ نہ ہوں تو ان کا وجود دنیا کی کسی قوم کے لیے ناگوار نہ رہے مغرب، مغربی تہذیب اور امریکی استعمار تمام اقوام امت مسلمہ کو ان کے ماضی سے کاٹ کر مستقبل کے مادہ پرستانہ نظام سے جوڑنا چاہتے ہیں اس خواہش کی شدید ترین عملی مزاحمت امت مسلمہ کی جانب سے ہوئی ہے جو رسول اللہ سے اپنے جذباتی تعلق کو کسی قیمت پر ترک کرنے پر آمادہ نہیں۔

مغرب میں حفظ مراتب زندیقی ہے:

توہین رسالت کی سزا کے مسئلے پر مغرب کے شور و غوغا، ہنگامہ آرائی کا اصل مقصد حقوق انسانی کے نام پر اس تہذیب کا فروغ ہے، جہاں حفظ مراتب کو زندیقی سمجھا جاتا ہے اور جہاں کوئی بڑا نہیں سب برابر ہوتے ہیں اور مساوات کا حق مراتب وجود کا خاتمہ کر کے مذہبی اقدار کا بھی خاتمہ کر دیتا ہے۔ آزادی اظہار رائے کے حق انسانی کے نام پر توہین رسالت کا مقصد اس محبت کو زائل کرنا ہے جو ایمان کی اساس ہے۔ اس ہدف کے ذریعے رسالت مآبؐ سے اس جذباتی تعلق کو کم کرنے کی کوشش مقصود ہے جو مغربی تہذیب اور امریکہ کا اصل ہدف ہے اگر توہین رسالت کی سزا کا مسئلہ فی الحقیقت امریکہ اور مغرب کے لیے اہم ہوتا تو فقہ حنفی کی امہات کتب کے حوالوں کو انسانی حقوق کے استدلال کے طور پر استعمال کر سکتا تھا مگر مسئلہ توہین رسالت کی سزا کا نہیں بلکہ اس کی آڑ میں عشق رسول کے جذبے کو سرد کرنا ہے عشق رسول کی حدت جس دن بھی کم ہوئی امت مسلمہ اپنی انفرادیت کھو دے گی لہٰذا محبت رسول ہمارے ایمان کا تقاضہ ہے اس محبت کو زندہ و پائندہ رکھنے کی ہر کوشش خواہ کسی مکتبہ فکر کی جانب سے کسی صورت میں ہو ایمان کی حفاظت کا عمل ہے۔

اس دور کا المیہ ہے کہ تاریخ کے بہت سے اسباق جان بوجھ کر فراموش کر دیے گئے ہیں عموماً بڑے بڑے محققین، مفکرین اور علماء کرام تک نہایت تاسف سے یہ کہتے ہیں کہ امت کا اتحاد ممکن نہیں ہے اختلافات اس نہج پر پہنچ چکے ہیں کہ اب اتحاد کی باتیں خوبصورت تو بہت ہیں مگر قابل عمل نہیں اس مایوسی اور ریسپائی کو یقین اور اعتماد میں بدلنے کے لیے حضرت امام ابوحنیفہؒ کے عہد میں برپا فرقہ وارانہ تنازعات اور مذہبی اختلافات کا تاریخی جائزہ ''فرقہ وارانہ تنازعات میں اعتدال کی راہ'' میں لیا گیا ہے۔

اسلامی تاریخ کا سب سے پر آشوب خطرناک اور خوفناک دور حضرت امام ابوحنیفہؒ کے زمانے سے تعلق رکھتا ہے۔ جب خوارج، مرجیہ اور معتزلہ جیسے فرقے وجود پذیر ہوئے اور ان کے درمیان تاریخی جنگیں لڑی گئیں اس عہد کی مختصر تاریخ ''مسلمانوں میں مذہبی اختلافات کی ابتداء اور اس کے اسباب'' میں دی گئی ہے۔

اس عہد میں بھی امت مسلمہ کی پچانوے فیصد اکثریت سواد اعظم اہلسنت کی صورت میں ان تمام تنازعات سے الگ تھلگ رہی۔ یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ اہلسنت والجماعت میں گزشتہ چودہ صدیوں کے درمیان ایک بھی فرقہ پیدا نہ ہوسکا البتہ پانچ مسالک موجود رہے اس کے علاوہ بہت سے ائمہ و علماء انفرادی طور پر اپنا نقطۂ نظر بیان کرتے رہے مگر یہ تمام مسلک اہل سنت کے بنیادی عقائد میں متفق اللفظ تھے لیکن رفتہ رفتہ گروہ بندی کا دائرہ عمل اور ردعمل کے تاریخی جبر کے باعث بڑھتا رہا۔ مرجیہ، اباضیہ، شیعہ، خوارج اور معتزلہ میں بے شمار فرقے پیدا ہوئے اور ان میں مسلسل اضافہ ہوتا رہا ایک مختصری تحقیق کے مطابق پانچویں صدی ہجری تک ان مکاتب فکر میں بے شمار فرقے تھے خوارج کے فرقوں کی تعداد ۴۱ سے اوپر ہے اور معتزلہ جو اسلامی تاریخ میں علم، عقل، دانش، سائنس، جدیدیت کے سب سے بڑے علمبردار سمجھے جاتے تھے اور خرد افروزی کی تحریک کے بانی تھے ان کے فرقوں کی تعداد بھی ۵۲ سے زیادہ تھی اور سب سے زیادہ تشدد اسی معتزلہ فرقے نے کیا جو جدیدیت کا سب سے بڑا علمبردار تھا مگر اس تشدد کے نتیجے میں اہل سنت نے صرف صبر اور توقف کا دامن تھاما اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ صرف ستر برس کے عرصے میں معتزلہ کا وجود مٹ گیا اہل سنت دوبارہ افق پر طلوع ہوئے اب معتزلہ کی کتابیں بھی تاریخ کے دفتر میں دستیاب نہیں ہیں استبداد اور آمریت اپنے ہاتھوں اپنی لحد کھودتی ہے اور خود اس میں ہمیشہ کے لیے اتر جاتی ہے یہی صورت حال دہلی، قرامطہ اور فاطمیین مصر کے عہد میں وجود پذیر ہوئی خانہ کعبہ سے حجر اسود اکھاڑ کر لے جایا گیا اور عالم اسلام میں تقریباً ساٹھ برس تک اہل سنت کے مدارس مکمل طور پر بند رہے اس کے جواب میں صبر اور عزیمت کی راہ اختیار کی گئی اور پھر تاریخ کا سفر صحیح سمت میں شروع ہوگیا۔

اہل قبلہ میں کوئی کافر نہیں ہے:

امام ابو حنیفہؒ نے ''الفقہ اکبر'' میں کفر و اسلام کے جو پیمانے مقرر کیے وہی پورے عالم اسلام کی میراث بن گئے۔ ان سے پہلے بھی اس امت کی اکثریت کا عمل اسی پر تھا مگر اس عمل کو باقاعدہ تحریری پیکر عطا کرنے کا سہرا حضرت امام ابو حنیفہؒ کے سر ہے۔ ''الفقہ اکبر'' میں انھوں نے جو توازن اعتدال دلائل کی صورت میں پیش فرمایا اسی کا نتیجہ تھا کہ یہ امت کئی صدیوں تک افتراق کے عمل سے خالی رہی۔ اس توازن و اعتدال کی بنیاد پر خوارج، معتزلہ جیسے فرقوں کو بھی کافر، غیر مسلم، مشرک، ملحد، مرتد کے القابات سے نوازا نہیں گیا۔ اسی مسلک اعتدال کے باعث اس امت کی چودہ سو سالہ تاریخ میں کبھی شیعہ مکتب فکر کو غیر مسلم قرار نہیں دیا گیا۔ حالاں کہ بنیادی عقائد، معاملات اور مصادر شریعت کے سلسلے میں اہل تشیع سے بنیادی اختلافات کے باوجود اس امت نے متفقہ طور پر اہل تشیع کو ہمیشہ دائرہ اسلام میں داخل سمجھا۔ حدود حرم میں کبھی ان کا داخلہ ممنوع نہیں قرار دیا گیا۔ اہل تشیع کی مساجد سے بلند ہونے والی اذان جس کے اختتامی کلمات میں حضرت علیؓ کے خلیفہ بلافصل ہونے کا اعلان کیا جاتا ہے ان کلمات پر بھی کبھی پابندی عائد نہیں کی گئی۔ امویوں اور عباسیوں کے دور حکومت میں آل علیؓ نے مختلف مواقع

پر خلفائے وقت کے خلاف اٹھے خروج کیے [تاریخ طبری جمہرۃ الانصاب[1] العرب لابن حزم تاریخ ابن کثیر] یہ مسلسل خروج اس بات کی علامت ہیں کہ اس عہد میں تلوار اٹھانے کی بھی اجازت رہی اگر یہ اجازت نہ ہوتی تو اٹھے خروج کیسے ممکن ہوتے۔ خانہ کعبہ اور مسجد نبوی جو مسلمانوں کی اجتماعیت، سادگی اور بے ریا طرز زندگی کے آئینے ہیں ان کی حدود میں کبھی کسی شخص کو ایک ہی طریقے سے عبادت کے لیے مجبور نہیں کیا گیا۔ یہ اللہ اور اس کے محبوب کا دربار ہے، یہاں حاضری اور حضوری اللہ اور عبد کا براہ راست معاملہ ہے، لہٰذا کوئی کسی کی عبادت میں مخل نہیں ہوتا۔ ہر فرد اپنی روحانی دنیا میں محصور اللہ سے ہم کلام ہے، اس ہم کلامی کے مناظر حدود حرم اور صحن مسجد نبوی میں شب و روز دیکھے جا سکتے ہیں۔ امت مسلمہ کی تاریخ میں کبھی بھی نہ تو شیعہ مساجد و مدارس پر کوئی پابندی عائد کی گئی۔ نہ ان کی کتب کی اشاعت ممنوع قرار پائی گئی۔ نہ ان کی مجالس کے معاملات پر کوئی قدغن عائد کی گئی یہ وسعت فراخ دلی رحمت العالمین کی امت کی معراج ہے اور اسے آج کے حالات میں بھی اسی طرح قائم و دائم رکھنا دین اور ایمان کا تقاضہ ہے۔

حضرت امام ابوحنیفہؒ کے زمانے میں خوارج عروج پر تھے امت مسلمہ کی تاریخ میں خوارج سے زیادہ بد تر کوئی فرقہ پیدا نہیں ہوا جس نے امت مسلمہ کے دو جلیل القدر اصحاب اہلسنت حضرت علیؓ اور حضرت امیر معاویہؓ کو کافر قرار دیا ان کا خون حلال ٹھہرایا اور پوری امت مسلمہ کو کافر و مشرک بنا دیا تاریخ کے کسی دور میں خوارج جیسا فرقہ دوبارہ ظہور پذیر نہیں ہوا مگر امت مسلمہ کے ان دونوں جلیل القدر اور عظیم الشان بزرگوں حضرت علیؓ اور حضرت امیر معاویہؓ نے اس کے جواب میں نہ تو خوارج کو کافر و مشرک قرار دیا نہ ان کے مال و اولاد کو کسی مسلمان کے لیے حلال ٹھہرایا نہ خوارج کو امت مسلمہ سے الگ کوئی فرقہ قرار دیا بلکہ ان کو وہی حقوق دیے گئے جو امت مسلمہ کے ہر فرد کو حاصل تھے خوارج نے کئی بار قتل کی دھمکی دی مگر اس کے جواب میں حضرت علیؓ نے فرمایا دھمکی ہے عمل تو نہیں کیا۔

خوارج نے حضرت علیؓ و حضرت معاویہؓ کو کافر قرار دیا:

حضرت علیؓ اور حضرت معاویہؓ کا خوارج کے بارے میں متفقہ مسلک یہی تھی کہ کلمہ گو مسلمان ہیں لہٰذا ان کو وہ تمام حقوق حاصل ہوں گے جو امت مسلمہ کے ایک فرد کے طور پر دوسروں کو حاصل ہیں ان کے مساجد میں داخلے پر کوئی پابندی نہیں ہوگی ان کی شر انگیز کارروائیوں کے باوجود ان کے خلاف کبھی ہتھیار اٹھانے میں پہل نہیں کی جائے گی اگر وہ حملہ آور ہوں تو صرف دفاع کیا جائے گا اور جیسے ہی دفاع کامیاب ہو جائے ہتھیار رکھ دیے جائیں گے ان کے مخصوص علاقوں میں جاسوسی کا کوئی نظام کبھی قائم نہیں کیا گیا نہ ہی ان کی مساجد پر پہرے بٹھائے گئے اور نہ انھیں تقریر و تحریر سے روکا گیا ان کی مساجد میں حضرت علیؓ اور حضرت معاویہؓ کو کافر و مشرک کہا گیا ان کے قتل کی سازشیں تیار ہوئیں اسلامی حکومت پر کئی حملے ہوئے مگر حضرت علیؓ اور حضرت معاویہؓ نے کبھی اقدام کر کے اس گروہ کی سرکشی کی سرکوبی نہیں کی یہ اس امت کا وہ عمل ہے جس پر آج بھی عمل کر کے ہم فرقہ واریت کے مسئلے کو

[1] جمهرة الانساب العرب ..ابن حزم اندلسی:صحیح:جمهرة الانصاب:غلط

لمحوں میں حل کر سکتے ہیں۔حضرت علیؓ اور حضرت معاویہؓ کی اس مشترکہ روایت کو امام ابوحنیفہؒ نے ایک جملے میں سمو کر کفر و اسلام کا فرق واضح فرما دیا۔آپ نے کہا کہ جو قبلہ رخ ہو کر نماز پڑھتا ہے اور ہمارا ذبیحہ کھاتا ہے وہ ہم میں سے ہے۔اس اصول کے تحت فرقہ بندی اختلاف،نفرت،تشدد کا آج بھی لمحوں میں خاتمہ ممکن ہے دہشت گردی کی وارداتوں کو مدارس سے جوڑنے والے جدیدیت پسند پندرہ سو سال میں اہل سنت کے کسی کے مدرسے کا کوئی فتویٰ نہیں دکھا سکتے جس میں اہل تشیع کے خون کو مباح قرار دیا گیا اور لوگوں کو ان کے قتل پر اکسایا گیا ہو آج بھی دنیا کے کسی مدرسے سے ایسا فتویٰ نہیں لیا جا سکتا۔

امام اعظم امام ابوحنیفہؒ نے خوارج،شیعہ،معتزلہ،مرجیہ کے معاملے میں جو علمی استدلال اختیار کیا اور اہل سنت والجماعت کا عقیدہ اور مسلک جس عظمت کے ساتھ ''الفقہ الاکبر'' میں بیان کیا یہ ایک معرکہ آرا کام ہے اس کام کی تفصیلات آپ اس شمارے میں پڑھ سکتے ہیں عصر حاضر کے تمام مسالک و مکاتب فکر کے فرقہ وارانہ اختلافات کا حل ''الفقہ الاکبر'' کے ذریعے تلاش کیا جا سکتا ہے جس میں تمام بنیادی اختلافی مباحث کے مدلل جوابات تحریر کیے گئے ہیں۔

اس امت کی وسعت فراخی اور عظمت کا اندازہ محض اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ امام بخاریؒ جیسے جلیل القدر محدث عالم نے جن کی کتاب بخاری اصح الکتاب بعد القرآن سمجھی جاتی ہے۔تاریخ صغیر میں امام ابوحنیفہؒ کے انتقال سے متعلق جو روایت درج کی ہے وہ احناف کے لیے سخت قابل اعتراض ہے۔لیکن اس روایت کے باوجود احناف کے کسی مدرسے میں بخاری کی تعلیم و تدریس پر قدغن عائد نہ کی گئی۔کبھی امام بخاریؒ پر تبرّیٰ نہیں کیا گیا بلکہ ان کا ذکر اور احترام امام ابوحنیفہؒ سے بھی زیادہ کیا جاتا ہے۔امام بخاریؒ کی اس سخت روایت کے باوجود آج تک کسی حنفی عالم یا فقیہہ نے امام بخاریؒ کی اس روایت پر تنقید کی نہ گفتگو،اس کی وجہ یہی ہے کہ امام بخاریؒ کا جو عظیم الشان کام ہے اس کے مقابلے میں اس نقد کی کوئی اہمیت نہیں رہتی۔یہ وسعت یہ فراخی اس امت کی میراث ہے۔

دیوبندی،بریلوی،شیعہ مسئلہ بہت ہی معمولی نوعیت کا مسئلہ ہے اصلاً پہلے دونوں مکاتب فکر فقہ حنفی کے پیروکار ہیں مگر بعض تاریخی غلط فہمیوں اور بعض تاریخی حادثات کے باعث دونوں گروہ ایک دوسرے سے فاصلے پر کھڑے ہو گئے ہیں حیرت انگیز بات یہ ہے کہ عقائد کے معاملات میں دونوں گروہوں کی کتابیں اور مسائل یکساں ہیں دیوبندی،بریلوی اختلافات کو رفع کرنے کی عظیم الشان کوشش سلطان المشائخ حضرت امداد اللہ مہاجر مکیؒ کا رسالہ ''فیصلہ ہفت مسئلہ'' ہے اصلاً یہ رسالہ دیوبندی مکتب فکر میں پیدا شدہ اضطراب اور اختلاف کو رفع کرنے کے لیے تحریر کیا گیا تھا اختلاف کرنے والے بعض اہل دیوبند کا کم و بیش وہی موقف تھا جو اب تاریخی طور پر بریلوی حضرات کا موقف قرار پا چکا ہے اس لیے دیوبندی بریلوی اختلافات کا عمدہ ترین حل حضرت مہاجر مکیؒ کا رسالہ ''ہفت مسئلہ'' ہے۔جس میں تنازعات کو طے کرنے کا وہ طریقہ بتایا گیا ہے جس کو اختیار کر کے آج بھی دیوبندی،بریلوی

اختلافات لمحوں میں طے کیے جاسکتے ہیں۔

مختلف مسالک اور مکاتب فکر کے جید علماء نے کفر و اسلام کی جو حدود متعین کی ہیں اور ان مسالک میں اختلافات کی حقیقت پر روشنی ڈالی ہے اس کی تفصیلات آپ کان عنوانات کے تحت مطالعے کے لیے پیش کی جارہی ہیں:

[۱] اہل قبلہ میں کوئی کافر نہیں [۲] مسلمانوں میں مذہبی اختلافات کے اسباب [۳] فرقہ وارانہ تنازعات میں اعتدال کی راہ [۴] اصحاب حدیث اور اصحاب فقہ کا اختلاف [۵] مذاہب فقہ اور اہل حدیث میں کوئی اصولی اختلاف نہیں [۶] فرقہ واریت: فتوی نویسی [۷] صدر اول میں اجتہاد کا طریقہ [۸] تقلید جامد ائمہ اربعہ کا کردار [۹] اسلامی ریاست میں گمراہ فرقوں کے مقام و مرتبے کے اصول [۱۰] عصر حاضر میں جہاد و خروج کی حکمت عملی [۱۱] خروج کے سلسلے میں امام ابوحنیفہؒ اور فقہ احناف کا مسلک [۱۲] خروج کی تاریخ وار تفصیلات [۱۳] پر تشدد تحریک کے ضمن میں مولانا مودودیؒ کا موقف اور اس کی اہمیت۔

ایمان کا تقاضہ یہ ہے کہ ہر مسلمہ مکتب فکر ہر مسلک ہر تحریک اور ہر دینی جماعت کا یکساں احترام، ان سب سے یکساں محبت رکھی جائے، کسی گروہ کو کسی دوسرے گروہ پر تفوق نہ دیا جائے۔ بلکہ ان تمام گروہوں کے کاموں میں تطبیق پیدا کرنے کی کوشش کی جائے کیونکہ تفوق فرقہ واریت کی جانب لے جاتا ہے اور تطبیق پیدا کرنے کا عمل وحدت امت کی سمت سفر کو تیز کر دیتا ہے ہم اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ تبلیغی جماعت ہو یا دعوت اسلامی اہل دیوبند ہوں یا اہل بریلوی، جماعت اسلامی ہو یا جماعت شاہ ولی اللہ، جماعت اہل حدیث ہو یا دیگر مسلمہ مکاتب فکر [اپنی کمزوریوں، خامیوں کے باوجود جن میں اصلاح کی ضرورت ہے] ان کی نیت میں کسی شک و شبہے کی گنجائش نہیں یہ سب اپنے اپنے دائروں میں نہایت قیمتی اور نفیس کام کر رہے ہیں۔ ہر ایک نے اپنے لیے خاص دائرہ منتخب کیا ہے اور اسی دائرے میں محو سفر ہے، زندگی بے شمار دائروں کا سفر ہے لہٰذا ہر دائرے کی اہمیت ہے۔ تفسیر، حدیث، فقہ، تعلیم، تدریس، خطابت، تبلیغ، تلقین، جہاد، سیاست غرض ہر دائرہ امت کے کام کا دائرہ ہے کسی نے کسی دائرے میں اختصاص کیا ہے تو اس سے اس کی عظمت کم نہیں ہوتی۔ یہ دائرے مل کر ایک بہت بڑے دائرے کی تکمیل کرتے ہیں جس کا نام امت ہے، لہٰذا ان تحریکوں، جماعتوں کو تفریق کے بجائے تطبیق کا راستہ اختیار کرنا چاہیے۔ ایک کی کمی دوسرا دائرہ پوری کرتا ہے اس طرح یہ دائرے ایک ہی سمندر کی موجیں، ایک ندی کی لہریں ایک آسمان کے ستارے، ایک مسجد کے منارے اور ایک دریا کے کنارے بن جاتے ہیں جو بظاہر الگ بھی ہوں تو اصلاً ایک ہی ہوتے ہیں۔ دیکھنے میں متوازی نظر آتے ہیں لیکن ان کی اساس اور ان کی منزل ایک ہوتی ہے۔ جس کے نتیجے میں اس بات کا امکان ہے کہ ایسا اجتہاد وقوع پذیر ہو سکے۔ جو امت کے اختلاف کا دائمی خاتمہ کر دے۔

امت کا مسلک: اہل قبلہ میں کوئی کافر نہیں!

ہمارے اسلاف کسے کافر سمجھتے ہیں

حضرت علیؓ: اختلاف خلافت کی حقیقت:

"ایک یہودی نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا کہ آپ لوگوں نے تو ابھی اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دفن بھی نہ کیا تھا کہ اُمت میں فساد برپا ہوگیا تھا۔ کوئی جدیدیت پسند ہوتا تو کہہ دیتا واقعی ہمارا دین تو اسی روز ختم ہوگیا تھا۔ رسالت مآب کی تجہیز و تکفین سے پہلے ہی وحدت امت کی تجہیز و تکفین ہوگئی تھی، امت تو اسی روز منتشر ہوگئی تھی لیکن حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا اور کیا خوب فرمایا کہ ہمارا اختلاف پیغمبر کے بارے میں نہیں ہوا بلکہ ان سے منسوب روایات کے بارے میں ہوا۔ کسی کو یہ کہنے کی جرأت نہیں ہوئی کہ نعوذ باللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جھوٹے ہیں۔ سب لوگ ایمان پر قائم رہے۔ اختلاف روایات کے فہم پر تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت پر نہیں۔ گویا لوگوں نے حدیث کی تشریح میں اختلاف کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کے برحق ہونے پر کوئی اختلاف پیدا نہیں ہوا۔ یہودی کے الزام کو رد فرمانے کے ساتھ ساتھ آپ رضی اللہ عنہ نے یہودیوں کو بھی آئینہ دکھایا اور کہا تم ذرا اپنے گریبان میں تو جھانک کر دیکھو۔ فرعون کی غرقابی کے بعد تمہارے پاؤں سے بحیرۂ قلزم کا پانی ابھی خشک نہیں ہوا تھا خود حضرت موسیٰ علیہ السلام تمہارے درمیان موجود تھے کہ تم نے ایک قوم کو بچھڑے کی پوجا کرتے دیکھ کر حضرت موسیٰ علیہ السلام سے تقاضا شروع کر دیا کہ ہمیں بھی ایسا خدا بنا کر دو جس طرح کا ان لوگوں کا ہے۔ یہ مطالبہ کر کے نہ صرف تم دین سے پھر گئے تھے بلکہ توحید کو بھی خیرباد کہہ دیا تھا۔

وَقَالَ لَهُ بَعْضُ الْيَهُودِ: مَا دَفَنْتُمْ نَبِيَّكُمْ حَتَّى اخْتَلَفْتُمْ فِيهِ فَقَالَ لَهُ: إِنَّمَا اخْتَلَفْنَا عَنْهُ لَا فِيهِ. وَلَكِنَّكُمْ مَا جَفَّتْ أَرْجُلُكُمْ مِنَ الْبَحْرِ حَتَّى قُلْتُمْ لِنَبِيِّكُمْ اجْعَلْ لَنَا إِلَهًا كَمَا لَهُمْ آلِهَةٌ قَالَ إِنَّكُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُونَ.

[نہج البلاغہ مع شرح الشیخ محمد عبدہٗ الجزء الثانی ص ۱۱]

اختلاف کے اسباب: صحابہ کرام میں:

حدیثوں کے بارے میں اختلافات صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے درمیان بھی تھے۔ اس کی ایک مثال شیخین [بخاری و مسلم] کی یہ روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا خیال تھا کہ اگر جنبی کو غسل کے لیے پانی نہ ملے تو وہ تیمم سے پاک نہیں ہو سکتا لیکن حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ وہ ایک دفعہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمسفر تھے انہیں غسل کی حاجت ہو گئی پانی میسر نہ ہو سکا تو انھوں نے مٹی میں لوٹ پوٹ لگائی بعد میں رسول اکرم صلی اللہ وآلہ وسلم سے اس عمل کا تذکرہ کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارا صرف اس قدر کر لینا کافی تھا [یہ کہتے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دونوں ہاتھ زمین پر مارے اور چہرہ مبارک اور ہاتھوں پر مسح کیا لیکن حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ کے اس بیان کو تسلیم نہیں کیا۔ یہ روایت ان کے نزدیک دلیل نہ ٹھہری۔ اگرچہ بعد کے زمانہ میں بکثرت طریقوں سے یہ حدیث مشہور ہو گئی اس کے ضعیف ہونے کا وہم ماند پڑ گیا اور لوگ اس پر عمل پیرا ہو گئے۔

اختلاف کا ایک سبب یہ بھی ممکن ہے کہ صحابی تک کوئی حدیث پہنچی ہی نہ ہو۔ مثلاً امام مسلم رحمۃ اللہ کی یہ روایت کہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما عورتوں کو یہ حکم دیتے تھے کہ غسل کرتے وقت وہ اپنے بال کھولیں۔ جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ سنا تو تعجب فرمایا اور کہا کہ عبداللہ ابن عمرو رضی اللہ عنہ عورتوں کو بال کھولنے کا حکم دیتے ہیں وہ کیوں نہیں کہتے کہ عورتیں بال ہی منڈوا لیں۔ حالاں کہ میں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک ہی برتن سے غسل کرتے تو میں اس کے سوا کچھ نہ کرتی کہ اپنے بالوں پر تین دفعہ پانی بہا لیتی امام زہری رحمۃ اللہ نے ذکر کیا ہے کہ ہند رضی اللہ عنہ کو یہ علم نہ تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے استحاضہ کی حالت میں بھی نماز پڑھنے کی اجازت دے دی ہے۔ اس لیے وہ اس حالت میں نماز نہ پڑھتیں اور ترک نماز کے غم سے رویا کرتیں۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں اختلافات کی ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ صحابۂ کرام نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایک عمل کرتے دیکھا۔ لیکن اس عمل کی حیثیت کے تعین میں اختلاف ہو گیا بعض نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس فعل کو کار ثواب خیال کیا اور بعض نے ایک امر جائز سمجھا مثلاً تحصیب [وادیٔ محصب میں نزول]

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سفر حج کے دوران ابطح کی وادی میں قیام فرمایا: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وہاں قیام کرنا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک تو کار ثواب ٹھہرا اور انھوں نے اسے حج کی سنتوں میں شمار کیا جب کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے نزدیک وہاں اترنا ایک اتفاقی امر تھا نہ کہ کسی ثواب کی خاطر۔

ان واقعات کو پیش کرنے کا مقصد یہ ہے کہ آپ کو بتایا جائے کہ بظاہر اصحاب رضی اللہ عنہم کے درمیان انتہائی بُعد کے باوصف کسی نے دوسرے کو کافر تو کجا گمراہ اور جاہل بھی نہ کہا لیکن آج کل ہمارا رویہ جارحانہ ہوگیا ہے۔

کیا یہ رویہ آج ممکن ہے؟

مولانا یوسف بنوری رحمۃ اللہ علیہ نے "معارف السنن" میں ایک واقعہ درج کیا ہے ایک روز قاضی ابو عاصم حنفی رحمۃ اللہ نماز مغرب کے لیے جارہے تھے وہ القفال شافعی رحمۃ اللہ کی مسجد میں داخل ہوگئے جن سے مختلف مسائل کے بارے میں ان کے مباحثے اور مناظرے ہوا کرتے تھے۔

القفال شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے قاضی ابو عاصم حنفی رحمۃ اللہ کو مسجد میں داخل ہوتے دیکھا تو مؤذن سے کہا کہ آج اذان ترجیع کے بغیر [جس میں کلمات کو واپس دہرایا جاتا ہے] حنفی طریقے سے دی جائے اذان کے بعد علامہ القفالؒ شافعی نے ابو عاصم حنفی رحمۃ اللہ سے نماز پڑھانے کی درخواست کی تو ابو عاصم حنفی رحمۃ اللہ نے رفع یدین وغیرہ کے ساتھ شافعی طریقہ کے مطابق نماز پڑھائی۔

وحدت امت: ضروری ہے

حدیثِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مطابق مسئلہ یہ ہے کہ آپ نے چاند دیکھ لیا مہینہ انتیس تاریخ کو ختم ہوگیا لیکن دوسرے مسلمانوں نے چاند نہیں دیکھا۔ قاضی کو بھی اعتبار نہیں آیا۔ اور اس نے حکم دے دیا کہ روزہ رکھو تو عید کا چاند اپنی آنکھوں سے دیکھ لینے کے باوجود وحدتِ امت کی خاطر آپ کو بھی دوسرے مسلمانوں کے ساتھ روزہ رکھنا ہوگا۔ اس کے برعکس اگر روزہ افطار کرنے کا حکم دیا جائے تو افطار کرنا ہوگا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔

الصوم یوم تصومون والفطر یوم تفطرون والاضحی یوم تضحون [1]

[سلسلة الاحاديث الصحيحة للالباني، ج ۱، حديث ۲۲۴، ص ۳۸۹]

"جس دن دوسرے مسلمان روزہ رکھیں، تم بھی رکھو، اُس وقت روزہ کھول دو جب دوسرے افطار کریں۔ جس روز لوگ قربانی کریں تم بھی کرو"۔

گویا اگر اسلامی حکومت نے روزہ رکھنے کا اعلان کردیا ہے تو روزہ رکھو خواہ تم نے چاند اپنی آنکھوں سے نہ دیکھا ہو اور اس وقت روزہ کھول دو جب دوسرے افطار کریں اور لوگوں کے ساتھ ہی قربانی کریں۔ اصل مقصد وحدتِ اُمت اور اطاعتِ خداوندی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُمت کو تحیر رکھنے اور انتشار سے بچانے کے لیے جماعتی حکم پر عمل کرنے کی تاکید فرمائی اجتماعی عبادتوں میں جمہور مسلمانوں کا ساتھ دینا وحدتِ اُمت کو برقرار رکھنے کے لیے ناگزیر ہے۔

۱۔مجھے جامعی صاحب کی حوالہ کردہ حدیث سلسلہ کے اوردو ترجمہ میں حدیث عدد ،جلد عدد اور صفحہ عدد کے لحاظ سے نہیں ملی ہے،شاید انکے زیر نظر کونی عربی نسخہ ہوگا،مگر بحرحال حدیث صحیح اور مشہور طور پر ثابت ہے۔معج

اختلافات کے باوجود ایک دوسرے کے پیچھے نماز:

صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اختلافات کے باوجود ایک دوسرے کے پیچھے بہ خوشی نماز پڑھ لیتے تھے کیوں کہ انہیں اُمت میں انتشار مطلوب نہ تھا وہ اس اختلاف کو رسالت مآبؐ کے الفاظ میں فی الاصل رحمت سمجھتے تھے اور اس اختلاف میں وسعت دیکھتے تھے۔ فہم اختلاف کے فطری عمل کو صحابہ کرام اچھی طرح سمجھتے تھے لہٰذا یہ اختلاف ان کی محبت اور مودت میں کسی کمی کے بجائے اضافے کا سبب بنتا تھا۔ مثلاً بعض صحابہ رضی اللہ عنہم کا فتویٰ تھا کہ وضو کر لینے کے بعد بالغ عورت کو ہاتھ لگ جانے پر وضو ٹوٹ جاتا ہے خواہ وہ ماں بہن ہی کیوں نہ ہو اور نیت کیسی بھی ہو اس طرح شرم گاہ کو چھو لیا تو وضو جاتا رہا جسم کے کسی حصے سے خون بہہ نکلا وضو ساقط ہو گیا حتیٰ کہ بعض اونٹ کا گوشت کھا لینے کے بعد تجدید وضو کو ضروری گردانتے تھے لیکن ان کے برعکس بعض صحابہ کے خیال میں ان اعمال کے سرزد ہونے کی صورت میں وضو پر کوئی اثر نہ پڑتا تھا۔ جن کا خیال تھا کہ ان اعمال سے وضو ٹوٹ جاتا ہے وہ وضو کر لیتے تھے اور جن کا خیال اس کے برعکس تھا وہ دوبارہ وضو کو ضروری نہ سمجھتے تھے لیکن ایک دوسرے کے پیچھے نماز بہ خوشی پڑھتے تھے۔ انھیں کوئی تردد نہیں ہوتا تھا۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سفر میں پوری نماز پڑھا کرتے تھے یعنی ظہر، عصر اور عشاء کی چار رکعات پڑھتے تھے بعض صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم دوگانہ ادا کرتے تھے اگر امام چار پڑھانے والا ہوتا تو سب چار پڑھ لیتے۔ اور اگر امام دوگانہ نماز پڑھا رہا ہوتا تو چار رکعتوں کا موقف رکھنے والے اس کے پیچھے نماز پڑھ لیتے۔ یہ اختلاف ان لوگوں کو ایک دوسرے کے پیچھے نماز پڑھنے سے نہ روکتا تھا اور وہ اپنی نماز کو درست سمجھتے تھے۔

امام ابو داؤد روایت کرتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہٗ نے منیٰ میں چار رکعت نماز ادا کی دوگانہ نہیں پڑھا حالانکہ حج کے موقع پر حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عمر اور خود حضرت عثمان رضی اللہ عنہم دوگانہ پڑھتے تھے۔ بعد میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے چار پڑھنا شروع کر دی۔ دیگر صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم حسب سابق قصر ہی کرتے رہے۔

تاہم جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھنے کا موقع آیا تو انھوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں چار رکعتیں ہی پڑھیں پوچھنے والے نے بظاہر اس تضاد کے بارے میں دریافت فرمایا تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا۔ اُمت میں اختلاف پیدا کرنا شر ہے چار کیا؟ دو کیا؟ ان کا مسلک اپنی جگہ میرا اپنی جگہ لیکن اس اختلاف کو وجہ انتشار بنانا درست نہیں۔

امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی مسند میں نقل کیا ہے کہ حضرت عثمانؓ کے عمل سے اختلاف کے باوجود حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں چار رکعتیں ہی پڑھیں۔ صحابۂ

کرامؓ کے تعامل کے بارے میں اصل عبارت درج ذیل ہے۔

الا تری ان الصحابة رضی اللہ عنہم کان
یصلی بعضہم وراء بعض وفیہم من یری ان مس
المرأة والعضو وخروج الدم من نواقض الوضوء
ومنہم من لا یری ذلک، ومنہم من یتم فی السفر
ومنہم من یقصر، فلم یکن اختلافہم ہذا وغیرہ
لیمنعہم من الاجتماع فی الصلاة وراء الامام الواحد
والاعتداد بہا وذالک لعلمہم بان التفرق فی الدین
شر من الاختلاف فی بعض الآراء، ولقد بلغ الامر
ببعضہم فی عدم الاعتداد بالرای المخالف
لرای الامام الاعظم فی المجتمع الاکبر
کمنی الی حد ترک العمل برایہ اطلاقاً فی ذلک
المجتمع فرارا مما قد ینتج من الشر بسبب العمل
برایہ فروی ابوداؤد (۱/۳۰۷) ان عثمان رضی اللہ
عنہ صلی بمنی اربعاً فقال عبداللہ بن مسعود
منکرا علیہ: صلیت مع النبی صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم رکعتین ومع ابی بکر رکعتین ومع عمر
رکعتین ومع عثمان صدراً من امارتہ ثم اتمہا
ثم تفرقت بکم الطرق فلوددت ان لی من اربع
رکعات رکعتین متقبلتین، ثم ان ابن مسعود صلی
اربعا! فقیل لہ عبت علی عثمان ثم صلیت اربعاً!
قال: الخلاف شر، وسندہ صحیح وروی احمد

(۱۵۵/۵) نحو هذا عن ابی ذر رضی اللّٰہ عنہم اجمعین۔
فلیتأمل فی ھذا الحدیث وفی الاثر المذکور اولئک الذین لا یزالون یتفرقون فی صلواتھم ولا یقتدون ببعض ائمۃ المساجد وخاصۃ فی صلاۃ الوتر فی رمضان بحجۃ کونھم علی خلاف مذھبھم وبعض اولئک الذین یدعون العلم بالفلک ممن یصوم ویفطر وحدہ متقدماً او متاخراً عن جماعۃ المسلمین معتدا برایہ وعلمہ، غیر مبال بالخروج عنھم فلیتامل مولاء جمیعاً فیما ذکرناہ من العلم لعلھم یجدون شفاءً لما فی نفوسھم من جھل وغرور۔

[سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ للالبانی ج۔۱، حدیث ۲۲۴، ص ۳۹۱ تا ۳۹۳]

نماز وحدت امت کی علامت:

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بالخصوص حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ کے طرز عمل پر ان لوگوں کو غور کرنا چاہیے جو مختلف فقہی مسالک کا بہانہ بنا کر ایک دوسرے کے پیچھے نماز نہیں پڑھتے اور امتشار کو ہوا دیتے ہیں۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے زیادہ دینی فہم رکھنے والا کون ہو سکتا ہے؟ ان کی عظمت کو تسلیم کرنے کے باوجود آج لوگ اُس راستے پر چلنے سے اجتناب کیوں کرتے ہیں جس راہ پر چل کر انھوں نے وحدت ملت کو پارہ پارہ ہونے سے بچایا۔ اگر وہ اختلافات کے باوجود ایک دوسرے کے پیچھے نماز پڑھ لینے میں کوئی حرج نہ سمجھتے تھے تو آج ہم فقہی مسالک کے اختلافات کو ہوا دے کر دین کی کون سی خدمت انجام دے رہے ہیں۔

مقتدی امام کی مکمل تقلید کرے:

مقتدی کو چاہیے کہ جس امام کے پیچھے نماز پڑھے اس کی پیروی کرے۔ اگر امام قنوت پڑھتا ہے [جس طرح حنفی اور حنبلی مسالک کے لوگ وتروں میں قنوت پڑھتے ہیں] تو قنوت پڑھے اور اگر امام قنوت نہیں پڑھتا [شافعی لوگ رمضان کے آخری پندرہ دنوں میں پڑھتے ہیں مالکی سال بھر میں ایک دن بھی وتر میں قنوت نہیں پڑھتے] اور آپ اس کے پیچھے نماز پڑھ رہے ہیں تو قنوت ترک کر دیں۔ فساد برپا نہ کریں۔ کیونکہ یہ طریقہ کار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے زمانہ سے چلا آ رہا ہے۔

۱۔ سید صاحب نے اس تحریر میں اختلاف فقہ کے باوجود نماز کا مشورہ دیا ہے مگر، انھونے اللہ جانے اپنے رجحانات یا پھر غیر قصداً تقلید کا لفظ استعمال کیا ہے، حلانکہ اس بحث میں کہیں نماز کے لئے تقلید کا لفظ نہیں آیا ہے، خود انکی نقل کردہ عربی عبارت میں بھی یہ لفظ نہیں آیا ہے، انھونے جو بحث کا حوالہ دیا وہاں یہ حدیث وہ بحث علامہ البانی کی مجھے نہیں مل سکی، مگر بحرحال اس موضوع کی حدیث مجھے بخاری میں مل گئی(۶۸۹) جس میں کہا گیا ہے کہ: انما جعل الامام لیوتم بہ فاذا صلی قایماً فصلو قیاماً۔ یعنی امام اس لئے مقرر کیا جاتا ہے کہ اسکا اتباع کیا جائے۔

خود انکے دی گئی عربی عبارت میں بھی آخر لفظ، یقتدون کو دیکھیں: صاحب حوالہ نے یہاں اقتدا و تقلد کو ہم معنی مترادف کے طور پر پیش کرکے حدیث کے معنی مفہوم میں ابہام پیدا کردیا ہے معج

شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ جن کے بارے میں مداہنت کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا اور سوچا بھی نہیں جاسکتا کہ وہ کسی مسئلہ کے بارے میں نرمی اختیار کریں گے۔فرماتے ہیں۔

ولهذا ينبغي للمأموم ان يتبع امامه فيما يسوغ فيه الاجتهاد فاذا قنت قنت معه وان ترك القنوت لم يقنت فتاوی ابن تیمیہ ج۲۳

مقتدی کو چاہیے کہ جس امام کے پیچھے نماز پڑھے اس کی پیروی کرے۔اگر امام قنوت پڑھتا ہے [جس طرح حنفی اور حنبلی مسالک کے لوگ وتروں میں قنوت پڑھتے ہیں] تو قنوت پڑھے اور اگر امام قنوت نہیں پڑھتا [شافعی لوگ رمضان کے آخری پندرہ دنوں میں پڑھتے ہیں مالکی سال بھر میں ایک دن بھی وتر میں قنوت نہیں پڑھتے] اور آپ اس کے پیچھے نماز پڑھ رہے ہیں تو قنوت ترک کردیں۔فساد برپا نہ کریں۔کیونکہ یہ طریقہ کار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے زمانہ سے چلا آرہا ہے۔

وضو کا مسئلہ اور احترام مسلک:

حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا مسلک ہے جسم سے خون بہہ نکلنے پر بھی وضو باقی رہے گا۔امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا بھی یہی مسلک ہے۔البتہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ اور امام احمد بن حنبلؒ کے نزدیک وضو باقی نہیں رہے گا کسی نے امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ سے سوال کردیا کہ آپ کا عقیدہ ہے کہ خون بہہ نکلے تو وضو ٹوٹ جاتا ہے اگر کسی کا خون بہہ نکلا اس نے صاف کردیا لیکن دوبارہ وضو نہیں کیا تو آپ ایسے شخص کی اقتداء میں نماز پڑھیں گے؟

امام نے فرمایا کہ سید التابعین سعید بن مسیّب رحمۃ اللہ علیہ یا امام العصر امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نماز پڑھا رہے ہوں۔اور میں ان کی امامت میں نماز ادا نہ کروں؟ یہ کیسے ممکن ہے؟ میرا مسئلہ میرے لیے ان کا ان کے لیے لیکن میں ان کی اقتداء میں نماز ضرور پڑھوں گا۔

امام مالکؒ کا انکار:

امام مالک رحمۃ اللہ کا حوالہ اوپر آیا ہے اس سلسلہ میں یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ جب آپ نے چالیس سال کی محنت سے موطا جیسی گراں قدر کتاب تالیف فرمائی جس میں اہل حجاز کی قوی احادیث اور مستند اقوال اصحابہ فتاوی تابعین جمع کردیے اور اس کے بہترین فقہی ابواب قائم کیے۔تو خلیفہ وقت نے جب اس کے چند نسخے نقل کرا کے دوسرے شہروں اور ملکوں میں بھیجنے کا ارادہ کیا تا کہ لوگ اس فقہ پر عمل کریں اور پیدا شدہ اختلافات ختم ہوجائیں تو سب سے پہلے امام مالک رحمۃ اللہ ہی نے اس خیال کی مخالفت فرمائی اور فرمایا۔

۱۔جامعی صاحب نے یہاں پھر امام صاحب کی غلط ترجمانی فرمائی ہے،اتبع امام فی الصلواۃ کو تقلید مجتہد مخصوص میں بدلنے کا مغالطہ پیدا کیا ہے۔معج

۲۔اس عبارت میں بھی شیخ الاسلام نے لفظ یتبع امامہ استعمال کیا ہے،پھر آگے فیہ الجتھاد کہ کر اشارہ کیا ہے ان مقامات پر قنوت کی ادانیگی اور عدم ادانیگی پر فقہا نے اجتھاد کیا ہے،حیران کن بات ہے کہ سید صاحب دوسروں پر تصرف لفظی کرنے کا اشارہ کرتے ہیں جیسے شبلی کی ایک عبارت پر انھونے کیا،یہاں باوجود امت کا اتحاد انکے پیش نظر ہے،اور وہ فقہ میں اختلاف کی عدم اہمیت کی طرف اپنا رجحان ظاہر کر رہے ہیں،اور پھر ایسے متنازعہ الفاظ کو بروئے کار لا رہے ہیں جہاں اختلاف کے ساتھ ساتھ معنی مفہوم میں تصرف و نزاع پیدا ہورہا ہے۔معج

۔ امام ابن تیمیہؒ و ابن قیم نے اس موضوع پر تفصیل سے بحث کی ہے،میں بس دو جملے نقل کرتا ہوں:ایک جگہ لکھتے ہیں کہ صرف نبیؐ کا اتباع کرنا اورکسی کا تباع نہیں کرنا چاہئے۔دوسری جگہ فرماتے ہیں کہ مجتہد کو بس شرعی دلیل کا اتباع کرنا ضروری ہے،اور شرک کے جایز ہونے پر کوئی دلیل نہیں ہے۔اور شیخ کی کل بحثوں میں شرک کو سرے سے اہمیت ہی نہیں دی گئی ہے،اور اسکے یا بدعات کے سبب عقیدہ کی خرابی اور دین کی خرابی سے وہ پہلو بچاتے ہیں۔

،فقہ الاحکام من فتاوی شیخ الاسلام مکتبہ اسلامیہ۔لاہور۔صہ:۲۷۸،۶۱

''امیر المومنین! آپ ایسا نہ کریں لوگوں تک بہت سی باتیں اور احادیث و روایات پہنچ چکی ہیں اور ہر جگہ کے لوگ ان میں سے کچھ کو اپنا چکے ہیں۔ جس سے خود ہی فقہی اختلاف رونما ہو چکا ہے اور اب اس اقدام سے مزید اختلافات پیدا ہو جائیں گے اس لیے انھوں نے اپنے لیے جو اختیار کر لیا ہے اسی پر انہیں آپ چھوڑ دیں اور ایسا ہی ہوا کسی ایک فقہ کو تمام امت پر مسلط کرنے کی یہ تجویز امام مالک رحمۃ اللہ کے مشورہ پر خلیفہ وقت نے خود ہی رد کر دی۔

[اسلام میں اختلاف کے اصول و آداب مصنفہ ڈاکٹر طٰہٰ جابر فیاض العلوانی مترجم ایم اختر ص ۱۰۸، ۱۰۹]

نمازوں میں اختلافات مسائل کی حقیقت: اہل حدیث مسلک

فقہی اختلافات کے سلسلہ میں مسلک اہلحدیث کے متبحر عالم حافظ محمد گوندلوی رحمۃ اللہ فروعی اختلافات کی حقیقت کے عنوان کے تحت فرماتے ہیں۔

''یہاں یہ سوال اٹھایا جا سکتا ہے اگر تبدیلی ممکن نہیں تو پھر یہ اختلاف کیسے ظہور پذیر ہوا۔ جو آج ہم دیکھتے ہیں مسلمان مختلف مکاتب فکر کے پیرو ہیں اسی نماز ہی کو دیکھ لیں اس میں کوئی آمین بالجہر کا قائل ہے تو کوئی آہستہ آمین کہنے پر مُصر ہے کسی نے حالت نماز میں ہاتھ سینے پر باندھ رکھے ہیں کسی نے زیر ناف ہاتھ باندھنا ضروری قرار دے رکھا ہے اور کسی نے سرے سے باندھنے کی زحمت ہی گوارا نہیں کی کچھ ایسے ہیں کہ رفع الیدین کرتے ہیں اور کچھ دوسرے نہیں کرتے۔

نماز میں ہاتھ باندھنا فرض نہیں:

اس کا جواب یہ ہے کہ سارے کام فعلی ہیں اور سنت سے ثابت ہیں باہمی فقہی اختلافات کے باوجود کوئی بھی یہ نہیں کہتا کہ نماز میں ہاتھ باندھنا فرض ہے اور پھر سنت بھی اس قسم کی ہے کہ اس کے ترک سے نماز ہو جاتی ہے۔ انور شاہ صاحب نے بھی اسے تسلیم کیا ہے اسی طرح اذان اقامت کے مسائل ہیں ان تمام مسائل میں اختلاف جواز کا نہیں بلکہ اختیار کا ہے۔ اور دونوں طرح جائز ہے۔ کوئی اس طرح کرے اور کوئی اس طرح کرے''۔

[بحوالہ ص ۸۱ درس صحیح بخاری۔ مرتبہ منیر احمد السلفی۔ طبع اول ۱۹۹۲ء اسلامک پبلیشنگ ہاوس لاہور]

کیا احناف کافر ہیں: مولانا ثناء اللہ امرتسری کا جواب:

مناظر اسلام مولانا ثناء اللہ امرتسری رحمۃ اللہ سے کسی نے پوچھا ''کیا آپ مقلدین مذاہب اربعہ کو عموماً اور حنفیہ کو خصوصاً کافر کہتے ہیں اور دائرہ اسلام سے خارج جانتے ہیں اور کیا ان کے کفر کے متعلق آپ نے کوئی تحریر بھی شائع کی ہے''۔ مولانا نے جواب میں لکھا مجھے اس سوال کا جواب دیتے ہوئے شرم آتی ہے کہ یہ سوال مجھ جیسے شخص سے کیوں پوچھا گیا جس نے کبھی کسی کے فتوے کفر پر دستخط نہیں کیے۔ کیونکہ میرا اس باب میں وہی

مسلک ہے جو امام الحنا طین امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ کا ہے۔

لانکفر اھل القبلۃ [فتاوی ثنائیہ، جلد اول، ص ۳۶۳]

اعلیٰ حضرت احمد رضا بریلوی کا مسلک:[1]

مولانا احمد رضا خان صاحب بریلویؒ اپنی کتاب تمہید الایمان کے صفحہ ۸۰ طبع اول پر یوں رقم طراز ہیں:

"ہمیں ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ سلم نے اہل لا الہ الا اللہ کی تکفیر سے منع فرمایا ہے جب تک وجہ کفر آفتاب سے زیادہ روشن نہ ہو جائے اور کلمۂ اسلام کے لیے اصلاً کوئی ضعیف سا ضعیف محمل بھی باقی نہ رہے"۔

فان الاسلام یعلو ولا یعلی

[بحوالہ کتاب انکشاف حق مصنفہ مفتی محمد خلیل احمد خاں برکاتی قادری بدایونی ص ۸۶]

مشہور حنفی عالم مُلّا علی قاریؒ شرح شفا جلد ۲، ص ۲۷۵ پر فرماتے ہیں کہ "مسلمین اہل تاویل اگرچہ وہ اپنی تاویل کتاب اللہ میں خطا پر ہوں پھر بھی ان کی تکفیر سے عند المحققین احتراز واجب ہے۔

[بحوالہ کتاب انکشاف حق مصنفہ مفتی محمد خلیل احمد خاں برکاتی، قادری، بدایونی ص ۸۳]

چند اور حوالہ جات ملاحظہ فرمائیں۔

معتزلہ کے پیچھے نماز جائز ہے: معتزلہ مسلم ہیں

منہاج الطالبین کی شرح لکھتے ہوئے الشیخ محمد الخطیب الشربینی فرماتے ہیں۔

واقول نص الشافعی بتکفیر القائل بخلق القرآن بان المراد کفران النعمۃ لا الاخراج عن الملۃ قالہ البیہقی وغیرہ من المحققین لاجماع السلف والخلف علی الصلوۃ خلف المعتزلۃ ومناکحتھم وموارثتھم۔

[مغنی المحتاج الی معرفۃ معانی الفاظ المنہاج ص ۱۳۵، ج ۴]

[شرح الشیخ محمد الخطیب الشربینی علی متن منہاج الطالبین للامام ابی زکریا بن شرف النووی۔ دار الفکر]

ترجمہ: امام شافعی رحمۃ اللہ کے اس قول میں کہ "قرآن کو مخلوق کہنے والا کافر ہے"۔ کفر سے مراد کفرانِ نعمت لی گئی ہے نہ کہ اسلام سے نکل جانا۔ [یعنی ایسا شخص مسلم ہے۔ مگر اس کی یہ بات غلط ہے] یہ امام بیہقی

[1] یہاں بھی خالد صاحب نے حسن نیت کے سبب احمد رضا صاحب کے ایک چاہنے والے کا حوالہ دے دیا، حالانکہ احمد صاحب نے، سید احمد شہید، شاہ اسمعیل شہید، احناف دیوبند اور اہل حدیث سب کو ایک قرار دے کر کافر قرار دیا بلکہ جو انکے کفر پر شرک کرے انکو کافر قرار تحریک پاکستان سے لیکر علما تک انکی نگاہ میں بڑی تعداد کفر کی مرتکب قرار پاتی ہے، فتاوی رضویہ، احکام شریعت جیسی کتب میں بہت کچھ پڑھنے کو مل جائیگا: الکوکب الشھابہ: صہ: ۴۵۔۔۔عرفان شریعت: ج: ۱: صہ: ۲۴۔ فرماتے ہیں جو: انکے کفر و عذاب میں شک کرے وہ خود کافر: حسام الحرمین: صہ: ۱۱۳۔ سید احمد، رشید احمد، خلیل احمد، اشرف علی کے کفر میں جو شک کرے وہ خود کافر (احکام شریعت) حسام الحرمین: صہ: ۴۳ (سید احمد خان) وہ تو ایک خبیث مرتد تھا۔

ملفوظات اعلی حضرت: ج: ۳: صہ: ۷۱۔

رحمۃ اللہ اور دوسرے محققین نے لکھا ہے اور یہ تاویل اس وجہ سے کی گئی ہے کہ سلف وخلف کا اجماع ہے کہ معتزلہ کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے۔ان کے ساتھ رشتہ ناتہ کیا جا سکتا ہے وہ مسلمان کی میراث لیں گے اور مسلمان ان کا وارث ہوگا۔

پیر مہر علی شاہؒ: مسلم کون ہے؟

حضرت پیر مہر علی شاہؒ صاحب گولڑوی نے مسلمانوں کی تکفیر کے رد میں ایک رسالہ ''اعلاء کلمۃ اللہ'' کے نام سے لکھا ہے اس رسالہ میں سے چند اقتباسات ملاحظہ ہوں۔

''معلوم ہونا چاہیے کہ التزام کفر یہ ہے کہ ایک شخص نص کے مدلول کو نص کا مدلول سمجھتے ہوئے اور حکم شرعی کو حکم شرعی جانتے ہوئے انکار کر دیتا ہے اور کہتا ہے میں جانتا ہوں یہ شارع علیہ السلام کا حکم ہے لیکن میں اس کو قبول نہیں کرتا۔لزوم کفر یہ ہے کہ جہالت اور نادانی کے باعث یا غلط تاویل کی وجہ سے اس پر کفر لازم آتا ہے پس التزام کفر سے انسان کافر ہو جاتا ہے لزوم کفر سے اس پر کفر کا فتویٰ عائد نہیں کیا جا سکتا۔اسی وجہ سے فقہا نے کلمات کفر ذکر کرنے کے بعد متکلم کے جہل کو عذر شمار کیا ہے باقی جن فقہا نے یکفر لکھ دیا ہے اس کا معنی یہ ہے کہ اس نے کفر والا کام کیا ہے نہ یہ کہ وہ کافر ہو گیا ہے۔بحر الرائق میں موجود ہے کہ جامع الفصولین میں طحاوی نے ہمارے اصحاب حنفیہ سے روایت کی ہے کہ آدمی کو ایمان سے اس چیز کا انکار نکال سکتا ہے جس کے اقرار نے اس کو ایمان میں داخل کیا تھا۔

کافر کسے کہہ سکتے ہیں: پیر مہر علی شاہؒ:

مسلمان کے کلام کو جب تک اچھے محل پر حمل کرنا ممکن ہو یا اس کے کفر میں اختلاف ہو خواہ ضعیف روایت ہی سے کیوں نہ ہو کفر کا فتویٰ نہیں لگانا چاہیے یہاں کفر کے جو الفاظ ذکر کیے گئے ہیں ان کے تکلم سے فوراً کفر کا حکم لگانا درست نہیں میں نے اس بات کا اپنے نفس پر التزام کیا ہے کہ ان الفاظ سے کسی مسلمان کو کافر نہ کہوں گا۔بحر الرائق میں لکھا ہے کہ حق یہ ہے جو کچھ مجتہدین سے ثابت ہے وہ حقیقت ہے اور ان کے سوا کسی دوسرے کے قول کی وجہ سے کفر کا فتویٰ دینا درست نہیں۔اسی لیے ''فتح القدیر'' باب البغاۃ میں محقق ابن ہمام نے لکھا ہے کہ خوارج کے بارہ میں مجتہدین سے عدم تکفیر مذکور ہے باقی اکثر اہل مذہب کے کلام میں ان کی تکفیر مذکور ہے لیکن وہ مجتہدین میں سے نہیں ہیں۔لہٰذا ان کا کوئی اعتبار نہیں درالمختار باب المرتد میں لکھا ہے کہ کفر لغت میں چھپانے کو کہتے ہیں اور شرعاً ضروریات دین میں سے کسی چیز کا انکار کرنا جس کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم دیا ہے کفر کے الفاظ اہل فتوے نے نقل کیے ہیں میں نے بھی اس مسئلہ میں ایک علیحدہ کتاب تالیف کی ہے لیکن میں اُن میں سے کسی لفظ سے بھی کفر کا فتویٰ دینا صحیح نہیں سمجھتا ہاں اس صورت میں جس میں تمام مشائخ کا اتفاق ہو بحر الرائق نے بھی کہا ہے میں نے اپنے نفس پر یہ التزام کیا ہے کہ کسی مسلمان کو ان الفاظ سے کافر نہ کہوں گا۔

بعض اہل کلام محدثین اور فقہا اعمال کے لحاظ سے تو ہر گناہ گار کو کافر نہیں سمجھتے مگر اعتقادات بدعیہ کی وجہ سے کافر کہتے ہیں خواہ وہ اعتقاد رکھنے والا متاول ہی کیوں نہ ہو اور اس بارے میں مجتہد مخطی اور غیر مخطی میں بھی فرق نہیں کرتے بلکہ ہر بدعتی کو کافر کہتے ہیں یہ قول بھی خوارج اور معتزلہ کے قریب قریب ہے۔ اہل بدعت اور اہل سنت میں یہی فرق ہے کہ اول الذکر ایک دوسرے کی تکفیر کرتے ہیں اور موخر الذکر غلط اعتقاد والے کو خطا کی طرف نسبت کرتے ہیں کافر نہیں کہتے۔

علماء کو چاہیے کہ اپنی تمام تر توجہ اور سعی کسب اقتضائے **کنتم خیر امة اخرجت للناس تامرون بالمعروف وتنهون عن المنکر** امر بالمعروف ونہی عن المنکر میں صرف فرمائیں۔ نہ یہ کہ عوام کالانعام کے کافر بنانے میں ہی پورے جوش کا اظہار کرتے پھریں سراج المعبر میں ہے کہ اگر ایک مسلہ میں بہت سے وجوہ کفر کے مقتضی ہیں اور صرف ایک وجہ کفر کو منع کرتی ہے تو مفتی کو مسلمان پر حسن ظن رکھتے ہوئے اسی ایک وجہ کی طرف میلان کرنا چاہیے۔

حضرت گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ ہی کے حوالے سے پیرزادہ محمد بہاؤالحق قاسمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ میں اکثر نماز عصر کے وقت حضرت گولڑوی رحمۃ اللہ کی خدمت میں حاضر ہوتا تھا۔ ایک روز حضرت کے مصاحب خاص مولانا محبوب عالم صاحب مرحوم نے میری طرف اشارہ کر کے حضرتؒ سے کہا: "آپ کے تمام جماعتوں نے ان کے پیچھے نماز عیدادا کی ہے"۔ تو حضرت گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ نے مجھے مخاطب کر کے پنجابی زبان میں فرمایا: "تسیں تے جامع المعرفتین نکلے" میرے لیے یہ وہ اعزاز ہے جس پر میں جس قدر فخر کروں کم ہے۔ [رسالہ اسوۂ اکابر ص ۳]

اہل بدعت کی اقتداء جائز ہے: حضرت مولانا اسماعیل سلفیؒ [1]

مولانا محمد اسماعیل سلفیؒ اپنے فتاویٰ میں فرماتے ہیں:

اہل تحقیق کو امام بخاریؒ اور شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ کی طرح وسیع الصدر ہونا چاہیے اور اقتداء کے معاملہ میں اہل بدعت کو بھی بالکل نظر انداز نہیں کرنا چاہیے ملاحظہ ہو فتاویٰ ابن تیمیہ مطبوعہ اہل حدیث ج ۴ ص ۷۴ فتاویٰ سلفیہ مولانا محمد اسماعیل السلفی اسلامک پبلشنگ ہاؤس، ۲، شیش محل روڈ نزد داتا دربار لاہور۔]

بدعتی کے پیچھے نماز پڑھو: حضرت حسن بصریؒ:

وقال الحسن صل خلفه وعليه بدعته ۔باب امامة المفتون والمبتدع صحیح بخاری مع فتح الباری ج ۲، ص ۱۸

قوله والمبتدع اى من اعتقد هيئة مثلا تخالف اهل السنة والجماعة قوله [وقال الحسن صل وعليه بدعته]

وصلہ سعید بن منصور۔

بدعتی کے پیچھے نماز نا ہونا کثیر اہل حدیث اور امام مالک، حنبلؒ کا موقف ہے، باقی خوارج، و معتزلہ پر کفر و شرک اور ان سے متعلقہ مباحث کی گمراہی ویسی نہیں تھی جیسی آج ہے، ان سب کو فلسفیا نہ موشگافیوں نے تباہ حال کیا تھا، باقی بدعات اگر کفر و شرک کی بحث سے وابستہ ہیں تو ان پر یہود و نصاری کے اعتقاد پر قیاس کیا جایگا، جیسا کہ قران و سنت میں انکی مذمت اور انکی پیروی سے پرہیز کا کہا گیا، ہے بقول رسول اللہ :کل بدعتہ ضلالتہ۔ بدعتی کا ہر عمل مردود ہوگا باقی بدعت کس قسم کی اور انکا اعتقاد سے کیا تعلق ہے، اسکا بھی فرق پڑتا ہے، بارہ ربیع اول منانا ثابت نہیں مگر، یہ اعتقادی بدعت نہیں لہذا اسکا قایل امام اگر باقی سب میں درست ہو اسکے پیچھے نماز درست ہوگی، وسیلہ کے مسایل میں خرابیاں ہیں مگر عین کفر نہیں اسکے مداح کے صرف اس موقف پر اسکے پیچھے نماز نا پڑھنے پر تنقید ممکن ہے، مگر شرک فی الذات، صفات، ربوبیت و عبودیت کی تاویل و بد عقیدگی توحید کی مخالفت کے سبب اسے اتبع کا اہل نہیں بنا سکتی ہے

مولانا اسمعیلؒ جنکا حوالہ دیا گیا کہتے ہیں:

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے لا یقبل اللہ صاحب بدعة صوما ولا صلوٰة الخ یعنی بدعتی کے فرض اور نفل دونوں اللہ تعالیٰ قبول نہیں فرماتا۔ اب آپ ہی فرمایئے کہ ایک غیر مقبول مخلوق کی امامت سے ہمیں کیا حاصل ہے؟ اس لیے آپ اگر اہل تشیع کی اقتداء نہیں فرماتے تو اطمینان رکھیے کہ یہاں سے بھی کوئی پیغام بھیجنے کی کوشش نہیں کی جائے گی فتاوی سلفیہ: دھلی: ۱۱۶، ۱۱۷۔ خضری بک: تاریخ فقہ اسلامی: دار الشاعت کراچی۔ امام مالک۔

ترجمہ: "تو بدعتی کے پیچھے نماز پڑھا اس کی بدعت کا وبال اس کی گردن پر ہے"۔

ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ اس کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔بدعتی وہ ہے جو اہل السنّت والجماعت کے خلاف عقیدہ رکھتا ہے۔

اہل سنت کے مخالف عقیدہ والے کے پیچھے بھی نماز پڑھیے:

امام حسن بصری رحمۃ اللہ[1] کے اس قول کو سعید بن منصور نے ابن المبارک کی روایت سے ہشام بن حسان سے بیان کیا ہے کہ حسن بصری نے فرمایا بدعتی کے پیچھے نماز پڑھ کر اس کی بدعت کا گناہ اس کی گردن پر ہے"۔[بدعتی وہ ہے جو اہل السنّت والجماعت کے خلاف عقیدہ رکھتا ہے، اس اصول کے تحت جملہ اہل سنت غیر اہل سنت کے پیچھے نماز پڑھ سکتے ہیں ان کی نماز باطل نہیں ہے، یہ وحدت امت کے لیے ضروری ہے۔]

حضرت نافع رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے:

وقال نافع، كان ابن عمر يصلي مع الخشبية والخوارج زمن ابن الزبير وهم يقتتلون فقيل له، اتصلي مع هؤلاء ومع هؤلاء وبعضهم يقتل بعضاً؟ فقال، من قال: حيّ على الصلوٰة اجبته ومن قال، حيّ على الفلاح اجبته ومن قال، حيّ على قتل اخيك المسلم وأخذ ماله قلت: لا.

[رواہ سعید ص ۱۸۶، ج ۲، المغنی لابی محمد عبداللہ بن احمد بن قدامۃ الریاض الحدیثہ]

ابن عمرؓ خارجیوں کی اقتداء درست سمجھتے تھے:[2]

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں خارجیوں کے پیچھے نماز پڑھ لیتے تھے۔جب کہ ابن الزبیر رضی اللہ عنہ کی خارجیوں کے ساتھ جنگ ہو رہی تھی آپ سے سوال کیا گیا کہ آپ ابن الزبیر رضی اللہ عنہ اور خوارج دونوں کے پیچھے نماز پڑھ لیتے ہیں۔حالانکہ ان کی آپس میں جنگ ہے آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا جو حیّ علی الصلوٰۃ کہے گا میں اس کی آواز پر لبیک کہوں گا جو بھی حیّ علی الفلاح کہے گا میں اس کے ساتھ آواز ملاؤں گا۔لیکن جو کسی مسلمان بھائی کو قتل کرنے اور اس کا مال لوٹنے کے لیے پکارے گا میں اس کی بات نہیں مانوں گا۔[واضح رہے کہ خارجیوں نے پوری مسلم امت کو کافر کہا کیونکہ امت کی قیادت حضرت علیؓ و حضرت معاویہؓ کے ہاتھ میں تھی اور خارجی دونوں اصحاب کو کافر کہتے تھے۔]

۱۔قول تابعی:کے رد و قبول میں ہم حق رکھتے ہیں،کیونکہ وہ ہمارے جیسے انسان تھے:امام ابو حنیفہؒ

۲۔سلف کا بڑا طبقہ خوارج کی اقتدا میں نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں سمجھتا تھا۔

بدعتی کے پیچھے نماز پڑھ کر لوٹانے والا بدعتی ہے: احمد بن حنبلؒ[1]

جمعہ اور عید کی نمازیں ہر ایک نیک و بد کے پیچھے پڑھی جائیں گی۔ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ یہ نمازیں معتزلہ کے پیچھے پڑھ لیتے تھے یہی عمل ان کے زمانے کے دوسرے علما کا تھا حوالہ متعلقہ حسب ذیل ہے۔

رفاما الجمع والاعیاد فانها تصلیٰ خلف کل برو فاجر
وقد کان احمد یشهد جامع المعتزلة و
کذلك العلماء الذین فی عصره۔

[ص ۱۸۹، ج۔۲، المغنی]

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ جو شخص جمعہ کی نماز کسی کے پیچھے پڑھنے کے بعد دوبارہ پڑھے گا وہ بدعتی ہے اس روایت سے ظاہر ہے کہ فاسق یا بدعتی کے پیچھے جمعہ یا عید کی نماز پڑھنے کے بعد اسکا اعادہ نہیں کیا جائے گا۔ اصلی عبارت حوالہ متعلقہ کی یوں ہے۔

،وروی عنه انه قال، من اعادها فهو مبتدع وهذا یدل
بعمومه علی انها لا تعاد خلف فاسق ولا مبتدع۔

[ص ۱۸۹، المغنی]

ابن عمر حجاج بن یوسف کے پیچھے نماز پڑھ لیتے تھے:

حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ کے معمول کے متعلق روایت ہے۔

وکان ابن عمر یصلی خلف الحجاج وبجدة، احدهما
حشار جی، والثانی افسق البریة. وکان ابن عمر
یقول: الصلوٰة حسنة ما ابالی من شرکنی فیها۔

[ص ۲۱۳، ج۔۳، المحلی لابی محمد علی بن احمد بن سعید بن حزمؒ]

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہ حجاج اور بجدہ کے پیچھے نماز پڑھتے تھے ان میں سے ایک بدترین خلائق تھا اور دوسرا خارجی۔ ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے تھے اس سے کیا غرض کہ میرے ساتھ کون شریک نماز ہے۔

مختار کذاب کے پیچھے نماز جائز ہے:

عبدالرزاق رحمۃ اللہ نے سفیان ثوری رحمۃ اللہ سے انھوں نے عقبہ رحمۃ اللہ سے روایت کیا ہے:

[1] سعودیہ میں فقہ حنبلی کے مشہور امام اور فتوی کمیٹی کے رکن شیخ العثیمین نے اہل بدعات کی دو قسمیں بیان کی ہیں :۱:جنکی بدعتیں کفر تک پہنچانے والی ہوں ۲:جنکی کفر تک نا پہنچانے والی ہوں:اول الذکر کے پیچھے انکے فتوے کی رو سے نماز نہیں ہوتی ہے:فتاوی اسلامیہ:دارالسلام:ج:۱:صہ:۳۸۹۔

- سید جی کے زیادہ تر حوالے یا تو اقوال تابعین ہیں یا پھر ثابت شدہ صحابہ کرام کے منقطع اقوال ہیں مگر اتنا طے ہیں کہ سلف میں چونکہ کفر و شرک نا ہونے کے برابر تھا،بدعات تباہ کن نہیں تھیں،فرقہ جات موجود نہیں تھے جبھی اقتدا نماز میں اتبع عام تھا،لہذا انکا اتنا مقدمہ بلکل درست ہے۔معج

وعن عبد الرزاق عن سفيان الثوري عن عقبة
عن ابي وائل، انه كان يجمع مع المختار الكذاب،
وعن ابي الاشعث (ا) قال، ظهرت الخوارج علينا
فسألت يحيى بن ابي كثير فقلت يا ابا نصر كيف
ترى في الصلوة خلف مولا، قال القرآن امامك
صل معهم ما صلوها

[بحوالہ کتاب المحلی ص ۲۱۴، ج ۴]

ترجمہ: ابووایل رضی اللہ عنہ مختار کذاب کے پیچھے جمعہ پڑھتے تھے ابواشعث کی روایت ہے کہ خارجی ہم پر غالب آ گئے تو میں نے یحییٰ بن کثیر رحمۃ اللہ سے دریافت کیا اے ابونصر ان کے پیچھے نماز کے بارے میں کیا خیال ہے انھوں نے جواب دیا تیرا امام قرآن ہے تو ان کے پیچھے نماز پڑھ جب تک وہ نماز پڑھیں۔

حسن بصری کا قول ہے:

وعن الحسن، لا تضر المومن صلاته خلف
المنافق ولا تنفع المنافق صلاته خلف المومن۔

[ص ۲۱۴، ج ۴]

ترجمہ: مومن، منافق کے پیچھے نماز پڑھے تو اس کی نماز کا کوئی نقصان نہیں اور منافق مومن کے پیچھے پڑھے تو اسے کوئی فائدہ نہیں پہنچتا۔

علی ابن حزم رحمۃ اللہ فرماتے ہیں:

ما نعلم احدا من الصحابة رضي الله عنهم
امتنع من الصلاة خلف المختار وعبيد الله بن زياد
والحجاج ولا فاسق افسق من مولاء۔

[ص ۲۱۴، ج ۴]

ترجمہ: ہمارے علم میں کوئی صحابیؓ بھی ایسا نہیں جس نے مختار، عبید اللہ بن زیاد و حجاج کے پیچھے نماز پڑھنے سے انکار کیا ہو حالاں کہ ان سے بڑھ کر کوئی فاسق نہیں۔

اہل قبلہ کے پیچھے نماز جائز ہے:

نزل الابرار من فقہ النبی المختار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ہے:

فتجوز امامة الرافضی والخارجی والمعتزلی والمقلد

[ص ۷۴۲، ج ۱]

نزل الابرار من فقه النبی المختار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ص ۹۷، ج ۱

رافضی، خارجی، معتزلی اور مقلد کی اقتداء میں نماز جائز ہے۔ مولانا وحید الزماں حیدر آبادی نزل الابرار میں لکھتے ہیں۔

ولیعلم ان هناك فرقا بین الکافر والمکفر فمنا من کفر الروافض ومنا من کفر الخوارج فهم لیسوا بکافرین بل مکفرین بلسان البعض والکافر من کفره صریحا ومتفق

[ص ۹۷، ج ۱]

ترجمہ: یہ بات سمجھ لینا چاہیے کہ کافر اور مکفر میں فرق ہے ہم میں سے بعض نے روافض کی تکفیر کی ہے اور بعض نے خوارج کی تو یہ کافر نہیں ہیں بلکہ بعض نے ان کی تکفیر کی ہے ان کی بعض باتوں کو کفریہ ٹھہرایا ہے] کافر وہی ہوگا جس کا انکار صاف ہو اور اس کے کفر پر اتفاق ہو"۔

مولانا وحید الزمان رحمۃ اللہ اسی کتاب کے دوسرے مقامات پر لکھتے ہیں۔

ویصلی علی الملك الظالم السافك للدما عسی اللہ ان یغفرله وعلی العصاة من المسلمین ولو کانوا اصحاب الکبائر والبدعات کالرفضة والخوارج والمعتزلة والجهمیة

[ص ۱۷۴، ج ۱]

ترجمہ: ظالم اور خوں ریز بادشاہ کا جنازہ پڑھا جائے گا۔ شاید اللہ اس کو معاف فرمادے۔ گناہ گار مسلمانوں کا جنازہ بھی پڑھا جائے گا۔ اگرچہ وہ مرتکب کبیرہ ہوں یا بدعتی ہوں مثلاً روافض، خوارج و معتزلہ۔

اہل قبلہ کی تکفیر جائز نہیں:

ویجوز مناکحة المعتزله والامامیة والجهمیة و اهل البدعات لانا لانکفر احدا من اهل القبلة.

[ص ۳۰، ج ۳]

یعنی "معتزلہ" امامیہ جہمیہ اور بدعتی لوگوں سے رشتہ ناتا جائز ہے کیونکہ ہم اہل قبلہ میں سے کسی کی تکفیر نہیں کرتے۔

امام ابن تیمیہؒ کا فتویٰ: رافضی کے پیچھے نماز جائز ہے:

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ فرماتے ہیں:

ولهذا کان الصحابة یصلون خلف الحجاج والمختار بن ابی عبید الثقفی وغیرهما الجمعة والجماعة. فتاویٰ ابن تیمیة.

[ص ۳۴۷، ج ۲۳]

"صحابہ رضی اللہ عنہم حجاج اور مختار بن ابی عبید ثقفی کے پیچھے جمعہ اور جماعت کی دیگر نمازیں پڑھ لیتے تھے"۔

وانما تصح مثل هذه الصلوٰت خلف الائمة اهل البدع کالرافضة ونحوهم.

[فتاویٰ ابن تیمیہ جلد ۲۳، ص ۳۵۵]

"جمعہ اور عیدین وغیرہ کی نمازیں اہل بدعت مثلاً رافضی اور اُن جیسے دوسرے لوگوں کے پیچھے پڑھی جائیں گی۔

بدعتی کے پیچھے جمعہ جائز ہے: ابن تیمیہؒ

واذا کان الامام مبتدعا فانه یصلی خلفه الجمعة وتسقط بذلك

[ص ۳۶۱، ج ۲۳]

امام بدعتی ہو تو اس کے پیچھے جمعہ درست ہے اور وہ ادا ہو جائے گا۔ سطور بالا میں ہم نے مختلف فتاویٰ کو جمع کر دیا ہے۔ صرف یہ بتلانا مقصود ہے کہ وحدتِ امت کے لیے اکابرین نے کس طرح وسعت کا

ثبوت دیا فرقہ معتزلہ اور جہمیہ وغیرہ پرانے فرقے ہیں جو موردِ عتاب اور محلِ غضب رہے ہیں۔صاحب الدر المختار نے ان کی بابت سخت الفاظ لکھے۔نماز کے مسائل بیان کرتے ہوئے یہاں تک کہہ دیا کہ یہ بدعتی ہیں گیارہویں صدی ہجری میں دمشق کے علامہ محمد امین شامی نے ردالمختار لکھی جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ اس کو پڑھنے کے بعد فقہ حنفی کی کوئی اور کتاب پڑھنے کی ضرورت نہیں۔


ردالمختار: اہل قبلہ کے حقوق

علامہ صاحب نے اپنی شرح میں لکھا ہے کہ اکثر متکلمین اور فقہاء نے صاحب درمختار سے اختلاف کیا ہے۔جن لوگوں پر تند و تیز حملے کیے گئے ہیں وہ بھٹکے ہوئے ہو سکتے ہیں۔لیکن ان کے پیچھے نماز بھی پڑھی جائے گی ان کا جنازہ بھی پڑھا جائے گا اور ان کی مغفرت کے لیے دعا بھی کی جائے گی۔مرنے کے بعد جائیداد کی تقسیم کے سلسلہ میں انہیں مسلمان شمار کیا جائے گا۔

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ فتاوی میں امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ کے بارے میں لکھتے ہیں کہ وہ جہمیہ اور مرجیہ فرقوں کے لوگوں سے خلقِ قرآن کے عقیدہ کے بارے میں مناظرے کرتے رہے ان کے عقائد کی تردید میں کتابیں لکھیں ان کے عقائد کو کفریہ کہا لیکن اُن کے مرنے کے بعد ان کی بخشش کے لیے دعا کرتے۔

امام حنبل جہمیہ مرجئہ[1] کے لیے دعائے مغفرت کرتے تھے:

امام ابن تیمیہ فرماتے ہیں:



ومع هذا فالامام احمد رحمه الله تعالى
ترحم عليهم واستغفر لهم لعلمه بانهم
لم يتبين لهم انهم مكذبون للرسول ولا
جاحدون لما جاء به ولكن تأولوا
فاخطاءوا وقلدوا من قال لهم ذالك، فتاوى
ابن تيمية رحمه الله ج ۲۳/ص ۳۴۹-۳۴۸
وحقيقة الامر في ذالك ان القول قد يكون

۱ یہ دونوں مرجئی و جہمیہ (صفوانی) فلسفیانہ نظریات سے متاثر تھے اور محدثین کے گروہ کے نزدیک معطون تھے، جبکہ امام احمد اور اکثر آیمہ فقہ چونکہ فقہ اور حدیث دونوں کے جامع اور منہج استدلال کے عمل کار تھے لہذا ان دونوں میں کفر و شرک کی جگہ بد عقیدگی کے فلسفیانہ اساس کے سبب انکی مغفرت کی گئی باقی امام احمد اور اکثر آیمہ سے منسوب اکثر اقوال و اسناد مجروح ہیں تاوقتیکہ انکی تعدیل و اسناد ثابت نا ہوجائیں۔معج

كفرا فيطلق القول بتكفيره ويقال من قال كذا
فهو كافر لكن الشخص المعين الذى قاله لايحكم
بكفره حتى تقوم عليه الحجة التى يكفر تاركها
ص ۲۳۴ ج ۲۳ وهكذا الاقوال التى يكفر قائلها قد يكون
الرجل لم تبلغه النصوص الموجبة لمعرفة
الحق وقد تكون عنده ولم تثبت عنده او لم يتمكن
من فهمها وقد يكون عرضت له شبهات يعذره
الله بها فمن كان من المؤمنين مجتهدا فى طلب الحق
واخطأ فان الله يغفر له خطأه كائنا ما كان
سواء كان فى المسائل النظرية او العملية هذا الذى
عليه اصحاب النبى صلى الله عليه وآله وسلم
وجماهير ائمة الاسلام وما قسموا المسائل الى
مسائل اصول يكفر بانكارها ومسائل فروع لايكفر
بانكارها.

[ج ۲۳، ص ۳۴۶]

امام صاحب فرماتے ہیں کہ ہماری نظر میں ان کی باتیں کفریہ ہیں مگر ان کی سمجھ میں یہ بات نہ آئی کہ یہ باتیں دین کے خلاف ہیں تاہم انھوں نے تحقیق کے بعد جو کچھ سمجھا کہہ دیا حالاں کہ وہ نہ نبی کے منکر تھے اور نہ دین کے شاید اللہ ان کا عذر قبول کر لے اللہ کے ہاں رحمت کی کمی نہیں ہے اگر کوئی سمجھتا ہے کہ وہ کسی کو روکنے کے لیے جنت کے دروازے پر کھڑا ہو جائے گا تو یہ اس کی نادانی ہے کیوں کہ رسول اللہ کے کسی امتی کے لیے جنت کے دروازے بند نہیں ہوتے۔

امام ابن تیمیہ شیعہ حضرات کو کافر نہیں کہتے:

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ نے شیعیت کے رد میں ایک کتاب تحریر کی ہے اس کا نام منہاج السنۃ النبویہ فی نقض کلام الشیعۃ والقدریۃ ہے اس کتاب کے بارے میں یہ کہہ دینا کافی ہے کہ عرب دنیا میں اس موضوع پر یہ پہلی اہم کتاب ہے۔ اس کے بعد ابن الخطیب کی کتاب ہے اور سب سے اہم کتاب اس موضوع پر موسیٰ جار اللہ کی الوشیعہ ہے اس موضوع پر زیادہ علمی و تحقیقی کام ہندوستان میں ہوا کیونکہ یہاں اہل تشیع کی تمام کتابیں دستیاب تھیں۔

۱.اس موضوع پر امام صاحب سے صدیوں قبل بھی بہت کچھ تفصیل سے لکھا گیا تھا، روافض کے اعتراضوں پر قاضی ابو بکر ابن العربی:کی العواصم من القواسم اسکے علاوہ تلبیس ابلیس:ابن جوزی اور الملل و النحل از ابن حزمؒ جیسی لاتعداد کتب موجود ہیں،مگر باقاعدہ بلتفصیل فلسفیانہ،محدثانہ ،مفسرانہ و کلامی تفصیل میں منہاج السنتہ سب کی سرتاج کتاب اختصار میں سمجھو یہ العواصم کی شرح ہے،مگر العواصم صرف طعن کے جواب میں ایک محدثانہ و مورخانہ جواب ہے،باقی اس موضوع پر ہزاروں لاتعداد کتب لکھی گئی ہے۔معج

امام صاحب جب بحث کے دوران اس بات پر پہنچے کہ خوارج حضرت عثمان رضی اللہ عنہ، حضرت علی رضی اللہ عنہ، حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ، حضرت زبیر رضی اللہ عنہ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بلکہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے علاوہ سب کو کافر کہتے ہیں جبکہ شیعہ ان دونوں کو بھی کافر سمجھتے ہیں۔ باوجود رد کرنے کے امام صاحب نے پوری فصل لکھی جس میں فرمایا:

وقالوا هذا هو القول المعروف عن الصحابة والتابعين لهم باحسان وأئمة الدين انهم لا يكفرون ولا يفسقون ولا يؤثمون احدا من المجتهدين المخطئين لا في مسئلة عملية ولا علمية قالوا والفرق بين مسائل الاصول والفروع انما هو من اقوال اهل البدع من اهل الكلام من المعتزلة والجهمية ومن سلك سبيلهم. منهاج السنة ج۲ ص۲۰۷/۲۰

واهل السنة لا يبتدعون قولا ولا يكفرون من اجتهد فاخطأ وان كان مخالفا لهم مكفرا لهم مستحلا لدمائهم كما لم تكفر الصحابة الخوارج مع تكفيرهم لعثمان وعلي ومن والاهما واستحلالهم لدماء المسلمين المخالفين لهم. منهاج السنة ج۲ ص۲۳۲، فالمجتهد المستدل من امام وعالم وحاكم وناظر ومناظر ومفت وغير ذلك اذا اجتهد واستدل فاتقى الله ما استطاع كان هذا هو الذي كلفه الله اياه وهو مطيع لله مستحق للثواب اذا اتقاه ما استطاع ولا يعاقبه الله البتة الخ۔

[منہاج السنہ ج:۳، ص:۲۷]

"مسئلہ اصول کا ہو یا فروع کا فقہ کا ہو خواہ عقائد کا اگر کسی نے مسئلہ کو سمجھنے کی جدوجہد کی تو گویا اس نے دین کو سمجھنے کی سعی کی لہٰذا وہ بھی اجر و ثواب کا مستحق ٹھہرے گا خواہ وہ خارجی ہو یا شیعہ ان میں نہ کوئی کافر ہے نہ مرتد۔

صاحب فواتح الرحموت: کافر کون ہے؟

علامہ عبدالعلیؒ اصول فقہ حنفیہ کی کتاب مسلم الثبوت کی شرح فواتح الرحموت میں لکھتے ہیں:

فواتح الرحموت شرح مسلم الثبوت ج ۲ ص ۲۲۲/۲۲۳
وفی البحر الرائق حقق بتفصیل بدیع ان تکفیر الروافض
لیس مذهبا لأئمتنا المتقدمین وانما ظهر قول
اقوال المتاخرین فالوجه فی عدم تکفیرهم ان
تدینهم اوقع فیما اوقع فهما غلوا وقصورا فیما وقعوا فیه
منهما انه دین محمدی وان کان زعمهم
باطلا یقینا غیر مشوب باحتمال ریب فیهما
وما کذبوا محمدا صلی الله علیه وآله وسلم فی
زعمهم فهم غیر ملتزمین الکفر والتزام الکفر
کفر دون لزومه اما انکارهم المجمع علیه
وان کان انکار جلی ونشاء من سفاهة لکن
لیس انکارا مع اعترافهما انه مجمع علیه بل یکون من
کونه کذلک لشبهة نشأت لهم وان کانت
باطلة فی نفس الأمر وهی زعمهم ان امیر المؤمنین
علیا انما بایع تقیة وخوفا وان کان هذا الزعم منهم
باطلا مما یضحک به الصبیان وامیر المؤمنین
علی بری من نحو هذا التقیة الشنیعة والله هو
بری لا ریب فی انه بری فهذه الشبهة وان
کانت شبهة شیطانیة وانما جرأهم علیها
الوساوس الشیطانیة لکنها مانعة عن التکفیر
وانما الکفر انکار المجمع مع اعترافه انه مجمع
علیه من غیر تاویل وهل هذا الا کما اذا انکر
المنصوص بالنص القطعی بتاویل باطل وهو
لیس کفرا کذا هذا۔

فرماتے ہیں کہ کوئی حدیث کو درست تسلیم کرتا ہے مگر رسول اللہ کے بارہ میں کہتا ہے کہ معاذ اللہ وہ جھوٹے ہیں تو وہ کافر ہے۔ اگر وہ کہتا ہے کہ میں نہیں مانتا کہ رسول اللہ نے واقعی ایسا فرمایا تھا تو وہ راوی یا روایت کو رد کر رہا ہوتا ہے۔ رسول اللہ کو نہیں۔ ہاں اگر رسول اللہ موجود ہوں اور کوئی یہ بات کہے کہ میں نہیں مانتا تو وہ کافر ہے چونکہ بہت سی روایات کمزور اور ضعیف ہیں لہٰذا ان کو رد کرنے والا کافر نہیں ٹھہرے گا۔ ہم خود بعض فرقوں کی بیان کردہ حدیثوں کی صحت کا انکار کرتے ہیں۔ کہنے کا مقصد یہ ہے کہ کسی حدیث کی صحت کے بارے میں شبہ کا اظہار کرنے پر کوئی کافر نہیں ہوتا۔ جب تک وہ دیدہ دلیری سے یہ نہ کہہ دے کہ ہاں میں مانتا ہوں کہ قرآن میں یہ لکھا ہے لیکن میں نہیں مانتا یا حدیث کے بارے میں ایسے الفاظ ادا کرے لیکن اگر کوئی حدیث کی صحت کے بارہ میں شک کرتا ہے یا کوئی شخص کسی آیت کے مفہوم کے بارے میں اختلاف کرتا ہے تو اس کی تصحیح کرنا اور سمجھانا بہتر ہوگا نہ کہ اسے دائرہ اسلام سے ہی خارج کر دیا جائے۔

امام غزالیؒ کا کارنامہ: التفرقہ بین الاسلام والزندقہ

امام غزالی رحمۃ اللہ کی شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں وہ فلسفی، دانشور اور علم کلام کے ماہر کے طور پر معروف ہیں ان کی کتاب احیاء علوم الدین اہل علم میں بے حد مقبول ہے۔ امام صاحب کے دور میں بھی تکفیر کا طوفان برپا تھا آج کی طرح اس وقت بھی بات بات پر کفر کے فتوے صادر ہوتے تھے مخالفین کا جینا دوبھر تھا یہاں تک کہ ایک معتزلی عالم ۲۵ سال تک اپنے گھر سے نہ نکل سکے۔ ایسے وقت میں امام صاحب نے نعرۂ حق بلند کیا اور مشہور رسالہ "التفرقہ بین الاسلام والزندقہ" تحریر کیا۔ نو سو سال پہلے لکھی جانے والی اس موضوع پر یہ پہلی تحریر ہے۔

اہل قبلہ کی تکفیر نہیں کر سکتے:

امام غزالی رحمۃ اللہ کی اس علمی و اصلاحی کوشش کی اگرچہ ابتداء میں بہت مخالفت ہوئی۔ لیکن بالآخر یہ علم کلام کا مسئلہ بن گیا کہ اہل قبلہ جس قدر ہیں سب مسلمان ہیں چنانچہ علم کلام کی تمام کتابوں کا خاتمہ اسی مسئلہ پر ہوتا ہے۔ رسالہ التفرقہ بین الاسلام والزندقہ اس مسئلے پر نہایت اہمیت کا حامل رسالہ ہے۔

شاہ ولی اللہؒ: اختلافات کی حقیقت:

شاہ صاحب رحمۃ اللہ نے حجۃ اللہ البالغہ مذکورہ میں ایک باب بعنوان اسباب اختلاف الفقہاء قائم کیا ہے اس میں لکھتے ہیں

ومنها ان اكثر صور الاختلاف بين الفقهاء لاسيما في المسائل التي ظهر فيها اقوال الصحابة في الجانبين كتكبيرات التشريق وتكبيرات العيدين ونكاح المحرم وتشهد ابن عباس و

حجۃ اللہ البالغہ جزاوّل ص ۱۵۹۔۱۵۸

ابن مسعود والاخفاء بالبسملة وبآمين والاشفاع
والايتار في الاقامة ونحو ذلك انما هو في
ترجيح احد القولين وكان السلف لا يختلفون
في اصل المشروعية وانما كان خلافهم في
اولى الامرين: وقد كان في الصحابة والتابعين
ومن بعدهم من يقرأ البسملة ومنهم من لا
يقرؤها ومنهم من يجهر بها ومنهم لا يجهر بها
وكان منهم من يقنت في الفجر ومنهم من لا
يقنت ومنهم من يتوضأ من الحجامة والرعاف
والقئ ومنهم من لا يتوضأ من ذلك ومنهم
من يتوضأ عن مس الذكر ومس النساء بشهوة
ومنهم من لا يتوضأ من ذلك ومنهم من يتوضأ
مما مسته النار ومنهم من لا يتوضأ من ذلك
ومنهم من يتوضأ من اكل لحوم الابل ومنهم
من لا يتوضأ من ذلك ومع هذا كان بعضهم
يصلي خلف بعض مثل ما كان ابو حنيفة واصحابه
والشافعي وغيرهم رضي الله عنهم يصلون
خلف ائمة المدينة من المالكية وغيرهم
وان كانوا لا يقرأون البسملة لا سرا ولا جهرا و
صلى الرشيد ما ما وقد احتجم فصلى الامام
ابو يوسف خلفه ولم يعد وكان افتاه الامام

مالك بانه لا وضوء عليه وكان الامام احمد
ابن حنبل يرى الوضوء من الرعاف والحجامة
فقيل له، فان كان الامام قد خرج منه الدم
ولم يتوضأ هل يصلي خلفه؟ فقال: كيف
لا اصلي خلف الامام مالك وسعيد ابن
المسيب ويروى ان ابا يوسف ومحمد اكانا
يكبران في العيدين تكبير ابن عباس لان هارون
الرشيد كان يحب تكبير جده۔

[حجۃ اللہ البالغہ جلد نمبر ۲، ص ۱۵۸۔۱۵۹]

اس کے ذیل میں لکھتے ہیں مثلاً کوئی عید کی سات اور پانچ تکبیریں کہتا ہے کوئی حنفی تین بتاتا ہے کوئی وتروں میں قنوت پڑھتا ہے کوئی نہیں پڑھتا۔ کوئی بسم اللہ اونچی آواز سے کہتا ہے کوئی اونچی آواز سے نہیں کہتا وتر کوئی جوڑ کر پڑھتا ہے کوئی الگ۔

شاہ صاحب رحمۃ اللہ ان سب کے بارہ میں فرماتے ہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور تابعین کے زمانے سے یہ باتیں چلی آرہی ہیں اور کسی نے نہیں کہا کہ یہ جائز ہے اور یہ ناجائز ہے سارے گروہ متفق تھے کہ سب باتیں جائز ہیں۔ ایک عمل ٹھیک ہے لیکن یہ ذرا زیادہ اچھا ہے یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے زیادہ عمل کیا اس لیے زیادہ اچھا ہے وہ اختلاف ضرور کرتے تھے لیکن سلف میں سے کسی نے یہ نہیں کہا کہ یہ عمل سرے سے موجود ہی نہ تھا۔ وہ کہتے تھے کہ دونوں عمل موجود تھے ہم سات اور پانچ تکبیریں کہتے ہیں بسم اللہ اگر کوئی حنفی امام تین تکبیروں سے عید پڑھادے تو دکھ کس بات کا جب کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کی آسمان کے سورج کی طرح روشن روایت موجود ہے کہ جب وہ کوفہ میں حاکم تھے تو حنفیوں کی طرح تین تکبیروں سے عید پڑھاتے تھے ابن حزمؒ فرماتے ہیں جس طرح سورج میں کوئی شک نہیں اس میں بھی کوئی شک نہیں ہے۔

قاضی ابو یوسف کا مسلک اور ہارون الرشید:

قاضی ابو یوسف رحمۃ اللہ عباسی خلیفہ ہارون الرشید کے دور میں چیف جسٹس تھے۔ ہارون الرشید نے نماز پڑھائی اس دور میں خلیفہ نماز پڑھاتے تھے آج کل کی طرح نہیں کہ امامت بھی نہیں کراتے] نماز اس حالت میں پڑھائی کہ اس نے وضو کے بعد سینگیاں لگوائیں خون نکلوایا وضو نہیں کیا قاضی صاحب کے مطابق وضو ٹوٹ گیا تھا لیکن قاضی ابو یوسفؒ نے خلیفہ کی اقتدا میں نماز ادا کی۔ اور بعد میں اسے دہرایا نہیں ہارون الرشید نے اس لیے ایسا کیا کہ امام مالکؒ نے یہ فتوی دے رکھا تھا کہ اس طرح وضو نہیں ٹوٹتا اس لیے

اس نے اس پر عمل کیا قاضی صاحب رحمۃ اللہ بھی چپ رہے کہ ہمارے مسلک کے بارے میں کوئی وحی تو نازل نہیں ہوئی کہ ہمارا مسلک ہی درست ہے۔ دوسرا جو بہتر سمجھتا ہے اس پر عمل کرے۔

امام ابو یوسف رحمۃ اللہ اور امام محمد رحمۃ اللہ دونوں امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ کے شاگرد تھے ان کا مسلک تھا کہ عیدین میں تین زائد تکبیریں ہیں۔ مگر جب نماز پڑھاتے تو سات اور پانچ تکبیریں کہتے کیونکہ خلیفہ عباسی تھا اور وہ اپنے دادا کے طریق کا پیرو کار تھا۔ اس لیے کہ ہارون الرشید کو اپنے دادا کا طریقہ پسند تھا اس پر ان دونوں اماموں نے کہا کہ فروعات میں الجھ کر امت کو تقسیم کرنے کا کیا فائدہ وحدت امت کو قائم رکھا جائے۔

کافر کون ہے: احادیث کی روشنی

مشکوٰۃ شریف میں صحیح ترین حدیث ہے کہ بنی اسرائیل کے ایک بڑے عابد نے ایک خطا کار کے متعلق کہا کہ "خدا کی قسم تو نہیں بخشا جائے گا اس خود بینی کی بنا پر اس کی تمام نیکیاں برباد ہو گئیں اور اسے دوزخ میں ٹھونس دیا گیا۔ اس شخص نے دوسرے کو دوزخ کی وعید دے کر خود دوزخ خرید لی ایک اور حدیث میں آتا ہے کہ جب کوئی شخص کسی کو کافر کہتا ہے تو یقیناً ان میں سے ایک کافر ہوتا ہے۔ پہلی حدیث شریف مذکور کی اصل عبارت ذیل میں دی جا رہی ہے۔

وعن ابی هريرة قال قال رسول الله صلى الله
عليه وسلم ان رجلين كانا فى بنى اسرائيل
متحابين احدهما يجتهد فى العبادة والاخر
يقول مذنب فجعل يقول اقصر عما انت
فيه فيقول خلنى وربى حتى وجده يوما
على ذنب استعظمه فقال اقصر فقال خلنى
وربى ابعثت على رقيبا فقال والله لا يغفر الله
لك ابدا ولا يدخلك الجنة فبعث الله
اليهما ملكا فقبض ارواحهما فاجتمعا عنده
فقال للمذنب ادخل الجنة برحمتى وقال
للاخر اتستطيع ان تحظر على عبدى رحمتى
فقال لا يا رب قال اذهبوا به الى النار رواه احمد.

عجیب و غریب حدیث کاش اثر کر سکے

فرمایا رسالت مآبؐ نے جب کوئی مسلمان کسی دوسرے مسلمان کو کافر کہتا ہے تو ان میں سے ایک یقیناً کافر ہوتا ہے۔


حصہ دویم

وفاقی وزیر پیر نور الحق قادری، قبلہ ایاز اور کچھ علماء پریس کانفرنس میں عوام کو کورونا سے ڈراتے رہے۔ علماء کا کام لوگوں میں خدا کا یا خالق کا خوف پیدا کرنا ہے یا بے خوف عوام میں کورونا مخلوق کا خوف پیدا کرنا ہے۔

ان علماء نے سعودی عرب کے بارے میں کوئی فتویٰ نہیں دیا جہاں حرم مکہ اور حرم مدینہ بند ہیں ان کی بندش نص کی خلاف ورزی ہے۔ مساجد اللہ بھی بند نہیں کی جا سکتیں ان کی بندش نصوص کا انکار ہے۔ پاکستان کے تمام اہل حدیث علماء کا یہی موقف ہے۔ حیرت ہے کہ قبلہ ایاز صاحب پیر نور الحق قادری نے سعودی عرب سے حرمین اور مساجد کو فوراً کھولنے کا مطالبہ تک نہیں کیا یہ کیسے علماء ہیں؟

پیرنورالحق قادری اورقبلہ ایاز صاحب نے زندگی بھر سائنس کے بارے میں کچھ نہیں پڑھا لہٰذا اب امت کو گمراہ کرنے سے پہلے سائنس پر دو چار کتابیں پڑھ لیں ۔پھر بات کریں۔

مساجد بند کرنا حرام ہے یہ نص صریح سے ثابت ہے بند کرنے والا گناہ گار ہے وہ توبہ کرے

قبلہ ایاز صاحب اپنا عقیدہ درست کریں اسلامی علمیت میں بیماری، موت، تقدیر اللہ کے حکم سے آتی ہے دوا علاج شفاء متبادل اصطلاحات نہیں لہٰذا اسلام میں علاج فرض نہیں اللہ علاج کے بغیر بھی شفاء دے سکتا ہے لیکن کسی بیمار کے لئے نماز معاف نہیں کیوں کہ انسان کو عبادت کے لئے ،پیدا کیا گیا ہے۔ مساجد اللہ کے گھر ہیں نمازی اللہ کے مہمان ہیں لہٰذا مساجد کسی حال میں نمازی پر بند نہیں کی جاسکتیں۔

سید خالد جامعی

پیر نور الحق قادری، ڈاکٹر قبلہ ایاز اور ان کے ہم خیال علماء و مشائخ کی یہ رائے بالکل غلط ہے کہ ریاست اور طبی شخصیات کی بات پر من و عن عمل کیا جائے (جنگ کراچی ۱۷ اپریل ۲۰۲۰) اگر ریاست اور طبی شخصیات کی رائے کسی مطلق، قطعی، حتمی، سچی علمیت یعنی اسلامی علمیت سے آتی تو اس پر من و عن عمل کیا جاتا مگر ان کی رائے WHO سائنس اور میڈیکل سائنس کے دائرے سے آرہی ہے۔ جس میں کوئی رائے، اصول، نظریہ، نتیجہ نہ حتمی ہے نہ قطعی نہ مطلق وہ ہر لمحہ ارتقاء پذیر ہے لہٰذا ریاستی سائنسی منہاج علمی اپنے مفادات اور اعداد و شمار کے باعث ہر وقت بدلتا رہتا ہے تو ایسے علم پر کیسے ایمان رکھا جا سکتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ پیر نور الحق قادری اور ڈاکٹر قبلہ ایاز نے کبھی سائنس کے اصول ہی نہیں پڑھے سائنس اپنے بارے میں کیا کہتی ہے سائنس جن دس بنیادی اصولوں پر کھڑی ہے وہ خود غیر سائنسی ہیں ایک کتاب پڑھ لیں۔

The Delusions ofScience

سائنس دان کتنے جھوٹے، چور، پیسے کے پجاری ہوتے ہیں اور کس طرح غلط سائنسی تحقیقات پیش کرتے ہیں۔صرف ایک کتاب پڑھ لیجئے۔

The Merchant of Doubts

ریاست سائنس اور سرمائے کی تنظیم کا نام ہے لیکن ریاست بھی سائنس دانوں کی صرف وہ تحقیق تسلیم کرتی ہے جس سے مارکیٹ، ریاست، Taxاور عوام کو نقصان نہ پہنچے ورنہ سائنس دانوں کو گرفتار کر کے بند کر دیتی ہے، ضمانت مسترد کر دیتی ہے، سرمایے کے مقابلے میں سائنس داں کی کوئی عزت نہیں ایک کتاب پڑھ لیجئے The collapse of Western civilization سائنس کی پوری تاریخ بحران، تماشوں، تباہی، بربادی کی تاریخ ہے۔چند کتابیں پڑھ لیجئے۔

1)P. Dicken Getting Science wrong

2)ALGORE An In convincement truth

3)N. Clane Capitalism VS Climate

4)S. M. Rees Our Final Hour

5)DJ. Diamond collapse: How societies choose to Fail & Succeed

6)I. Cook The politics of the final hundred years of humanity 2030-2130

7)E. Eyre Death in mud lick

8)The Corporation

9)Toyne B. A. The world &the west

10Christopher Caudwell Studies in a dying culture

11)Rozak Children of Technology

12)Spenglar Decline of the west

جدید سائنس کی حقیقت جاننے کے لئے اردو میں ہمارے شاگرد ظفر اقبال کی دو کتابیں پڑھ لیجئے :

ظفر اقبال اسلام اور سائنس نئے تناظر میں

ظفر اقبال اسلامیت اور جدیدیت کی کشمکش

جاری کردہ ۲۳ اپریل ۲۰۲۰ء

جمہوری جدوجہد سے پاکستان میں تبدیلی ممکن نہیں

شاہ نواز فاروقی

پاکستانی مذہبی سیاسی جماعتوں کی جمہوری جدوجہد لاحاصل ہے: ایک سوال

پاکستان میں انتخابی، جمہوری، سیاسی عمل کے ذریعے تبدیلی ممکن ہی نہیں تبدیلی کا راستہ صرف جرنیلوں کی مرضی پر منحصر ہے۔ برادر محترم شاہ نواز فاروقی کی اس تحقیق کی روشنی میں جماعت اسلامی پاکستان اور پاکستان کی مذہبی سیاسی جماعتیں تبدیلی کے لئے دوسرے راستوں کی طرف جائیں گی یا جمہوریت میں ہی اپنی فلاح تلاش کریں گی

جمہوریت سے بچنے کا مطلب استقراء کے تحت عسکری راستہ ہے مگر

استقراء یقین کا فائدہ نہیں دیتا لہٰذا اصول استقراء Induction Method کا اطلاق کر کے صرف اور صرف عسکری جدوجہد کو متبادل راستہ بتانا سائنسی طریقہ کار ہے اور درست طریقہ نہیں عسکری راستہ بے شمار راستوں میں سے ایک راستہ اور واحد راستہ نہیں

رمضان میں شہباز شریف نے انٹرویو میں کہا تھا کہ ۲۰۱۸ کے الیکشن کے لئے سب کچھ طے ہو گیا تھا جرنیلوں نے چند نامور صحافیوں کے ذریعے کابینہ کے نام بھی طے کر دیئے تھے مگر اچانک کچھ اور ہو گیا لیکن مستقبل ہمارا ہے۔

پروفیسر غفور احمد نے ادریس بختیار سے کہا تھا کہ PNA اور IJI خفیہ اداروں نے بنائی تھی۔

شاہ نواز فاروقی لکھتے ہیں فوجی وڈیرے پورے پاکستان کو کنٹرول کرتے ہیں 75 فی صد حلقے ایسے ہیں جہاں سے صرف نام نہاد

Electables ہی منتخب ہو سکتے ہیں یہ ہر اس اسمبلی میں ہمیشہ ہوتے ہیں پاکستان کے تمام انتخابات دھاندلی زدہ ہیں نتائج پہلے طے ہوتے ہیں الیکشن بعد میں ہوتے ہیں وہ جس کو چاہیں جتا دیتے ہیں جس کو چاہیں ہرا دیتے ہیں [جسارت ۲۹ مئی ۲۰۲۰، فرائیڈے اسپیشل] ہمارا سوال شاہ نواز صاحب سے یہ ہے کہ ان حقائق کے ہوتے ہوئے جماعت اسلامی ستر سال سے جو سیاسی و آئینی و جمہوری جدوجہد کر رہی ہے اس جدوجہد کا فائدہ کیا ہے؟ جماعت اسلامی PNA, IJI جیسے سیاسی اتحادوں میں شامل ہوتی رہی۔ PTI سے اتحاد کیا، پرویز مشرف، یحییٰ خان، ضیاء الحق کی فوجی آمریتوں میں شامل رہی تو یہ جدوجہد کیا کہلائے گی ۔کیا اب راستہ بدلنے کی ضرورت ہے یا نہیں۔

شاہ نواز فاروقی صاحب اردو انگریزی کالم نگاروں میں واحد کالم نگار

ہیں جو نہایت تسلسل کے ساتھ عسکری اشرافیہ پر مسلسل اور مستقل ٹھوس تنقید دلائل اور براہین کے ساتھ مگر نہایت جرات مندانہ اور شائستہ لہجے میں کرتے رہتے ہیں مارشل لاء کی سیاست اور عسکری اشرفیہ نے پاکستان کو کب کب اور کیسے کیسے کیا نقصان پہنچایا اس کا میزانیہ وہ پیش کرتے ہیں اس ادارے کو وہ قومی سلامتی کا دشمن قرار دیتے ہیں مشرقی پاکستان سے لے کر سندھ بلوچستان کی قوم پرستی اور کراچی کی MQM کی ذمہ داری وہ فوج پر ڈالتے ہیں مگر دوسری طرف وہ پاکستان کے جوہری پروگرام کے محافظوں کو مسلسل خراج تحسین بھی پیش کرتے ہیں سوال یہ ہے کہ اس جوہری پروگرام کا تحفظ وہی فوج کیسے کر رہی ہے جو پاکستان کی سلامتی کے لیے خطرہ ہے؟ محبت ونفرت کے یہ متضاد جذبات سلیم احمد کی زبانی فاروقی صاحب کے حال دل کی ترجمانی کرتے ہیں

اتنی کوشش بھی نہ کر میری اسیری کے لیے
تو کہیں میرا گرفتار نہ سمجھا جائے

عالم اسلام میں انقلاب برپا کرنے والوں کی سب سے بڑی خامی یہ ہے کہ وہ اس بات سے ناواقف ہیں کہ ان کا اصل مقابلہ کس سے ہے وہ سیاسی تبدیلی، انقلاب ، بغاوت کی باتیں کرتے ہیں مگر ان کے فکری علمی مباحث میں ریاست سرے سے موضوع گفتگو ہی نہیں اصل ہدف ہی نہیں ان کا انقلاب آئے گا تو کس کو کس چیز سے بدلے گا شرع اسلامی آئے گی تو کیا وہ اسی دلدل میں قدم جمائے گی یا اس کے لیے کوئی دوسرا ماحول منظر موسم ہوا فضا موجود ہوگی_ اس ماحول منظر موسم کو کیسے خلق کیا جائے گا انقلابی تحریکیں اور مفکرین جدید ریاست کے بارے میں کوئی کلام نہیں کرتے بس مارکیٹ سرمایہ اور انسانی حقوق پر تنقید تک محدود رہ جاتے ہیں اگر چہ ان کا کام نہایت عمدہ، قیمتی اور تخلیقی نوعیت کا ہے مگر اس کام میں وسعت اور جامعیت پیدا کرنے کی ضرورت ہے تا کہ یہ وقیع کام انقلاب کے برگ و بار

اور آثار پیدا کر سکے اس کام پر تنقید کے بجائے اس کی توسیع کی ضرورت ہے تبدیلی کے لیے ہر قابل قدر کام کا احترام اور اس کا اعتراف اور اس سے استفادہ ضروری ہے سب مل کر کام کریں گے تو کام آگے بڑھے گا

شاہ نواز صاحب کے افکار میں محسوس ہونے والا تضاد اصلاً جدید ریاست کی حقیقت، ماہیت اور اصلیت سے ہماری عدم واقفیت ہے کورونا نے جدید ریاست کی حقیقت کو بے نقاب کر دیا ہے دنیا میں طاقت کا اصل مرکز محور جدید ریاست ہے اس موضوع پر عالم اسلام میں کوئی کام نہیں ہوا جدید ریاست کی تفہیم جیسے ہی ممکن ہو گی شاہ نواز کی تنقید کا تضاد ویسے ہی حل ہو جائے گا

سید خالد جامعی

برادر محترم و مکرم شاہ نواز فاروقی اردو صحافت کے ان چند گنے چنے لوگوں میں شامل ہیں جن کا دامن ہر داغ سے صاف ہے جن کے اخلاص، نیت میں کسی کو شک نہیں

ہوسکتا، جوصرف گفتار کے نہیں کردار کے بھی غازی ہیں۔ان کا انداز تحریر جادو کا اثر رکھتا ہے۔مغرب کی تفہیم، جمہوریت، انسانی حقوق، جدید ریاست، جدید علوم اور سائنس کے مباحث کے بارے میں ان کے بعض علمی مباحث سے شدید اختلاف کے باوجود بحیثیت مجموعی ان کی تحریریں اوران کا سحر انگیز قلم لوگوں کو متاثر کرتا ہے۔ اپنے حالیہ کالم " کرپشن سے بنا پاکستان کا سیاسی نظام" (جسارت ۲۹ مئی ۲۰۲۰) میں انہوں نے پاکستان کی تمام دینی مذہبی سیاسی جماعتوں کی سیاسی جدوجہد کو لاحاصل جدوجہد قرار دیا ہے۔ان کے الفاظ یہ نہیں ہیں مگر مفہوم بالکل یہی ہے۔ انہوں نے واضح طور پر لکھا ہے ملک کا آئین اسلامی ہے مگر جرنیل بھٹو شریفین اسلام کو آئین سے نکلنے ہی نہیں دیتے۔آئین اسلام کا قید خانہ ہے۔فوجی سول حکمراں سود کے نظام کے طرف دار ہیں۔جنرل ضیاء نے جو نیجو لیگ کا تحفہ دیا ضیاء نے ۲۰۰ ارب روپے سے زیادہ کے قرضے معاف کئے، یہی کام پرویز مشرف نے کیا۔فوجی وڈیرے پورے پاکستان کو کنٹرول کرتے ہیں ۷۵ حلقے ایسے ہیں جہاں سے صرف نام نہاد Electable ہی منتخب ہو سکتے ہیں۔ یہ ہر اسمبلی میں ہمیشہ ہوتے ہیں پاکستان کے تمام انتخابات دھاندلی زدہ ہیں، نتائج پہلے طے ہوتے ہیں۔الیکشن بعد میں ہوتے ہیں، وہ جس کو چاہے جتا دیتے ہیں جس کو چاہے

ہرا دیتے ہیں (جسارت ۲۹ مئی ۲۰۲۰ فرائڈے اسپیشل)۔ ہمارا سوال شاہ نواز صاحب سے یہ ہے کہ ان حقائق کے ہوتے ہوئے جماعت اسلامی ستر سال سے جو سیاسی و آئینی و جمہوری جدوجہد کر رہی ہے اس جدوجہد کا فائدہ کیا ہے؟ جماعت اسلامی PNA, IJI جیسے سیاسی اتحادوں میں شامل ہوتی رہی۔ PTI سے اتحاد کیا، پرویز مشرف، یحیٰ خان، ضیاء الحق کی فوجی آمریتوں میں شامل رہی تو یہ جدوجہد کیا کہلائے گی۔ کیا اب راستہ بدلنے کی ضرورت ہے یا نہیں۔ تمام مذہبی جماعتیں عموماً جماعت اسلامی کی حکمت عملی کی ہی پیروی کرتی ہیں۔

شاہ نواز لکھتے ہیں کہ مارشل لاء اخلاقی سیاسی آئینی کرپشن ہے فوجی اور سول اشرافیہ نے ہمیشہ ملک وقوم کی آزادی وخودمختاری کا سودا کیا ہے۔ مگر سوال یہ ہے کہ ہماری مذہبی سیاسی جماعتیں اور شاہ نواز صاحب کی سب سے پسندیدہ جماعت، جماعت اسلامی ہمیشہ سول اور فوجی حکمرانوں کے اتحاد میں شامل رہتی ہے اس کی وجہ کیا ہے؟ کیا جمہوری آئینی جدوجہد کے سوا دوسرے راستے موجود نہیں عموماً جمہوریت کے سوا ہر راستہ عسکری جدوجہد کا راستہ سمجھا جاتا ہے۔ لہٰذا برادرم شاہ نواز دوسرے راستوں کی طرف جماعت اسلامی اور دیگر مذہبی جماعتوں کی رہنمائی فرمائیں۔

جمہوریت، عسکریت، اکثریت کے سوا بھی جدوجہد کے ایک ہزار طریقے ہیں قرآن

کریم اور اسلامی تاریخ اس کا ثبوت ہے مگر جدوجہد کی پہلی منزل کردار سازی، نفوس کا تزکیہ اور نیک لوگوں کی تیاری ہے جن کا عقیدہ بھی درست ہو اور جن کے اعمال بھی روشن ہوں اسی لیے قرآن میں سورہ الفرقان آیت نمبر ۷۴ میں دعا ہے کہ اے اللہ ہمیں متقیوں کا امام بنا۔ وَالَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِينَ إِمَاماً

شاہ نواز صاحب بھٹو خاندان کے شدید مخالف ہیں اور اسے ملک دشمن قرار دیتے ہیں مگر ان کے ممدوح ڈاکٹر قدیر خان اپنے کالم میں لکھتے ہیں ایٹمی پروگرام کا پورا کریڈٹ مرحوم بھٹو کو جاتا ہے بعد میں محترمہ بے نظیر بھٹو نے ایسا ہی بھروسہ اور اعتماد کر کے مجھے مختلف قسم کے میزائل بنانے کا موقع دیا۔ میں ملک کے لیے بہت کچھ کر سکتا تھا مگر اس کے لیے بھٹو صاحب اور۔ بے نظیر صاحبہ غلام اسحاق آغا شاہی جیسے لوگوں کی مدد اور راہنمائی چاہیے [یوم تکبیر اور ملکی حالات قدیر خان جنگ کراچی یکم جون ۲۰۲۰ء] سوال یہ ہے کہ ملک کے غدار بھٹو خاندان کے بارے میں ڈاکٹر قدیر خان کیا لکھ رہے ہیں اور شاہ نواز صاحب کیا بتا رہے ہیں دو مختلف نقطہ ہائے نظر میں تطبیق کیسے پیدا کی جائے قومی ریاست اور جدید ریاست کی تفہیم کے بغیر ایسے Paradox حل نہیں ہو سکتے ہر ادارے چہرے، قوت، تنظیم — کو قومی

سیاست ،جدید ریاست میں کئی چہروں کے ساتھ چلنا پڑتا ہے کیوں کہ ریاست کی حقیقت آشکار نہیں قدیر خان لکھتے ہیں کہ 1984ء میں ضیاء الحق کو جب میں نے بتایا کہ ہم ایک ہفتے میں اصلی دھماکہ کر سکتے ہیں تو انھوں نے کہا ڈاکٹر صاحب آپ نے ملک کی سلامتی مستقل کر دی [جنگ یکم جون ۲۰۲۰] کیا پاکستان کی سلامتی ایک بم سے منسلک ہے؟ کیا اس اسلامی ریاست کو سلامتی کے لیے اللہ کی نصرت کی ضرورت نہیں ماڈرن ازم نے جو شعور پیدا کیا ہے وہ مسبب الاسباب کا انکار کرتا ہے اور اسباب کو اس کا متبادل سمجھتا ہے یہی شعور عالم اسلام میں عام ہے لہذا بہت سے مفکرین امت سے توقع کر رہے ہیں کہ کاش وہ کورونا کی ویکسین بنا لے ___ مادہ پرستی کا ایسا غلبہ ___ بتاتا ہے کہ ہم عقیدے کی سطح پر کتنے کمزور ہیں اور خالق کے بجائے مخلوق سے امیدیں رکھتے ہیں۔

ہم امید کرتے ہیں کی محترم شاہ نواز صاحب جدید ریاست کی حقیقت کے بارے میں تدبر فرمائیں گے کورونا وائرس نے بتا دیا ہے کہ اس ریاست کے جبر کی انتہا کیا ہے وہ کھل کر سامنے آچکی ہے اس نے علماء کے آخری قلعے مسجد سے بھی ان کو بے دخل کر دیا ہے وہ مارکیٹ کو بھی حکم دے رہی ہے اور علماء کو بھی۔ مسجد کب کھلے گی اور بند ہو گی، کتنے لوگ آئیں گے، کتنا فاصلہ ہو گا کورونا کے مریضوں کو جاسوسی کے

ذریعے اٹھایا جارہا ہے اسلامی تحریکیں جدید ریاست کی تفہیم کے بغیر کوئی انقلاب برپا نہیں کرسکیں گی امید ہے شاہ نواز صاحب اس پر توجہ دیں گے ۔

جاری کردہ ۱۱ جون ۲۰۲۰ء

شاہ نواز فاروقی صاحب سے چند مزید سوالات

(قسط دوئم)

سید خالد جامعی

محترم شاہ نواز فارقی صاحب ایک صاحب ایمان، غیرت منداور صاحب علم مفکر ہیں اللہ تعالی نے انھیں بے شمار خوبیوں سے نوازا ہے ان کی تحریر اتنی خوب صورت ہوتی ہے کہ پڑھنے والا اس کے سحر میں کھو جاتا ہے ان سوالات کا مقصد شاہ نواز صاحب کی مخالفت، تحقیر و تضحیک نہیں صرف تبادلہ خیالات ہے یہ بہت اہم سوال ہیں جن کا جواب شاہ نواز صاحب دیں گے تو اسلامی تحریکوں کو جدوجہد کے نئے دریچوں اور راستوں کا حصول ممکن نظر آئے گا ہم تمام راسخ العقیدہ اسلامی تحریکوں سے محبت رکھتے ہیں ان کی اصلاح ہمارا مقصد ہے ان سوالات کو اسی تناظر میں پڑھا جائے۔

جدید ریاست کے فلسفے اور تاریخ و تناظر سے واقف ہر شخص اور فلسفی جانتا ہے کہ جدید ریاست نے خدا کی جگہ حاصل کر لی ہے جس طرح ہر انسان اللہ کا عبد پہلے ہے اس کے بعد اس کی کوئی حیثیت ہے بالکل اسی طرح جدید ریاست سے ایک فرد کا تعلق سب سے پہلے Citizen کا ہے کوئی شخص پہلے ریاست کا شہری ہے اس کے بعد وہ کسی کا باپ، بیٹا پوتا، دادا ہے ہر مذہبی، لسانی، علاقائی شناخت کی کوئی حیثیت نہیں اصل شناخت ریاست کی دی ہوئی ہے جرمنی کے فلسفی کارل اشمتھ نے اپنے فلسفے میں ریاست کے فلسفے کو تفصیل سے بیان کیا ہے اور لکھا ہے کہ جس طرح خدا کو اس کائنات پر کامل تصرف حاصل ہے اور وہ اپنے معجزات کے ذریعے کائنات کے نظام میں تعطل پیدا کر کے اپنے استثناء State Of Exception کا اظہار کرتا ہے بالکل اسی طرح جدید ریاست جب چاہے اپنے کسی اصول قانون کو توڑ سکتی ہے یہ استثنائی حیثیت صرف ریاست کو حاصل ہے ہر شخص اس کے سامنے مجبور محض ہے اسی لیے جدید ریاست میں علماء اور اسلامی تحریکوں کی صرف اور چار حیثیتیں ہیں۔

۱۔سیکولرائزنگ ایجنٹ ۲۔قومی سلامتی اور قوم پرستی کے بلا معاوضہ وکیل ۳۔ریاست کے آلہ کار ۴۔ پریشر گروپ

جناب شاہ نواز صاحب بتائیں کہ اسلامی تحریکوں کی ان چار حیثیتوں کے سوا کیا حیثیت ہے ستر سال کے تجربات کے بعد بھی ان حالات کو دیکھتے ہوئے علماء اور اسلامی جماعتیں اپنے مقام حیثیت سے آگاہ نہیں اور مفتی تقی عثمانی صاحب کو انتہائی دکھ سے یہ سوال پوچھنا پڑا کہ پاکستان کی ریاست بتادے کہ وہ ہمیں کیا سمجھتی ہے۔ ہماری کیا حیثیت ہے کیا اسلامی قوتوں کو اپنی حیثیت کا علم ابھی تک نہیں ہوسکا یہ کیسی ریاست ہے جہاں علماء ریاست کی راہنمائی کی بجائے ریاست سے اپنی حیثیت کے بارے میں پوچھ رہے ہیں؟

☆۔مذہبی جماعتیں اور پاکستان کی ریاست جنگ یا جہاد کے ذریعے اگر بالفرض مقبوضہ کشمیر کو فتح بھی کرلے تو ہمارا شاہ نواز صاحب سے یہ سوال ہے کہ اس جنگ یا جہاد کے اختتام پر کشمیر میں کیا اسلامی شریعت نافذ ہوگی یا جدید آئین؟ پاکستان کو ستر سال ہوگئے اور یہاں آج تک اسلام نافذ نہیں ہوسکا تو ایسی جنگ کشمیر کا کیا فائدہ جس کا انجام پاکستان جیسا ہو___ خون بہانے کے بعد بھی نتیجہ حاصل نہ ہو تو ایسی لاحاصل جدوجہد کے کیا معنی کیا کشمیری آزادی کی جنگ لڑ رہے ہیں یا ان کی آزادی کا اصل مقصد نفاذ شریعت ہے شریعت کے بغیر جہاد کے کیا معنی___ طالبان جیسی قوت نے مجاہدین کا مقدمہ لڑنے کے بجائے جہاد کے عالمی و دائمی تصور سے ہی رجوع کرلیا اچانک طالبان کی جدوجہد عالمی، آفاقی ہونے کی بجائے مقامی، علاقائی، قومی اور افغانی ہوگئی تو کشمیر کی آزادی کا نتیجہ کیا نکلے گا؟ نتیجے کے بغیر جدوجہد کا کیا مقصد ہے؟

☆۔جناب سراج الحق نے کہا کہ ہم جہاد کے ذریعے بھارت میں نیا پاکستان بنادیں گے سوال یہ ہے کہ کیا جماعت اسلامی ہندوستان اس جہادی جدوجہد میں پاکستان کے ساتھ ہوگی یا ہندوستان کے ساتھ یا غیر جانبدار ہوگی؟ قومی ریاستوں نے مذہب، عقیدے اور ایمان پر بھی غلبہ پالیا وہ ان سب سے ماورا ہوگئی ہندوستان کے مسلمان ہندوستانی ریاست کے وفادار ہیں، بوہری وہاں مودی کے حق میں ریلیاں نکال

رہے ہیں اور پاکستانی بوہری پاکستانی ریاست کے ساتھ ہیں جمعیت علمائے ہند بھارت بھارتی حکومت کے ساتھ پاکستان میں جمعیت پاکستانی ریاست کے ساتھ ہے پاکستان کی ہندو اقلیت پاکستان کی وفادار ہے بھارت کی اقلیتیں بھارت کی وفادار ہیں کیوں کہ جس کا مفاد جہاں ہے وہ اسی کا وفادار ہے لہذا اسلامی جماعتوں، تنظیموں، تحریکوں کی جدوجہد بھی عالمی، آفاقی نہیں مقامی، قومی علاقائی ہوگئی۔ ہے مثلاً دعوت اسلامی پاکستان میں کشمیر میں ظلم کے خلاف اور اس کی آزادی کی حامی ہے لیکن کیا ہندوستان کی دعوت اسلامی کا بھی یہی ہدف اور طریقہ کار ہے؟ ظاہر ہے قومی ریاست۔ نے ہمارے عقیدے پر بھی ہاتھ صاف کر دیا ہے کیا شاہ نواز صاحب اس سے اختلاف کریں گے جماعت اسلامی نے 1971 میں پاکستان کا اور پاکستانی فوج کا ساتھ دیا مشرقی پاکستان میں عظیم قربانیاں دیں۔ بنگلہ دیش کی زبردست مخالفت کی لیکن بنگلہ دیش بن جانے کے بعد جماعت اسلامی بنگلہ دیش الگ بن گئی تو اس کے امیر پروفیسر غلام اعظم نے جمعیت کے سرکاری رسالے ''ہم قدم'' کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ ہم نے کبھی بنگلہ دیش کی مخالفت نہیں کی ___ اس بیان کا پس منظر جدید ریاست ہے۔ جدید ریاست اپنے شہریوں سے کامل وفاداری کا مطالبہ کرتی ہے وہ خدا کی طرح شہریوں سے عبدیت، بندگی، خودسپردگی، طلب کرتی ہے غلام اعظم صاحب کا بیان اسی تناظر میں تھا یہ ان کی مجبوری تھی۔ کیا شاہ نواز صاحب ہمارے نقطہ نظر سے اتفاق کریں گے یا اختلاف؟ جماعت اسلامی بنگلہ دیش وہاں مخلوط حکومت میں شامل رہی بنگلہ دیش کا پرچم، آئین، بنگلہ دیش سے وفاداری کا حلف اُٹھایا حالانکہ 1971 میں وہ پاکستان، پاکستانی پرچم کی جنگ لڑ رہے تھے دیش بدلتے ہی سب کچھ بدل گیا۔ جدید قومی ریاست نے جماعت اسلامی مشرقی پاکستان کا رخ کیسے بدلا شاہ نواز صاحب اس بارے میں جماعت کی راہنمائی کریں کیا اس واقعے سے قومی ریاست کی حقیقت معلوم نہیں ہوتی کہ وہ خدا کا درجہ حاصل کر چکی ہے کارل اشمتھ کو پڑھیے۔

۔امریکی صدر بش نے افغانستان پر حملہ کیا تو اس نے تقریر کی دنیا کو فیصلہ کرنا ہوگا کہ وہ امریکہ کے

ساتھ ہے یا طالبان کے ساتھ ___ امریکہ نے زبردستی پوری دنیا کو اپنا حامی بنالیا اس نے کسی کے لیے غیر جانبدار ہونے کا راستہ بھی نہ چھوڑا۔ پوری دنیا تمام اسلامی ممالک خادم حرمین شریفین، ترکی ،سب امریکی پٹھو بن کر امریکہ کے ساتھ غریب افغانی غیرت مند طالبان کے ساتھ جنگ لڑ رہے تھے کسی ملک ،اسلامی مملکت، مسلم حاکم کو یہ جرات بھی نہیں ہوئی کہ وہ یہ کہہ سکتا کہ ہم غیر جانب دار ہیں کوئی ایسا باغیرت مسلم حاکم سامنے نہیں آیا جو کہے کہ ہم غیرت مند طالبان کے خلاف جنگ میں امریکہ کا ساتھ نہیں دیں گے مسلم حکمرانوں میں کی بے غیرتی کا یہ عالم ہے کہ امریکی صدر اوبامہ نے توہین رسالت کرنے والوں کے خلاف ردعمل پر شدید تنقید کرتے ہوئے UNO. کے فورم پر کھڑے ہو کر آصف زرداری، طیب اردگان، احمد نژادی، محمد مرسی کی موجودگی میں کہا کہ توہین رسالت کو روکنے کا ایک ہی طریقہ. ہے کہ توہین رسالت کی اور آزادی دو اور آزادی دو اس نے کہا کہ آزادی قدر ہے عقیدہ ہے اور پوری دنیا اس پر ایمان رکھتی ہے لہذا توہین رسالت کے جرم پر کوئی پابندی عائد نہیں کی جاسکتی _ امریکی صدر کی اس تقریر کو سننے کے بعد زرداری، اردگان، احمد نژادی، مرسی۔ نے تقاریر کیں لیکن کسی ایک کو جرات نہ ہوئی کہ وہ امریکی صدر کے خلاف بولتا آزادی کے عقیدے کو باطل، لغو اور بکواس قرار دیتا ہے۔ شاہ نواز صاحب امریکی صدر کی تقریر پڑھ لیں۔

We have taken these positions because we believe that freedom and self-determination are not unique to one culture. These are not simply American values or Western values - they are universal values. Here in the United States, countless publications provoke offense. Like me, the majority of Americans are Christian, and yet we do not ban blasphemy against our most sacred beliefs. As President of our country and Commander-in-Chief of our military, I accept that people are going to call me awful things every day - (laughter) - and I will always

defend their right to do so. (Applause.)

Americans have fought and died around the globe to protect the right of all people to express their views, even views that we profoundly disagree with. We do not do so because we support hateful speech, but because our founders understood that without such protections, the capacity of each individual to express their own views and practice their own faith may be threatened.

We do so because given the power of faith in our lives, and the passionthat religious differences can inflame, the strongest weapon against hateful speech is not repression; it is more speech - the voices of tolerance that rally against bigotry and blasphemy, and lift up the values of understanding and mutual respect.

But in 2012, at a time when anyone with a cell phone can spread offensive views around the world with the click of a button, the notion that we can control the flow of information is obsolete.

[Remarks from President Barack Obama to the UN General Assembly, New York, 2012.09.26

آج اسلامی تحریکیں انہی حکمرانوں کے تصور اسلام کو پیش کر رہی ہیں شاہ نواز صاحب اسلامی تحریکوں کو بتائیں کہ یہ سب کیا ہو رہا ہے؟ یہ کیا تماشہ ہے؟ اسلامی علمیت کے ساتھ ہم سب مل کر کیا کھیل کر رہے ہیں کیا ہم سب اللہ کے غصے کو دعوت دے رہے ہیں؟

شاہ نواز صاحب اپنے دل پر ہاتھ رکھ کر یہ بتائیں کہ اگر امریکی صدر کی تقریر کے بعد آپ کو تقریر کا موقع ملتا تو آپ کیا کہتے؟ ایک مرتبہ آپ نے ہم سے گفتگو میں ایک عجیب جملہ کہا تھا ''**اگر شیطان اور امریکہ میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا پڑا تو میں شیطان کا انتخاب کروں گا**'' آپ کی نظر میں امریکہ شیطان سے بھی بدتر ہے اس شیطان کے نمائندے اوبامہ نے کہا کہ توہین رسالت کی آزادی دیتے رہو ___ یہی توہین رسالت کے مسئلے کا حل ہے اس تقریر کے بعد محمد مرسی

شہید، اردگان، احمدنژادی، زرداری نے تقاریر کیں لیکن کسی نے اوبامہ کی تقریر پر تنقید نہیں کی یہ ہوتی ہے غالب حاضر موجود ڈسکورس کی طاقت کہ اسلامی علمیت کے نمائندوں کے ہاتھ پاؤں پھول جاتے ہیں کہ ہم غالب ڈسکورس کے عقیدہ آزادی کی تردید کیسے کریں اس کے لیے بہت زبردست، یقین اور ایمان کی ضرورت ہوتی ہے عالم اسلام تو سو سال سے انسانی حقوق کے کافرانہ منشور کی اسلامی وکالت کر رہا ہے ادارہ ترجمان القران نے محمد صلاح الدین کی کتاب ''انسانی حقوق'' شائع کی ہے وہ پڑھ لیجیے۔ اس کتاب میں اس منشور کی مابعد الطبعیات، جدید تصور انسان، تصور کائنات، تصور نفس اور Fedralist Papers کا ذکر ہی نہیں۔ بے چارے خالد اسحاق اور محمد صلاح الدین صاحب کو یہ بھی معلوم نہیں تھا حالانکہ خالد اسحاق صاحب بہت بڑے وکیل تھے ان کے کتب خانے میں بیٹھ کر صلاح الدین صاحب نے کتاب لکھی تھی۔ کانٹ نے جدید انسان کی تعریف کی ہے وہ تعریف بھی اس میں موجود نہیں ایسی ہی کتابوں نے منشور حقوق کو خطبہ حجتہ الوداع سے ماخوذ ثابت کرنے میں کردار ادا کیا ہے کانٹ لکھتا ہے کہ انسان کون ہے؟

Laziness and cowardice are the reasons why such a large part of mankind gladly remain minors all their lives, long after nature has freed them from external guidance. They are the reasons why it is so easy for others to set themselves up as guardians. It is so comfortable to be a minor. If I have a book that thinks for me, a pastor who acts as my conscience, a physician who prescribes my diet, and so on--then I have no need to exert myself. I have no need to think, if only I can pay; others will take care of that disagreeable business for me. Those guardians who have kindly taken supervision upon themselves see to it that the overwhelming majority of mankind--among them the entire fair sex--should consider the step to maturity, not only as hard, but as extremely dangerous. First, these guardians make their domestic cattle stupid and carefully prevent the docile creatures from

taking a single step without the leading-strings to which they have fastened them. Then they show them the danger that would threaten them if they should try to walk by themselves. Now this danger is really not very great; after stumbling a few times they would, at last, learn to walk. However, examples of [What Is such failures intimidate and generally discourage all further attempts.

.پاکستان کوفخر تھا کہ اس نے چھ ستمبر 1965ء کی جنگ میں کامیابی حاصل کی بھارت کونقصان پہنچایا اس کے جہاز گرائے۔ .چونڈہ کے محاذ پر ٹینکوں کی جنگ لڑی لاہور میں آ کر جم خانہ میں شراب پینے کے بھارتی جنرل کے خواب کو چکنا چور کیا لہذا ہر سال چھ ستمبر کو عام تعطیل ہوتی تھی یہ دن بڑے فخر سے منایا جاتا تھا ۔اسکولوں کالج یونیورسٹی میں تقریبات ہوتی تھیں اخبارارت خصوصی شمارے شائع کرتے تھے ملک کے ہر ہر شہر میں عوامی مقامات پر فوجی مشقیں، ہوائی جہاز کے کرتب، اسلحہ کی نمائش اور لڑائی کے مناظر پیش کر کے عوام کو گرمایا جاتا تھا لیکن اچانک مشرف دور میں چھ ستمبر کی چھٹی ختم کر دی گئی یوم دفاع پاکستان کے اسباق کو اردو اور شہریت کی کتابوں سے نکال دیا گیا اخبارات میں یوم دفاع کے خصوصی صفحات کی اشاعت اچانک ختم ہوگئی یہ مشرف حکومت کا بیانیہ تھا بھارت سے اچھے تعلقات کے لیے یہ سب کچھ کیا گیا تھا___ سوال یہ ہے کہ یہ سب کیوں ہوا اس کی اجازت کیوں دی گئی MMA مشرف کے ساتھ حکومت میں شامل تھی اس نے یوم دفاع کے بارے میں کیا کوشش کی۔ – گزشتہ چند سالوں سے دوبارہ اخبارات میں یوم دفاع پر کچھ شائع ہونے لگا ہے اس سال یوم دفاع اور کشمیر کو ایک ساتھ منایا گیا لہذا یوم دفاع پر سرکاری سرگرمیاں واضح طور پر نظر آئیں ISPR نے پروموڈیا___ ''آیئے شہیدوں کے گھر چلیے'' اچانک جنگ ستمبر کے شہدا قوم کو یاد آ گئے سوال یہ ہے کہ اب تک ہم انھیں کیوں بھولے ہوئے تھے کشمیر یاد آیا تو جنگ ستمبر کیوں یاد آ گئی۔ اچانک بیانیہ کیوں تبدیل ہو گیا۔ .پروموتو اصولاً یہ ہونا چاہیے تھا کہ آیئے کشمیر کے شہیدوں کے گھر چلتے ہیں آیئے آگ بجھانے کشمیر چلتے ہیں لیکن ظاہر ہے جدید ریاست کو دوسری

ریاست میں جانے کا اختیار نہیں بین الاقوامی قوانین کے تحت یہ ممکن نہیں ___ یہ UNO کے اصولوں کی خلاف ورزی ہے مگر سوال یہ ہے کہ بھارت بغیر کسی دفاع اور وجہ کے 1971ء میں مشرقی پاکستان میں گھس کر اسے تباہ کر کے آزاد علاقہ بنا کر چلا گیا تو بین الاقوامی قانون، UNO اسوقت کہاں مر گئے تھے جناب شاہ نواز صاحب نے اس بارے میں قوم کو کچھ نہیں بتایا۔ 6 ستمبر کو نعرہ دیا گیا شہیدوں کے گھر چلیے ___ تو کن شہیدوں کے گھر وہ شہید جو ہندوستان سے جنگ لڑتے ہوئے شہید ہوئے یا جو دہشت گردی کے خلاف جنگ لڑ کر پاکستان کے اندر شہید ہوئے ریاست کس عقل مندی سے اپنے نعرے، وعدے ، بیانیے بدلتی ہے اس کا اندازہ کر لیجیے۔ وہ مذہبی جماعتیں جو آج تک جدید ریاست کو امارت، خلافت پر قیاس کر رہی ہیں وہ کبھی ان مباحث کو سمجھ ہی نہیں سکتیں لہذا ہماری اسلامی جدوجہد بے سمت مسافر کا سفر ہے شاہ نواز صاحب کیا فرماتے ہیں کیا جدید ریاست مذہبی ہو سکتی ہے؟ اگر کسی نے جدید ریاست کے فلسفے ، اس کی تاریخ اور اس کے اس کے فلاسفہ کو پڑھا ہے تو وہ اسلامی تحریکوں کی راہنمائی کریں یہ ریاست تو خدا ہے۔

شاہ نواز صاحب بار بار مضامین میں لکھتے ہیں کہ ہم ایٹمی طاقت ہیں لہذا ہمیں بھارت سے جنگ کرنی چاہیے سوال یہ ہے کہ ایٹم بم کا مقصد جنگ کرنا ہے یا ایٹم بم کا مقصد امن رکھنا ہے یہ تو Detrent ہے اس کی موجودگی میں جنگوں کا امکان مستقل طور پر ختم ہو جاتا ہے اور پائیدار امن قائم ہو جاتا ہے۔ خود شاہ نواز صاحب نے اپنے کالم میں لکھا کہ پلوامہ واقعہ کے بعد پاکستانی فوج نے اپنے وار ہیڈ بھارت کی طرف بلند کر کے پیغام دے دیا تھا کہ ہم ایٹم بم پھینکنے والے ہیں ڈرتے نہیں لہذا فوراً عالمی برداری متحرک ہو گئی اور جنگ کا خطرہ ٹل گیا ___ لہذا ثابت ہوا کہ ایٹم بم ایٹمی قوت پھینکنے کے لیے نہیں بناتی جنگ سے بچنے اور فوج پر اُٹھنے والے بھاری اخراجات سے ہمیشہ کے لیے نجات کے لیے بناتی ہے تو پاکستانی فوج سے ایٹم بم کے استعمال کی توقع رکھنا ایک غیر عسکری رویہ نہیں ہے؟ امریکہ کو ایٹم بم جرمنی پر پھینکنا چاہیے تھا

یاروس پر لیکن اس نے گوری نسلوں کو اس عذاب سے محفوظ رکھا جاپان تو جنگ ہار چکا تھا اسے شکست ہو چکی تھی لیکن دنیا کو سبق سکھانے کے لیے اور اپنی سفید نسل پرستی کو ثابت کرنے کے لیے اس نے کمزور قوم جاپان پر بم پھینکا اور اس عمل کو پرل ہاربر پر جاپانی حملے کا ردعمل قرار دیا امریکہ نے یورپ کو جوہری آلودگی تباہی بربادی سے محفوظ رکھ کر سفید نسل پرستی کا اظہار کیا اور جاپان کو نشان عبرت بنا کر کانٹ کے فلسفے Epistimologoical Racism کا عملی مظاہرہ کیا کانٹ وہ مفکر ہے جس نے یہ فلسفہ پیش کیا کہ گوری اقوام سب سے زیادہ عقل مند چالاک ذہین اور تمام اقوام سے برتر اور اعلی ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ ان میں Rational Capacity سب سے زیادہ ہے کانٹ کے اسی فلسفے کے بعد تمام گوری مغربی اقوام نے کالونیل ازم اور امپرل ازم کا آغاز کیا پوری دنیا کو غلام بنالیا امپریل ازم کا فلسفیانہ جواز کانٹ نے ہی پیش کیا تھا وہ کالے لوگوں کو انسان ہی نہیں سمجھتا تھا زندگی میں ایک مرتبہ اس نے ایک کالے شخص کو دیکھا جو بالکل انسانوں جیسی حرکات وسکنات کر رہا تھا تو اسے بہت حیرت ہوئی تھی کہ کالے لوگ بھی انسانوں جیسے ہو سکتے ہیں جس شخص کو انسانوں کی نسلوں، علاقوں، مزاج، رویوں، عادات واطوار انداز کے بارے میں یہ بھی معلوم نہیں تھا کہ کالے انسان ہی ہیں اس نے دنیا کی تمام اقوام کو چھ قسموں میں تقسیم کیا گوری قوموں کو اعلی، بہتر، برتر، عظیم نسل قوم قرار دے کر پوری دنیا کو کالونیل ازم میں مبتلا کر دیا۔

کانٹ کے خیالات اسلام کے بارے میں نہایت مضحکہ خیز توہین آمیز بلکہ تمسخر انگیز ہیں اس کی تحقیق یہ تھی کہ مسلمان شراب کو حرام سمجھتے ہیں اور افیم کو حلال قرار دیتے ہیں وہ اسلام کے بارے میں اپنے روحانی مذہبی پیشوا مارٹن لوتھر سے زیادہ نفرت انگیز اور توہین آمیز خیالات رکھتا تھا کانٹ کا فلسفہ اخلاق [Moral Philosophy] ہر شے کو تجرباتی بنیادوں پر دیکھنے کا آرزومند ہے اس کے اپنے الفاظ میں

every thing empirical. Only emperical & therefore belonging to Carefully Purified ofanthropology

انھی معنوں میں کانٹ عقل محض Pure Reason اور تجربیت محض Pure empricisim کے

آمیختے کو ہی علم سمجھتا ہے اسی لئے کانٹ کے فلسفے کے بعد ہر وہ علم ___ علم کے دائرے سے خارج ہو گیا جو عقلیت اور تجربیت کے پیمانے ،معیار، کسوٹی اور دائرے میں نہیں آ سکتا لہٰذا مغرب مذہب سے لاتعلق ہو گیا صرف عقل و تجربے کا روحانیت سے کیا تعلق؟

احمد جاوید صاحب کے بارے میں ہمیں ڈاکٹر عبدالوہاب سوری صاحب نے بتایا کہ وہ کانٹ کے فلسفے سے تصوف کا اثبات کرتے ہیں اور بتاتے ہیں کہ کانٹ کا فلسفہ صوفیانہ ہے وہاں سے تصوف کی روایت نکلتی ہے کانٹ سے تصوف کی روایت نکالنا عجیب بات تھی کانٹ اسلام سے بھی شدید نفرت کرتا تھا اس کی نفرت کے حوالے ایک کتاب میں پڑھیں حضرت والا اگر Ian Almond کی کتاب

History of Islam in German thoughts(ROUTLEDGE)

پڑھ لیتے تو کانٹ کے بارے میں کم از کم یہ نہیں کہہ سکتے تھے۔ یہ وہی احمد جاوید صاحب ہیں جن کے بارے میں ہمارے محترم شاہ نواز صاحب کی رائے ہے کہ یہ مغرب کو بہت اچھی طرح جانتے ہیں جو شخص کانٹ کے فلسفے سے تصوف ثابت کرے اور مغرب کے قصیدے پڑھے وہ مغرب۔ سے کتنے واقف ہونگے شاہ نواز صاحب اس کا اندازہ لگا سکتے ہیں۔۔آلمنڈ نے کانٹ، لائبنیز، ہیگل، مارکس، نطشے اور دیگر فلاسفہ کے اسلام سے متعلق خیالات کی تحقیق پیش کر دی ہے۔

۔شاہ نواز صاحب بار بار اپنے مضامین میں پاکستانی فوج، پاکستانی سیاست دان، پاکستانی جاگیرداروں کو ملک دشمن سے وطن دشمن قرار دیتے ہیں ان کا مشہور جملہ ہے کہ ''یہ سب میڈ ان امریکہ ہیں''، لیکن سب کو غدار، دشمن وطن قرار دینے کے ساتھ وہ یہ بھی لکھتے ہیں کہ پاکستان کا ایٹمی پروگرام محفوظ ہاتھوں میں ہے اور پلوامہ والے واقعے کے بعد اپنے کالم میں انھوں نے لکھا کہ ہماری فوج نے ایٹمی وار ہیڈ بھارت کی طرف کر دیئے تھے سوال یہ ہے کہ شاہنواز صاحب کی تحقیق کے مطابق پاکستانی فوج امریکی پٹھو ہے اس کے جرنیل سیاست دان سب میڈ ان امریکہ ہیں تو پاکستانی ایٹمی پروگرام کی حفاظت کیا قطب ،غوث اور

ابدال کررہے ہیں؟ دوسرا سوال یہ ہے کہ اگر ہماری فوج اگر فوج غدار ہے امریکہ کی پٹھو ہے تو اس فوج کی قائم کردہ تین حکومتوں میں جماعت اسلامی کیوں شامل ہوئی ؟ جماعت اسلامی نے یحیٰی خان کی مارشل لاء حکومت کا بھرپور ساتھ دیا، مشرقی پاکستان میں عوامی لیگ نے 100 فی صد قومی وصوبائی اسمبلی کی نشستیں جمہوری انتخابات میں حاصل کیں لیکن فوج نے ان نتائج کو مسترد کردے عوامی لیگ پر پابندی عائد کر کے نئے جعلی جمہوری انتخابات کرائے جس میں مسلم لیگ پہلے نمبر پر اور جماعت اسلامی دوسرے نمبر پر آ گئی ڈاکٹر مالک کی فوجی کابینہ میں جماعت اسلامی شریک ہوگئی اور فوج کے ساتھ مل کر مکتی باہنی اور بھارت سے جنگ لڑی، جنرل ضیاء الحق کی فوجی حکومت میں جماعت اسلامی شامل رہی - مشرف جس کے بارے میں شاہ نواز صاحب کہتے ہیں کہ اس ڈرپورک، بزدل جاہل ملک دشمن شخص نے امریکہ کے ایک ٹیلی فون پر پورا ملک حوالے کر دیا ___ یہ غدار وطن تھا لیکن شاہ نواز صاحب کی محبوب جماعت ،اسلامی جو اس ملک میں ان کی تحقیق کے مطابق ___ امید کی آخری کرن ہے [ہماری رائے میں تو ہر مذہبی راسخ العقیدہ جماعت جو منہاج اہل سنت والجماعت کو تسلیم کرتی ہے ہمیشہ امید کی آخری کرن ہو گی] وہ MMA کی صورت میں مشرف کی فوجی حکومت کا حصہ بن گئی ___ تو ہمارا سوال یہ ہے کہ غداروں کی حکومت سے جماعت اسلامی کے ان سیاسی اتحادوں کو کیا ہم حالت اضطرار کے تحت کوئی عمل سمجھیں کوئی مجبوری تصور کریں ___ یا ہماری فوج پر شاہ نواز صاحب کے اعتراضات اور الزامات ہی بے بنیاد ہیں یا فوج اور جماعت اسلامی کی حکمت عملی میں کوئی تطبیق پیدا کریں اس معاملے میں شاہ نواز صاحب ہماری راہنمائی فرمائیں کہ اصل حقیقت کیا ہے؟ کیا ان کے تجزیے غلط ہیں یا ان میں تضاد ہے؟ یا ہمارا فہم ہی ناقص ہے کہ ہم ان کے سیاسی تجزیوں کا درست تجزیہ کرنے سے قاصر ہیں؟

۳۰۔ حکومت پاکستان نے کہا ہے کہ مقبوضہ کشمیر دنیا کی سب سے بڑی جیل بن چکی ہے لیکن حکومت یہ بھول گئی ہے کہ دنیا کی سب سے بڑی جیل اس وقت چین کے مسلم علاقوں میں ہے جہاں لوگوں کو گھروں سے

نکال کر جیلوں میں رکھا گیا ہے اور ان کی تعلیم و تربیت و اصلاح کی جا رہی ہے کشمیر کی جیل میں بھارتی ریاست نے لوگوں کے گھروں کو سب جیل قرار دے کر کرفیو لگا کر انھیں اپنے گھروں میں رہنے پر مجبور کر دیا ہے مگر ایسا کرنا جیل میں رکھنا ہے یہ ریاست کا بیانیہ ہے چین میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ کچھ نہیں ہے یہ بھی ہماری پاکستانی ریاست کا بیانیہ ہے جدید ریاست اتنی عقل مند ہوتی ہے سامنے کے حقائق کو بھی بدل دیتی ہے سعودی عرب اور کئی مسلمان ملکوں نے چین کے خلاف UNO میں کسی قرارداد کی پیشگی مخالفت کرتے ہوئے بیان دیا ہے کہ چین میں مسلمانوں سے کوئی برا سلوک نہیں ہو رہا۔ ہے وہاں مسلمان بہت اچھی زندگی گزار رہے ہیں ___ عرب ممالک نے بھارت کے خلاف کوئی بیان نہیں دیا بلکہ سعودی وزیر خارجہ اور امارات کے وزرائے خارجہ نے ستمبر ۱۹ کے پہلے ہفتے میں اسلام آباد میں عمران خان پر زور دیا کہ وہ مسئلہ کشمیر کو امت مسلمہ کا مسئلہ نہ بنائیں اسے مقامی مسئلہ رہنے دیں سوال یہ ہے کہ ۵ اگست سے پہلے کیا کشمیر میں امن و امان تھا سب کچھ اچھا تھا اس وقت پاکستانی قوم اور ریاست کیا کر رہی تھی یہ مسئلہ ۵ اگست سے پہلے مسئلہ کیوں نہ تھا ۵ اگست کے بعد اچانک مسئلہ کیسے بن گیا جناب شاہ نواز فاروقی اس موضوع پر کوئی کلام نہیں کیا؟

حامد میر نے اپنے پروگرام میں بتایا کہ مسلم وزرائے خارجہ کشمیر کو امت مسلمہ کا مسئلہ تسلیم نہیں کرتے دوسری جانب انھوں نے یہ بھی بتایا کہ DG ISPR میجر آصف غفور نے بتایا کہ بھارتی مودی صرف کشمیر میں ظلم نہیں کر رہا بلکہ ہندوستان کے بیس کروڑ مسلمانوں کو ہندو زور زبردستی بنانا چاہتا ہے انہوں نے سوال کیا کہ یہ مسئلہ امت کا مسئلہ ہے یا نہیں (جنگ کراچی ۵ ستمبر ۲۰۱۹) ہمارا سوال یہ ہے کہ چین میں بیس لاکھ مسلمانوں کے ساتھ جو کچھ ہو رہا ہے وہ امت کا مسئلہ ہے یا نہیں شاہ نواز صاحب اور پاکستان کی اسلامی جماعتوں نے چین کے مسلمانوں کو کیا امت سے الگ رکھا ہے کیا ہماری تمام اسلامی تعبیرات، تشریحات صرف علاقائیت، مقامیت، قومیت کے تناظر میں ڈھل چکی ہیں کشمیر کے مسلمان ہمارا مسئلہ ہیں مگر سری لنکا

، بنگلہ دیش، آسام چین، برما کے مظلوم مسلمان ہمارا مسئلہ کیوں نہیں ہیں جہاد صرف کشمیر کے لیے ہے ان سب ممالک کے لیے کیوں نہیں ہے قوم پرستی، قومی ریاست اور مسلم قوم پرستی نے آج ہمیں کس حال تک پہنچا دیا ہے شاہ نواز صاحب نے اس موضوع پر بھی امت کی راہنمائی نہیں کی ہم امت کا دعویٰ کرنے کے باوجود مقامیت، علاقائیت، پاکستانیت سے بلند کیوں نہیں ہو سکے قومی ریاست نے ہر مذہبی آدمی اور ہر مذہبی جماعت کی وفاداری کو مقامی، قومی علاقائی، جغرافیائی کر لیا ہے یہ قوم پرستی کی کامیابی ہے یا اسلامیت کی کامیابی شاہ نواز صاحب اس موضوع پر بھی کچھ لکھیں کہ ہم کہاں پہنچ گئے ہیں۔

۔ یہ کہنا کہ بھارت 20 کروڑ مسلمانوں کو ہندو بنایا جا رہا ہے ایک بیان ہے سوال یہ ہے کہ لیاقت نہرو پیکٹ نے کیا اس منصوبے کو ممکن بنانے میں کوئی کوئی کردار ادا کیا یا نہیں تقسیم ہند کے بعد یہ کس نے کہا تھا جو اُدھر ہے وہ اُدھر ہی رہے جو اِدھر ہے وہ اِدھر رہے لیاقت نہرو پیکٹ کے ذریعے ہندوستان میں رہنے والے تمام مسلمانوں کی ذمہ داری ان کی حفاظت بقا اور ارتقاء کا بوجھ نہرو کے کاندھے پر نہایت اعتماد کے ساتھ رکھ دیا گیا تھا۔ اس وقت مسلمانوں کی جان عزت ایک ہندو نہرو کے سپرد کی گئی تو کسی کو شرم نہیں آئی کسی نے احتجاج نہیں کیا اگر ہندوستان میں مسلمان محفوظ تھے تو پاکستان کی کیا ضرورت تھی اگر ہندو اتنے ظالم تھے تو مسلمانوں کے لیے پاکستان کے دروازے کیوں نہیں کھولے گئے ظالم کون ہے وہ یا ہم یا دونوں؟ پاکستان کی سرحدیں ہندی مسلمانوں کے لیے ہمیشہ کے لیے بند کر دی گئی تھیں شاہ نواز صاحب نے کبھی اس سفا کی پر تنقید نہیں کی قائداعظم نے کہا تھا کہ پاکستان اس وقت بن گیا تھا جس دن پہلا ہندو مسلمان ہوا تھا قائداعظم سے کسی نے نہیں پوچھا کہ جب پاکستان ہندوستان کے مسلمانوں کے لیے ہے تو یہ سرحدیں مسلمانوں پر کیوں بند کر دی گئی ہیں تحریک پاکستان میں مفتی محمد شفیع کا تین سو صفحات کا فتویٰ تقسیم کیا گیا کہ ہندوستان دارالحرب ہے پاکستان دارالاسلام اسے ووٹ دو یہ فتوی ستر سال کے بعد مفتی صاحب کے فتاوی ''جواہر الفقہ'' میں شائع ہو گیا ہے ستر سال تک قوم کو اس فتوے کا علم ہی نہیں ہوا کسی

نے لیاقت نہرو پیکٹ کے وقت ریاست پاکستان سے نہیں پوچھا کہ اس فتوے کی روشنی میں دارالاسلام کی سرحد بند نہیں کی جاسکتی تم نے قائداعظم کی جس تقریر کی بنیاد پر پاکستان کا دعویٰ کیا تھا کہ مسلمان کی تاریخ ،تہذیب ،اقدار ،روایات ،دین ،معاشرت سب کچھ الگ ہے لہذا انہیں ایک الگ ملک کی ضرورت ہے پاکستان حاصل کرنے کے لیے قائداعظم کا طریقہ کار آفاقی اسلامی عالمی ہوگیا لیکن پاکستان اگست میں وجود میں آتے ہی مقامی ،علاقائی ،جغرافیائی اور قومی ہوگیا ،قومی ریاست میں تبدیل ہوگیا اور قومی ریاست نے ہندوستان کے مسلمانوں کے لیے اپنے دروازے بند کر دیئے کہ تم ہندوستان میں ہی رہو تو سوال یہ ہے کہ ہندی مسلمان اگر مذہبی طور پر ہندوستان میں آزاد تھے تو پاکستان کس کے لیے حاصل کیا گیا تھا شاہ نواز صاحب بار بار اپنے کالموں میں پاکستان کو ایک معجزہ قائداعظم کی شخصیت کو ایک بے مثال اور باکمال ہستی کے طور پر پیش کرتے ہیں تو وہ ان سوالوں کا جواب دیں کہ دارالاسلام پاکستان قائداعظم کی زندگی میں آفاقی عالمی اسلامی امارت سے قومی علاقائی مقامی جدید ریاست میں کیوں تبدیل ہوگیا؟ یہ کون سا معجزہ تھا اور اس معجزہ قوم پرستی کی اسلامی دلیل کیا ہے؟

۔شاہ نواز صاحب بارہا عمران خان اور ان کی پارٹی PTI کو پاکستان دشمن ،یہودی ایجنٹ ،قادیانی نواز ،فوجی پٹھو قرار دیتے ہیں سوال یہ ہے کہ شاہ نواز صاحب کی جماعت اسلامی PTI یہودی جماعت کے ساتھ پانچ سال تک صوبہ خیبر پختونخوا میں اقتدار میں رہی تو کیا اس وقت PTI یہودیوں کی ،لبرل سیکولر کی ،اسٹیبلشمنٹ کی جماعت نہیں تھی جماعت اسلامی یحییٰ خان ،ضیاء الحق اور مشرف کی فوجی آمریتوں کے ساتھ سیاسی اتحاد میں شامل رہی تو کیا ہم جماعت اسلامی کو ان سیاسی اغلاط کی بنیاد پر عسکری اشرافیہ کی جماعت اور اسلام دشمن جماعت کہہ سکتے ہیں شاہ نواز صاحب اس بارے میں قوم کی اور جماعت اسلامی کی راہنمائی فرمائیں۔

۳۴۔جناب سراج الحق صاحب نے فرمایا ہے کہ 2018 کا الیکشن اسلام اور اسلامی تحریکوں کے خلاف

استعمال کیا گیا (جسارت ۹ ستمبر ۲۰۱۹) سوال یہ ہے کہ اس الیکشن کو کس قوت نافذہ، کس ادارے نے اسلام اور اسلامی تحریکوں کے خلاف استعمال کیا؟ مولانا فضل الرحمان کا دعوی ہے کہ PTI کو فوج نے کامیاب کروایا وہ فوج کے خلاف تقریریں کرتے رہے انہوں نے کہا کہ اگر پاکستان کی نظریاتی سرحدوں کی حفاظت اہم نہیں ہے تو ہمیں اس کی جغرافیائی سرحدوں کی کوئی پرواہ نہیں ہے سلیم صافی کو دیا گیا انٹرویو سنسر ہو گیا مختلف کالم نگاروں کی تحریروں اور سابق فوجی افسران کے بیانات سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ 1962 سے لے کر اب تک انتخابات کے نتائج فوج ہی کنٹرول کرتی ہے اور جماعت اسلامی اور جسارت کے تمام اداریوں میں ہمیشہ پاکستانی افواج کے شانہ بشانہ جدوجہد کا اعادہ کیا جاتا رہا تو سوال یہ ہے کہ اسلام کے خلاف کون ہے کون سی قوت ہے اور کہاں ہے کیا سراج الحق صاحب کا بیان محض خطابت ہے یا حقیقت بھی ہے؟ ہم صرف یہ کہہ رہے ہیں کہ سیاسی عمل میں مذہبی جماعتوں کی شرکت اسلامی انقلاب کو ممکن بنا رہی ہے یا ناممکن؟ قاضی حسین احمد سہیل وڑائچ کو انٹرویو پڑھ لیں۔

۔جناب قاضی حسین احمد صاحب نے جنگ اخبار کے کالم میں لکھا تھا کہ انتخابات منصفانہ نہیں ہوتے اگر عادلانہ انتخابات ہوں تو تمام لوگ مذہبی جماعتوں کو ہی منتخب کریں گے وہ کراچی تشریف لائے تو ہم نے ایک پروگرام میں ان سے سوال کیا کہ اس صورتحال میں آپ انتخابی عمل میں کیوں شریک ہیں پہلے آپ انتخابات کے نظام اور اسے نافذ کرنے والوں کی اصلاح کرلیں تب اپنی قوتیں دولت طاقت سیاسی عمل میں استعمال کرلیں تو کہنے لگے کہ ہم کامیاب ہو کر تبدیلی کا کام کریں گے ہم نے عرض کیا جب آپ کی کامیابی عادلانہ انتخابات سے مشروط ہے تو یہ عدل کون فراہم کرے گا اگر آپ منتخب ہو گئے تو پھر تو مسئلہ خود حل ہو جائے گا شاہ نواز صاحب اس مسئلے میں بھی جماعت اسلامی کی راہنمائی فرمائیں یہ کیا ہے؟ پہلے اصلاح ہوگی یا پہلے الیکشن ہوں گے ایسے الیکشن میں جماعت اسلامی کیسے کامیاب ہوگی؟

۔پاکستان میں امریکی اثر ورسوخ کا یہ عالم ہے کہ یو ایس سنٹرل کمانڈ کے کمانڈر نے تربیلا ڈیم کا

معائنہ کیااوراس کے لیے دی گئی 41 ملین ڈالرکی امریکی امدادکوتربیلا کی زندگی اور صلاحیت کارمیں اضافہ کرنے کےامور پر بات چیت کی DAWN نے ۸ستمبر کوخبر دی

Centcom Commandar briefed at Tarbela on Power Generation

جوملک اپنے ڈیم ،بجلی کے لیے امریکہ کامحتاج ہوجس کی ترقی 1948 سے 2019 تک صرف اورصرف امریکی، یورپی روپے پیسے ہوئی ہے کیاوہ ملک امریکہ کی مرضی کے خلاف کوئی کرسکتا ہے شاہ نواز صاحب بار بار اسلامی تاریخ اوراسلامی تاریخ کی ترقی اورخاص طور پر سائنسی ترقی کا تذکرہ کرتے ہیں ہمارا سوال شاہ نواز صاحب سے یہ ہے کہ

الف۔اس وقت پوری دنیا میں ترقی کا کوئی ایسا ماڈل ہے جوقرضے،سود، سٹے، بھیک ،خیرات کے بغیر کام کررہا ہے؟

ب۔ترکی ،ایران،سعودی عرب سے لے کرامریکہ چین تک جاپان، جرمنی برطانیہ روس اور یورپی ممالک صرف اورصرف قرضوں میں جکڑے ہوئے ہیں تفصیلات کے لیے صرف ایک کتاب دیکھیے۔

N.Furguson The Great Degenration

ج۔کیادنیا کی کسی تہذیب،علمیت میں ترقی کی اصطلاح استعمال ہوئی ترقی کی اصطلاح کسی تہذیب میں نہیں تھی تو اسلام میں اوراسلامی تحریکوں کے لٹریچر میں کہاں سے آگئی۔خمینی،اربکان،اردگان ،شاہ فیصل، مہاتیر محمد سے لے کرتمام اسلامی تحریکیں ترقی کی مغربی اصطلاح کو کیوں اختیار کرچکی ہیں؟

د۔ترقی کی اصطلاح سب سے پہلے امریکی صدر نے 1956ء میں استعمال کی G.Rist کی تحقیق کے مطابق دنیا کی کسی تہذیب میں ترقی کی اصطلاح موجود ہی نہیں تھی نہ ترقی کا عقیدہ ___ ترقی کے عقیدے کا مطلب ہے حاضر وموجود سے بے زاری ___ نفس مطمئنہ سے دست برداری ___ ھل من مزید کی کیفیت ___ شاہ نواز صاحب تین کتابوں کا مطالعہ فرمائیں اورترقی کی اصطلاح کا استعمال ترک کردیں۔

1.The Development Dictionary

2.History of Development

3.The Delusions of Economics

ان تینوں کتابوں کی E- Copy انھیں ارسال کی جارہی ہیں

۔شاہ نواز صاحب بار بار پاکستان کو اسلام کی تخلیق ثابت کرتے ہیں یہ کیسی اسلامی ریاست ہے جو اپنے پہلے دن سے لے کر آج تک امریکہ برطانیہ مغربی ریاستوں کے قرضے پر چل رہی ہے قائداعظم نے پہلا خط امریکی امداد کے لیے لکھا تھا دو کروڑ تنخواہ کے لیے مانگے تھے اس کے بدلے شمال کی سرحد پر سرخ خطرے کے خلاف امریکہ کا حلیف خادم بننے کا وعدہ کیا تھا۔

شاہ نواز صاحب خرم جاہ مراد کی کتاب ''اسلام اور مغرب'' میں ان کا لکھا گیا ترجمان القرآن کا اداریہ ''پاک امریکہ تعلقات'' پڑھ لیں۔بہتر ہے کہ فاروقی صاحب ترجمان کا رسالہ منگوا کر اصل اداریہ پڑھ لیں۔

شاہ نواز صاحب کی اطلاع کے لیے عرض ہے کہ ریاست پاکستان ہر روز سودی قرضے 1947ء سے لے رہی تھی ۔جنرل یحیی خان،ضیاء الحق اور مشرف کے دور میں بھی یہ قرضے لے رہی تھی۔ جناب سراج الحق صوبہ خیبر پختونخواہ کی کابینہ کے وزیر خزانہ تھے تو وہ بھی IMF سے قرضے لے رہے تھے لیکن وہ ایک غیرت مند آدمی ہیں لہذا انھوں نے اپنی ایک تقریر میں قوم کو صاف صاف بتایا کہ IMF قرضے دیتا ہے تو مفت میں نہیں دیتا اپنی شرائط پر دیتا ہے اپنے اصولوں کے مطابق دیتا ہے سراج الحق صاحب نے کہا ''ایک ہے سنی سنائی بات لیکن علم الیقین اور حق الیقین کی بنیاد پر میں بات کرتا ہوں 2003-04 کے بجٹ میں ورلڈ بینک نے ہمیں پانچ ارب روپے دینے کا وعدہ کیا تھا اسکو ہم نے بجٹ کا حصہ بنایا پانچ چھ مہینے گزر گئے وہ پیسے جب نہیں ملے تو ورلڈ بینک کا کنٹری ڈائریکٹر تھا جان وال (John Wall) اس کا نام

تھا وہ پشاور آئے میں فنانس منسٹر کی حیثیت سے اس سے ملا۔ میں نے اسے بولا جان وال جو قسط آپ نے دینی تھی وہ ابھی تک نہیں ملی اس کی وجہ سے ہمارے سارے ترقیاتی کام رک گئے ہیں۔ وہ ہنس پڑا اور کہا کہ یہ جو تم نے پشاور میں خواتین کے بل بورڈ پر تصاویر تھیں وہ ہٹائیں ہیں کیا اس کے باوجود بھی آپ ہم سے پیسے لینا چاہتے ہیں؟ میں نے اس سے کہا کہ جان وال ہمارے قرضے اور خواتین کی تصاویر پر مشتمل بل بورڈ کو ہٹانے کا آپس میں کیا تعلق ہے؟ وہ ہنس پڑے تو اس نے کہا کہ اگر قرض لینا ہے تو (Culture) بھی لینا پڑے گا، خارجہ پالیسی (Foreign Policy) بھی لینی پڑے گی ، داخلہ پالیسی (Interior Policy) بھی لینی پڑے گی اور تعلیمی پالیسی (Education Policy) بھی لینا پڑے گی یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ پیسہ ہمارا ہو اور نظریہ، عقیدہ اور ثقافت تمہاری ہو؟ ایسا ممکن ہی نہیں اس نے کہا کہ ان دونوں میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا ہوگا یا عقیدہ اور نظریہ رکھ لو یا ہمارے پیسے رکھ لو۔ مجھے یہ یقین ہوگیا کہ یہ قرضے قوموں کو اٹھانے کے لیے نہیں بلکہ قوموں کو غلام بنانے کے لیے ملتے ہیں'' پاکستان پہلے دن سے امریکی پالیسی پر چل رہا ہے قائداعظم سے لے کر جنرل ضیاء الحق تک کے زمانے کی کی خط و کتابت شائع ہوچکی ہے شاہ نواز صاحب وہ پڑھ لیں

K.Arif: Pak America Relation [2 Voulme]

اس کتاب کی دوسری جلد کے آخر میں ان قرضوں، سود، بھیک، امداد، خیرات، صدقات، احسانات کی تفصیل بھی ہے اس کتاب سے معلوم ہوتا ہے کہ ملیریا کی بیماری ختم کرنے کے لیے امریکہ نے بھاری امداد دی حالانکہ یہ ہمارے جنگلات کاٹنے، ڈیم بنانے، صنعتی انقلاب برپا کرنے اور ماحولیات تباہ کرنے کے باعث پیدا ہوئی اس کتاب سے معلوم ہوتا ہے کہ کئی سالوں تک پاکستان کا پچاس فی صد بجٹ فوجی اخراجات پر خرچ ہوتا تھا۔ شاہ نواز صاحب یہ بتائیں کہ جو ملک قرضے سود، سٹے پر چل رہا ہے وہ جہاد کیسے کرسکتا ہے؟

یہ قرضے بابائے قوم نے لیے ہیں ان کے زمانے سے قرضوں کا نظام چل رہا ہے اگر پاکستان معجزہ ہے تو یہ کیسا معجزہ ہے کہ بابائے قوم نے امریکی صدر کے نام پہلے خط میں لکھا کہ۔ ''امداد کے لیے ھم سب سے پھلے آپ کی طرف اور پھر برطانیہ کی طرف دیکھتے ھیں۔' برطانیہ سے تو آپ نے آزادی حاصل کی تھی جس سے آزادی لی اس کے قرضوں کی غلامی کیوں قبول کی؟ کیا شاہ نواز صاحب نے بحیثیت گورنر جنرل بابائے قوم کا حلف نامہ پڑھا ہے یا نہیں ہے؟ زاہد حسین کی کتاب ''پاکستان کیسے بنا؟'' میں وہ حلف نامہ موجود ہے اس پر بسم اللہ لکھا گیا جسے کاٹ دیا گیا حلف اُٹھایا گیا کہ میں تاج برطانیہ کا وفادار رہوں گا___ کیا اسی کا نام معجزہ اور اسلام کی تخلیق ہے کیا اسلام ایسے حلف نامے تخلیق کرتا ہے؟

شاہ نواز صاحب یہ بتائیں کہ 1947ء میں آزادی ملی تھی یا صرف Transfer of Power کی بات ہوئی تھی قائداعظم نے جو حلف اُٹھایا تھا یا برطانیہ کی غلامی کا حلف؟ قائداعظم نے امریکہ سے قرضے اور امداد کی طلب___ پہلے دن سے ہم قرضے لے رہے ہیں کیوں کہ ترقی کرنا ہے جو بات سراج الحق صاحب کو معلوم ہے کیا وہ قائداعظم نہیں جانتے تھے یہ کیسی قیادت تھی جو سراج الحق صاحب جیسا موقف قرضوں کے بارے میں نہیں رکھ سکی یہی ہمارا معجزہ ہے کیا؟

شاہ نواز صاحب بھی اکثر سہواً منشور انسانی حقوق کی بعض شقوں کو اسلامی لکھ دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ امریکہ ان حقوق کی خلاف ورزی کر رہا ہے حالانکہ امریکہ خلاف ورزی نہیں کر رہا ۔کانٹ کی تعریف کے بعد مسلمان انسان کہلانے کے مستحق نہیں۔حقوق انسان کے ہوتے ہیں _ اللہ، آخرت، کتاب اللہ ،رسول اللہ کو ماننے والوں کے نہیں ہوتے مسلمان کافر ہو جائیں یعنی انسان بن جائیں تو امریکہ ان کو کچھ حقوق دے گا لیکن کتاب اللہ کو ماننے والے اور خارجی ذریعہ علم سے روشنی لینے والا تو انسان ہی نہیں ۔ بعض اسلامی تحریکوں کے رویے میں نئی تبدیلی یہ ہے کہ وہ انقرہ، استنبول، جدہ، ریاض، تہران، کوالالمپور

کے ماڈل کو اسلامی ترقی اور اسلامی نشاۃ ثانیہ کے ماڈل کے طور پر پیش کر رہی ہیں مدینہ کا نام بھی ترقی کے ماڈل سے نکل گیا صرف عمران خان سیاست کے لیے ریاست مدینہ کا نام استعمال کر رہے ہیں اکثر اسلامی تحریکوں کے لیے اب ترکی انقلاب کی علامت ہے جو NATO ISLAMISTS ہے شاہ نواز صاحب اس موضوع پر بھی رہنمائی فرمائیں۔

نوٹ: مضمون جاری ہے قسط نمبر ۳ عنقریب جاری کی جائے گی

شاہ نواز فاروقی صاحب نے ریاست کو قطعی جہاد کا حکم دے دیا ہے

شاہ نواز صاحب، اور یا مقبول جان صاحب، طارق جان صاحب اور افغانستان کے طالبان سے چند اہم ترین سوالات

چھ ستمبر 1965ء کی یاد میں ہر سال عام تعطیل ہوتی تھی یہ تعطیل کس نے ختم کی؟ اردو اور تاریخ کی کتابوں سے 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کے اسباق کس نے ختم کئے؟ چھ ستمبر کے دن پورے ملک میں فوجی مشقیں ہوتی تھیں اسلحہ کی نمائش ہوتی تھی لیکن اسے بھی ختم کر دیا گیا تھا آخر کیوں؟ جہاد پاکستان یا یوم دفاع پاکستان کے ساتھ یہ سلوک کیوں گیا اب ریاست کا بیانیہ اچانک کیوں بدل گیا

جہاد اور جنگ میں کیا فرق ہے؟ شاہ نواز صاحب کا دعوی ہے کہ عالم اسلام اور پاکستان نے صرف جنگ کی ہے کبھی جہاد نہیں کیا حالانکہ مولانا مودودی نے 1948ء اور 1965ء کی جنگوں کو جہاد ہی کہا تھا ___ غلطی پر کون ہے شاہ نواز صاحب یا مولانا مودودی صاحب

کیا قومی ریاست جہاد کر سکتی ہے کیا پاکستان کے آئین میں جہاد کی اصطلاح استعمال ہوئی ہے آئین پاکستان میں صرف دفاع کی اصطلاح ہے اور یہ اسلامی آئین ہے تو شاہنواز صاحب ریاست سے جہاد کا غیر آئینی دوسرے معنوں میں

غیر اسلامی مطالبہ کیوں کر رہے ہیں جب کہ آئین عین اسلامی ہے دنیا کا واحد اسلامی آئین ہے یہ دعوی ہمارا نہیں بلکہ تمام مذہبی جماعتوں کا مشترکہ دعوی ہے

سید خالد جامعی

ہمارے محترم برادرم شاہ نواز صاحب نے فرائیڈے اسپیشل کے ایک مضمون میں ریاست پاکستان سے قطعی جہاد کا مطالبہ کیا ہے ان کی خدمت میں اس حوالے سے چند اہم سوالات پیش خدمت ہیں یہ پہلی قسط ہے دوسری قسط جلد پیش کی جائے گی۔

۱۔شاہ نواز صاحب یہ بتائیں کہ مسئلہ کشمیر میں اس وقت پاکستانی ریاست کی اصل پوزیشن کیا ہے پاکستانی ریاست آرٹیکل 370 کی واپسی چاہتی ہے یا انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کو ختم کرانا چاہتی ہے یا کشمیر کو آزاد کرانا چاہتی ہے۔

۲۔شاہ نواز صاحب یہ بتائیں کیا پاکستانی ریاست اگر بھارت کے خلاف اعلان جنگ کر بھی دے تو کیا یہ جنگ قانون بین الاقوام سے بالاتر ہو کر کر سکتی ہے؟

۳۔شاہ نواز صاحب یہ بتائیں کیا پاکستانی ریاست کشمیر پر حملہ کر دے تو کیا یہ بھارتی خود مختاری پر حملہ ہے یا نہیں اس کا فیصلہ بین الاقوامی قوانین کی روشنی میں کون کرتا ہے؟

۴۔شاہ نواز صاحب یہ بتائیں کیا کشمیر کا مسئلہ بین الاقوامی یعنی گلوبل اسلامک خطرے سے جڑا ہوا ہے یا نہیں ؟ بھارت کا اس وقت کشمیر کے بارے میں بنیادی مقدمہ کیا ہے کیا بھارت دنیا کے سامنے کشمیریوں کی حریت اور آزادی کی جدوجہد کچلنے پر اپنے موقف کو قائم کرتا ہے یا اس کا موقف بھی کشمیر کے حوالے سے وہی ہے جو پاکستانی ریاست کا قبائلی علاقوں اور بلوچستان میں آپریشن یا سعودی حکومت کا یمن میں آپریشن یا بشار الاسد کا شامی شہریوں کے خلاف تشدد یا ترکوں کی کردوں کے خلاف کاروائی یا چین کی 20 لاکھ مسلمانوں کو تربیتی مراکز میں رکھنے کی شیطانی کاروائی یا NATO کی افغانستان میں کاروائیاں یا برما کی روہنگیا مسلمانوں

کے خلاف کاروائیوں ___ کی بنیاد پر ہے سوال یہ ہے کہ ان تمام کاروائیوں میں کون سی دلیل قدر مشترک جو عالمی قدر کے طور پر کام کر رہی ہے سوال یہ ہے کہ اسلامی تحریکیں اور علماء کرام اس دلیل کے خلاف آواز کیوں نہیں اُٹھا رہے جس دلیل کو پروان چڑھانے میں پاکستان اور مسلم ممالک کا سب سے بڑا ہاتھ ہے؟

۵۔شاہ نواز فاروقی صاحب نے کہا ہے کہ پاکستان کو اب بھارت کے خلاف حتمی جہاد کا اعلان کر دینا چاہیے وہ سوال کرتے ہیں کہ کیا کشمیر پر پاکستان کی جنگ بین الاقوامی برداری لڑے گی وہ یہ بھی کہہ رہے ہیں جب سے بھارت نے کشمیر ہڑپ کیا ہے ہمارے حکمران در بدر پر دستک دے رہے ہیں ان کی حکمرانوں سے اپیل ہے کہ وہ اپنی ساٹھ سالہ حکمت عملی بدلیں ان کا خیال ہے پاکستان 65 کروڑ مسلمانوں کی امیدوں کا مرکز ہے ان کی رائے میں مشرق وسطی کے مسلمانوں کو بھی علم نہیں کہ ان کی آزادی اور سلامتی کی ضمانت بھی پاکستان ہے شاہ نواز فاروقی صاحب امت کو انتباہ کرتے ہیں کہ پاکستان نہیں ہوگا تو پورا مشرق وسطی ،اسرائیل اور بھارت کے درمیان سینڈوچ بن جائے گا ان سے چند سوالات ہیں

ا۔ان کا یہ کہنا کہ پاکستان برعظیم پاک وہند کے 65 کروڑ مسلمانوں کی آخری امید ہے تو سوال یہ ہے کہ لیاقت نہرو پیکٹ کس امید پر کیا گیا تھا اس پیکٹ کے تحت تقسیم ہند کے بعد ہندوستان کے تمام مسلمانوں کی حفاظت کی ذمہ داری ایک ہندو نہرو کے سپرد کی گئی تھی — یہ کام مسلمانوں کی نمائندہ جماعت، جس کا نعرہ قیام پاکستان سے پہلے ''مسلم ہے تو مسلم لیگ میں آ'' مسلم لیگ نے اور پاکستانی ریاست نے کیا تھا اس پیکٹ کے بعد ہندوستان اور کشمیر کے مسلمانوں کی امیدوں کے لیے واحد سہارا وزیر اعظم ہندوستان کو کیوں بنایا گیا تھا کیا یہ پیکٹ درست تھا؟

انھیں یہ بھی نہیں معلوم کہ 65 کروڑ مسلمانوں کی امیدوں کے مرکز پاکستان نے ان ڈھائی لاکھ بہاریوں کو قبول کرنے سے انکار کر دیا جو بنگال میں دوقومی نظریے اور پاکستان کے پرچم کی جنگ لڑ رہے تھے لیکن اسی امیدوں کے مرکز پاکستان نے چالیس لاکھ قانونی افغانی مسلم بھائیوں کو صرف اس لیے قبول کر لیا کہ ان کے ساتھ صرف ہجرت کا ایمان نہیں ڈالر بھی آ رہے تھے پاکستان میں رہنے والے روہنگیا مسلمانوں کو پاکستان

نے آج تک شہریت نہیں دی وہ اجنبی بن کر رہ رہے ہیں جنرل ضیاء الحق نے بہاریوں کو پاکستان لانے کے مطالبے پر کہا تھا کہ یہ بہاری نہیں بھکاری ہیں ۔ کراچی میں رہنے والے پاکستانی بنگالیوں کے لیے شناختی کارڈ کے اجراء میں رکاوٹیں کھڑی کی جارہی ہیں کہ تم تو بنگالی ہو پاکستانی نہیں یہ سلوک ریاست کا ان سے ہے جو ریاست کے وفادار ہیں ۔

۶۔شاہ نواز صاحب نے یہ بھی کہا کہ بھارت کے کشمیر پر قبضے کے بعد پاکستان امریکہ کے در پر بھیک مانگ رہا ہے یہاں سوال یہ ہے کہ کیا شاہ نواز صاحب کی تحقیق کے مطابق کشمیر کو بھارت نے 5 اگست 2019 کو ہڑپ کیا یا 1947 میں ہی ہڑپ کر لیا تھا یا شملہ معاہدے کے وقت ہڑپ کر لیا تھا جب کنٹرول لائن بنائی گئی تھی کیا شاہ نواز صاحب 5 اگست 2019 سے پہلے کشمیر کو آزاد، خود مختار اسلامی ملک سمجھ رہے تھے جو کالونی بن گیا لہذا اب وہ اعلان جہاد کر رہے ہیں ۔

۷۔شاہنواز صاحب نے یہ بھی کہا کہ اسلام نے پاکستان کو تخلیق کیا اور اسلام ہی پاک بھارت کشمکش میں پاکستان کو فیصلہ کن غلبہ دلا سکتا ہے سوال یہ ہے کہ کیا پاکستان انٹرنیشنل اسٹیٹ ڈسکورس کو مانتا ہے یا نہیں مانتا۔ جدید ریاستی ڈسکورس میں اپنی ساورنٹی [Sovereignty] اور دوسرے ملک کی ساورنٹی [Sovereignty] کو برابر کی سطح پر تسلیم کرنے کا نام ہے سوال یہ ہے کہ قانون بین الاقوام میں قومی ریاستوں کے اس ڈسکورس کو تسلیم کرنے کے بعد جس کا اظہار لیاقت نہرو پیکٹ میں بھی کیا گیا بھلا جنوبی ایشیاء میں کون سے فیصلہ کن غلبے اور کون سے جہاد کی بات ہو رہی ہے کیا اس ڈسکورس کو قبول کرنے کے بعد جہاد ہو سکتا ہے؟

امریکہ کا افغان طالبان سے مذکرات میں بنیادی مطالبہ یہ ہے کہ طالبان افغانی ساورنٹی [Sovereignty] اور دوسرے ممالک کی ساورنٹی کو تسلیم کرنے کا اعلان کریں اس شق کا مفہوم یہ ہے کہ طالبان افغانستان کی سرزمین کو دنیا کے کسی دوسرے ملک کے خلاف استعمال نہیں ہونے دیں گے یہ فیصلہ اسی اصول کا نتیجہ ہے۔ ہمیں حیرت ہے کہ افغان طالبان نے امریکہ کی اس احمقانہ دلیل کے جواب میں یہ بھی نہیں کہا کہ کیا لبرل

ازم بھی ہر ریاست کی ساورنٹی[Sovereignty] کو تسلیم کرتا ہے دنیا میں State Sovereignty کے لیے سب سے بڑا خطرہ لبرل ازم ہے یا اسلام ہے انہوں نے یہ بھی نہیں پوچھا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں امریکہ نے کس کس ریاست کی ساورنٹی کو پامال نہیں کیا کیا پاکستانی ریاست کو NATO سپلائی اور افغان مسلمانوں پر بمباری کے لیے استعمال نہیں کیا گیا؟

کیا یہ لبرل ازم کو یہ اختیار ہے کہ دنیا کی کسی بھی ریاست کی ساورنٹی کو چیلنج کر دے اس پر حملہ کرے اس پر معاشی پابندی لگائے لیکن صرف تمام اسلامی اور جہادی تحریکیں اس اصول کی پابندی کریں کہ وہ صرف اپنی اپنی ریاستوں کی ساورنٹی کو تسلیم کریں اپنے جغرافیائی علاقائی خطوں تک محدود رہیں۔

امریکہ لبرل ازم کا سربراہ ہے لہذا امریکہ کو یہ حق ہے کہ وہ UNO اور NATO کے نام پر Transnational دہشت گردی کرے لیکن جہادی اسلامی تنظیموں اور اسلامی حکمرانوں کو یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ Transnational کاروائیاں کر سکیں۔ جہادی تحریکوں کو پہلے یہ ثابت کرنا ہے کہ ان کی جدوجہد علاقائی، قومی، مقامی ہے یا مقامی اسلام کے لیے ہے۔ ان کے کوئی عالمی مقاصد نہیں کہ وہ عالمی جہاد کے قائل ہیں کیا طالبان کی جانب سے اس اصول کو مذاکرات میں تسلیم کیے جانے کا مطلب لبرل ازم کو عالمی سطح پر واحد اجارہ دار قوت Ultimate Sovereign تسلیم کرنے کے مترادف ہے یا نہیں کیا USA مسلمانوں پر اسی طریقے سے دنیا بھر میں دہشت گردی کرتا رہے تو کیا پھر بھی طالبان کسی صورت میں افغانستان کی سرزمین کو آئندہ کبھی امریکہ یا کسی اور ریاست کے خلاف استعمال نہیں ہونے دیں گے اور ان کی تمام جدوجہد، اختیار، اقتدار، قومی، مقامی اور علاقائی ہوگا؟ طالبان امریکہ کے برابر بیٹھ کر بھی مذاکرات میں پسپا ہو گئے

USA نے جب افغانستان پر حملہ کیا تو صرف اس کی ایک دلیل دی کہ افغان سرزمین سے القاعدہ نے امریکہ کی ساورنٹی پر حملہ کیا افغانوں کی زمین استعمال ہوئی انھوں نے اسامہ کو پناہ دی پاکستان پر ڈرون حملے کی بھی یہی وجہ تھی لہذا افغانستان، پاکستان اور سلالہ پر حملہ ضروری ہے کیا اسی اصول کے تحت فلسطین کی

جہادی تحریکیں امریکہ پر حملہ کرسکتی ہیں کہ امریکہ اسرائیل کو اسلحہ دے رہا ہے اس کی زمین اسرائیل کو مضبوط مستحکم اور متحرک کرنے کے لیے استعمال کر رہا ہے۔

امریکہ نے کہا تھا کہ جہاں دہشت گرد چھپے ہوں گے اس سرزمین پر ہم حملہ کریں گے جہاں سے دہشت گردوں کی مدد ہوگی وہاں بھی حملے کریں گے پاکستان افغانستان، شام پر حملے اس اصول کے تحت ہوئے تو کیا جہادی تحریکیں بھی اسی اصول کے تحت امریکہ پر حملہ آور ہوسکتی ہیں یا نہیں شاہ نواز صاحب نے ان سوالات کا کوئی جواب نہیں دیا۔

طالبان نے امریکہ سے یہ سوال بھی نہیں کیا کہ ایک ملک کی سرزمین کو دوسرے ملک کی سرزمین کے خلاف استعمال کرنے اور ماورائے قوم جنگوں Transnational Wars کا ذمہ دار کون ہے؟ انہوں نے یہ بھی نہیں پوچھا کہ خلافت عثمانیہ کے خاتمے کے بعد مسلم دنیا کو ہی نہیں پوری دنیا کو عالمی طاقتوں نے قومی ریاستوں میں تقسیم کیا گیا اور لیگ آف نیشنز کے وقت سے قومی ریاستوں کو Ultimate Reality کے طور پر قبول کیا گیا تو اسٹیٹ ساورنٹی کے اصول پر قائم اس نظام کو سب سے پہلے توڑنے والا ملک تو امریکہ ہے جب 9/11 کے بعد امریکہ نے پوری دنیا کو ایک ابدی میدان جنگ میں تبدیل کر دیا تو صرف اسلامی جہادی تحریکوں اسلامی حاکمیت سے ہی یہ مطالبہ کیوں ہے کہ تم اپنی جہادی اسلامی کاروائیاں صرف اپنی قومی جغرافیائی سرحدوں تک محدود رکھو طالبان نے مجاہدین کے مقدمے کو عالمی مسئلہ نہیں بنایا — امریکہ کے برابر بیٹھے مگر ہار گئے۔ انہوں نے پسپائی اختیار کی۔ کیا طالبان نے اپنے الحق سے دست بردار ہو کر لبرل ازم کے الحق کو یا امریکہ کی بالادستی کو قبول کر لیا ہے؟

ہمارا سوال شاہ نواز صاحب سے صرف یہ ہے کہ جب عالمی جہادی تحریک طالبان نے ہی عالمی جہاد سے رجوع کر لیا خود کو مقامی، علاقائی، جغرافیائی افغانی قومی خطے تک محدود کر لیا ہے اور تمام گروہوں سے صلح کا اعلان بھی کر دیا ہے تو وہ پاکستان کی قومی ریاست سے جہاد کی امید کس بنیاد پر کر رہے ہیں؟ یہ کم نظری کی انتہا نہیں ہے طالبان کے افسوسناک امن معاہدے کا تجزیہ معاہدے کی تفصیل کے بعد پیش کیا جائے گا

۸۔ہمیں حیرت یہ ہے کہ شاہ نواز صاحب نے پاکستانی آئین کا مطالعہ بھی نہیں کیا جس کے آرٹیکل 245 میں واضح طور پر لکھا ہے کہ اگر ریاست پاکستان کے خلاف کوئی ملک جارحیت کرے گا تو ریاست صرف اس جارحیت کا دفاع کرے گی۔

245. Functions of Armed Forces.- 1[(1)] The Armed Forces shall, under the directions of the Federal Government, defend Pakistan against external aggression or threat of war, and, subject to law, act in aid of civil power when called upon to do so.

لہذا جب آئین پاکستان اور قومی اسمبلی نے ریاست کو جہاد کا اختیار ہی نہیں دیا نہ پاکستانی ریاست نے کبھی اپنے لیے جہاد کا اختیار طلب کیا تو شاہ نواز صاحب کس جہاد کی بات کر رہے ہیں یہ تو آئین پاکستان کے تحت ہی ایک غیر آئینی مطالبہ ہے اور شاہ نواز صاحب اس آئین کو بار بار اسلامی بھی تسلیم کرتے ہیں جبکہ آئین اسلامی نہیں ہوتا اور اس میں کوئی مذہبی اصطلاح تک استعمال نہیں ہو سکتی اسی لیے پاکستانی آئین میں قادیانیوں کے لیے ذمی، معاہد، کافر، مشرک، مرتد، ملحد زندیق کی نہیں — صرف اقلیت کی اصطلاح استعمال کی گئی ہے۔ حیرت ہے کہ شاہ نواز صاحب نے اس طرف توجہ نہیں دی۔

۹۔شاہ نواز صاحب نے کہا کہ USA اور UNO کو مشرقی تیمور اور دارفر کے مظلوم عیسائی فوراً نظر آجاتے ہیں مگر فلسطین، کشمیر کے مظلوم مسلمان ستر سال میں کبھی نظر نہیں آئے سوال یہ ہے کہ دنیا بھر میں اسلامی، مزاحمتی تحریکات کو دہشت گردی کے ساتھ کس نے نتھی کیا ہے عیسائیت تو بطور علمیت ختم ہو چکی ہے یا جدیدیت میں تحلیل ہو چکی ہے لہذا عیسائیت کا کہیں پیٹنا ایک مظلومیت کا ورق نہیں بن سکتا ہے لیکن جدیدیت کی اصل جنگیں اس وقت صرف گلوبل امپیریل ازم کے نام پر لڑی جا رہی ہیں جس کا ہراول دستہ امریکہ اور یورپ نہیں بلکہ مسلم ریاستیں اور ان کی افوج ہیں۔ کیا شاہ نواز صاحب مصر کے حکمران جنرل سیسی کی اخوان المسلمون کے خلاف کاروائی اور بھارت کی کشمیر کے خلاف کاروائی میں کوئی فرق قائم کر سکتے ہیں کیا پاکستان نے بلوچستان کے قبائلی علاقے میں کرفیو نہیں لگایا اور لوگ لاپتہ نہیں ہوئے پاکستان کا بھارت

پر یہ اعتراض کہ وہ عام کشمیریوں اور دہشت گردوں میں فرق نہیں کرتا کیا اس فرق کو ہم نے اپنی سرحدوں میں قائم رکھا کیا طالبان اور عام قبائلی میں فرق روا رکھا گیا اگر رکھا گیا تھا تو پشتون تحفظ موومنٹ کے نام سے نیا تماشہ کیسے چل رہا ہے کیا شاہ نواز صاحب ہم کو بتانا پسند کریں گے کہ جس فوج کی سربراہی جنرل راحیل شریف کر رہے ہیں وہ عالم اسلام کی حفاظت کے لیے تھی اور ڈاکٹر وہاب سوری صاحب کے بقول ترکی ،سعودی عرب اور پاکستان مل کر ایک اسلامی فوج قائم کر رہے ہیں کیا شاہ نواز صاحب اس فوج تک یہ پیغام پہنچا سکیں گے کہ وہ کشمیر اور فلسطین میں جہاد کیوں نہیں کر رہی۔ غیر مسلم ملک اس کا نشانہ کیوں نہیں اس کی جنگیں صرف عالم اسلام کے اندر کیوں ہیں باہر کیوں نہیں ہیں؟ شاہ نواز صاحب ایک قومی پاکستانی فوج سے جہاد کا مطالبہ کر رہے ہیں مگر اس عالمی اسلامی فوج سے دشمن اسلام ممالک کے خلاف جہاد کا کیوں مطالبہ نہیں کر رہے۔

ہمارے خیال میں اگر شاہ نواز صاحب ان سوالات پر غور کریں اور Forward Questioning کو ترک کر کے Reverse Questioning شروع کر دیں تو ہماری رائے میں اس وقت وہ جدیدیت، ریاست، اور عالمی لبرل استعماریت کے بارے میں حقیقی آگہی خود تجربہ و تجزیے سے حاصل کر سکتے ہیں۔

۱۰۔ شاہ نواز صاحب نے لکھا ہے کہ پاکستان اور عالم اسلام نے کبھی جہاد نہیں کیا صرف جنگیں لڑی ہیں عرب اسرائیل جنگ، پاک بھارت جنگ، وغیرہ جہاد فی سبیل اللہ اور جنگ میں فرق ہے۔ انہوں نے پاکستانی فوج اور ریاست پر طنز کرتے ہوئے لکھا کہ عرصہ ہوا جہاد کا فرض افراد سے لے کر ریاست کو دے دیا گیا سب کو معلوم ہے کہ ہمارا مسئلہ اسلام اور جہاد ہے ہی نہیں ہمارے حکمران موت سے ڈرتے ہیں۔ ہمارے جرنیلوں نے بڑے ذوق وشوق سے جہاد کا حق ریاست کے حوالے کیا ہے وہ جہاد کو ریاست کے موثر ترین ہتھیار کے طور پر استعمال کریں جہاد نہیں کریں گے تو کل سب میدان حشر میں خدا کے سامنے منہ کے بل گھسیٹ کر گرا دیئے جائیں گے ۔[فرائیڈے اسپیشل ۳۰ اگست ۲۰۱۹]

شاہ نواز صاحب یہ تجزیہ لکھتے ہوئے تین تاریخی حقیقتوں کو بھول گئے — 1965ء کی جنگ کے موقع پر ریڈیو پاکستان سے مولانا مودودی کی تقریر اور — انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد کے ڈاکٹر ضیاء الحق اور دیگر متجددین کا تحریر کردہ ''پیغام پاکستان'' کا غیر آئینی فتوی — مشرقی پاکستان میں جماعت اسلامی اور اسلامی جمعیت طلبہ کا جہاد ___ ۱۹۷۱۔

شاہ نواز صاحب لکھتے ہیں کہ پاکستان نے آج تک جہاد نہیں کیا — سوال یہ ہے کہ 1965ء کی جنگ کو شاہ نواز صاحب کے پیر و مرشد مولانا مودودی نے جہاد کیوں کہا اور پوری قوم کو یہ دعوت کیوں دی تھی کہ وہ ریاست اور فوج کے شانہ بشانہ اس جہاد میں حصہ لے — شاہ نواز فاروقی صاحب اسلام کے معاملے میں صرف مولانا مودودی کو کلی مقتدرہ Total Authority مانتے ہیں تو وہ یہ کیسے کہہ سکتے ہیں کہ جہاد نہیں ہوا — کم از کم مودودی صاحب کی رائے میں جہاد ہوا — 1971ء میں مشرقی پاکستان میں جماعت اسلامی ڈاکٹر مالک کی عسکری کابینہ کی حصہ تھی اور مدینہ پاکستان کے مشرقی حصے کو بچانے کے لیے جماعت اسلامی نے سیاسی محاذ پر اور اسلامی جمعیت طلبا نے عسکری محاذ پر البدر اور الشمس کے نام سے بھارت اور عوامی لیگ کے خلاف جہاد کیا تھا — کیا وہ بھی شاہ نواز صاحب کی نظر میں جہاد نہیں تھا___ تو کیا قوم پرستی کی جدوجہد تھی۔ واضح رہے کہ ایوب خان نے 1960ء میں جسٹس شہاب الدین کی قیادت میں دستوری کمیشن قائم کیا۔ 1962ء میں کمیشن کی سفارشات شائع کی گئیں جسٹس شہاب الدین نے فوراً ہی اس آئین سے لاتعلقی کا اعلان کر دیا مگر حکومت نے ان کا بیان شائع نہیں کرنے دیا یکم مارچ کو ایوب خان نے نئے دستور کا اعلان کیا نئے آئین میں ملک کا نام اسلامی جمہوریہ پاکستان کے بجائے صرف جمہوریہ پاکستان رکھا گیا [یہ معلومات تاریخ جماعت اسلامی کے مولف محمود عالم صدیقی کے مضامین سے لی گئی ہیں جو جسارت میں شائع ہو رہے ہیں دیکھیے جسارت ۲۸ اگست ۲۰۱۹]

شاہ نواز صاحب سے ہمارا سوال یہ ہے کہ جس ملک نے خود کو اسلامی بھی نہیں کہا اس ملک کی بھارت سے 1965ء میں جنگ کو مودودی صاحب نے جہاد کیسے قرار دیا۔ جماعت اسلامی اور لبدا اور الشمس نے مشرقی

پاکستان میں فوج کے شانہ بشانہ جو جنگ لڑی کیا وہ جہاد تھی یا نہیں کیوں کہ آئین تو 1962ء کا چل رہا تھا۔ 1973ء کے آئین میں پاکستان کے ساتھ اسلامی کا سابقہ اور لاحقہ استعمال کیا گیا۔ ۶۲ کا آئین تو اسلام کی قید سے آزاد تھا۔

''پیغام پاکستان'' کا فتوی انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی کے متجددین نے تخلیق کیا جس میں جہاد کا اختیار افراد سے لے کر پہلی مرتبہ ریاست کو دیا گیا — سوال یہ ہے کہ افراد کو جہاد کا حق کس نے دیا تھا؟ آزاد کشمیر پر قبضہ قبائلی علاقوں کے پٹھانوں نے کیا تھا وہ سری نگر پہنچنے والے تھے علامہ شبیر احمد عثمانی سعودی عرب سے جہاد کی حمایت کا اعلان لے کر آئے تھے لیکن جیسے ہی وہ پاکستان پہنچے لیاقت علی خان نے جنگ بندی کا اعلان کر دیا___ قبائلیوں کی جنگ کیا تھی جہاد یا جنگ؟ حکومت نے مولانا مودودی پر جھوٹا الزام عائد کیا کہ وہ جہاد کشمیر کے مخالف ہیں کیوں کہ قومی ریاست تو جہاد کر ہی نہیں سکتی وہ تو صرف دفاع کرتی ہے لیکن مولانا نے اسے بھی جہاد ہی تسلیم کیا۔ مودودی صاحب نے اس الزام کی بار بار تردید کی یعنی ۴۷ میں بھی ریاست نے جہاد کیا۔

1973ء کے آئین میں ریاست نے اپنے لیے جہاد کا حق طلب ہی نہیں کیا ریاست نے اپنے لیے صرف دفاع کا حق طلب کیا جو اسے دے دیا گیا۔ آئین — منشور بنیادی انسانی حقوق سے نکلتا ہے لہذا وہ صرف سیکولر ہوتا ہے جدید ریاست کے آئین — کے بعد ریاست کا اصول یا قانون مذہبی نہیں ہوسکتا جدید ریاست اپنی اصل میں سیکولر ہے لہذا کسی ریاست کا آئین کوئی مذہبی اصطلاح قبول نہیں کرتا۔

ترکی میں نجم الدین اربکان نے ترکی سپریم کورٹ کی جانب سے اپنی حکومت کی برطرفی کے خلاف یورپین کورٹ آف ہیومن رائٹس UCHR میں اپیل کی کہ جمہوری حکومت کو برطرف نہیں کیا جاسکتا تو UCHR نے اپیل مسترد کر دی اور فیصلے میں لکھا کہ کہ اربکان ترکی کو ایک اسلامی ملک بنا رہے تھے۔ انسانی حقوق کے منشور اور جمہوریت کے فلسفے کے تحت کسی جدید ریاست کا پبلک آرڈر مذہبی نہیں ہوسکتا یہ آزادی، مساوات کے عقیدے کے منافی ہے لہذا اربکان کی برطرفی بالکل درست ہے یورپی یونین کے سو سے زائد فیصلوں

میں منشور انسانی حقوق کے تحت مذہبی آزادی کی اصل حقیقت - اس کا درجہ اور اس کی حدود کا تعین کر دیا گیا ہے ہمارے شاگرد اور دوست جناب علی صاحب نے ہائیڈل برگ سے PHD کے مقالے میں ان فیصلوں پر ایک باب لکھا ہے وہ دیکھ لیجیے اور UCHR کی ویب سائٹ پر ترکی والا فیصلہ پڑھ لیں

Rafah vs Turkey

ہمیں افسوس ہے کہ شاہ نواز صاحب نے ان تمام حقائق کو نظر انداز کر دیا ہے شاہ نواز صاحب ایک نہایت مخلص، صاحب ایمان، اور غیرت مند مفکر ہین لیکن ان کے نتائج فکر سے ہمیں اتفاق نہیں ہے — کشمیر ، عالم اسلام، اور شام کے موضوع پر ہمارے محترم دوست جناب اور یا مقبول جان صاحب بھی کم وبیش وہی موقف رکھتے ہیں جو شاہنواز صاحب کا ہے لہذا ان کے فکر پر بھی ہمارے وہی سوالات ہیں جو شاہ نواز صاحب سے کئے گئے امید ہے وہ ان سوالات کا جواب دیں گے۔

۱۱۔شاہ نواز صاحب کا تجزیہ بتاتا ہے کہ عالم اسلام گزشتہ سو سالوں میں بار بار اس لیے شکست کھاتا رہا کہ وہ جہاد کی بجائے جنگ کرتا رہا اگر عالم اسلام جہاد کو اختیار کرتا تو اسرائیل ، بھارت، امریکہ سب کو شکست ہوتی اصل مسئلہ جنگ اور جہاد کی اصطلاح، روحانیت، علمیت سے مسلم ممالک کی لاتعلقی ہے ہمارے خیال میں یہ تجزیہ بھی درست نہیں ہے کیوں کہ بہت سی قوموں نے اپنے قومی، مقامی، علاقائی مفاد کے لیے امریکہ جیسے ملک سے جنگیں لڑیں اور کامیاب ہوئے کیوبا، ویت نام، ہو چی منہ، کاسترو اس کی ایک مثال ہیں گیلی پولی کے معرکے میں مصطفے کمال اتاترک نے جو سیکولر تھا اسلام کا دشمن تھا اللہ تعالی کو گالیاں دیتا تھا اس نے مغرب کے ممالک کو عبرت ناک شکست دی۔ برنارڈ لیوئس نے لکھا ہے کہ گزشتہ دو سو سالہ تاریخ میں — اتاترک کی فتح ___ مسلمانوں کی پہلی فتح تھی - ایک سیکولر لبرل اسلام دشمن مسلمان بھی غیرت اور جرات کے جذبے سے سرشار ہو تو وہ قوم پرستی، وطن پرستی کے لیے لڑ سکتا ہے اور کامیاب بھی ہو سکتا ہے مسلم حکمران اگر غیرت مند ہوتے تو وہ جنگ کر کے بھی اتاترک کی طرح کامیابی حاصل کر سکتے تھے۔

شاہ نواز صاحب نے لکھا ہے کہ عرصہ ہوا جہاد کا حق افراد سے لے کر ریاست کو دے دیا گیا ان کا یہ تجزیہ بھی

درست نہیں ہے کیونکہ ریاست کے آئین میں دفاع کی اصطلاح موجود ہے جہاد کی اصطلاح سرے سے موجود نہیں انفرادی جہاد کی حقیقت یہ ہے کہ پاکستان بننے کے بعد قبائلی علاقے کے مجاہدین نے قائداعظم کے حکم پر کشمیر پر قبضہ کرلیا تھا اور اس جدوجہد کو قبائلیوں نے جہاد کے عنوان سے موسوم کیا تھا۔

1965ء میں ریاست نے جہاد کا اعلان نہیں کیا تھا لیکن مولانا مودودی نے اسے جہاد قرار دیا تھا لہذا پاکستانی ریاست نے نجی جہاد کے ان اعلانات پر اعتراض نہیں کیا اور اس قسم کے نجی جہاد کی سرپرستی کی۔ ریاست کی جانب سے 1947ء سے لے کر 2000 تک ہونے والے نجی جہادوں کے راستوں میں کوئی رکاوٹ پیدا نہیں کی گئی یہ بھی ایک حکمت عملی تھی۔

چین میں 20 لاکھ مسلمانوں کو تربیت کے نام پر قید خانوں میں رکھا گیا ہے تاریخ انسانی میں اتنی بڑی تعداد کو قید کرنے کی کوئی مثال نہیں ملتی اس پر پاکستان اور عرب ممالک کا کیا ردعمل ہے شاہ نواز صاحب نے اس ظلم پر پاکستانی ریاست کو چین سے تعلقات ختم کرنے اور جہاد کرنے کی دعوت کیوں نہیں دی؟ برما نے روہنگیا مسلمانوں کو ملک بدر کردیا یہ کام چین کی ہدایت پر ہوا جس صوبے میں روہنگیا مسلم آباد تھے وہ زرخیز اور مادی معاشی لحاظ سے مالا مال خطہ ہے چین وہاں ترقیاتی کام کررہا ہے - چین اور برما کے مسلمانوں پر ہونے والے مظالم پر پاکستان کا عالم اسلام کا اور پاکستان کی اسلامی جماعتوں کا کیا ردعمل رہا؟ شاہ نواز صاحب اس بارے میں امت کی راہنمائی فرمائیں کہ یہ سب کیا سیاست ہے؟ ترکی اور سعودی عرب نے چین میں مسلمانوں پر ظلم کے خلاف UNO میں کوئی قرداد پیش کی؟ بھارت وہی کررہا ہے جو چین نے اور برما نے اور شام نے کیا ہم سب کیوں خاموش رہے تب عالم اسلام کی فوج کے سربراہ راحیل شریف سے کسی نے جہاد کا مطالبہ کیوں نہیں کیا؟ جب اسلامی فوج سے مطالبہ جہاد نہیں کیا جارہا تو پاکستانی قومی ریاست سے جہاد کا مطالبہ ایک غیر آئینی مطالبہ ہے دوسرے معنوں میں غیر اسلامی مطالبہ ہے کیونکہ تمام مذہبی جماعتوں کا متفقہ فیصلہ ہے کہ 1973ء کا آئین عین اسلامی ہے تو اسلامی آئین کی شق 245 میں دفاع کا ذکر ہے جہاد کا نہیں لہذا جہاد کا مطالبہ اس آئین کی روشنی میں غیر اسلامی ہے اور غیر آئینی بھی شاہ نواز صاحب فرمائیں کہ وہ

اس معاملے میں کیا کہتے ہیں؟

۱۲۔1980ء میں افغان روس جنگ کے موقع پر ریاست نے مذہبی جماعتوں کی جانب سے اعلان جہاد کی سرپرستی کی اور پاکستان سے جانے والے نجی مجاہدین کے راستے میں کوئی رکاوٹ نہیں ڈالی اسی طرح لشکر طیبہ، جماعت الدعوۃ اور جیش محمد کے مسعود اظہر اور پروفیسر حافظ سعید صاحب کی سرپرستی گئی۔ مسعود اظہر اور ان کی جماعت کو تین مرتبہ بھارت کی جانب سے دہشت گرد قرار دینے کی قرارداد کو چین نے ویٹو کیا حیرت کی بات یہ ہے کہ ریاست نے جیش محمد اور جماعت الدعوۃ کو خود ہی دہشت گرد قرار دے دیا۔ ایران نے آج تک یمن کے حوثی باغیوں، شام میں جنگ کرنے والے ایرانی فدائین اور حزب اللہ کو کبھی دہشت گرد تنظیم قرار نہیں دیا اور کبھی ان کی حمایت سے ہاتھ نہیں اُٹھایا ہم تو ایران جیسی جرات کا مظاہرہ کرنے سے قاصر ہیں شاہ نواز صاحب اس سلسلے میں قوم کی راہنمائی فرمائیں کہ یہ سب کچھ کیا ہے؟ ہم کون ہیں؟ کیا کر رہے ہیں؟ ہم اتنے منتشر اور بکھرے ہوئے کیوں ہیں؟

۱۳۔ کیا شاہ نواز صاحب اس بات سے واقف نہیں کہ عالم اسلام اور بہت سے اسلامی مفکرین شعوری و غیر شعوری طور پر ژی ژیک کی طرح ہیگل کے جدلیاتی تصور Dilectical Idea سے متاثر ہیں۔ ہیگل کہتا ہے کہ ہر آنے والا دور پچھلے دور سے بہتر ہوتا ہے ہر عہد کا ایک اپنا سچ ہوتا ہے جو صرف اس دور کے لیے ہوتا ہے دوسرے معنوں میں سچ تاریخ کی پیداوار ہے یعنی اسیر تاریخ ہوتا ہے اس اصول کے تحت کوئی کسی کا مخالف دشمن نہیں رہ سکتا۔ تاریخ کے سفر میں —— تاریخ کے بہاؤ میں آخر کار سب بہہ جاتے ہیں سب مذاہب سب مخالف ایک ہی ہو جائیں گے۔ مستقبل میں سب ایک راستے ایک الحق ایک سچ کی طرف گامزن ہوں گے لیکن یہ تمام اسلامی مفکرین یہ بھول گئے ہیں کہ اسلام کا ایک اصول کسی حالت میں Westren Dilectical Discourse میں سمویا نہیں جا سکتا — یہ اصول یہ عقیدہ جہاد ہے جو اسلام کی چوٹی ہے اسلامی علمیت ارادہ عقیدے مابعد الطبیعات کی روح، عطر، اور خلاصہ ہے کیوں کہ جہاد کسی Critical Thinking کا نام نہیں۔ جہاد الیکشن لڑنے، جہالت ختم کرنے، تعلیم پھیلانے، غربت ختم کرنے

،کرپشن ختم کرنے ،مکھی مچھروں کو مارنے کی مہم چلانے کا نام نہیں۔ جہاد معرکہ حق و باطل ہے یہ خیر و شر کی جدوجہد ہے یہ ایمان و کفر کا معرکہ ہے یہ اللہ کے بندوں اور شیطان کے حواریوں کی ابدی جنگ ہے جہاد کا مطلب اسلام اور اسلام کا حقیقی مطلب جہاد کے سوا کچھ نہیں۔ جہاد کے عقیدے کے بغیر اسلام نہیں ___ اسی لیے جہاد کا خاتمہ کرنے کے لیے مرزا غلام احمد کو پیدا کیا گیا اور عہد حاضر کے مرزائی جاوید غامدی نے اپنی کتاب میزان میں اعلان کیا ہے کہ عیسائیوں ،یہودیوں، کافروں کے خلاف جنگ کا حق صرف رسول اللہ ﷺ کو تھا آپ ﷺ کے وصال مبارک کے بعد یہ جہاد قیامت تک ختم ہو گیا۔

۱۴۔شاہ نواز صاحب کو یہ پتہ نہیں کہ دنیا بھر کی اسلامی تحریکوں نے 2013ء میں لاہور میں مشترکہ اعلامیہ تیار کیا جسے سراج الحق صاحب نے جماعت اسلامی کے سالانہ اجتماع میں پڑھ کر سنایا اس میں یہ کیوں لکھا گیا تھا کہ تمام اسلامی عالمی تحریکیں صرف اور صرف پرُامن جمہوری جدوجہد پر یقین رکھتی ہیں۔ اس اعلامیے کا کیا مطلب تھا؟ جماعت اسلامی کے سیکرٹری جنرل اور بعد میں امیر جماعت اسلامی مقرر ہونے والے سید منور حسن نے حافظ موسیٰ بھٹو کے نام اپنے خط میں تحریر کیا تھا کہ دنیا کہ ہر حصے میں جہاں جہاں بھی جہاد ہو رہا ہے جماعت اسلامی کے لوگ اس میں حصہ لے رہے ہیں (خط کتاب میں شائع ہو چکا ہے) تو ہمارا سوال صرف یہ ہے کہ جب عالمی، استعماری طاقتوں کے خلاف عالمی اسلامی تحریکوں نے جہاد کو تشدد قرار دیا تشدد سے اعلان برات کیا اور صرف پرامن جدوجہد کو اپنا راستہ بتایا تو وہ لوگ جو جہاد میں اپنی جانیں قربان کر رہے تھے ان لوگوں پر مجاہدین پر اور ان کے لواحقین پر اس اعلان سے کونسی شب ستم نازل ہوئی ہوگی؟ جب عالمی اسلامی تحریکیں ہی جہادی جدوجہد کو پرتشدد کہہ رہی ہیں اور جہاد سے رجوع کر کے پرامن جدوجہد کو اصول کے طور پر قبول کر رہی ہیں تو پاکستانی ریاست سے جہاد کا مطالبہ کیا معانی رکھتا ہے ؟اسلامی تحریکوں کے اس اعلامیے میں ردعمل کی پرتشدد تحریکوں اور حقیقی جہادی، انقلابی، احیائی، اسلامی تحریکوں کے درمیان کوئی فرق تک بیان نہیں کیا گیا ___ ایک عمومی بیانیے [General Narrative] کے ذریعے تمام جہادی تحریکوں کو شعوری یا غیر شعوری پر غلط قرار دے دیا گیا۔شاہ نواز صاحب اس فیصلے کو غلط سمجھتے ہیں یا

ان تحریکوں کی اجتہادی غلطی یا ایک نئی حکمت عملی تا کہ نئی جہادی جدو جہد کے لیے صفوں کو از سر نو منظّم کیا جائے ؟

۱۵۔شاہ نواز صاحب نے باجوہ صاحب کا وہ بیان نہیں پڑھا جو سندھ کے نوجوانوں کے GHQ کے دورے پر شائع ہوا۔باجوہ صاحب نے کہا کہ پاکستان کا مستقبل جمہوریت اور میرٹ سے ہی وابستہ ہے خود کو ایمان داری سے نہ دیکھا گیا تو کوئی ہماری مدد نہیں کرے گا انہوں نے کہا کہ جب میں امریکہ گیا تو کہا گیا کہ آپ کی فوج نے بہت اچھا کام کیا ملک سے دہشت گردوں کا خاتمہ کیا [جنگ کراچی ۴ ستمبر ۲۰۱۹ء] سوال یہ ہے کہ دہشت گردوں کو ہم کیوں پیدا کرتے ہیں؟ پاکستان کے شروع کے ایام میں بلوچستان میں ریاست کے خلاف بغاورت ہوئی جو کچل دی گئی، ریاست قلات ناراض ہوئی بھٹو دور میں - بلوچ پہاڑوں پر چلے گئے مشرف دور میں بگٹی کے قتل کے بعد بلوچستان میں پھر ریاست کے خلاف بغاوت ہوئی بھٹو کی پھانسی کے بعد سندھ پی پی پی اور قوم پرستوں کی بغاوت کا نشانہ رہا۔ جہادی تحریکیں فوج کی حامی تھیں پھر اچانک ان میں سے کچھ گروہ فوج سے لڑنے پر آمادہ ہو گئے ان سے معاہدے ہوئے اور جنگیں ہوئیں نواز شریف کارگل کے بعد ریاست کے خلاف کھڑے ہو گئے کراچی میں مہاجرین ریاست سے جنگ لڑ رہے ہیں تحریک لبیک یارسول اللہ ریاست کی باغی ہو گئی مشرقی پاکستان نے ریاست سے بغاوت کی اور الگ ہو گیا۔ پشتون قومی مومنٹ پٹھانوں کے تحفظ کے لیے ریاست سے لڑنے کے لیے نکل آئی ۔پاکستان کا ہر صوبہ ہر قوم ریاست سے لڑنے پر آمادہ ہے ___ شاہ نواز صاحب باجوہ صاحب کے بیان کی روشنی میں ان سوالوں کے جواب دیں جو ہم نے تاریخ پاکستان سے ان کی خدمت میں پیش کیے ہیں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ریاست کا جہاد صرف داخلی ہے خارجی نہیں کیا یہ بات درست ہے؟

۱۶۔شاہ نواز صاحب، اور یا مقبول جان صاحب اور طارق جان صاحب بیس سال سے لبرل اور سیکولر مفکرین سے صرف ایک نکتے پر لڑ رہے ہیں کہ بانی پاکستان کیسا پاکستان چاہتے تھے لبرل سیکولر عناصر گیارہ اگست 1947ء کی تقریر اور چند دوسرے بیانات پیش کر کے ثابت کرتے ہیں کہ قائداعظم ایک سیکولر لبرل آئین

پاکستان چاہتے تھے گیارہ اگست کی تقریر اس کی تائید کرتی ہے اور لیاقت نہرو پیکٹ بھی اس کی تائید کرتا ہے ۔شاہنواز صاحب، اور یاصاحب اور قائداعظم کی کئی تقریروں کے اقتباسات سے ثابت کردیتے ہیں کہ بابائے قوم صرف اور صرف اسلامی پاکستان چاہتے تھے ظاہر ہے دونوں طرف سے جو دلائل پیش کیے جارہے ہیں وہ صداقت پر مبنی ہیں دونوں جانب قائداعظم کے بیانات ہی استدلال کی بنیاد ہیں۔

ادارہ مطالعہ تاریخ پنجاب کے زاہد حسین کی مرتبہ کتاب ''پاکستان میں ملائیت اور فرقہ واریت کا آغاز'' میں قائداعظم کی بعض ایسی تقریروں کے حوالے موجود ہیں جو جہاد اور اسلام سے متعلق بالکل نئے حوالے ہیں اس کتاب میں قائداعظم کی گیارہ ستمبر کی تقریر کے خلاف مونا شبیر احمد عثمانی صاحب کا ایک تفصیلی بیان بھی موجود ہے۔ قائداعظم مسلم لیگ کا نام بدلنا چاہتے تھے مگر شدید مخالف کے باعث وہ نام بدل نہ سکے کشمیر پر حملے کا خطرہ پیدا ہوا تو انھوں نے یونیورسٹی گراؤنڈ پنجاب کی تقریر میں پوری قوم کو جہاد کی دعوت دی۔ زاہد حسین کا استدلال یہ ہے کہ قائداعظم کے وہ بیانات جو مذہب کے حق میں — اسلام اور جہاد کی حمایت میں دیئے گئے وہ ملاؤں کی طاقت سے خوف کے باعث دیئے گئے۔

ہمارا سوال شاہ نواز صاحب، اور یاصاحب، اور طارق جان صاحب سے صرف یہ ہے کہ ہمارے لیے حجت قطعی ___ محمد علی جناح ہیں یا ہمارے قائداعظم خاتم المعصومین ختمی مرتبت رسالت مآب ﷺ ہیں ___ ہم قرآن سنت حدیث کے احکامات ماننے کے پابند ہیں یا قومی ریاستوں کے قائداعظم کے اقوال کے پابند ہیں؟ قائداعظم کے اقوال کو رسالت مآب ﷺ کے احکامات کی روشنی میں پرکھا جائے گا یا قائداعظم کے اقوال ہی حجت اور نص صریح ہیں یہ بحث ہی بے فائدہ، بے کار اور لاحاصل ہے کہ قائداعظم کیا چاہتے تھے اصل بات یہ ہے کہ اللہ، اللہ کا رسول ﷺ اور مسلمان کیا چاہتے ہیں۔

ان تینوں محترم ومکرم حضرات سے ہمارا سادہ سا سوال ہے کہ اگر یہ تینوں حضرات ترکی کے شہری ہوتے تو کیا وہ ترکی میں سیکولرازم کی حمایت میں مضامین لکھتے کہ ترکی کے قائداعظم سیکولرازم، لبرل ازم، اور جدیدیت چاہتے تھے ظاہر ہے یہ تینوں صاحبان ایمان ترکی کے قائداعظم کے اقوال کو رد کردیتے اور ترکی کو ایک اسلامی

امارت، خلافت، دولت میں تبدیل کرنے کی کوشش کرتے ۔اس قسم کے مباحث کے نتیجے میں — قرآن اور سنت ثانوی حیثیت اختیار کر لیتے ہیں اور قائداعظم کے بشری بیانات جو اغلاط اور خطاؤں سے پُر ہیں نص صریح کا درجہ پا لیتے ہیں بحث کا یہ منہاج سیکولر ہے اور ہمارے اسلامی مفکرین اسلام پر کامل یقین اعتبار اور اعتماد کے باوجود سہواً اس سیکولر منہاج کو رواج دینے — میں مصروف ہیں ایک مسلمان کے لیے حجت، نص صریح، حکم قطعی صرف اللہ اور اسکے رسول اور امت کے اجماع سے ثابت حکم ہے اس کے سوا ہر فرد کا حکم ، بیان، چار ماخذات دین کی روشنی میں پرکھا جائے گا اور اسی کی روشنی میں قبول ورد ہوگا — یہ امت پاکستان میں اور پوری دنیا میں اسلام چاہتی ہے اور یہاں اسلام ہی کو غالب کرنا مقصود اور مطلوب ہونا چاہیے لہذا اس بحث کا کامل انحصار قائداعظم کے اقوال پر رکھنا غلط طریقہ ہے۔

کم سنی کے نکاح کے مسئلے پر بیرسٹر اعتزاز احسن اور عدنان کاکاخیل صاحب کے جنگ میں شائع ہونے والے مضامین کا منہج بھی یہی ہے جس کا شکوہ ہم اوپر کر چکے ہیں — یعنی سیکولر منہج — سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ کم سنی کا نکاح ایک غیر اسلامی اصطلاح ہے یہاں اسلامی اصطلاح استعمال کی جائے پاکستانی قوانین میں بالغ اور نابالغہ کی شرعی اصطلاح استعمال کرنے کی بجائے کمسنی کی اصطلاح استعمال کی گئی ہے مغرب کے تمام ممالک میں کم سن زنا کاری کر سکتی ہے بشرطیکہ وہ ان کی مقرر کردہ Age of Consent میں پہنچ جائے ___ اسلام میں زنا نہیں ہوسکتا نکاح سکتا ہے۔

ملالہ یوسفزئی جو ایک بالغ عورت تھی اسے بھی لبرل میڈیا نے ایک کم سن بچی کے طور پر پیش کیا اعتزاز احسن اور عدنان کاکاخیل صاحب نے قائداعظم کے اقوال سے ہی اپنا مقدمہ مزین کیا ۔ایک نے کہا کہ بابائے قوم کم سنی کی شادی کے خلاف تھے دوسرے نے کہا کہ وہ کمسنی کی شادی کے حامی تھے اور ثبوت یہ پیش کیا کہ بابائے قوم نے خود کم سن لڑکی سے شادی کی۔ بحث کا یہ منہج سیکولر، دنیاوی اور بالکل غلط ہے۔

نکاح کا تعلق بالغ، بلوغت اور ولی سے ہے بالغہ اور غیر بالغہ کے نکاح کی شرائط مختلف ہیں اعتزاز احسن سیکولر لبرل منہاج علمی میں کھڑے ہو کر اعتراض کر رہے ہیں اور عدنان صاحب کبھی اسلامی منہاج علمی کو استعمال

کرتے ہیں کہیں سیکولر لبرل منہاج اور قائداعظم کے اقوال کو استعمال کرتے ہیں ۔علمی دنیا میں یہ غیر علمی رویہ ہے۔ سائنس کے ایک منہاج کی دلیل دوسرے منہاج میں معتبر نہیں ہر منہاج کی دلیل الگ ہوتی ہے فلسفے میں ایک مکتب فکر میں کھڑے ہو کر آپ اس کے مخالف دوسرے مکتب فکر کی دلیل استعمال نہیں کر سکتے دو متضاد مخالف مناہج علمی کو سائنس اور فلسفے میں اکھٹا کرنا غیر علمی کام سمجھا جاتا ہے۔ دینیات اور فلسفے میں اس رویے کو اصطفائیت Electicism کہتے ہیں یہ رویہ ان فلاسفہ میں پایا جاتا ہے جن میں ذہنی اپج کی کمی ہو۔ سائنس میں دو مختلف اور متضاد منہاج [Paradigm] کو ملانے کا رویہ Idea of Incommensureability کہلاتا ہے۔

کوہن کے مطابق [Thomas S.kuhn] کے مطابق سائنس کے ایک منہاج [Paradigm] سے دوسرے منہاج [Paradigm] میں منتقلی کی کوئی عقلی دلیل نہیں دی جا سکتی۔ دوسرے معنوں میں ایک منہاج [Paradigm] کو ترک کر کے دوسرے کو اختیار کرنے کا عمل ایسا ہی ہے جیسے کوء ایک شخص ایک مذہب کو ترک کر کے دوسرے کو اختیار کر لے۔ چامر [A.F.Chalmers] اپنے انداز میں کوہن کا موقف یوں بیان کرتا ہے:

> The Change of allegiance on the part of individual scientists from one paradigm to an incompatible is likended by Kuhn to a "gestalt switch" or a "religious conversion".There will be no purely logical argument that demonstrates the superiority of one paradigm over another and that thereby compels a rational scientist to make th e change.
>
> (A.F.Chalmers,What is thing called Science? p.96)

ہمیں افسوس ہے کہ ہمارے اکثر مسلم مفکرین اور بعض علماء بھی جوش خطابت میں یہی کام انجام دے رہے ہیں امید ہے شاہ نواز فاروقی صاحب ان مباحث کو اپنے موثر اور سادہ پیرائے میں عام فہم بنا کر دینی حلقوں کی راہنمائی فرمائیں گے۔

۱۷۔شاہ نواز صاحب ریاست سے قطعی جہاد کا مطالبہ کر رہے ہیں لیکن اپریل 2019ء میں مفتی منیب الرحمان صاحب کے کالم کے مطابق ___ مفتی تقی عثمانی صاحب اسی ریاست کے دو بڑے لوگوں کی موجودگی میں یہ سوال اٹھا رہے تھے کہ ریاست ہمیں بتا دے کہ ہم علماء کون ہیں اور ریاست کی نظر میں ہماری حیثیت کیا ہے ہم دہشت گرد ہیں؟ اصلاح کرنے والے ہیں ؟تعلیم دینے والے ہیں؟ کون ہیں ہم؟ جس ریاست میں علماء کی حیثیت کا تعین ستر سال سے نہیں ہو سکا شاہ نواز صاحب اس ریاست میں جہاد کا مطالبہ کیسے کر رہے ہیں؟ اسلام شریعت اسلامی احکامات کے نفاذ اور نفوذ کی واحد ایجنسی پوری اسلامی تاریخ میں صرف علماء ہی رہے ہیں۔شاہ نواز صاحب صرف یہ بتا دیں کہ پاکستانی ریاست میں علماء کہاں کس ادارے میں ہیں ایجنسی کے بغیر شریعت کا نفاذ اور اطلاق کیسے ہو سکتا ہے ریاست سے جہاد کا مطالبہ کرنے سے پہلے اس اسلامی حکومت میں علماء کو وہ مقام و مرتبہ حاصل ہونا چاہیے جو خلافت عثمانیہ تک علماء کو حاصل تھا شاہ نواز صاحب نے اس موضوع پر امت کی راہنمائی نہیں کی آخر کیوں؟

۱۸۔چین اور سعودی عرب میں جو کچھ ہو رہا ہے اس پر مذہبی اور دیگر اسلامی مفکرین کچھ نہیں لکھ رہے اس کی کیا وجہ ہے؟ سعودی عرب کا لبرل ازم سیکولرازم توحید کے ماننے والوں کو کیوں نظر نہیں آ رہا — سعودی عرب میں کیا ہو گیا ہے اور کیا ہو رہا ہے یہ امت کا مسئلہ ہی نہیں ہے اس قدر عظیم تغیر پر خاموشی کے کیا معنی ہیں پاسبان حرم — حرم کی علمیت، مقصدیت اور عقیدے سے دست بردار ہو رہا ہے اور امت خاموش ہے؟ آخر کیوں؟ سرزمین حرم سے لبرل ازم کی حمایت کا مطلب کیا اسلامی علمیت کا صریح انکار نہیں ہے؟ وہاں علماء کرام کے ساتھ کیا ہو رہا ہے؟ اسلامی تحریکوں کا ردعمل صرف خاموشی کیوں ہے؟ شاہ نواز صاحب اس مسئلے پر بھی اسلامی تحریکوں کی راہنمائی کریں۔

۱۹۔مسئلہ کشمیر 1965ء کے بعد پہلی مرتبہ 51 سال کے بعد 2019ء میں UNO میں اُٹھایا گیا ہے یہ ہمارا رویہ ہے بھارت نے 1971 میں انٹرنیشنل لائن آف کنٹرول کو عبور کر کے مشرقی پاکستان پر حملہ کیا مکتی باہنی کی عسکری جدوجہد کی عسکری حمایت کی پاکستانی فوج کو عبرت ناک شکست دی ایک لاکھ فوجیوں کو قیدی بنایا ___ جب بھارت بغیر کسی وجہ کے ہمارے ملک پر حملہ کر کے ملک چھین سکتا ہے تو مسئلہ کشمیر میں ہم انتظار کیوں کر رہے ہیں شاہ نواز صاحب نے اپنے مضمون میں جہاد کشمیر 1948ء جو شاید نجی جہاد تھا اور 1971ء میں بھارت کے حملے کو موضوع سخن ہی نہین بنایا آخر کیوں؟

۲۰۔ہمارا سوال شاہ نواز صاحب سے یہ بھی ہے کہ ایران، سعودی عرب، پاکستان، شام، ترکی، سب کا نشانہ باغی مسلم گروہ ہی کیوں ہوتے ہیں کفار کے خلاف جنگ کیوں نہیں ہوتی جنگ اسلامی ملکوں سے ہی کیوں لڑی جاتی ہے برنارڈ لیوئس نے لکھا ہے کہ اسلامی تاریخ میں تمام امارات، خلافتیں، بادشاہتیں جہاد کے لیے دارالحرب کی طرف کوچ کرتیں تھیں ان کا مرکز ،ہدف اسلامی ممالک نہیں کفار ہوتے تھے۔جدید قومی ریاستوں نے یہ ہدف کیوں بدل دیا؟ اسلامی ممالک کی فوجیں اپنے ہی ملکوں کو تسخیر و فتح کرنے میں کیوں مصروف ہیں؟ کفار ان سے کیوں محفوظ ہیں؟

۲۱۔مختلف اسلامی جماعتوں اور جماعت اسلامی نے جہاد کشمیر کی دلیل قرآن میں سورہ النساء کی ایک آیت سے دی ہے کہ اللہ تم سے پوچھے گا کہ تم نے مظلوم مسلمانوں کی مدد کیوں نہیں کی؟ سوال یہ ہے کہ اگر دلیل قرآن کی یہی آیت ہے تو کیا قرآن کی اس آیت میں مسلمان سے مراد صرف کشمیر کے مسلمان ہیں یا چین، برما، فلسطین، یمن، سری لنکا، کردستان، بوسنیا، روس، افغانستان، کے مسلمان اس آیت میں شامل ہیں یا نہیں ___ جہاد کو صرف علاقائی، قومی، رنگ دینا کیا قرآن کا تقاضہ ہے یا ان مذہبی جماعتوں کی اجتہادی غلطی؟

۲۲۔پیغام پاکستان میں کہا گیا کہ جہاد صرف ریاست کرے گی کوئی گروہ فرد نہیں یعنی جہاد کا فتوی بھی ریاست ہی دے گی لیکن 5 اگست کے مسئلہ کشمیر کے بعد تحریک لبیک پاکستان و دیگر جماعتیں کشمیر کے جہاد

کا فتوی دے رہی ہیں اور مسلسل جہاد کا اعلان کر رہی ہیں لیکن ریاست کسی سے نہیں کہہ رہی کہ تم کون ہو فتوی دینے والے؟ جہاد فرد، جماعت، گروہ نہیں ریاست کرے گی تم سب خاموش رہو اس کا مطلب یہ ہوا کہ وہ نجی جہاد جو ریاست کے مفاد میں اس پر ریاست کو اعتراض نہیں ہوتا شاہ نواز صاحب اس بارے میں کیا کہتے ہیں؟

تاریخ اجراء ۷ ستمبر ۲۰۱۹ء

مقالاتِ جامعی

جلد پنجم

مرتبہ

ڈاکٹر محمد علی جنید

کرف

جامعہ کراچی دارُالتحقیق برائے علم و دانش